Therefore, the entire produce is invariably brought into the market. The other reason is that a good portion of this produce goes down the drain and, as we all know, smuggling has been there and is still there. I think, in order to overcome these two bottle-necks the Government could, in the first case, get together a team of experts who would devise for us-suitable, efficient but cheap storage facility. The farmer needs the knowhow by which he can build a store himself. He could further be assisted by Government if it would give him some credit facility to finance initially the building of store.

I think, another item in which all the farmers would be greatly helped is, if the Government could fill up the gap in rural credit. After the Hindus went, there has been a vacuum and we still don't have enough rural credit. The farmers and the villagers are handicapped. In a lot of things which they could do themselves, they find that they don't have finances. Government has, of course, set up some agencies which are providing some credit but it is nowhere near being adequate. It does not cover the entire financial need of the farmers. I think, it would be a boon to the farmers if the Government, through suitable enactment, were to persuade the commercial banks to give advances against securities that can be provided in the form of rural property. Land is immovable and advances could be made against it and, with a little efficiency, I don't think there would be very many losses. I suggest, that Government immediately take steps to find this suitable type of cheap storage. Secondly, give the farmers some credit facilities and take up methods by which the commercial banks will advance loans against security of rural property. If these suggestions are accepted, the farmer would be able to store a portion of the produce till we need that. With these remarks I submit that we do not approve of this motion.

مسٹر عبدالقیوم قریشی (بہاول پور-۳) - جناب سپیکر - میں ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ کی اس قرارداد کی مخالفت کرتا ہوں کہ اجناس کی خرید و فروخت کا کام حکومت اپنی تحویل میں لے لے - جناب سپیکر - میرے خیال میں جہاں اس چیز کے فوائد ہوں گے وہاں نقصانات زیادہ ہوں گے - میں

مختصراً عرض کرتا ہوں کہ پہلی چیز تو یہ ہے جو کہ بنیادی ہے کہ غلہ زیادہ پیدا ہو اور اللہ کا خاص فضل و کرم ہے کہ اس دفعہ گورنمنٹ کی کوشش سے کافی غلہ پیدا ہوا - یہ جو سکیم ہے کہ گورنمنٹ اپنی تحویل میں اس کی خرید و فروخت کا کام لے لے تو یہ چیز میری سمجھ میں نہیں آتی - پہلی بات یہ ہے کہ حکومت اگر سارے مغربی پاکستان کا غلہ خود خریدے تو اس کام کے لئے اس کو کروڑھا روپیہ چاہئیے - پھر یہ کہ اس کو کافی عملہ رکھنا پڑے گا اس کو سنبھالنا اور پھر اس غلے کے لئے گودام مہیا کرنے - مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ ایک دفعہ حکومت نے کرایہ پر گودام لے کر ان میں مال رکھ دیا اور آخر کار نتیجہ یہ نکلا کہ وہ گودام خراب تھے اور ہزارھا گندم بالکل آٹا ہو گئی اور خراب ہو گئی وہ اس لئے کہ گودام اچھے نہ تھے - پھر یہ جو عملہ رکھا جائے گا وہ بھی غلے کی دیکھ بھال میں اتنا تربیت یافتہ نہیں ہو گا ان کو پتہ نہیں ہو گا کہ غلے کو صاف کس طرح کرنا ہے - اس کے چھاننا کس طرح کا لگایا جائے اور میرا خیال ہے کوئی بھی شخص بغیر تجربے کے اور بغیر لکھے پڑھے یہ کام نہیں کر سکتا - پھر سب سے بڑی بات یہ ہے کہ فصل پیدا کرنے والوں کو یعنی زمینداروں کو قیمت بھی کم ملے گی - جیسا کہ ۱۷ روپے من گورنمنٹ خریدتی ہے اور اگر گورنمنٹ ۲۰ پر لے تو زمینداروں کو ۱۷ روپے کے دام ملیں گے - تو حکومت جو عملہ بھی رکھے گی وہ پھر بھی براہ راست زمینداروں سے نہیں خرید سکیں گے حکومت غلہ اپنے ڈیلرز کی معرفت خریدے گی - بغیر ڈیلرز کے براہ راست زمینداروں سے گورنمنٹ

کا عملہ نہیں خرید سکتا البتہ یہ ہو سکتا ہے کہ ایسے زمیندار ہوں جنھوں نے حکومت کو براہ راست ۱۰—۲۰ ہزار من غلہ دینا ہو۔ آج کل آپ منڈیوں میں چلے جائیں تو دیکھیں گے کہ سوائے گندم یا چنے کے منڈیوں میں کوئی اور کاروبار ہے۔ اگر آپ یہ کہیں کہ منڈیاں بند کرکے سارا غلہ گورنمنٹ خریدے تو بھی یہ بڑا عجیب سا مسئلہ ہو جاتا ہے۔ مگر عوام جن پر ۸۰ فی صد آبادی مشتمل ہے ان میں سے کسی کے پاس نصف مربعہ یا ایک مربعہ ہوتے ہیں۔ اگر کسی نے اپنی فاضل گندم منڈی میں فروخت کرنی ہے تو وہ زمیندار سو من یا ۵۰ من گندم کے لئے ویگن نہیں لے سکتا۔ اگر حکومت ان سے خود خریدے تو ان کو ریٹ بہت کم ملیں گے اور اس طریق پر ان زمینداروں کی حوصلہ شکنی ہو گی اور آئندہ وہ کاشت کی طرف زیادہ توجہ نہیں دے گا۔ تمام غلہ حکومت خریدے تو مجھے تو یہ بڑا عجیب سا مسئلہ معلوم ہوتا ہے۔ مگر جب گورنمنٹ خود خریدے گی تو بھی اس کی مونا پلی ہوگی۔ اور وہ چند ایک ڈیلرز سے خریدوائے گی۔ ڈیلرز مقرر کئے جائیں گے اور ان کے ذریعے حکومت غلہ خریدے گی۔ اگر ۱۷ روپیہ گورنمنٹ خریدے تو زمینداروں کو ۱۵ روپے ملیں گے۔ پھر گورنمنٹ لے گی پھر جب گورنمنٹ دے گی تو میرے خیال میں وہ ۱۹—۲۰ روپیہ تک ان کو دے گی۔ کیونکہ جب پانچ یا چھ ماہ تک گورنمنٹ اسے سٹوروں میں رکھے گی تو اس کی صفائی اٹھائی یا خراب ہونے کیڑا لگنے کی صورت میں کافی اخراجات برداشت کرنے پڑتے ہیں جس کی وجہ سے margin پھر اسی جگہ پر آ جاتا

ہے - پھر اس سے عملاً کرپشن بھی بڑھ جائے گی جیسا کہ ہمارا تجربہ ہمیں بتاتا ہے - اگر تمام کی تمام گندم حکومت hold کرے گی تو میرا خیال ہے کہ ہمارا معاشرہ ایسا ہے پھر بھی کرپشن ہو ہی جائے گی - میرے خیال میں گورنمنٹ اگر دو چیزوں پر پوری پوری توجہ دے دے تو پھر کسی قسم کی تکلیف نہ ہو گی - ایک بارڈر مضبوط ہو جائے اور دوسرے نئی فصل آنے پر حکومت یہ احکامات جاری کر دے کہ فلاں مقدار سے زیادہ کوئی شخص بھی غلہ hold نہیں کر سکتا -

رانا پھول محمد خان (لاہور-ے) - جناب سپیکر - مجھے بھی چیمہ صاحب کی تجویز سے اتفاق نہیں ہے - اگر غلے کی خرید و فروخت کا کام حکومت خود سنبھال لے تو اس سے سب سے زیادہ نقصان زمینداروں اور کسانوں کو ہو گا - اگر کسی کسان یا زمیندار سے کسی محکمہ کے ذریعے حکومت خود غلہ خریدے گی تو آپ اندازہ لگائیں کہ اس کی payment کے لئے زمینداروں اور کاشتکاروں کو کم از کم تین چار ماہ چاہئیں - محکمہ کی رپورٹ آئے گی اس کے بعد بل بنے گا پھر چیک آئے گا پھر وہ کیش ہو گا - جیسا کہ جناب سپیکر آپ کو اور اس ہاؤس کو پتہ ہے - زمیندار کے لئے فصل بیچ کر معاملہ ادا کرنا ضروری ہوتا ہے -

(اس مرحلہ پر مسٹر ڈپٹی سپیکر - مسٹر احمد میاں سومرو کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے) -

انہیں اپنی دیگر ضروریات پوری کرنے کے لئے یہ ضرور کرنا پڑتا ہے - موجودہ صورت میں وہ منڈی میں اپنی اجناس لے جا کر وہاں سے قیمت وصول کرکے اپنی ضروریات پوری کر رہے ہیں - اس کے علاوہ آپ کے

صوبہ میں کپاس اور گندم دو ایسی چیزیں ہیں جن کے ذریعہ آپ کے تمام کاروباری لوگ منڈیوں میں کاروبار کرتے ہیں ۔ اگر حکومت اس کام کو سنبھال لے تو ایک تو زمیندار کو نقصان ہو گا ۔ اسے محکمہ والوں کے پاس جانا پڑے گا انہیں مال دکھانا پڑے گا پسند کرانا پڑے گا پھر اس پر قیمت تجویز کرانا ہو گی وہ ایک بہت بڑا درد سر ہو جائے گا ۔ دوسرے آپ کی منڈیوں کے تمام کاروباری لوگ جو لاکھوں روپے کا کاروبار کرتے ہیں بے کار ہو جائیں گے پھر یقینی طور پر زمیندار کو اس کے مال کے مطابق صحیح قیمت نہیں ملے گی ۔ کیونکہ افسروں کی مرضی پر ہو گا کہ وہ اسے چودہ روپے فی من کا مال قرار دیں یا تیرہ روپیہ کا قرار دے دیں ۔ اس لئے جناب والا میں یہ گزارش کروں گا کہ حکومت نے اگر گندم ذخیرہ کرنے کے لئے خریدنی ہے تو اس کا اصل طریقہ یہ ہے کہ وہ اعلان کر دے کہ منڈیوں میں جو آدمی سرکاری طور پر ڈیلر بننا چاہے وہ بن سکتا ہے ۔ یہ نہ کیا جائے کہ محکمہ کی سفارش پر چند آدمیوں کو آپ ڈیلر مقرر کریں اگر حکومت نے خود خرید و فروخت کی کوشش کی اور اس کام کو سنبھال لیا تو یقین کیجئے زمیندار کو اس کی اجناس کی پوری قیمت نہیں ملے گی ۔ محکمہ والے بعد میں سفارش کریں گے کہ اس وقت ہم نے مال پسند کر لیا تھا مگر اب وہ خراب نکلا ہے اور وہ اس پر ڈیڑھ دو روپے کٹوتی لگا دیں گے اور اس کا نقصان کاشتکاروں کو ہو گا ۔ اور کاشت کاروں کو جو محنت کرتے ہیں جان مارتے ہیں اور اب انہیں چھ ماہ کے بعد اپنی ضرورتیں پوری کرنے کے لئے پیسہ ملتا ہے تو اس صورت میں یہ رقم انہیں دس ماہ

میں وصول ہو گی ۔ اس لئے میں اس قرارداد کی پرزور مخالفت کرتا ہوں ۔

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ اگر اس طرح کر دیا جائے کہ اس جانب کا نقطہ نظر بھی بحث میں شامل ہو جائے تو زیادہ بہتر ہو گا اس کے علاوہ ہم ذرا جلدی فارغ ہو کر جانا بھی چاہتے ہیں اگر مجھے ایک یا دو حضرات کے بعد تقریر کرنے کا موقع دے دیا جائے تو مہربانی ہو گی ۔

نوابزادہ غلام قاسم خان خاکوانی (ملتان ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ معزز رکن ڈاکٹر صاحب نے جو یہ ریزولیوشن پیش کیا ہے کہ اجناس خوردنی کی خرید و فروخت پر حکومت کنٹرول کرے یا اس طرح رہنے دے اس مسئلہ کے متعلق چند بنیادی باتیں ہیں جو ہمارے سامنے ہونی چاہئیں اور ان کی روشنی میں ہمیں اس کے متعلق فیصلہ کرنا چاہئے ۔ میرے بہت سے معزز دوستوں نے پہلے بھی دلائل دئیے ہیں ۔ اگر ہماری حکومت اس کام کو اپنے ہاتھ میں لینا چاہے تو اس کے لئے کروڑوں روپے درکار ہیں ۔ اس کے بعد سٹوریج کی سہولتیں ہونا لازمی ہیں اس کے بعد اس کے لئے مشینری ترتیب دینی اور نظام قائم کرنا ضروری ہو گا چوتھی بات یہ ہے کہ پھر جب اس کی تقسیم ہو گی اس وقت یہ دیکھنا ضروری ہو گا کہ آیا اس سے حکومت کو فائدہ ہو گا اور ساتھ ہی لوگوں کو بآسانی سستے داموں غلہ مہیا ہو سکے گا یا موجودہ صورت میں جس طرح غلہ فروخت ہو رہا ہے یہ آسانی سے اور سستے داموں مل رہا ہے یہ چار باتیں ہیں جو ہمیں پیش نظر

رکھنی چاہئیں ۔ جہاں تک مجھے علم ہے اس وقت ہماری حکومت مغربی پاکستان کے پاس صرف پانچ لاکھ ٹن غلہ سٹور کرنے کے لئے گودام موجود ہیں اور ہمارے ہاں تقریباً ستر لاکھ ٹن غلہ پیدا ہوتا ہے ۔ پچھلے دنوں جناب صدر فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نے فرمایا تھا کہ دس لاکھ ٹن غلہ کے لئے گودام مکمل کئے جائیں ۔ تو اس سلسلے میں میری گزارش یہ ہے کہ اگر موجودہ صورت میں صرف پانچ لاکھ ٹن غلہ سٹور کرنے کے لئے گودام موجود ہیں تو ہماری حکومت ستر لاکھ ٹن غلہ کس طرح سٹور کرے گی ۔ ظاہر ہے کہ یہ حکومت کی بساط سے باہر ہے ۔

دوسرے اگر حکومت خرید کرے تو سترہ روپے من کی جو قیمت اس نے مقرر کی ہے اس پر خرید کرے گی اور جیسے کہ ایک فاضل ممبر نے فرمایا ہے کہ حکومت کے خریدنے میں لوگوں کو اور حکومت کو بہت سی مشکلات پیش آئیں گی ۔ خاص طور پر کاشتکاروں کو ضرور مشکلات پیش آئیں گی ۔ اور اگر حکومت خریدے تو پھر اس کی تقسیم کے انتظام پر حکومت اتنے اخراجات کر چکی ہو گی کہ اسے لازماً اٹھارہ انیس یا بیس روپیہ من تک غلہ فروخت کرنا پڑے گا ۔ اور اگر اس وقت بھی مارکیٹ میں بیس روپیہ من پر دستیاب ہو سکتا ہے تو میرے خیال میں حکومت کے لئے یہ ذمہ‌داری سنبھالنا مناسب نہیں پھر جناب والا دیکھنا ہے کہ اگر حکومت یہ ذمہ داری سنبھال بھی لے تو پھر وہ کون کون سے حضرات ہیں جو اس سے متاثر ہوں گے ۔ میرے فاضل دوستوں میں سے جو اس قرارداد کی تائید کرتے ہیں کسی نے یہ نہیں سوچا کہ ایک طبقہ ایسا بھی ہے جس

کے ہاتھ میں اس وقت یہ کاروبار ہے ۔ یہ ٹھیک ہے کہ middle man جو ہے وہ اس سے منافع حاصل کرتا ہے لیکن اگر حکومت نے یہ کاروبار لے لیا تو یہ طبقہ بالکل ختم ہو جائے گا اور جتنے آڑھتی صاحبان ہیں ان کے لئے پھر گزارے کی کیا صورت رہے گی ۔ ایک طرف وہ طبقہ ختم ہو جائے گا ۔ دوسری طرف کاشت کار کو مناسب رقم نہیں ملے گی ۔ کاشتکار کو تکلیف اٹھانی پڑے گی ۔ اس کی اجناس پر ٹیج لگے گا ۔ اسے برموقعہ پوری قیمت نہیں مل سکے گی ۔ ایک طرف تو گورنمنٹ یہ کوشش کر رہی ہے کہ ملک میں فاضل غلہ پیدا ہو اور اس کوشش کے پیش نظر کروڑوں روپے خرچ کئے جا رہے ہیں دوسری طرف اگر کاشتکار کو اپنی جنس کی بروقت پوری قیمت نہ ملے تو وہ زیادہ غلہ کاشت کرنے پر تیار نہیں ہو گا ۔ گورنمنٹ کی monopoly اس وقت ہونی چاہئے جب ملک میں فاضل غلہ ہو اور گورنمنٹ اسے باہر کے ملکوں میں بھیج کر اس سے foreign exchange کمائے جب ملک میں فاضل غلہ نہ ہو اور گورنمنٹ کی زراعت کی پالیسی یہ ہو کہ غلہ کی پیداوار زیادہ ہو اور اس پر گورنمنٹ اپنے اخراجات برداشت کر رہی ہو تو اس وقت اس قسم کا کنٹرول لگانا کاشت کار کے لئے بالخصوص اور ملکی پیداوار میں اضافہ کے لئے بالعموم مناسب نہیں ہو گا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس دور میں جب کہ غلے کی پیداوار پر اتنے اخراجات ہو چکے ہیں اور ہماری موجودہ گورنمنٹ نئے بیج ہمارے ملک میں رائج کر رہی ہے ۔ اس کی پیداوار کے لئے اس کے اچھے نتائج نکالنے کے لئے تقریباً اڑھائی سو روپے فی ایکڑ خرچ ہوتا ہے ۔ اڑھائی سو روپے فی ایکڑ خرچ کرنے

کے بعد بھی اگر کاشت کار کی اس میں اوسط پیداوار نہ ہو اور اڑھائی سو روپے فی ایکڑ اخراجات نکالنے پر وہ غلے کی جائز قیمت حاصل نہ کر سکے تو میں یہ سمجھتا ہوں اس سے اس کی کمر ٹوٹ جائے گی - اور جو ہماری Grow More Food کی پالیسی ہے یہ اس کے بھی منافی ہے -

جناب والا - ان گزارشات کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ اس پر گورنمنٹ کو کنٹرول نہیں رکھنا چاہئے -

ملک محمد اختر (لاہور-۲) - جناب سپیکر - میں آج دراصل اس بات کا ارادہ کرکے آیا تھا کہ آج کوئی تقریر نہ کروں گا لیکن ریزولیوشن کی اہمیت کے پیش نظر مجھے تقریر کرنی پڑی - (قطع کلامیاں)

جناب سپیکر - مجھے یہ گزارش کرنا ہے کہ جہاں مجھے کاشت کار اور زمیندار کا مفاد عزیز ہے وہاں ان دشواریوں اور مشکلات کا جو یہاں بیان کی گئی ہیں ان کا بھی احساس ہے مگر ان سب چیزوں کے مقابلہ میں مجھے اس ملک کی سالمیت - اس ملک کی بقا زیادہ اہم معلوم ہوتی ہے -

جناب سپیکر - گزشتہ چھ ماہ میں جس دور سے ہم گزرے ہیں میں یہ سمجھتا ہوں اگر اس وقت گورنر مغربی پاکستان سخت اقدام نہ اٹھاتے تو وہ بقایا گندم جو اس ملک میں رہ گئی تھی وہ بھی smuggle ہو جاتی - ہمارے ملک کو ہر وقت جنگ کا خطرہ ہے - یہ بڑا ظلم ہے کہ وہی ہمارا دشمن ملک ہم سے سمگلنگ کے ذریعے غلہ حاصل کرے جب کہ کم ہو

پیش ۵ یا ۶ لاکھ ٹن غلہ کی ہمیں خود ضرورت ہے یا اس کی کمی ہے، اس وقت میں سمجھتا ہوں کہ . . . . . .

Haji Gul Hasan Mangi : Be brief.

Mr. Deputy Speaker : Haji Sahib should not perform the duties of the Chair.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ خرید اور اس کی نقل و حمل پر مکمل پابندی اشد ضروری ہے ۔ میرے نظریے کے مطابق جس دور سے ہم گزر چکے ہیں ہمیں وہی غلطی دوبارہ نہیں کرنی چاہئے بلکہ گزشتہ دنوں ایک اخبار میں ایک خبر تھی اس خبر کے مطابق ڈیڑھ لاکھ ٹن محض ملتان ڈسٹرکٹ سے بعض سرحد کے افراد گندم خرید کر لے گئے ہیں اور وہ گندم ٹرکوں کے ذریعہ لے جائی گئی ہے ۔ اور یہ امکان ہے کہ اس گندم کو smuggle کر دیا جائے ۔ اگر میں یہ کہوں کہ گندم کی باقاعدہ smuggling پولیٹیکل ایجنٹ اور سرحد کے افسران کرتے ہیں جن کا وہاں تقرر ہوا ہے اور انہوں نے باقاعدہ دلال رکھے ہوئے ہیں ان کے ذریعہ سمگلنگ ہو رہی ہے اور اس سمگلنگ کا آغاز ہو چکا ہے ۔ اگر میں ان خامیوں کی نشان دہی نہ کروں تو میں سمجھتا ہوں میں اپنے فرائض سرانجام نہیں دے رہا ہوں ۔ کاشتکار اور زمیندار کی مشکلات کا مجھے پورا احساس ہے ۔ مجھے ان کے ساتھ ہمدردی ہے لیکن یہ وہ ملک ہے جس نے یہ دور بھی دیکھا ہے کہ گندم جو کبھی ۱۸ روپے من سے زائد نہ بکی تھی یعنی ۱۹۶۶ء سے قبل زیادہ بھاؤ پر فروخت نہیں ہوئی ۔ دیسی گندم

کو میں نے اپنے استعمال کے لئے گزشتہ مہینوں میں ۴۰ روپیہ فی من خریدا ہے۔

جناب سپیکر ۔ لاہور میں پچھلے ہفتہ یا دو ہفتے میں جو گندم کے بھاؤ تھے آپ حیران ہوں گے کہ وہی بھاؤ ۷ روپیہ فی من کے حساب سے یکلخت بڑھ گیا ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں جب تک آپ مکمل طور پر تمام کی تمام فصل کو حاصل نہیں کریں گے ۔ اس کی تقسیم پر مکمل کنٹرول نہیں کریں گے یہ سمگلنگ ، ذخیرہ اندوزی اور بلیک مارکیٹنگ بند نہیں ہوگی ۔ ہم لوگ کس چیز کے ساتھ کھیل رہے ہیں یعنی خوراک کے ساتھ ۔ آپ اندازہ فرمائیں ہمارے ملک سے کروڑوں روپیہ کی خورد و نوش کی چیزیں سمگل کر دی جائیں اور اس کے عوض سو کروڑ روپیہ کی اجناس اورخورد و نوش کی چیزیں امریکہ سے منگوائیں ۔ اس سے ہم نے اپنا زرمبادلہ ضائع کیا ہے ۔ ان حالات کے ہوتے ہوئے جب کہ ہمیں ہر قرضہ گولہ بارود کے لئے چاہئے ہم ایک سو کروڑ کی امپورٹ کر رہے ہیں اس چیز سے ہم چشم پوشی کیسے کر سکتے ہیں کہ ہمارے ہاں سے گندم باہر کھلے بندوں سابقہ صوبہ سرحد کے ذریعہ اور پولیٹیکل ایجنٹوں کے ان تمام افراد کے ذریعہ جو انہوں نے باقاعدہ دلال رکھے ہوئے ہیں جا رہی ہے یہ بات ہمارے لئے باعث شرم ہے ۔ میں یہ کہتا ہوں کہ ان کی گردنیں کاٹ دینی چاہئیں جو ٹرکوں کے ذریعہ سامان پاکستان سے باہر لے جا رہے ہیں ۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق ۔ فوڈ ڈیپارٹمنٹ کے اعداد

و شمار کے مطابق کم از کم ۱۰ لاکھ ٹن گندم کی کمی ہے . . .

وزیر خوراک و زراعت ــ پوائنٹ آف آرڈر ــ جناب والا ۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ریزولیوشن کی حمایت میں بول رہے ہیں یا اس کے خلاف بول رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر ــ میں جناب والا اپنا نقطہ نظر پیش کرنا چاہتا ہوں . . .

Mr. Deputy Speaker : In support of the resolution or . . . . .

Malik Muhammad Akhtar : No Sir, I mean to say that the Government should purchase and control the entire food-grains.

Mr. Deputy Speaker : Then the Member is supporting the Resolution.

Malik Muhammad Akhtar : Yes, I am supporting the Resolution.

جناب والا ۔ جب میں نے گورنر مغربی پاکستان کے یہ احکامات پڑھے کہ انہوں نے نقل و حمل پر پابندی لگا دی ہے ۔ تو میں نے اس وقت یہ اندازہ لگایا کہ یہ ان کا ذاتی حکم ہوگا کیونکہ کوئی زمیندار نہیں چاہتا کہ وہ اس رقم اور منافع سے دستبردار ہو جو اسے مہنگے داموں گندم فروخت کر۔ سے حاصل ہوتا ہو ۔ جناب سپیکر ۔ میں اس بات کو اور بھی اہم سمجھتا ہوں کیونکہ میرے لئے جنگ کا خطرہ ابھی نہیں ٹلا ۔ ہم نے توپوں کی گرج کے درمیان ایک بدترین دشمن کے ناپاک حملے کو پسپا کیا ہے اور ہم نے اب جو جنگی تیاریاں کرنی ہیں ان میں یہ بھی شامل ہے

کہ ہمارے ذخائر اور گودام بھرے رہیں تاکہ اگر وقت پڑے تو ہماری رسد میں کوئی کمی واقع نہ ہو۔

جناب سپیکر۔ مجھے یہ بھی عرض کرنا ہے کہ گندم جب بازار میں آتی ہے تو اس میں اس قدر ملاوٹ کر دی جاتی ہے۔ جیسا کہ گذشتہ ماہ پندرہ بیس مرتبہ یہ خبر اخبارات میں شائع ہوتی رہی ہے کہ جو گندم سپلائی کی جا رہی تھی وہ کھانے کے قابل نہ تھی۔ تو اس لئے بھی ضروری ہے کہ ہم اپنی دیسی گندم کا تحفظ کریں اور جو امریکن گندم آئی ہے۔ گذشتہ ماہ جب دیسی گندم نہیں مل رہی تھی تو میں بھی اس امریکن گندم کا شکار ہو گیا تھا۔ اس کے استعمال سے لوگ امراض شکم میں مبتلا ہو گئے تھے اور بہت سے بچوں کی اموات اس کی وجہ سے واقع ہوئی تھیں۔

جناب سپیکر۔ ہماری خوش نصیبی تھی اور ہے کہ اس ایوان میں زراعت کے بارے میں بے اندازہ علم رکھنے والے ایک باکمال ماہر وزیر موجود ہیں۔ لیکن ان کے ہوتے ہوئے بھی اس ملک کو جس تاریخی غذائی بحران سے گذرنا پڑا ہے اس کی مثال کم از کم اس نسل کے لئے تو کہیں بھی موجود نہیں ہے۔ میں حکومتی پارٹی کے اس معزز رکن کا نہایت ممنون و مشکور ہوں کہ جس نے کمال دور اندیشی سے اس قرارداد کو اس معزز ایوان میں پیش کیا ہے۔ آپ کی وساطت سے میں تمام اراکین ایوان سے استدعا کروں گا کہ چاہے آپ ہماری بات نہ مانیں لیکن کم از کم اپنی بات تو مان لیں اور اجناس خوردنی کی خرید و فروخت کا جو مسئلہ

ہے ، اسے کنٹرول کر لیں اور ایک ارب یا پچھتر کروڑ روپے سالانہ جو زرمبادلہ آپ اسی پر صرف کرتے ہیں ، اسے بچائیے اور عوام کو جو دو تین گنا زیادہ قیمت ادا کرکے گندم خریدنی پڑ رہی ہے ، وہ اس سے بچ جائیں ۔ میری دوسری دلیل یہ ہے کہ جس طرح چاول کی خرید اور بعد میں اس کو برآمد کرنے سے حکومت جو کروڑوں روپے کا زرمبادلہ کما رہی ہے اسی طرح حکومت سٹاک رکھنے کے لئے اپنے گودام بنائے اور غلہ خرید کر اس میں بھرے اور ضرورت پڑنے پر اسے عوام میں مناسب نرخ پر بیچ دے ۔ اس طرح سے بھی غلے کی کمی دور ہو سکتی ہے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس قرارداد کی تائید کرتا ہوں اور اس معزز ایوان سے استدعا کرتا ہوں کہ اسے منظور کرے ۔

بابو محمد رفیق (لورالائی ۔ سبی) — جناب والا ۔ میں اس قرارداد کی مخالفت کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں ۔ کیونکہ عموماً یہ دیکھا گیا ہے کہ جب بھی کسی شئے پر کنٹرول کیا جاتا ہے تو وہ بلیک مارکیٹ میں گم ہو جاتی ہے اور رشوت ستانی کا دور دورہ شروع ہو جاتا ہے اور لوگ ناجائز ذرائع سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں ۔ اگر حکومت تمام کا تمام غلہ خرید لے تو اس طرح حکومت کو بھی بہت سی مشکلات درپیش ہونگی ۔ سب سے پہلے تو storage facilities مہیا کرنے پر لاکھوں کروڑوں روپے ضائع ہوں گے اور بعد میں ذخائر کی تقسیم کا مسئلہ جب آئے گا تو اس کے لئے بھی حکومت کو کافی عملہ رکھنا پڑے گا ۔ جس پر حکومت کا مزید لاکھوں روپیہ خرچ ہوگا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ غلے کے معاملے میں جس

چیز کی سب سے زیادہ ضرورت ہے وہ یہ ہے کہ سمگلنگ کو روکا جائے۔ ہم یہ کہتے تو ضرور ہیں کہ اس وقت ہمارے ملک میں سمگلنگ نہیں ہو رہی ہے لیکن حقیقت اسکے بالکل برعکس ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ چاہے آپ جس قدر بھی غلہ پیدا کریں اور چاہے جس قدر بھی ذخائر رکھیں لیکن جب تک سمگلنگ پر آپ کڑی نگاہ نہیں رکھیں گے، اس کے سدباب کے لئے موثر اقدامات نہیں کریں گے، تب تک یہ قلت بجائے کم ہونے کے مزید بڑھے گی۔ میں آپ کی وساطت سے متعلقہ وزیر صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ اس معاملے میں ذاتی طور پر دلچسپی لیں اور جن سرحدات سے سمگلنگ ہونے کا اندیشہ ہے ان سرحدات کو اس طریقے سے بند کریں کہ ہمارا غلہ ملک سے باہر نہ جا سکے۔ آج کل غلہ سمگل کرنے کا زیادہ اندیشہ اس لئے ہے کہ میں نے پچھلے دنوں اخبارات میں پڑھا تھا کہ ہندوستان میں حکومت نے گندم کی قیمت خرید پینسٹھ روپے من مقرر کی ہے اور افغانستان میں گندم کی قیمت ساٹھ روپے فی من ہے۔ تو ان حالات کے پیش نظر اس بات کا قوی احتمال ہے کہ ہمارے ملک کا غلہ بیرون ملک سمگل کیا جائے۔ لیکن اگر حکومت نے گندم پر مکمل کنٹرول نافذ کر لیا تو پھر اس کی تقسیم کا مسئلہ پیدا ہوگا جس میں کہ پہلے ہی بہت سی خامیاں ہیں کیونکہ مختلف اضلاع سے شکایت ہوتی رہی ہے کہ جہاں بھی امریکن گندم تقسیم کی جا رہی ہے وہاں ہر بوری میں گندم کی مقدار چار پانچ سیر کم نکلتی ہے جس کا اثر خریدار پر ہی پڑتا ہے۔ اس کے علاوہ اس گندم میں اتنی مٹی ملی ہوتی ہے کہ وہ کسی صورت میں بھی قابل خوراک

نہیں ہوتی ۔ اس قسم کی شکایات مختلف علاقوں سے لوگوں نے کی ہیں ۔ لہذا اگر گندم کو کلی طور پر کنٹرول کر لیا گیا تو ان مشکلات میں مزید اضافہ ہوگا ۔ اس لئے میں اس کے حق میں تو ہوں کہ جس طرح حکومت نے چاول کے متعلق پالیسی مرتب کی ہے اسی طرح گندم کو بھی ذخیرہ کرکے بوقت ضرورت release کر دیا جائے تاکہ عوام کے کام آ سکے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس قرارداد کی مخالفت کرتا ہوں ۔

Nawabzada Rahim Dil Khan (Bannu-II): Mr. Speaker, Sir, a lot of arguments have been advanced for this resolution before this august House and many arguments have been advanced against the resolution. I am also one of those Members who would like to oppose the resolution. I would not repeat the arguments made in the House and I would be very brief in my submissions before this august House.

What I submit is that for purposes of good administration, it is always a cardinal principle that the people should have confidence in their Government and the machinery of the Government, i.e. officials. If we are to go by the resolution, my humble submission is that the natural result would be that we would be opening up new avenues for corruption and new avenues for disrepute of the Government and officials in the eyes of the people. A new minutes earlier some of the speakers stated in this House that there is smuggling, that we would be left at the mercy of the Inspectors, petty officials, who would be assessing the prices. That there would be pilferage in the storage. That there would be adulteration of the stocks. When we listen to all these things, we must foresee that if such a step is taken by the Government, all these things would be there, and even if they are not there, a wide publicity would be given by those people, who are interested against the Government or who are interested against certain officials of the Government, that such and such things have happened. The net result would be that we would be lowering the prestige of the officials as well as of the Government in the eyes of the public, who did not know the actual facts about the case.

My submission is that it would be in the best interest of the Administration and the Government that they should allow the present process to continue and let it function as it functions in many other countries of the world. The Government should not be burdened with this task which is not only thankless but which ultimately the Government would like to give up in order to keep up its own prestige and position.

I would like to submit a few words more. For the information of Malik Muhammad Akhtar, who has just gone out, I would like to tell him that if one lakh or half lakh tons, as he says, has gone from Multan towards the Frontier Province, probably he has got very little knowledge of those areas of our country, let me tell him that those people in the Tribal belt depend entirely on the grain from the former Punjab because nothing grows in those hills. Moreover, where from they are to be fed? They are as good citizens of this State as the Member himself or anybody else can claim to be and they are entitled to the same privileges as any one else can claim. I do not claim that there is no smuggling on that side. Smuggling is there though I would very emphatically say that it is not as large as on the border if we compare the two. After all, even if there is smuggling on that side it goes to a brother Mussalman country and it does not go to an alien Hindu or to a Kafir.

Haji Gul Hassan Manghi : Point of order.

Then the Member means to say that smuggling should be carried on ?

Mr. Deputy Speaker : It is no point of order.

Nawabzada Rahim Dil Khan : I think, my friend. X X X X X*

Mr. Deputy Speaker : No personal remarks, please.

Nawabzada Rahim Dil Khan : I am sorry, Sir.

Mr. Deputy Speaker : Those remarks are expunged from the proceedings of the Assembly.

Nawabzada Rahim Dil Khan : No doubt, just as I submitted, it would always be said that the officers are corrupt, that they allow smuggling and

*Expunged as ordered by the Deputy Speaker.

that, as stated by Malik Akhtar, certain political agents have a hand in the smuggling of grains. I would submit that if the Government takes upon itself the task of purchasing grains then what would be the reaction of these people ? What will they say about officers ? If the Khatas of a Commission Agent or a Dealer are burned nobody cares about it but if one paper is lost or misplaced in the Food Department they would say that because of smuggling or because of certain pilfering or corruption in the Department that paper has gone out of record. Similarly, if some dust is detected in some grains purchased by the Food Department everybody would cry and there would be a wide publicity in the press that it is because of corruption that this dust has come in but if these things happen in the stock of a dealer nobody worries about it. Similarly, if the grains are damaged by rain or by some other unforseen circumstances in Government stock, there would be wide publicity that it has been done intentionally in order to make up certain losses out of the stocks which they have sold out in the black market. My humble advice to the learned Minister-in-Charge is that it would be in the interest of both the Administration and the Government that they should not take upon themselves this onerous task.

Chaudhri Muhammad Nawaz : Sir, I move the closure motion.

Mr. Deputy Speaker : Let Malik Aslam speak.

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا ۔ اس کے بعد اور بھی ریزولیوشن آ رہے ہیں اس لیے اب قائد ایوان کو جواب دینا چاہئے ۔

ملک محمد اسلم خان (گیمبلپور۔۱) ۔ جناب والا ۔ جہاں تک اس ریزولیوشن کا تعلق ہے کہ حکومت تمام غلہ کی خرید و فروخت خود کرے میں اس کی مخالفت کرتا ہوں ۔ اس معاملہ میں میرے فاضل دوستوں نے بہت سی arguments دی ہیں کہ حکومت ان کے مطابق کام کرنے سے

قاصر ہوگی ۔ اس طرح غلہ کی قیمت بہت بڑھ جائے گی ۔ پھر لوگوں کو پہلے کی طرح غلہ خریدنا پڑے گا ۔ کیوں کہ اس طرح سمگلنگ کو بھی روکا نہیں جا سکے گا حکومت سمگلنگ کو روکنے کی بے حد کوشش کر رہی ہے ۔ لیکن ہمارا بارڈر ہزاروں میل لمبا ہے اور مختلف ملکوں سے ہماری سرحدیں ملتی ہیں اس لیے فوج اور پولیس کے ذریعے سمگلنگ کو روکنا نا ممکن ہوگا ۔

اس وقت ہمیں یہ دیکھنا چاہئے کہ سمگلنگ کیوں ہوتی ہے ۔ سمگلنگ اس لیے ہوتی ہے کیونکہ ہندوستان کو غلہ کی بہت زیادہ ضرورت ہے اور وہ خرید رہا ہے کابل میں بھی غلہ کی پہلے سے کئی گنا زیادہ ضرورت ہے ۔ آپ نے نوٹ فرمایا ہوگا کہ اس دفعہ دنیا کے جن ممالک میں غلہ کی پیداوار کم ہوئی ہے ان میں وہ ممالک بھی ہیں جن کی سرحد ہمارے ساتھ ہے وہاں غلہ بہت کم ہوا ہے ایران جس نے پہلے کبھی غلہ امپورٹ نہیں کیا تھا اس دفعہ وہ بھی پی ایل ۴۸۰ کے تحت غلہ امپورٹ کر رہا ہے ۔ اس لیے حکومت بجائے اس کے کہ ہزاروں اور کروڑوں روپیہ خرچ کرکے غلہ کی سٹوریج کرے یا ہزارہا روپیہ خرچ کرکے سمگلنگ کو روکنے کی کوشش کرے ۔ اپنے ملک میں غلہ کی قیمت کو بڑھنے دے اس حد تک کہ غریب کسان جس کی معاشیات بری طرح متاثر ہیں اور جو اسی پر depend کرتے ہیں وہ بھی آسودہ حال ہو جائیں ۔ اس کے ساتھ یہ بھی ہو جائے گا کہ سمگلنگ کم ہوتی جائے گی ۔ ان حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے اور سمگلنگ کو روکنے کے لیے میں عرض کروں گا کہ حکومت غلہ کی خرید و فروخت پر بالکل کنٹرول نہ کرے اور بجائے اس کے کہ سمگلنگ کو روکنے کی

کوشش کرے اس کو چاہئے کہ اس چیز کا سد باب کرے کہ سمگلنگ کیوں ہوتی ہے ۔

وزیر خوراک (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ میں اپنے دوست ڈاکٹر صاحب کے ریزولیوشن کی مخالفت کرتا ہوں ڈاکٹر صاحب نے یہ تجویز فرمائی ہے کہ حکومت تمام اجناس خوردنی کی خرید و فروخت کو اپنی تحویل میں لے لے ۔ میں اس کی اس بنا پر مخالفت کرتا ہوں کہ نہ تو یہ ممکن ہے اور نہ ہی یہ درست ہوگا نہ ہی یہ کسی طبقہ کے لیے مفید ہوگا ۔ اول یہ کہ اگر کاشت کاروں کے مفاد کو مدنظر رکھا جائے تو ان کے لیے اس قسم کی خرید و فروخت پر پابندی لگا دینا میری رائے میں ان لیے نہ صرف تکلیف دہ ہوگا بلکہ اس سے جس کو ہم grow more food campaign کہتے ہیں اس کے لیے بھی غیر مفید ثابت ہوگا ۔ اگر حکومت اس معاملہ کو اپنے ہاتھ میں لے لے تو کروڑوں روپیہ کے سرمایہ کی ضرورت ہوگی جو ہماری استعداد کے مطابق نہیں ہے ۔ علاوہ ازیں سٹوریج اور گوداموں کا نہایت وسیع سلسلہ بنانا پڑے گا ۔ جیسا کہ نواب زادہ صاحب نے فرمایا ہے ہمارے پاس ساڑھے پانچ لاکھ ٹن غلہ کی سٹوریج کے لیے گودام موجود ہیں ۔ حالانکہ ہمارے ہاں ۷ے لاکھ ٹن اجناس خوردنی کی ضرورت ہوتی ہے ۔ اس لیے کثیر سرمایہ خرچ کرنا پڑے گا ۔ کسی مفید مطلب کام پر سرمایہ خرچ نہیں ہوگا ۔

ابھی چند معزز ممبران نے سمگلنگ کے متعلق اس بات کا تقاضا کیا ہے

میں حکومت کی طرف سے اعلان کرتا ہوں کہ حکومت ہر ممکن کوشش کرے گی کہ سمگلنگ کا انسداد موثر طریقہ پر ہو سکے ۔ حکومت سمگلنگ کو جرم ہی نہیں سمجھتی بلکہ گناہ سمجھتی ہے اور غداری خیال کرتی ہے ۔

ان حالات میں ہم نے موثر اقدامات کئے ہیں ۔ مگر جیسا کہ میرے دوستوں نے کہا ہے ہمارے بارڈر بڑے طویل اور قدرے دشوار ہیں تو سمگلنگ کے متعلق کسی نہ کسی طریقے سے کسی شکایت کا پیدا ہو جانا ایک قدرتی امر ہے ۔ مگر اس کے متعلق حکومت مصمم ارادہ کر چکی ہے کہ سمگلنگ اور سمگلر کو کسی قسم کی پناہ نہیں دی جائے گی ۔ کیونکہ وہ ایک قومی مجرم ہیں بلکہ میں یہ کہوں گا کہ وہ ایک لحاظ سے ایک ایسا گناہ کرتے ہیں جس کا ان کے پاس کوئی جواز نہیں ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں ملک صاحب سے گذارش کروں گا جیسا انہوں نے ہاؤس کو بتایا ہے کہ بہت سے اقدامات کئے گئے ہیں تا کہ سمگلنگ بند ہو جائے ۔ ساتھ ہی ساتھ یہ بھی ہمیں بتایا جائے کہ اس کے لیے کوئی سخت قوانین وضع کرنے کا ارادہ ہے یا صرف یہی قانون رہیں گے جن کے ماتحت ابھی تک کوشش کی گئی ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : That is no point of order.

وزیر خوراک ۔ ویسے قانون موجود ہیں لیکن چونکہ حاجی صاحب سمگلنگ نہیں کرتے ہیں اس لیے ان کے واسطے قانون کی ضرورت نہیں ہے ۔ بہر حال میں گذارش کر رہا تھا کہ سمگلنگ کے متعلق نہ صرف حکومت

کی واضح پالیسی ہے بلکہ اس سلسلے میں مجھے خوشی ہے کہ تمام پارٹیاں اور تمام قوم اس پر متفق ہے کہ سماج دشمن عناصر کا قلع قمع کر دیا جائے اور میں اس ہاؤس سے یہ اپیل کروں گا کہ وہ قوم میں ایسے جذبے کو بیدار کرے اور حب الوطنی کی پالیسیوں کو اجاگر کرے کہ سمگلر اور سماج دشمن عناصر اپنا سر نہ اٹھا سکیں ۔ دوسری بات جو ملک صاحب نے فرمائی ہے کہ ملتان کے ضلع سے ڈیڑھ لاکھ ٹن گندم چند روز ہوئے سمگل ہوچکا ہے اور فرنٹیر کی طرف جا چکا ہے ۔ انہوں نے شاید یہ اخبار میں پڑھا ہوگا اور نواب زادہ رحم دل خان صاحب نے صحیح طور پر فرمایا ہے کہ ہمارے سرحدی علاقہ کو اس کے مقابلہ میں جتنا کہ وہ پیدا کرتا ہے تقریباً ۶ لاکھ ٹن خوراک کی ضرورت ہوتی ہے اس لیے قدرتی طور پر کچھ نہ کچھ گندم باہر جاسکتی ہے اور یہاں سے جایا کرے گی مگر جیسا کہ میرے دوست ملک صاحب نے کہا ہے کہ ڈیڑھ لاکھ ٹن گندم سمگل ہوگیا ہے ۔ مجھے پتہ نہیں کہ ان کے پاس یہ اعداد کہاں سے آئے ہیں ہو سکتا ہے کہ اخبار سے حاصل کیے ہوں ۔ میں ملتان کے لیے کہہ سکتا ہوں کہ ایسا نہیں ہے لیکن اگر یہ صحیح تصور بھی کر لیا جائے تو اس کے لیے ۱۵ ہزار ٹرک کی ضرورت ہوگی یعنی ایک ٹرک ملتان میں ہوگا اور دوسرا ٹرک پشاور یا اس کے پرے ہوگا تب بھی پورا نہیں ہوگا تو اس قسم کے توہمات اور خدشات میں سمجھتا ہوں بے بنیاد ہیں اور ہم نے اس کے متعلق یہ انتظام کیا ہے کہ تمام پلوں پر اس قسم کی ناکہ بندی کر دی ہے جن پر اعداد و شمار حاصل کئے جاتے ہیں جہاں سے گندم سرحدی علاقوں میں جا رہی ہے اس کا

باقاعدہ حساب کتاب رکھا جا رہا ہے اور میں آپ کی اطلاع کے لیے اور اس معزز ایوان کی اطلاع کے لیے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ تقریباً ڈیڑھ لاکھ ٹن گندم روزانہ جا رہی ہے اور اس کے متعلق حساب کتاب رکھا جاتا ہے اگر کسی وقت بھی صورت حال اس طرح بگڑی جس سے ہمیں خدشہ ہو اور اس بات کا خیال پیدا ہو کہ یہ گندم سرحدی علاقوں میں کھپت کے لیے نہیں بلکہ سمگلنگ کی جا رہی ہے تو میں یقین دلاتا ہوں کہ مناسب اور موثر کارروائی کی جائے گی ۔ ایک بات یہ عرض کر دینا بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ لوگ خریداری کے لیے دیہات میں آتے ہیں اور ان کی وجہ سے کبھی قیمتیں بڑھ جاتی ہیں اور کبھی گھٹ جاتی ہیں اس کی وجہ سے عام لوگوں میں یہ تاثر پیدا ہو گیا ہے کہ یہ سارے لوگ جو خرید و فروخت کر رہے ہیں یہ صرف سمگلنگ کے لیے کر رہے ہیں ۔ میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ فرنٹیر اور سرحدی علاقوں کو ۶ لاکھ ٹن گندم کی ضرورت ہوتی ہے اس کے لیے جائز اعداد و شمار پیش کیے گئے ہیں یہ کوئی ایسی گھبرانے والی بات نہیں ہے ۔ تیسری چیز جس کے متعلق چند دوستوں نے تقاضا فرمایا ہے وہ یہ تھی کہ ڈیفنس کے بعد یعنی دفاع کے بعد خوراک کا مسئلہ بڑا اہم ہے اور اسی لحاظ سے خوراک کے معاملہ میں ہمیں اپنی تمام قوتیں اور توانائیاں صرف کر دینی چاہئیں میں اس سے بالکل اتفاق کرتا ہوں اور حکومت کی یہی پالیسی ہے کہ دفاع کے بعد خوراک کے مسئلہ کو چاہے وہ پیدا کرنے کا ہو یا باہر سے منگوانے کے کے بعد اسے تقسیم کرنے کا مسئلہ ہو اس پر اپنی تمام توانائیاں اور تمام

رقوم صرف کر دی جائیں تاکہ ملک میں قحط کا امکان نہ ہو۔ ان حالات میں جو کچھ فرمایا گیا ہے اس پر پہلے ہی عمل ہو رہا ہے۔ اس کے علاوہ ایک اور بات بھی یہاں پر بیان کی گئی ہے وہ یہ ہے کہ ذخیرہ اندوزی ہو رہی ہے اور ذخیر اندوزی کے لیے یہ تمام خرید وفروخت ہو رہی ہے میں سمجھتا ہوں کہ ذخیرہ اندوزنا عاقبت اندیش نہیں ہیں ان کو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ اگر انہوں نے ذخیرہ اندوزی کی تو حکومت کے پاس اس قسم کے اختیارات ہیں کہ اس ذخیرہ اندوزی کا مال قوم کے لیے لے لیا جائے گا جیسا کہ پہلے لے لیا گیا تھا اس لیے کہ ذخیرہ اندوزی محض اس مقصد کے لیے کی جا رہی ہے کہ اس سے منافع کمایا جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ ناعاقبت اندیش ہیں حکومت تہیہ کر چکی ہے کہ باہر سے جتنی بھی گندم کی ضرورت ہوگی منگوا کر جائز ضروریات پوری کی جائیں گی تو اس لحاظ سے ان کی ذخیرہ اندوزی نفع کے لیے نہیں بلکہ نقصان کا باعث ہوگی علاوہ ازیں ذخیرہ اندوزی اگر قومی مفاد سے ٹکرائے گی تو میں ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ ذخیرہ اندوزی کے خلاف گورنمنٹ قانونی کارروائی کرنے میں بالکل تامل نہیں کرے گی۔ ڈاکٹر صاحب نے ایک اور تشویش کا اظہار کیا ہے کہ ''لرمراھو'' جو میکسی بیج ہے جس سے چند لاکھ ایکڑ رقبہ یہاں زیر کاشت آیا تھا اس کا بیج یہاں بازار میں بک رہا ہے اور کھایا جا رہا ہے یعنی اس کو بطور خوراک کے استعمال کیا جا رہا ہے مجھے یہ معلوم ہے اور ڈاکٹر صاحب کی یہ اطلاع درست ہے مگر مجھے ان کو یہ اطلاع دیتے ہوئے مسرت ہوتی ہے کہ ''پنجامو'' اور لرمراجو'' کے متعلق حکومت نے فیصلہ

کیا ہے کہ میکسی red اور میکسی white کو ترجیح دی جائے اور اس کے متعلق اخبارات میں اعلان ہو چکا ہے کہ ۴۲ ہزار ٹن گندم میکسی red اور میکسی white باہر سے بیج کے لیے منگائی جا رہی ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ اگست کے مہینے میں یہاں پہنچ جائے گی جس سے تقریباً ۱۷ - ۱۸ لاکھ رقبہ زیر کاشت آ جائے گا یہ گندم اسلئے منگائی جا رہی ہے کہ "پنجامو" اور "لرمراجو" ہمارے لوگ کھانے پینے کے لیے زیادہ پسند نہیں کرتے اور نہ اس کے رنگ کو پسند کرتے ہیں اور نہ اس کی کوالٹی کو پسند کرتے ہیں ۔ حکومت کے پاس کوئی چارہ کار نہیں تھا کہ باہر سے وہ اس قسم کی گندم نہ منگائے ۔ اس کی وجہ سے قومی معیشت کا مناسب طریقہ سے بندوبست ہو جائے گا ۔ لیکن حکومت نے اس بات کا بھی بندوبست کر لیا ہے کہ جائز ضروریات کے لیے جتنی گندم کی ضروریات ہوگی وہ باہر سے بھی منگائی جائے گی اور اسے یہاں سے بھی خریدا جا سکتا ہے مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہوتی ہے کہ ۲۵ ہزار من کے قریب پنجامو اور لرمراھو (اقسام بیج گندم) مشرقی پاکستان کے لیے خرید کر رہے ہیں جو ان کو بھیجا جائے گا کیوں کہ یہ جنس وہاں پر کامیاب ہے اور ان کے مزاج کے مطابق ہے ۔ تو ان حالات کے مطابق جو ان کا خیال ہے کہ یہ بیج ضائع ہو جائے گا یہ درست نہیں اور ان کا یہ خدشہ میں سمجھتا ہوں کہ درست نہیں ہے ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا تھا اگر ہماری حکومت اس ریزولیوشن کو منظور کر لے یا اس کو عمل میں لائے تو اس کے بارے میں کئی باتیں آپ کے سوچنے کے قابل ہیں ۔ جناب والا ۔ ایک تو یہ ہے کہ پہلے پہلے مجھے کنٹرول کی قیمت مقرر کرنی پڑے گی اس وقت گندم پر کسی قسم کا کنٹرول نہیں رکھا ہوا ہم نے ایک قسم کی low price رکھی ہے ساڑھ روپے سے کسی

وقت بھی بھاؤگرے تو اسی وقت حکومت اس کو خریدنے کے لیے تیار ہو ۔ اس لحاظ سے میرے خیال میں حکومت نے یہ پہلی دفعہ نہایت ہی واضح اور مفید پالیسی مرتب کی ہے کہ تین سال کے لیے کاشتکاروں کو ایک قسم کی guarantee دے دے گی تاکہ ان کی فاضل پیداوار ۱۷ روپوں تک خریدی جا سکے ۔ تو ان حالات میں میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہم اس ریزولیوشن کو منظور کر لیں تو پھر ہمیں ۱۷ روپوں میں خریدنی پڑے گی ۔ اس وقت بازار میں بھاؤ ۱۷ سے لے کر ۱۹—۲۰ روپیہ تک ہے اور جیسا کہ میرے معزز دوستوں نے عرض کیا ہے کہ بیج کی قیمت میں اور کھاد وغیرہ کی قیمت میں اضافے کی وجہ سے اور دیگر حالات کی وجہ سے گندم پیدا کرنے کے اخراجات بڑھ چکے ہیں یہاں پھر میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہماری حکومت کی جو پالیسی ہے اس کا رجحان free economy کی طرف ہے اور یہ درست اور مناسب نہ ہوگا کہ ہم کنٹرولوں کا ایک لامتناہی سلسلہ جاری کر دیں کیونکہ اس کے نتائج ہمارے تجربہ کے مطابق خاطر خواہ ثابت نہیں ہوئے ۔ اس لیے کنٹرول کی پالیسی اچھی ثابت نہ ہوگی اور نہ یہ قوم کے لیے مفید ہوگی اور کاشتکار جو ہمارے ملک کے لئے ریڑھ کی ہڈی کا کام دیتے ہیں وہ بھی بیکار ہو جائیں گے ۔ علاوہ ازیں جناب والا میں یقین دلانا چاہتا ہوں کہ حکومت خوراک کے مسئلے کو بطریق احسن حل کرنے کی کوشش کرے گی ۔ ہم نے انتظام کیا ہے کہ ۱۶ لاکھ ٹن غلہ باہر سے منگایا جائے تاکہ گاؤں اور شہروں میں کسی قسم کی تکلیف نہ ہو ۔ میرا خیال یہ تھا کہ باوجود اس کے جیسے کہ نازک اور نامساعد

حالات میں حکومت نے جس طریق سے فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کی قیادت میں اور گورنر صاحب کی رہنمائی میں خوراک کے مسئلے کو اس نازک سال میں اور نہایت ہی مشکل دور میں حل کیا ہے اس سے آپ کے دل میں یقین ابھرنا چاہئیے کہ انشا اللہ حکومت جو اقدام کرتی ہے اس کو پورا کرنے کی توفیق اور طاقت رکھتی ہے ۔ ان گذارشات کے بعد میں ڈاکٹر صاحب سے یہ التماس اور درخواست کروں گا کہ وہ از راہ کرم اپنا ریزولیوشن واپس لے لیں کیوں کہ حکومت جتنے اقدامات کر رہی ہے ان کے پیش نظر میں یقین دلاتا ہوں کہ اگر کوئی ایسی چیز ہوئی تو حکومت حالات پر قابو پانے میں اور اس کی اصلاح کرنے میں پس و پیش نہیں کرے گی ۔

ڈاکٹر سلطان احمد چیمہ (سیالکوٹ-۲) ۔ جناب والا ۔ میں قائد ایوان کی ہدایت کے مطابق اپنا ریزولیوشن واپس لیتا ہوں ۔

Mr. Deputy Speaker : The Member cannot do so unlesshe asks for the leave of the House.

Dr. Sultan Ahmed Cheema : Sir, I ask for leave of the House to withdraw my Resolution.

Mr. Deputy Speaker : Has the Member leave of the House to withdraw his Resolution ?

The Resolution was by leave withdrawn.

RE-INSTALLATION OF A STEEL MILL IN WEST PAKISTAN.

Mr. Deputy Speaker : Next Resolution. Chaudhri Muhammad Nawaz.

Chaudhri Muhammad Nawaz : Sir, I beg to move :

> This Assembly is of the opinion that immediate steps should be taken to install a Steel Mill in the Province of West Pakistan.

Mr. Deputy Speaker : The Resolution moved is :

> This Assembly is of the opinion that immediate steps should be taken to install a Steel Mill in the Province of West Pakistan.

There is an amendment by Haji Sahib.

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ میں یہ تحریک کرتا ہوں ۔

کہ مجوزہ قرارداد کی سطر ۲ میں الفاظ ''پاکستان'' اور ''میں''

کے درمیان الفاظ ''کے پبلک سیکٹر'' ثبت کئے جائیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ اس کے متعلق میں کچھ وضاحت کر دوں ۔

چودھری محمد نواز ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا۔ چونکہ میں نے اس چیز کی تحریک کی ہے تو مناسب یہ ہوگا کہ اس کے متعلق پہلے میں کچھ عرض کروں اور اس کے بعد حاجی صاحب ۔

Mr. Deputy Speaker : Resolution under consideration, amendment moved is :

> That in the proposed Resolution, between the words 'Mill' and 'in' occurring in line 2, the words "in the public sector" be inserted.

Minister for Food and Agriculture : Opposed.

چودھری محمد نواز (منٹگمری ۔ ۲) ۔ جناب صدر ۔ اس دور میں جس سے ہم گزر رہے ہیں کسی ملک کی حقیقت میں صنعتی ترقی کی ایک بنیاد و معیار یہ بھی ہے کہ اس ملک میں لوہے اور فولاد کی پیداوار کتنی

ہے یا یہ کہہ لیجئے کہ اس دنیا میں جو ملک معاشی اور صنعتی ترقی سے بہرہ ور ہیں ان ملکوں نے لوہے اور فولاد کی صنعت کو فروغ دیا۔ اس لحاظ سے جب ہم اپنے ہاں معاشی و صنعتی ترقی کا جائزہ لیتے ہیں تو مجھے یہاں معاشی اور صنعتی ترقی محض مستعار معلوم ہوتی ہے کیونکہ ہمیں ہر قسم کی مشینری کے لیے بیرونی ملکوں پر انحصار کرنا پڑتا ہے اور ترقی یافتہ ملک جو ہمیں مشینری سپلائی کرتے ہیں ان کا ہمارے اوپر اثر اور خاص کر پسماندہ ممالک پر اتنا گہرا اثر ہے کہ ان پسماندہ ملکوں کو ان سے نجات حاصل کرنا مشکل ہو گیا ہے۔ جناب والا۔ پچھلے ۱۰-۱۵ برس سے مشینری کی قیمت اس تیزی سے بڑھی ہے اور اس کے برعکس وہ پسماندہ ملک جو اپنا خام مال ان ترقی یافتہ ملکوں کو باہر بھیجتے ہیں اور اس کے عوض میں ان سے صنعتی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مشینری درآمد کرتے ہیں تو خام مال کی قیمت میں نہ ہونے کے برابر اضافہ ہوا ہے جس کا عملاً نتیجہ یہ نکلا ہے کہ وہ ترقی یافتہ ملک جو آج سے چند سال پہلے اپنے سیاسی تسلط کی وجہ سے بے پناہ مفادات حاصل کرتے تھے انہوں نے آج معاشی تسلط کی راہ اختیار کر لی ہے اور اس تجربہ اور مشاہدہ کی بنا پر پس ماندہ ملک یہ سوچنے پر مجبور ہو گئے ہیں کہ معاشی آزادی کے بغیر سیاسی آزادی بے معنی ہو کر رہ گئی ہے اس اصول کا اطلاق پاکستان پر بھی ہوتا ہے۔ پاکستان جیسا پس ماندہ ملک جو اپنا خام مال برآمد کر کے ترقی یافتہ ملکوں سے اپنی صنعتی ضروریات کو پورا کرتا ہے۔ اس کے لیے اپنی معاشی آزادی کو برقرار رکھنا صرف اس صورت میں ممکن ہو سکتا ہے کہ وہ اپنا خام مال

برآمد کرنے کی بجائے اسے مصنوعات کی شکل میں برآمد کرے بلکہ میں یہ کہوں گا کہ اسے اپنی مصنوعات تیار کرنے کے لیے مشینری بنانے میں بھی خود کفیل ہونا چاہیئے اور اس مقصد کے لیے لوہے اور فولاد کی جو صنعت ہے وہ سر فہرست ہے اس وقت میں جناب کی خدمت میں قائد اعظم کے وہ الفاظ عرض کرتا ہوں جو انہوں نے ۱۹۴۷ میں ایک موقعہ پر اپنی قوم کو خطاب کرتے ہوئے فرمائے تھے۔

"If Pakistan is to play its proper role in the world to which its size, man-power and resources entitle, it must develop industrial potential side by side with its agriculture and give its economy an industrial bias. By industrializing our State, we shall decrease our dependence on the outside world for necessities of life, we will give more employment to our people and will also increase the resources of the State. Nature has blessed us with a good many raw materials of industry and it is upto us to utilize them to the best of the State and its people."

Mr. Deputy Speaker : Does the Member think that this resolution, which he has moved is primarily the concern of the Government of West Pakistan ?

Chaudhri Muhammad Nawaz : Yes Sir.

Malik Miraj Khalid : Sir I am moving an amendment to that.

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : Point of order, Sir. Industry is the subject of the Provincial Government. So, I think the setting up of the Steel Mill within the province of West Pakistan is to be dealt with by the Provincial Government.

Mr. Deputy Speaker : I have just pointed out whether it is primarily the concern of the Government of West Pakistan, or that of the Central Government.

Minister of Food & Agriculture (Malik Khuda Bakhsh) : Sir, what my friend the Parliamentary Secretary has stated is correct that industry is the

subject of the Provincial Government, but this is a type of industry, which is to be undertaken with the consent and approval of the Central Government, as you know very well that the Central Government has been taking necessary steps to do something about the establishment of a Steel Mill. So, it would be appropriate that this matter is left to the Central Government. All that we can do is to make a recommendation to the Central Government to take necessary measures in this behalf.

Mr. Deputy Speaker : I would refer you to rule 78, sub-rule (2) of the Rules of Procedure.

Haji Sardar Atta Muhammad : Point of order Sir.

Mr. Deputy Speaker : When the Chair is speaking, a Member cannot raise a point of order.

Rule 78 (2)—Resolution.

"It shall relate to a matter which is primarily the concern of the Government of West Pakistan."

Minister of Food & Agriculture : Yes Sir, but we have the power to recommend to the Central Government. The amendment is given, if you will permit it.

Mr. Deputy Speaker : As it is, at present we are without the amendment.

Yes, Haji Sahib, you were on a point of order.

حاجی سردار عطا محمد ۔ میں نے کہا ہے کہ قائد ایوان کو عرض کروں کہ وہ اردو اچھا بولتے ہیں اس لئے وہ اردو میں بات کریں تاکہ ہم بھی سمجھ سکیں ۔

Mr. Deputy Speaker ; This is no point of order and it is ruled out of order.

چودھری محمد نواز ــ حضور والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ۱۹۶۵ء میں ہم پر یہ حقیقت واضح ہو گئی تھی کہ کوئی ملک اور قوم اگر اس نے اپنی آزادی کو برقرار رکھنا ہے تو اس کے لئے ضروری ہے کہ اس کے پاس ملک میں فوجی ساز و سامان تیار کرنے کے اپنے کارخانے ہوں ۔ جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں ہم نے آج تک ہر قسم کی مشینری کے سلسلے میں بیرونی ملکوں پر انحصار کیا ہے ۔ اس جنگ کے دوران میں ان دوست ملکوں نے جن پر ہم نے انحصار کیا تھا ۔ عین وقت پر آ کر ہمیں چھوڑ دیا ۔ اس سے ہم پر یہ حقیقت واضح ہو جانی چاہئیے کہ ہمیں اپنے پاؤں پر آپ کھڑا ہونا ہے ۔ کبھی کبھی ہم کالا باغ یا کراچی میں فولاد کا کارخانہ لگنے کی خوش آئند خبر سنتے ہیں یا پڑھتے ہیں تو اس سے ملک کا ہر ذی شعور فرد اطمینان کی کیفیت محسوس کرتا ہے لیکن جب یہ خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوتا تو ہمیں اپنی مایوسی اور اضطراب کے اظہار کے لئے الفاظ نہیں ملتے ۔ مجھے معلوم ہے کہ فولاد کا کارخانہ لگانا کوئی آسان کام نہیں اس کے لئے بے پناہ سرمائے اور لامحدود ٹیکنیکل صلاحیتوں کی ضرورت ہے لیکن میں بفضل خدا پر امید ہوں کہ اگر ہم نے اس کام کو شروع کر دیا تو ہم اسے پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں ضرور کامیاب ہونگے ہمیں اپنے دشمن بھارت کی فوجی سرگرمیوں سے غافل نہیں ہونا چاہئیے ۔ ہم دیکھتے ہیں کہ سرحد کی دوسری طرف دشمن ملک میں فوجی سامان تیار کرنے کے لئے ہر شہر میں کارخانے لگ چکے ہیں وہاں ہوائی جہاز ، ٹینک اور بڑے بڑے جنگی جہاز بنانے کے کارخانے موجود ہیں ۔ جن میں دھڑا دھڑ

سامان بن رہا ہے اس کے برعکس یہاں یہ حالت ہے کہ ہم ابھی تک فولاد کا کارخانہ بھی نہیں بنا سکے ۔ ہم ہر روز یہ سنتے ہیں کہ منصوبہ زیرغور ہے اور اس منصوبہ پر غور و خوض نے اتنا طول کھینچا ہے کہ کئی مرتبہ اُمید کا دامن ہاتھ میں آنے کے بعد مایوسی کا منہ دیکھنا پڑا ہے محض تخمینے لگانا ہمارے لئے وجہ تسکین نہیں ہو سکتا ۔ موجب اطمینان نہیں ہو سکتا ۔ تو میں گورنمنٹ سے اور قائد ایوان سے پرزور اپیل کرتا ہوں کہ موجودہ وقت کے تقاضوں کے پیش نظر اس ملک میں فولاد کا کارخانہ ہونے کی اشد ضرورت ہے ۔ اُن الفاظ کے ساتھ میں اپنے ریزولیوشن کی تائید کرتا ہوں ۔

حاجی سردار عطا محمد (خیر پور—۲) — جناب سپیکر ۔ مجھے افسوس ہے کہ ملک صاحب نے میری ترمیم کی مخالفت کی ہے باوجود اس کے کہ ملک صاحب x x x x x x x x x x x x x x*

مسٹر ڈپٹی سپیکر — حاجی صاحب آپ ذاتی ریمارکس نہ کریں ۔ اور اپنے الفاظ واپس لیں ۔

حاجی سردار عطا محمد — جناب والا ۔ میں اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں ۔

Mr. Deputy Speaker : These words are expunged from the proceedings of the Assembly.

حاجی سردار عطا محمد — میں جناب ملک صاحب کو اپنا دوست

---

*Expunged as ordered by the Deputy Speaker.

سمجھ کر مشورہ دوں گا کہ وہ کارخانہ داروں اورسرمایہ داروں سے پرہیز کریں کیونکہ اسی میں دنیا اور آخرت کی نجات ہے ۔ فولاد کا کارخانہ قائم کرنے کے متعلق چودھری محمد نواز صاحب نے اپنی تقریر میں کافی کچھ کہا ہے اس سے بڑھ کر اور کیا ہو سکتا ہے کہ عوام کے لئے ایک فولاد کا کارخانہ بنایا جائے ۔ یہ ہمارے ملک کے لئے ایک لازمی چیز ہے ۔ جو ۴۵ کروڑ روپیہ ہم گلیوں کو بنانے کے لئے خرچ کر رہے ہیں ہم اسی پرانی گلیوں پر گزارہ کر سکتے ہیں اس سے فولاد کا کارخانہ قائم کرنے کو فوقیت دی جائے ۔ کیونکہ ہمارے ملک کے لئے فولاد کا کارخانہ لگانا بہت ضروری ہے اور ہمیں اس کے لئے دوسری سب چیزوں کو پیچھے رکھ کر اس کو ترجیح دینی چاہئیے ۔ کارخانہ قائم گورنمنٹ کر رہی ہے لیکن اس میں رکاوٹ میں سمجھتا ہوں سرمایہ دار اور کارخانہ دار کی طرف سے ہے ۔ کیونکہ وہ درآمدی پرمٹ ان چیزوں کے مانگتے ہیں اور اس سے وہ لاکھوں کروڑوں روپیہ کماتے ہیں ۔ ان کی مرضی نہیں ہے کہ یہاں کارخانہ قائم ہو اس لئے کہ ان کی کمائی میں کمی آ جائے گی ۔ ہماری گورنمنٹ کی مشینری میں ان کا بڑا اثر و رسوخ ہے ان کی وجہ سے ہی گورنمنٹ اور گورنمنٹ کی مشینری کے پرزے جلد سرمایہ دار بنے ہیں یا بننا چاہتے ہیں ان کا فائدہ اسی میں ہے اس لئے وہ لوگ اس قسم کا کارخانہ قائم کرنے کے لئے روکاوٹ ڈال رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ میری یہ گذارش ہے کہ فولاد کا کارخانہ ایک قومی

حیثیت سے اور مغربی پاکستان کی صنعتی کارپوریشن کے ذریعہ پبلک سیکٹر میں بنایا جائے ورنہ پرائیوٹ سیکٹر میں کارخانہ دار اور سرمایہ دار فائدہ اٹھائیں گے اور وہ اس کو نہیں بنانے دیں گے ۔ میں نے ترمیم اس لئے دی ہے کہ اس سے ملک کو فائدہ ہو اور پبلک سیکٹر کے لئے کارخانہ منظور کیا جائے ۔

ملک معراج خالد (لاہور—۵) ۔ جناب والا ۔ میں حاجی صاحب کی اس ترمیم کی حمایت کرتا ہوں کہ یہ بہت بے ضرر اور بہت ہی ضروری ہے ۔ اگرچہ ہم اپنا اصلی ریزولیوشن اس چیز کے لئے پیش کر رہے ہیں کہ یہاں فولاد کا کارخانہ ہونا چاہئیے اور وہ کس طرح لگایا جائے آیا وہ پبلک سیکٹر میں لگایا جائے یا پرائیویٹ سیکٹر میں لگایا جائے ۔ میں اس کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کرنا ضروری سمجھتا ہوں ۔

جناب والا ۔ پچھلے تجربات کی بنا پر میں کہتا ہوں اور میں خیال کرتا ہوں کہ حاجی صاحب کی ترمیم نہایت ہی مفید اور ضروری ہے ۔ جہاں تک اس معزز ایوان کے جذبات اور اس کی رائے مرکزی حکومت کو جو بھیجی جائے وہاں اس میں یہ بھی معلوم ہو سکے کہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ فولاد کا کارخانہ پبلک سیکٹر میں لگایا جانا ضروری ہے ۔ ہم اپنی سپرٹ اور مقاصد کے پیش نظر یہ چاہتے ہیں کہ ہماری قومی معیشت خود کفیل بنیادوں پر استوار ہو اور وہی مقصد اور سپرٹ اس بات کا تقاضا کرتی ہے کہ اس کارخانہ کو پرائیویٹ سیکٹر کی بجائے پبلک سیکٹر میں لگانا چاہئیے ۔ ان

الفاظ کے ساتھ میں حاجی صاحب کی ترمیم کی حمایت کرتا ہوں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی—۸) ۔ جناب والا ۔ میں حاجی صاحب کے احترام کی خاطر ان سے اجازت چاہتا ہوں کہ ان کی ترمیم کی مخالفت کروں ۔

جناب والا ۔ ہر زمانے میں کسی قوم اور کسی ملک کی بقا کے لئے دو چیزیں ضروری ہیں ۔ ان میں ایک ملک کا دفاع ہے اور دوسری چیز غذا ۔ جب تک یہ دونوں چیزیں کسی ملک کو حاصل نہ ہوں اس وقت تک اس قوم کی بقا محفوظ نہیں رہ سکتی اور نہ وہ ملک مضبوط بنیادوں پر قائم رہ سکتا ہے ۔ مجھے یہ کہتے ہوئے بڑا دکھ ہوتا ہے کہ گذشتہ حکومتوں نے جو ۱۹۴۸ء سے ۱۹۵۸ء تک اس ملک کے در و بست پر قابض رہیں انہوں نے ان دونوں مسئلوں کے متعلق ملک کو خود کفیل بنانے میں کوئی موثر کوشش نہیں کی اور نہ ہی ہماری موجودہ حکومت نے جس کو قائم ہوئے تقریباً ۱۰ سال کا عرصہ ہو رہا ہے ان دونوں مسئلوں کو موثر طور پر حل کرنے کی کوشش کی ہے اور ہماری یہ حکومت بھی اس میں پوری طرح ناکام رہی ہے ۔

مسٹر محمد ہاشم لاسی — جناب والا ۔ فاروق صاحب ترمیم پر بول رہے ہیں یا وہ پورے ریزولیوشن پر بول رہے ہیں ۔ ترمیم تو یہ ہے کہ فولاد کا کارخانہ پبلک سیکٹر میں ہو یا پرائیویٹ سیکٹر میں نہ ہو ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ جس طرح پچھلی حکومتیں ان دونوں اہم مسائل کو حل کرنے میں ناکام رہیں تھیں اسی طرح ہماری موجودہ حکومت نے بھی جو کہ گذشتہ دس سالوں سے اس ملک کے خزانوں کے تمام کے تمام دروازوں پر قابض ہے ، اس کو حل کرنے کی کوئی موثر کوشش نہیں کی ۔ جہاں تک غذائی مسئلے کا تعلق ہے اس کے متعلق ابھی ابھی چند منٹ قبل اس معزز ایوان کے سامنے ایک قرارداد کے سلسلے میں میری بائیں جانب بیٹھنے والے ساتھیوں نے اس کا پوری طرح اعتراف کیا ہے کہ ملک غذائی طور پر خود کفیل نہیں ہے اور وزیر زراعت بھی اس بات کو تسلیم کر چکے ہیں کہ ہمیں اپنی غذائی ضروریات پوری کرنے پر کروڑوں روپے کا زرمبادلہ صرف کرنا پڑتا ہے تب کہیں جا کر ہم ایک ایک بچے کا منہ گندم کے دانوں سے بھر سکتے ہیں ۔ جناب والا ۔ دفاع کے سلسلے میں اس زمانہ میں یہ بات ناقابل تردید ہے کہ فولاد کا کارخانہ وہ اہم بنیادی صنعت ہے کہ جس کے بغیر ملک کی ساری صنعتی ترقی بیکار اور بے مصرف ہو کر رہ جاتی ہے ، ملک کے سارے کارخانے مہمل ہیں ، بے معنی ہیں ، بے فائدہ ہیں ۔ جب تک کہ ملک میں بنیادی صنعت یعنی فولاد کی صنعت موجود نہ ہو ۔ اگر کوئی شخص یہ سمجھتا ہے کہ ہم نے کپڑے بنانے کے کارخانے . . . .

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ فاروقی صاحب آپ ریزولیوشن پر تقریر نہ کریں فی الحال آپ اس ترمیم پر بحث کریں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس میں ساری بات آ جائے گی ۔ بہر حال آپ کے حکم کے مطابق میں ترمیم پر ہی گفتگو کر لیتا ہوں ۔ میں نے اس ترمیم کی مخالفت اس لئے کی ہے کہ اب تک صنعت کے میدان میں جو بھی تجربات حکومت نے اس طرز کے کئے ہیں کہ کسی صنعت کو شہریوں کے ہاتھ میں دینے کے بجائے حکومت نے اسے اپنے ہاتھ میں رکھا ہے تو میرے علم کی حد تک وہ اس میں کامیاب نہیں ہو سکی اور جیسا کہ ابھی قائد ایوان نے فرمایا تھا کہ ہمارے ملک کی معیشت free economy کے اصول پر ہے اور controlled economy پر مبنی نہیں ہے تو خواہ غذائی میدان ہو ، خواہ صنعتی میدان ہو ، ہر میدان میں اس ملک کے عوام کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے لئے قوت پہنچائی جانی چاہئیے بجائے اس کے کہ اس میں حکومت مداخلت کرے عوام آزادی کے ساتھ ہر میدان میں اپنے پاؤں پر خود ہی کھڑے ہوں ۔ اور پرائیویٹ سیکٹر میں جو ترقی ہم کر سکتے ہیں اس کا پچانوے فیصد حصہ بھی ہم پبلک سیکٹر میں نہیں کر سکتے ۔ اس لحاظ سے کوئی وجہ نہیں ہے کہ ہم پرائیویٹ سیکٹر کے کام سے ناامید ہوں بشرطکیہ ہم انہیں ان کے متعلقہ میدان میں ضروری سہولتیں مہیا کر دیں ۔ اگر ملک کی دوسری صنعتوں کو پرائیویٹ سیکٹر نے نکتہ آغاز سے ترقی دے کر موجودہ مقام تک پہنچا دیا ہے تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ وہ اس خاص صنعت کو بھی اس بام عروج تک نہ پہنچا سکیں ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس اہم صنعت کو بجائے اس کے ایک پبلک سیکٹر میں دے کر اس کی ترقی کی راہ میں رکاوٹ پیدا

کی جائے ، اور ان اہم ضروریات کو پورا نہ کیا جائے بلکہ اسے پرائیویٹ سیکٹر میں دیں تاکہ وہ اس صنعت کو صحیح راستے پر چلا کر اسے ترقی کی منزل تک پہنچا سکے ۔

Mr. Deputy Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House. The question is :

That in the proposed Resolution, between the words 'Mill' and 'in' occurring in line 2, the words "in the public sector" be inserted.

The motion was lost.

حاجی سردار عطا محمد — آپ نے جو کچھ کہا ہے وہ میری سمجھ میں نہیں آیا یہ ترمیم منظور ہوئی ہے یا نا منظور ہوئی ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر — اگر آپ division claim کرنا چاہتے ہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : There is another notice for amendment in the Resolution moved by Chaudhri Muhammad Nawaz, from Malik Miraj Khalid which I have just received. Yes Malik Sahib, please move it.

Malik Miraj Khalid : Sir, I beg to move—

That in the Resolution of Chaudhri Muhammad Nawaz that that Assembly is of the opinion that immediate steps should be taken to install a Steel Mill in the Province of West Pakistan, for the words "immediate steps should be taken to install a Steel Mill in the Province of West Pakistan", the following be substituted :

"The Provincial Government should recommend to the Central Government to install a Steel Mill in the Province of West Pakistan immediately."

Mr. Deputy Speaker : Resolution under consideration, amendment moved is—

That in the Resolution of Chaudhri Muhammad Nawaz that this Assembly is of the opinion that immediate steps should be taken to install a Steel Mill in the Province of West Pakistan, for the words "immediate steps should be taken to install a Steel Mill in the Province of West Pakistan", the following be substituted :—

"The Provincial Government should recommend to the Central Government to install a Steel Mill in the Province of West Pakistan immediately."

I suppose, the amendment is not opposed. The question is—

That in the Resolution of Chaudhri Muhammad Nawaz that this Assembly is of the opinion that immediate steps should be taken to install a Steel Mill in the Province of West Pakistan, for the words "immediate steps should be taken to install a Steel Mill in the Province of West Pakistan", the following be substituted :—

"The Provincial Government should recommend to the Central Government to install a Steel Mill in the Province of West Pakistan immediately."

The motion was carried.

Mr. Deputy Speaker : The House will now take up the Resolution as amended. Yes, Rana Sahib.

رانا پھول محمد خان (لاہور—۷) - جناب سپیکر - میرے محترم دوست چودھری محمد نواز صاحب کی جو تجویز اس وقت ایوان کے سامنے پیش ہے - میں اس کی تائید کرتا ہوں - اس بات سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا کہ ۱۹۵۸ء کے بعد ہمارے ملک نے صنعتی میدان میں مثالی ترقی کی ہے - لیکن اس کے باوجود اس حقیقت سے بھی کوئی انکار نہیں کر سکتا جیسا کہ اس ایوان کو علم ہے کہ ہمارے ملک میں موجودہ دور کے تقاضوں کے مطابق فولاد کی کمی ہے - مجھے بخوبی یہ علم ہے کہ اس کمی کو پورا کرنے کے لئے ہمیں بڑی دقتیں ہیں اور اس میں وقت بھی لگے گا

لیکن موجودہ حکومت نے مغربی پاکستان میں ایک کارخانہ قائم کیا ہے جس سے ہمارے ملک کی ضروریات پوری نہیں ہو رہی ہیں ۔ موجودہ دور میں فولاد کا ہونا اتنا ہی ضروری ہے جتنا کہ بندوق کے لئے کارتوس کا ہونا ضروری ہے اور ہندوستان کی جنگی تیاریوں کے پیش نظر ہمارے لئے یہ ضروری ہو گیا ہے کہ ہم اس کمی کو پورا کرنے کے لئے اپنے عیش و عشرت کے سامان پر خرچ ہونے والی رقم میں کمی کرکے ان ضروریات کو پورا کریں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس قرارداد کی تائید کرتے ہوئے یہ استدعا کروں گا کہ ہم فی الفور اس قرارداد کو منظور کرکے مرکزی حکومت کو بھیج دیں کہ مغربی پاکستان میں فولاد کا ایک کارخانہ قائم کرکے اس ملک کی ضروریات کو پورا کیا جائے۔

Mr. Abdul Qayum (Karachi-II) : Sir, this is a very important Resolution relating to the setting up of a Steel Mill in West Pakistan and.....

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب بڑی اچھی اور شستہ اردو بول سکتے ہیں ۔ اور بڑی ادبی زبان بول سکتے ہیں ۔ وہ اردو کیوں نہیں بولتے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ میں انہیں اردو بولنے پر مجبور نہیں کر سکتا ۔

Mr. Abdul Qayum : So Sir, I wholeheartedly support this Resolution. This Resolution, as I said, relates to the setting up of a Steel Mill. Steel, as you know, Sir, is an item of basic requirement for many essential industries in the country. Among the essential industries, there are industries of strategic importance upon which depends the very existence of a country.

Defence has been given a very high priority by almost all the countries of the world. In view of the recent strained relations with our neighbour-India, we have given the first priority to Defence and for meeting the requirements of Defence we need steel very essentially. For Defence we need arms and ammunition, we need transport equipment, we need communication equipment and for the production of all these items we basically need steel.

Next in the order of priority our Government has given importance to economic development in various sectors like Agriculture, Industry, Communications, Construction of bridges and buildings and Irrigation. Take, for instance, agriculture. We need tractors essentially, agricultural implements like spades, ploughs, pick axes etc. For all these we essentially need steel.

Coming to industry for which we require machinery we need steel for that. For communication projects and in other spheres of industry we need steel. Hence, Sir, you will realise that it is very important that our full requirements of steel should be met from within the country. I would like to add a few words on our requirements of steel.

At the end of the first 5-Year Plan it was estimated that the total demand of steel in our country was to the tune of 3½ lakhs tons. In view of the great attention paid to the economic development by the present regime in the second 5-Year Plan the demand of steel very rapidly increased and it shot up to the tune of nine lakh lons. In view of the present economic development and defence needs it is estimated that by the end of the present plan, I mean the third 5-Year Plan , in 1970 the demand is going to increase to fifteen lakh tons.

The necessity of setting up a steel mill was felt as early as the inception of Pakistan. A proposal was put forward by our present Commerce Minister, Mr. Ghulam Faruque as early as 1952-53 when he was Chairman of PIDC. Several years ago a practical shape was given to this proposal and a company was formed by the name of Karachi Steel Mill in which some private companies joined hand with the Government and a scheme was prepared. It was proposed that foreign exchange requirements for this steel mill which was, if I remember correctly to the tune of 100

crores should be met from the Export Import Bank. I remember several meetings were held between the officials of the Bank and officials of our Government and feasibility reports were prepared. But unfortunately no fruitful results have come out as yet. In the recent years there have been some negotiations with some of the German concerns. The steel which the Karachi Mill has in view is based on imported material like, scrap.

Now, recently another scheme with German collaboration, which has been under consideration, is based on local ore that is producad in Kalabagh. Local ore has been tested by German experts and it has been found that that or can be used. Some times back it was published in the newspapers that this steel mill with German collaboration would go into production very soon. But I do not know the present position of the case. However, the fact remains, Sir, that so far we have not been able to set up any steel mill in West Pakistan and it is unfor unate. In East Pakistan, as has been pointed out by my friend over there, a steel mill set up by certain private parties in collaboration with certain Japanese concerns is already working and is producing one and a half lakh tons a year. In view of this it is very important that this setting up of a steel mill and preparation of steel should be taken up very soon.

Summing up my suggestions to the Provincial Government I would request that they may be transmitted to the Central Government for consideration. They are as under :

(*a*) That the steel mill by the name of Karachi Steel Mill which is being pursued in collaboration with the Export and Import Bank should be pursued

(*b*) The scheme to produce steel in collaboration with certain German firms should be more vigorously pursued because its production is based on local ore and if we have a steel mill we will not only be satisfying our requirements of steel but will also be encouraging the exploitation of local minerals. This will be another step in the right direction.

(*c*) Thirdly, since we have got a lot of potential and a lot of capacity in the country-I know of small private parties who are keen to set up steel mills-I suggest that small economic units of steel should also be given to private parties if they want to come forward.

(*d*) As I understand and I know definitely that the Karachi Steel Mill is an integrated mill which will produce pig iron, billets and also steel products like galvanized iron sheets and tin plates. I feel that the integrated steel mill will take a lot of time to go into production therefore the manufacture of steel products should be away from the main mill. Even if that mill remains integrated we still have lot of potential for steel products. The private companies who want to come forward and take up the setting up of mills for steel products should be encouraged.

I have in mind one specific, instance-galvanized iron sheets. I know there are certain parties who are keen to set up mills to produce these items, with imported raw-materials, as long as these are unavailable in the country. I have got some figures with me relating to this item.

The total demand of galvanized sheets in Pakistan is eighty thousand tons.

If we import black sheets and coat them here, the difference in price amounts to £.7 per ton and the total cost of Steel Mill set up for galvanizing comes to . . . .

Mr. Deputy Speaker : Try to finish please.

Parliamentary Secretary : ... one crore of rupees. Therefore, if we allow the setting up of this galvanizing plant, it will pay its cost within a couple of years. So,my fourth recommendation is that we should allow the production of these steel products separately.

In view of these suggestions, I strongly recommend that this resolution, as amended, be forwarded to the Central Government.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی—۸) - جناب والا - جیسا کہ میں ترمیم پر گفتگو کرتے ہوئے عرض کر رہا تھا کہ سٹیل مل اور فولاد کے کارخانے کو نصب کرنے کی داستان اس ملک کی بڑی افسوس ناک کہانیوں میں سے ایک کہانی ہے - میرے محترم ساتھی عبدالقیوم خان

صاحب نے بالکل صحیح فرمایا کہ ۱۹۵۲ء اور ۱۹۵۳ء سے مختلف اوقات میں پہلی حکومتوں کی طرف سے بھی اور اس حکومت کی طرف سے بھی مختلف مواقع پر سٹیل مل کے قیام کے لئے مختلف تجاویز عوام کے سامنے آتی رہیں لیکن ابھی تک کوئی شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکی ۔

جناب والا ۔ فولاد کے کارخانے کی اہمیت اتنی واضح ہے کہ اس زمانے میں کوئی کور چشم ہی ہو گا جو اس سے انکار کر سکے گا ۔ ہمارے ملک میں آپ کا علم مجھ سے بہتر ہو گا کہ صورت حال یہ ہے کہ ہم نے ٹیکسٹائل کے کارخانے لگائے سیمنٹ کے کارخانے لگائے شکر کے کارخانے لگائے لیکن ان تمام صنعتوں کو اپنے پیروں پر کھڑا کرنے کے لئے اور اپنے کام کو صحیح طریقہ سے انجام دینے کے لئے جس بنیادی صنعت کی ضرورت تھی اس پر اتنی توجہ نہیں دی گئی جتنی کہ اس کا حق تھا ۔ یہ تمام صنعتیں بے کار ہیں ۔ جب تک کہ بنیادی صنعت آپ کے ملک میں موجود نہ ہو ۔ فیکٹریاں ہیں لیکن آپ ان کے پرزے نہیں بنا سکتے کارخانے ہیں لیکن آپ ان کے لئے فاضل اوزار نہیں دے سکتے جس سے کہ وہ کام جاری رکھ سکیں اور جس سے کہ وہ قائم رہ سکیں ۔ دنیا ہوائی جہاز ، راکٹ اور ایٹم بم بنا رہی ہے لیکن اس میدان میں ہم نے ابھی تک جو بنایا ہے تو صرف ایک سائیکل کا کارخانہ قائم کیا ہے ۔ لیکن آپ کو یہ سن کر حیرت ہو گی کہ جو سائیکل ہم ساڑھے چار یا پانچ پونڈ میں ایکسپورٹ کرتے ہیں اس پر ہم ساڑھے چار پونڈ زر مبادلہ صرف کر دیتے ہیں ۔ آپ ملاحظہ فرمائیں کہ سائیکل بنانے کی معمولی سی صنعت جس کو دنیا

کے دوسرے ممالک پتہ نہیں صدیوں پہلے بنانے میں کامیاب ہو گئے تھے اور صدیوں پہلے جس کی ایجاد ہو چکی ہے اس کو ہم نے اب شروع کیا ہے اور اس میں بھی ہماری حالت یہ ہے کہ اگر ہم اسے پانچ پونڈ پر ایکسپورٹ کرتے ہیں تو اس پر چار پونڈ زرمبادلہ صرف کر دیتے ہیں۔ ہمارے ملک میں فوجی سامان بنانے کا ایک کارخانہ ہے جس کو واہ آرڈیننس فیکٹری کہتے ہیں ۔ جب آپ اس کارخانے پر غور کریں تو اپنے ذہن کے پس منظر میں اسبات کو رکھیں کہ ہمارا پڑوسی ملک ہندوستان جس سے ہم کو اس قدر خطرہ ہے اور یہ خطرہ موہوم نہیں ہے بلکہ حقیقت بن کر ہمارے سامنے آ چکا ہے کہ اس ملک میں فوجی سامان بنانے کے بیسیوں کارخانے ہیں ۔ کاشی پور میں کرکی میں ، بنگلور میں ، جبلپور میں پتہ نہیں کتنی وہاں فوجی سامان بنانے کی فیکٹریاں ہیں اور اس کے مقابلے میں ابھی تک ہمارے یہاں صرف ایک کارخانہ ہے اور اس پاکستان واہ آرڈیننس فیکٹری میں فوجی سامان بنتا ہے اور اس کا بھی یہ حال ہے کہ ٹینک بندوق اور گولے تو درکنار ایک معمولی چیز sporting ammunition یعنی بٹیر کا شکار کرنے کے کارتوس پرندے مارنے کا کارتوس چھوڑئیے وہ بھی یہاں assemble ہوتا ہے اور اس کے اجزا باہر سے منگائے جاتے ہیں اور اس کارخانے میں ان کو یکجا کرکے کارتوس بنتا ہے اور پھر یہ دعویٰ کرنا کہ ہمارے ملک میں اسلحہ بنتا ہے ۔ ملک کے دفاع کا سازوسامان بنتا ہے ۔ ہم دوسرے ملکوں سے اور دشمن ملک سے مقابلہ کے لئے تیاری کر رہے ہیں تو میں نہیں سمجھتا کہ کوئی حکومت کس منہ سے یہ دعویٰ کر سکتی ہے ۔

جناب والا ۔ سمجھنے کی بات یہ ہے کہ اتنی بڑی بنیادی صنعت جس کے اوپر ملک کا وقار اور بقا منحصر ہے ۔ اس پر ابھی تک توجہ نہیں دی گئی ۔

وزیر خوراک ۔ حضور والا ۔ یہ سٹیل مل پر گفتگو کر رہے ہیں یا ڈیفنس پالیسی criticise کر رہے ہیں ۔ میرا مطلب یہ ہے کہ اس قسم کی باتوں سے کس کو فائدہ پہنچے گا ؟

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میں سٹیل مل پر گفتگو کر رہا ہوں ۔ کیوں کہ سٹیل مل نہ ہونے کی وجہ سے جو ایک بنیادی صنعت ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر خوراک ۔ آپ جن چیزوں کے متعلق فرما رہے ہیں اس سے دشمن کے گھروں میں خوشی اور قوم میں مایوسی پیدا ہو گی اور یہ سب آپ بلاوجہ پیدا کرنا چاہتے ہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ دنیا جانتی ہے ۔ دنیا نے دیکھ لیا ہے ۔

وزیر خوراک ۔ دنیا جانتی ہے اور دنیا نے ہمیں دیکھ لیا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ دنیا نے دیکھ لیا کہ ہم کیسا لڑے ۔

وزیر خوراک - آپ زبان سے ضرور لڑے تھے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ سٹیل مل قائم نہ ہونے کی وجہ سے ہماری اس بنیادی صنعت - - -

وزیر خوراک - مولانا صاحب میں آپ کو یہ بتاؤں کہ اگر کارتوس ہم نہیں بنا سکتے تو کیا یہ آپ کے ملک کے مفاد میں ہے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - میں یہ عرض کر رہا تھا آخر اس کی کیا وجہ ہے -

مخدوم شمس الدین گیلانی - پوائنٹ آف آرڈر - میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ جو کہتے ہیں کہ بٹیر مارنے کا کارتوس نہیں بنا سکتے تو انہوں نے دیکھ لیا کہ ہم نے دشمن کے ٹینکوں کے کس طرح منہ پھیر دئے تھے - اور یہ سب ہمارے فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کی وجہ سے ہوا ہے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - آخر سوچنے کی بات یہ ہے کہ اس بنیادی صنعت پر اس سے پہلے ساری حکومتیں اور موجودہ حکومت نے کوئی توجہ نہیں کی - اور آخر جب ہم یہاں سمجھتے ہیں کہ سب اس ملک کے خیر خواہ ہیں - - -

وزیر اطلاعات - خیر یہ بات آپ نے مانی تو کہ ہم خیر خواہ ہیں -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جی ہاں سب خیر خواہ ہیں میں کسی کو غدار نہیں کہنا چاہتا - وہ پہلے حکمران ہوں یا موجودہ یہ سب ملک کے خیر خواہ ہیں - ملک سے غداری کسی نے نہیں کی - لیکن اس صنعت کی اہمیت کو کسی نے نہ سمجھا اور اس کو اس درجہ اہمیت نہیں دی گئی کہ یہ بنیادی مسئلہ حل ہو جاتا -

چودھری انور عزیز - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - سابقہ حکومتوں سے زیادہ اس موجودہ حکومت نے سٹیل مل میں interest ظاہر کیا ہے اور پوری کوشش کی ہے - اگر آپ ماضی دیکھنا چاہتے ہیں تو جماعت اسلامی کا بھی ماضی دیکھئے -

Mr. Deputy Speaker : This is no point of order, and it is ruled out of order. The Member can say these things in his speech if he so desires.

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ حکومت کے سربراہ خواہ ماضی کے ہوں یا موجودہ ملک کی ذمہ داری ان کے سر ہو اور اس امر کی ذمہ داری ملک کے بہی خواہوں پر ہے کہ وہ دیکھیں کہ انہیں اس کی اہمیت سمجھنے میں کون سی چیز اب تک مانع رہی ہے - یہ اصل مسئلہ غور کرنے کا ہے - جناب والا - تو اس سلسلے میں میں عرض کرنا چاہتا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ تمام مشکلات کی وجہ یہ ہے کہ ہمارے ملک کو دفاعی حیثیت سے خود کفیل بنانے میں امریکہ کے مفادات کو ٹھیس پہنچتی ہے - یہ چیز اس کے مفادات کے خلاف ہے - امریکہ یہ نہیں چاہتا کہ ہمارا ملک غذائی حیثیت سے یا

دفاعی حیثیت سے خود کفیل ہو سکے ۔

Mr. Deputy Speaker : The Member is not relevant.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں جناب والا وجہ بتا رہا ہوں کہ یہاں کیوں سٹیل مل کی ضرورت ہے ۔ میں اس کی وجہ بتا رہا ہوں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ ریزولیوشن یہ ہے کہ سفارش کی جاتی ہے کہ یہاں پر سٹیل مل لگائی جائے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ اسی پر تو میں بالتفصیل گفتگو کرنا چاہتا ہوں کہ اب تک یہ مل کیوں نہیں لگائی گئی ۔ اس کے وجوہات کیا ہیں اور ان پر کس طرح قابو پایا جا سکتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ میں بالکل relevant ہوں اور اگر آپ اجازت دیں تو عرض کروں گا ۔ کہ میری حقیر رائے میں اس سارے مسئلے کی وجہ محض یہ ہے کہ امریکہ ہمارے ملک کو دفاعی لحاظ سے خود کفیل نہیں دیکھنا چاہتا کیونکہ یہ چیز اس کے مفاد کے خلاف ہے ۔ ہم امریکہ کے پاس کاسئہ گدائی لے کر جاتے رہے ہیں اور اب چونکہ حالات مختلف ہیں اس لئے ہمیں وہ مدد نہ مل سکی جو ہم حاصل کرنا چاہتے تھے ۔

وزیر خوراک و زراعت ۔ ہم کاسئہ گدائی لے کر نہیں جاتے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ آپ جاتے ہیں ۔ ہم جاتے ہیں ۔ ہم سے مطلب ہماری قوم ہے ۔ اور جب آپ جاتے ہیں تو آپ کا سر جھکتا

ہے اور آپ کے ساتھ ہمارا سر بھی جھک جاتا ہے ۔ آپ اس ملک کے حاکم ہیں ۔ ہم اس ملک کے شہری ہیں ۔

Minister of Finance (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) : Why do you create rift between our foreign relations ?

Mr. Deputy Speaker : Come to the point.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میں عرض کر رہا تھا اور ایک مثال سے میں واضح کرنا چاہتا ہوں کہ امریکہ جس چیز کو اپنے مفاد کے خلاف سمجھتا ہے اس سلسلے میں اس کا کیا رویہ ہوتا ہے ۔

Mr. Deputy Speaker : Mr. Mahmood Azam may please try to finish.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ ابھی تو مجھے بہت سی باتیں کرنی ہیں ۔ تو میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ یہ لوگ چاہتے ہیں کہ اصل بات سامنے نہ آئے ۔ یہ گھبراتے ہیں ۔ خیر تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس مسئلے میں ساری بنیاد امریکہ کا عدم تعاون ہے اور ہم نے اس بات کی کبھی کوشش نہیں کی کہ ہم اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کی کوشش کریں ۔ اگر امریکہ ہمیں مدد نہیں دیتا تو نہ دے ۔ ہمارے جو اپنے مسائل ہیں ہمیں انہیں خود حل کرنے کی کوشش کرنی چاہئے ۔ اور جو ہمارا زرمبادلہ ہے اسے conserve کرنا چاہئے ۔ لیکن ہم اسے غیر ضروری طور پر صرف کرتے ہیں ۔ ہمیں اس کو بچانے کی کوشش کرنی چاہئے تھی اور ہمیں یہ چاہئے تھا کہ اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کی کوشش کرتے ۔

اگر کوشش کی ہوتی تو کوئی وجہ نہ تھی کہ ہم آج تک یہ بنیادی صنعت قائم نہ کر سکے ہوتے ۔ ابھی وقت ہے ۔ صوبائی حکومت کی طرف سے ہم اگر مرکزی حکومت کو متوجہ کریں کہ تم اپنے پچھلے سیاہ اعمال نامے پر نظر ڈالو اور اگر ان کی سمجھ میں ہمارا یہ مشورہ آئے اور وہ توجہ کریں . . . .

وزیر خزانہ ۔ جو بات کی خدا کی قسم لاجواب کی ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ اس بنیادی صنعت کا ملک میں ہونا دفاعی نقطہ نظر سے اشد ضروری ہے ۔ اس لئے سٹیل مل لگائیے ۔ باتیں تو بہت کرنی تھیں لیکن آپ اس کی اجازت نہیں دیتے ۔

بابو محمد رفیق (لوراللائی سبی) ۔ جناب سپیکر ۔ میں اپنے دوست نواز صاحب کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ وہ ایسا اہم مسئلہ جو ملک کے دفاع سے تعلق رکھتا ہے اس ایوان میں لائے ہیں جس پر عوام کے نمائندے بھی اپنی رائے کا اظہار کر سکیں اور حکومت کی توجہ اس معاملے کی طرف مبذول کرا سکیں ۔ جہاں تک اس مسئلے کا تعلق ہے ۔ اس میں دو رائیں نہیں ہو سکتیں ۔ یہ مسئلہ ہماری صنعت اور ہمارے دفاع کے لئے ایک اہم مسئلہ ہے ۔ میں اس بات سے متفق ہوں کہ امریکہ اور دیگر ممالک جو ہیں وہ یہ چاہتے ہیں کہ ہم ہمیشہ ان کے دست نگر رہیں اور وہ اس مسئلے کو الجھانے کی کوشش کریں اور ہمیشہ ہمارے لئے مشکلات پیدا ہوں تاکہ ہم یہ سٹیل مل اپنے ملک میں نہ لگا سکیں ۔ وقت کا تقاضا اور حالات ایسے ہیں کہ ہم اپنے ملک کی طرف دیکھتے ہیں اور میں اس معزز ایوان

اور آپ کے توسط سے حکومت کی توجہ اس طرف دلانی چاہتا ہوں کہ اس مسئلے کو top priority دے کر اگر ہمیں کسی ملک سے مدد بھی مل سکے تو ہم سٹیل مل لگانے کی کوشش کریں اور اس لئے میں اس ریزولیوشن کی تائید کرتا ہوں ۔

وزیر خوراک و زراعت (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ میرا اصول ہے کہ میں کسی شخص کے متعلق غیر ضروری طور پر کسی رائے کا اظہار نہیں کرنا چاہتا لیکن آج مجھے دکھ پہنچا کہ فاروقی صاحب نے سیدھے سادھے مسئلے کو الجھانے کی کوشش کی اور گیلری سے انہوں نے خراج تحسین حاصل کرنے کی ایک ناکام کوشش کی ۔ میرے خیال میں مسئلہ سیدھا سادھا سا ہے اور یہ چیز حکومت قبول کر چکی ہے کہ سٹیل مل کا لگنا ضروری ہے اور اس کے لگانے کے لئے حکومت مغربی پاکستان اور یہ اسمبلی سنٹرل گورنمنٹ کو متوجہ کرے کہ اس کو جلد از جلد لگایا جائے ۔ انہیں کبھی ڈیفنس کی بات کرنی پڑی کہیں انہیں بٹیر کی بات یاد آئی اور مجھے بے حد افسوس ہے کہ ایسے ذمہ دار شخص نے ایسی غیر ذمہ دار بات کرنے کی کوشش کی ۔ بہر حال مجھے اس ریزولیوشن پر زیادہ نہیں بولنا چاہئے کیوں کہ میں اس چیز کی حکومت کی طرف سے تائید کرتا ہوں اور اس ایوان میں جتنی تجاویز پیش ہوئی ہیں ان پر بڑی ہمدردی سے فی‌الفور غور کیا جائے

گا اور حکومت پاکستان نے اس کے متعلق مسلسل کوشش جاری کر رکھی ہے اور یہ مسئلہ اتنا سیدھا سادھا اور آسان نہیں ۔ اس میں کافی پیچیدگیاں پیدا ہوتی ہیں ۔ یہ بنیادی قسم کا مسئلہ ہے ۔ جہاں تک سٹیل مل کے لگانے کا تعلق ہے تو یہ انشا اللہ پاکستان میں جلدی لگے گی ۔ ممکن ہے کہ مغربی پاکستان میں کہیں لگ جائے اور یہ سہرا بھی ہماری حکومت کے سر ہوگا کہ سٹیل مل ہم نے لگائی اور انشا اللہ ان کے جو خدشات ہیں وہ درست نہیں ثابت ہوں گے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں حکومت کی طرف سے اس تجویز کی تائید کرتا ہوں ۔

Mr. Deputy Speaker : The question is—

That this Assembly is of the opinion that immediate steps should be taken to install a Steel Mill in the Province of West Pakistan.

The motion was carried.

Mr. Deputy Speaker : I will take up next Resolution given notice of by Shaikh Fazal Hussain. The mover is not present and the resolution lapses.

Next Resolution is by Chaudhri Muhammad Sarwar Khan and, I think, he is also not present.

Malik Meraj Khalid : I was authorised by him to move this Resolution.

رانا پھول محمد خان ۔ جناب سپیکر ۔ یہ بڑا اہم مسئلہ ہے ۔ آپ اس کی اجازت دے دیں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیں میں اس پر پہلے رولنگ دے دوں ۔

Rule 81 of the Rules of Procedure says—

"The Member may, with the permission of the Speaker authorise, in writing, any other Member to move the resolution on his behalf and the Member so authorised may move accordingly."

I don't think Malik Meraj Khalid has any authority in writing.

Malik Meraj Khalid : No, Sir.

Mr. Deputy Speaker : Therefore, I am sorry I cannot allow the Member to move the Resolution. The authority has to be in writing.

Next Resolution from Malik Muhammad Akhtar. He is not present nor has he authorised anybody. Hence it lapses.

Now there is no business left on the order paper. The House is therefore, adjourned to meet on Monday the 29th May, 1967, at 8.00 a.m.

The Assembly then adjourned (at 12.21 p.m.) till 8.00 a.m. on Monday, the 29th May, 1967

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FIFTH SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Saturday, the 29th May, 1967.
دو شنبہ - ۱۸ صفر المظفر ۱۳۸۷ھ

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِنَّ الَّذِيْنَ يُحَادُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَقَدْ
أَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُهُمْ
بِمَا عَمِلُوْا ۭ اَحْصٰىهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ
يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ
وَلَا خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَآ اَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ
اَيْنَ مَا كَانُوْا ۚ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ
اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝

(پ ۲۸ - س ۵۸ - رکوع ۱ و ۲ - آیات ۵ تا ۷)

جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں وہ اسطرح ذلیل کئے جائینگے جس طرح ان سے پہلے لوگ ذلیل کئے گئے تھے - اور ہم نے صاف اور صریح آیتیں نازل کردی ہیں - اور کافروں کے لئے ذلت کا عذاب ہوگا -

جس دن اللہ ان سب کو جلا اٹھائے گا تو جو وہ کام کرتے رہے تھے ان کو جتلائے گا - اللہ کو وہ سب کام یاد ہیں اور یہ ان کو بھول گئے ہیں - اور اللہ ہر چیز سے واقف ہے -

کیا تمکو معلوم نہیں کہ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اللہ کو سب معلوم ہے - کسی جگہ تین شخصوں میں سرگوشی نہیں ہوتی مگر ان میں چوتھا وہ ہوتا ہے اور نہ کہیں پانچ میں (سرگوشی ہوتی ہے) تو ان میں چھٹا وہ ہوتا ہے - اور نہ اس سے کم زیادہ مگر وہ (اللہ) ان کے ساتھ ہوتا ہے خواہ وہ کہیں ہوں پھر جو کام یا کرتے ہیں قیامت کے دن وہ (ایک ایک کرکے) انکو بتلائے گا - بلاشبہ اللہ ہر چیز سے خبردار ہے - وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : Now the Question Hour. Mian Nazeer Ahmad.

AMOUNT SURRENDERED BY DIFFERENT DEPARTMENTS IN THE PROVINCE.

*3748. **Mian Nazeer Ahmad :** Will the Minister of Finance be pleased to state the amount surrendered by different departments in the Province during the years 1964-65 and 1965-66 out of the budget allocations for development schemes pertaining to their departments alongwith reasons for surrenders and in case any Officer or Officers were found responsible for non-utilization of any amount so surrendered action taken against them ?

Minister of Finance (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) : It will not be in the public interest to disclose the information and it is accordingly privileged.

مسٹر سپیکر ۔ میاں صاحب ! کیا آپ کو یہ revised answer مل چکا ہے ۔

میاں نذیر احمد ۔ نہیں جناب مجھے نہیں ملا ہے ۔

Mr. Speaker : May I know from Mr. Kirmani as to where the revised answer could have gone ?

Minister of Finance : I think the Member must have received it.

مسٹر سپیکر ۔ سوالات کی کتاب میں تو کچھ اور چھپا ہوا تھا ۔

Minister of Finance : This was supplied to the Secretariat, I hope Sir.

Mr. Speaker : I think it has not been supplied to the Secretariat.

Anyhow, if the answer is revised, the Minister should supply the revised answer to the Assembly Secretariat to be placed on the Table of the Member as well as on the Table of the House.

Minister of Finance : Alright Sir.

PROMOTION OF HAJI ABDUL REHMAN, ASSISTANT INFORMATION OFFICER AS ASSISTANT DIRECTOR, HYDERABAD

*4075 **Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister of Information be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Haji Abdul Rehman, Assistant Information Officer has recently been promoted as Assistant Director, Hyderabad, by superseding a number of Information Officers ;

(*b*) whether it is a fact that the said Haji Abdul Rehman is under-Matric ; if so, whether he was eligible for his promotion under the Recruitment Rules ;

(*c*) whether it is a fact that departmental inquiries have been initiated against the Information Officers senior to Haji Abdul Rehman who have been superseded by him ;

(*d*) if answer to (*c*) above be in the affirmative, (*i*) the names of Officers who have been superseded ; (*ii*) their educational qualification ; (*iii*) charges against them for which departmental inquiries have been initiated ; and (*iv*) the result of the inquiries ?

Minister of Information (Mr. Ahmad Saeed Kirmani) : (*a*) No. Haji Abdul Rehman was Information Officer and not Assistant Information Officer at the time of his promotion as officiating Assistant Director of Information and that he has not been recently promoted as Assistant Director of Information but was promoted as Assistant Director of Information in December, 1963. He was promoted purely on temporary

basis and without prejudice to the claims of Officers senior to him. His promotion was justified, because one of his seniors had declined to go on promotion outside Lahore; two were on deputation with the Central Government, one had resigned, one was on long extraordinary leave *ex*-Pakistan and three were not considered fit for promotion on the basis of their unsatisfactory service record. Out of the last three Officers, two have already been promoted as Assistant Directors of Information.

(*b*) Yes. He was eligible for promotion as Assistant Director of Information under the Recruitment Rules.

(*c*) No.

(*d*) Question does not arise.

USE OF GOVERNMENT VEHICLE DURING PUBLICITY CONFERENCE HELD AT HYDERABAD ON 12TH AUGUST 1966

*4076. **Chaudhri Muhammad Nawaz**: Will the Minister of Information be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a Publicity Conference was held by the Information Department at Hyderabad on 12th August 1966; if so, the necessity of holding the said Conference at Hyderabad on the said date alongwith the names of the Officers/officials who participated in the said Conference;

(*b*) whether Government Vehicles, Cars and Staff Cars were used by the Officers/officials who participated in the said Conference;

(*c*) the amount of T.A. and D.A. drawn by the Officers and official, mentioned in (*b*) above for attending the said Conference;

(*d*) whether any staff car was sent from Lahore to Hyderabad for use during the said Conference; if so, the period for which the said car remained in Hyderabad and the mileage covered by it during the said period?

Minister of Information (Mr. Ahmed Saeed Kirmani): (*a*) Yes.

The Conference was held to review the activities of the Information Department. The officers who attended the Conference are as follows :—

(1) Mr. Amir Yusuf Ali Khan, C.S.P., Deputy Secretary/Joint Secretary, Information.

(2) Mr. N. C. Abbasi, Accounts and Budget Officer, Information Department.

(3) Mr. Jameel-uz-Zaman, Director, Press Information, Lahore.

(4) Mr. F.H. Shaida, Director of Information, Multan.

(5) Mr. Ismail S. Khoja, Director of Information, Karachi.

(6) Agha Shaukat Ali, Director, Press Cell, Lahore.

(7) Mr. Ali Ahmed K. Brohi, Director of Information, Hyderabad.

(8) Mr. S. Hafiz-ur-Rehman, Director of Information, Peshawar.

(9) Syed Bashir Hussain, Director of Information, Quetta.

(10) Mr. Hameed Ali Beg, Director of Protocol, Lahore.

(11) Mr. Ishtiaq Hussain Azhar, Assistant Director of Information, Sargodha.

(12) Mr. H. M. Attar, Assistant Director of Information, Khairpur.

(13) Mr. Ali Mazhar Rizvi, Assistant Director, Press Cell, Lahore.

(14) Mr. I.A. Mazhar, Assistant Director of Information, D.I. Khan.

(15) Haji Abdur Rehman, Assistant Director of Information, Hyderabad.

(16) Mr. N.A. Mangi, Assistant Director of Information, Rawalpindi.

(17) Mr. S. Mansoor Ali Aquil, Assistant Director of Information, Bahawalpur.

(*b*) One Skoda Car No. LED 9243 which had been despatched to Karachi was halted et Hyderabad for use of the officers who participated in the Directors' Conference held at Hyderabad on 12th August, 1966.

(*c*) Rs. 5,636·69 (Rupees five thousand six hundred and thirty-six, paisa sixty-nine only).

(*d*) No staff car was sent from Lahore to Hyderabad specially for use in the said Conference.

چودھری محمد نواز۔ کیا وزیر موصوف یہ فرمائیں گے کہ کیا ان ہی تاریخوں میں سابق انفارمیشن منسٹر کے لڑکے کی شادی نہیں ہوئی تھی اور یہ کانفرنس محض اس لیے وہاں کی گئی تھی کہ افسروں کو اس میں شرکت کرنا تھی اور ان کو شرکت کرنے کے لیے بلایا گیا تھا؟

Minister of Finance : I don't know because I was not invited to the marriage of the ex-Minister of Information's son.

مسٹر حمزہ۔ کیا وزیر اطلاعات کو اس قسم کی کوئی اطلاع ہے کہ یہ کانفرنس جس کے بارے میں کہا گیا ہے کہ

"The Conference was held to review the activities of the Information Department."

محض سابقہ وزیر اطلاعات کے صاحبزادے کی شادی کی تیاری کے سلسلے میں کی گئی تھی کیا آپ کو اس کے بارے میں کوئی اطلاع ہے؟

Minister of Finance : I have no personal knowledge about it.

قاضی محمد اعظم عباسی۔ کیا وزیر موصوف یہ بتا سکیں گے کہ یہ کانفرنس لاہور میں نہیں ہو سکتی تھی؟

Minister of Finance : We ordinarily encourage the holding of such Conference in different parts of the province.

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ کیا وزیر صاحب یہ بتا سکیں گے کہ کیا ایسی کانفرنس کسی اور جگہ اس سے پہلے یا اس کے بعد ہوئی تھی ؟

Minister of Finance : One of this type—not of such a magnitude but of lesser importance—was held recently in Karachi.

چودھری محمد نواز ۔ کیا وزیر صاحب یہ فرمائیں گے کہ اس کانفرنس کے سلسلے میں جو آپ نے لسٹ دی ہے اس کے مطابق جو لوگ اس میں شامل تھے ان میں حامد علی بیگ Protocol آفیسر کا شرکت کرنے کے لیے کیا کام تھا ؟

Minister of Finance : He is one of the Directors and an officer of the Information Department, and as such he was there in that capacity.

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ کیا وزیر موصوف یہ بتا سکیں گے کہ یہ کانفرنس جس میں یہ لوگ شامل ہوئے تھے وہ کس نوعیت کی تھی ؟

Minister of Finance : For that of course I require a fresh notice because that question does not arise out of this question.

چودھری محمد نواز۔ کیا وزیر موصوف یہ فرمائیں گے کہ اس کانفرنس میں شرکت کے لیے حامد علی بیگ Protocol آفیسر مجرے کے لیے رات کو طوائفوں کو ——————

Mr. Speaker : Disallowed.

GOVERNMENT SERVANTS HOLDING PERMITS FOR THE USE OF LIQUOR

*4176. **Chaudhri Muhammad Idrees** : Will the Minister of Excise and Taxation please refer to answer to my Starred Question No. 1714 given on the floor of the House on 1st January 1966, and state :—

(*a*) the names of Class I Government Officers holding liquor permits alongwith their religion, age and the post held by them as on 30th September 1966 ;

(*b*) the number of Class II, Class III and Class IV Government officials holding permits for the use of liquor as on 30th June 1966 ?

Minister of Finance (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) : It will not be in the public interest to disclose the information and it is accordingly privileged.

چودھری محمد ادریس ۔ اس لسٹ میں جن لوگوں کو پرمٹ دینے کے لیے بتایا گیا ہے کیا ان کے جملہ کاغذات confidential نوعیت کے ہیں ؟

Minister of Finance : This question does not arise from it and I require a fresh notice for it.

چودھری محمد نواز ۔ کیا وزیر صاحب یہ فرمائیں گے کہ کیا ان کے محکمہ نے اسمبلی سیکریٹریٹ کو یہ بار بار نہیں لکھا کہ آپ کسی طرح اس سوال کو لسٹ میں سے نکلوا دیں ؟

Mr. Speaker : Chaudhri Sahib should know that the Minister is well within his right to say 'It is not in public interest to disclose the information.'.

بابو محمد رفیق ۔ جناب والا ۔ ہمیں جو جواب دیا گیا تھا وہ یہ تھا :—

"The labour and time involved in collecting the information will not be commensurate with the results because information will have to be collected from individual officers."

جواب آنہوں نے لکھ کر کچھ اور دیا ہے ۔ زبانی کچھ اور کہہ رہے ہیں

Mr. Speaker : I think that is a revised answer and the latest answer.

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر آب نوشی (کیونکہ آپ تو شراب کو آب سمجھتے ہیں) مجھے یہ بتائیں گے کہ ان کے وزیر شراب نوشی بننے کے بعد اس محکمہ میں انقلابی یا آپ کی حکومت میں انقلابی تبدیلیوں کی توقع تھی لیکن آپ نے ہمیں اس سلسلے میں کیوں اتنا مایوس کیا ہے ؟

Minister of Finance : In the first place, this question does not arise and it requires fresh notice. In the second place, out of sheer courtesy I would say that the Prohibition Act of the Punjab has been extended to Quetta, Kalat, Hyderabad and Khairpur Division during the tenure of my office. There is, therefore, an improvement.

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ وزیر آب کاری نے فرمایا ہے کہ یہ مفاد عامہ کے منافی ہے تو میں وزیر آب کاری سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا اس جواب سے ان کا ضمیر مطمئن ہے ؟

Mr. Speaker : I hope so.

SERVING LIQUOR IN CLUBS AND BARS

*4178. **Chaudhri Muhammad Idrees** : Will the Minister of Excise and Taxation please refer to answer to my starred question No. 1660 given on the floor of the House on 1st June 1966 and state :—

(*a*) the quantity of liquor served by each Club, Hotel and Bar from Ist February 1966 to 30th June 1966 alongwith value thereof ;

(*b*) the number of members of each of the said Clubs and the quota of liquor sanctioned for the members of each Club ?

Minister of Excise and Taxation (Mr. Ahmad Saeed Kirmani): A statement is placed on the Table.*

HIRING TAXIS FOR FOREIGN DIGNITARIES

*4237. **Chaudhri Muhammad Nawaz**: Will the Minister of Information be pleased to state the number of Taxis hired by the Information Department during the years 1963-64, 1964-65 and 1965-66 for the use of foreign dignitaries in Lahore alongwith the amount paid to the said Taxi owners and their names ?

Minister of Information ((Mr. Ahmad Saeed Kirmani) : The number of taxis and the payment made by Provincial Government for taxis used by foreign dignitaries who were treated as Provincial Guests during the years 1963-64, 1964-65 and 1965-66 are enclosed.

Name of Foreign Dignitary	Number of taxis hired	Amount paid	Name of person, firm who supplied taxi to whom payment was made
1	2	3	4
1963-64		Rs.	
1. H. E. Mr. Habib Bourghiba, Special Envoy of Tunisia.	1	249.60	Mian Muhammad Rafique, Pak Taxi Service, Railway Station, Lahore.
2. Rhodesian Chief ...	2	133.40	Ditto Ditto.
1964-65			
3. H. R. H. Prince Karim Agha Khan.	1	154.50	Muhammad Sharif, Railway Taxi Stand, Lahore.
4. World Bank Economic Mission.	3	1,522.3	Muhammad Rafique, Pak Taxi Service, Railway Station Lahore.
1965-66			
Nil.			

*Please see Appendix I at the end.

SECOND FIVE YEAR PLAN'S OUTLAY FOR QUETTA DIVISION

*4348. **Babu Muhammad Rafiq** : Will the Minister of Finance be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the total Second Five Year Plan's Outlay for Quetta Division was Rs. 17 crore 95 lac for various schemes ;

(*b*) the total amount out of that mentioned in (*a*) above utilized for the purpose ;

(*c*) whether it is a fact that huge amount was surrendered out of the amount referred to in (*a*) above ;

(*d*) if answer to (*c*) above be in the affirmative, reasons for not utilizing the entire amount ?

Minister of Finance (Mr. Ahmad Saeed Kirmani) : (*a*) The total allocation during the Second Plan to Quetta Division was Rs. 17·17 crore for various schemes.

(*b*) The amount utilized was Rs. 10.57 crore during the Second Plan.

(*c*) According to (*a*) and (*b*) above the shortfall works out to be 38·5 per cent.

(*d*) The shortfall is due to the various administrative, financial, economic and miscellaneous reasons. Efforts are being made to reduce the shortfall as far as possible.

بابو محمد رفیق — کیا وزیر خزانہ صاحب یہ بتائیں گے کہ یہ جو اتنا روپیہ پسماندہ علاقوں کے لیے منظور کیا جاتا ہے تو کیا یہ تمام آپ ان پر خرچ کر رہے ہیں ؟

وزیر خزانہ — میں نے عرض کیا ہے کہ کئی قسم کے وجوہات ہوتے ہیں یعنی انتظامیہ ۔ مالی اور اقتصادی جن کی بنا پر shortfall ہو گیا

ورنہ گورنمنٹ نے اپنی طرف سے رقوم allocate کر دی تھیں ۔ ہمیں امید ہے کہ اس سال کے اختتام پر عمل درآمد ہو جائے گا اور مطلوبہ رقوم پوری کی پوری خرچ ہو جائیں گی ۔

چودھری محمد ادریس — جو لوگ شیڈول کے مطابق کام نہیں کرتے کیا آپ ان سے محاسبہ نہیں کرتے ؟

وزیر خزانہ — اکاؤنٹ کمیٹی کے جو ممبران ہیں وہ اس کا جائزہ لیتے ہیں اور جو سفارشات صوبائی حکومت کی ہوتی ہیں اس پر عمل اور کارروائی ہوتی ہے ۔

BUDGETARY ALLOCATION FOR ON-GOING AND NEW SCHEMES IN QUETTA AND KALAT DIVISION

*4349. **Babu Muhammad Rafiq** : Will the Minister of Finance be pleased to state :—

(*a*) the total budgetary allocation during the years 1965-66 and 1966-67 for on-going and new schemes in Quetta and Kalat Division ;

(*b*) the actual expenditure incurred on the said schemes during the years 1965-66 and 1966-67 up to 31st October, 1966 in the said Division ;

(*c*) in case there was any excess or surrender/saving during 1965-66, reasons therefor ?

Minister of Finance (Mr. Ahmad Saeed Kirmani) : Complete information has not yet been received from various departments.

بابو محمد رفیق ۔ یہ کب تک ہو جائے گی ؟

Minister of Finance : As a matter of fact, I told them, the other day, that they should put in their best efforts to collect the necessary data from various Departments.

Mr. Speaker : This question would be repeated on the next turn.

TOTAL INCOME UNDER ALL RECEIPT-HEADS IN QUETTA AND KALAT DIVISION

*4352. **Babu Muhammad Rafiq** : Will the Minister of Finance be pleased to state the year-wise and district-wise total income under all receipt heads in Quetta and Kalat Division for the period from 1st July, 1963 to 31st October, 1966 ?

Minister of Finance (Mr. Ahmad Saeed Kirmani) : This information will be supplied as soon as it has been collected from various Departments in Quetta and Kalat Divisions.

---

*۴۸۵۲ ۔ مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ کیا وزیر آبکاری و محصولات از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ :۔

(الف) آیا یہ حکومت کی پالیسی ہے کہ ملازمین کو انکے اپنے علاقوں میں متعین نہ کیا جائے ۔

(ب) اگر جزو (الف) بالا کا جواب اثبات میں ہو تو آیا یہ امر واقعہ ہے کہ فیاض احمد سب انسپکٹر محکمہ آبکاری و محصولات کو اسکے اپنے علاقہ لیاقت آباد کالونی کراچی میں متعین کیا گیا ہے ۔

(ج) اگر جزو (ب) بالا کا جواب اثبات میں ہو تو اس کی وجوہ کیا ہیں ؟

وزیر آبکاری و محصولات (مسٹر احمد سعید کرمانی) : (الف) گورنمنٹ کی پالیسی کے مطابق نان گزیٹڈ سرکاری ملازمین اپنے آبائی اضلاع میں تعینات کیے جا سکتے ہیں -

(ب) مسٹر فیاض احمد ایکسائز و ٹیکسیشن سب انسپکٹر کو پہلے ہی لیاقت آباد کالونی سے تبدیل کر دیا گیا ہے -

(ج) سوال پیدا نہیں ہوتا -

PUBLICATION OF OBJECTIONABLE MATTER IN MONTHLY "MANSHOOR" KARACHI

*4857. **Mr. Mahmood Azam Farooqi** : Will the Minister of Information be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the monthly "Manshoor" Karachi, is published by the Airways Employees' Union, P.I.A. Branch Karachi, under Registration No. S-2575 ;

(*b*) whether it is a fact that the issue of the said magazine for the month of May, 1966 contains on its page 52 words and sentences which are sacrilegious and which tend to hurt the religious feelings of the Muslims ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, action Government intend to take against the Editor, Printer and Publishers of the monthly "Manshoor" Karachi ?

Minister of Information (Mr. Ahmad Saeed Kirmani) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) The question of taking suitable action against the Printer and the Publisher of magazine 'Manshoor' Karachi has been taken up with the Provincial Law Department and decision will be taken as soon as the legal advice in the matter is received.

---

*۴۸۶۹ ۔ مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ کیا وزیر آبکاری و محصولات از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ :۔

(الف) کراچی میں متعینہ محکمہ محصولات و آبکاری کے ایسے انسپکٹروں سب انسپکٹروں سینئر اور جونیر کلرکوں کی تعداد کیا ہے جو اس یونٹ کے باشندے ہیں ۔

(ب) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ مذکورہ ملازمین کی کراچی میں تعیناتی محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کے مراسلہ نمبر ایس ۔ او ۱۲ ۔ (ایس اینڈ جی اے ڈی) ۔ ۳—۱۴-۶۲ مورخہ ۸ نومبر ۱۹۶۲ء اور ۳۰ اکتوبر ۱۹۶۳ء میں مندرج حکومت کی پالیسی کے خلاف ہے ۔

(ج) اگر جزو (ب) بالا کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت کی پالیسی کی خلاف ورزی کرنے کی وجوہ کیا ہیں اور اس صورت حال کی اصلاح کے لیے کیا اقدام کیے گئے ہیں یا کرنے کا ارادہ ہے ؟

وزیر آبکاری و محصولات (مسٹر احمد سعید کرمانی) : (الف)

دوسرے علاقوں کے مندرجہ ذیل اہلکار کراچی میں کام کر رہے ہیں ۔

(i) ایکسائز و ٹیکسیشن انسپکٹرز : ۱۳

(ii) سب انسپکٹرز : ۲

(iii) جونیر و سینیر کلرک : کوئی نہیں ۔

(ب و ج) انیون کے محکمہ میں آسامیاں ختم ہو جانے کی وجہ سے چھانٹی کیے گئے دو انسپکٹر اور ایک فیکٹری اسسٹنٹ کو کراچی میں بطور انسپکٹر لگایا گیا ہے ۔ اس محکمہ کے چھانٹی کیے گئے دو سب انسپکٹروں کو بھی کراچی میں تعینات کیا گیا ہے ۔ ۱۹۶۲ء میں کراچی کا موٹر رجسٹریشن پراپرٹی ٹیکس کا کام محکمہ ایکسائز و ٹیکسیشن کراچی کے سپرد کیا گیا ۱۹۶۳ء میں کراچی میں پراپرٹی ٹیکس کا کام شروع کرنے کے لیے تربیت یافتہ سٹاف کی ضرورت تھی ۔ جو کہ اس وقت کراچی میں نہیں تھا ۔ لہذا دوسرے علاقوں کے مناسب اور تجربہ کار عملے کو کراچی میں لگایا گیا ۔ ان انسپکٹروں نے کراچی کے سکونتی سرٹیفیکیٹ حاصل کر لیے ہیں ۔ اس لیے پیراگراف نمبر ۲ چھٹی S.O. XII (S & GAD) 3-14/62 مورخہ ۳۰ اکتوبر ۱۹۶۳ء کی رو سے یہ سٹاف کراچی سے نکالا نہیں جا سکتا ۔

*۴۹۵۵ ۔ حاجی سردار عطا محمد ۔ کیا وزیر اطلاعات از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ :۔

(الف) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ حکومت کی طرف سے تشکیل شدہ سینما کمیٹی کی سفارش پر قصبہ ہزارہ ضلع کیمبل پور میں ایک سینما تعمیر کرنے کی اجازت دے دی گئی ہے ۔ حالاں کہ متذکرہ قصبہ کی تقریباً اڑھائی لاکھ آبادی نے متذکرہ تعمیر کے خلاف سخت احتجاج کیا تھا ۔

(ب) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ مورخہ ۱۸-۱۱-۶۶ کو متذکرہ قصبہ کی تمام مساجد میں حکومت کے متذکرہ فیصلہ کے خلاف قرار دادیں پاس کی گئیں ۔

(ج) اگر جزو (الف) و (ب) بالا کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت اس بارے میں کیا اقدام کرنے کا ارادہ رکھتی ہے ؟

وزیر اطلاعات (مسٹر احمد سعید کرمانی) : (الف) جی نہیں ۔

(ب) جی نہیں ۔

(ج) سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

*۴۹۸۸ - میجر محمد اسلم جان - کیا وزیر آبکاری و محصولات از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ مورخہ ۲۵-۱-۱۹۶۶ کو راولپنڈی میں جن ایکسائز انسپکٹروں اور سب انسپکٹروں کو متعین کیا گیا تھا ان کے نام کیا ہیں اور وہ کن اضلاع سے تعلق رکھتے ہیں - نیز (اول) محکمہ آبکاری میں ان میں سے ہر ایک کی سروس کتنی ہے - (دوم) مورخہ ۲۵ نومبر ۱۹۶۶ء تک وہ کن کن مقامات پر متعین رہے اور ہر ایک مقام پر انہوں نے کتنا عرصہ قیام کیا - (سوم) دوران ملازمت ان میں سے ہر ایک نے رخصت علالت سمیت کتنی رخصتوں سے استفادہ کیا - (چہارم) اگر متذکرہ انسپکٹروں یا سب انسپکٹروں میں سے کوئی انسپکٹر یا سب انسپکٹر ضلع راولپنڈی میں تین سال سے زائد عرصہ تک متعین رہا ہو تو اس کی وجوہ کیا تھیں ؟

وزیر آبکاری و محصولات (مسٹر احمد سعید کرمانی) : (اول) و (دوم) و (سوم) کیفیت نامہ پیش ایوان* ہے - (چہارم) ایسے انسپکٹر یا سب انسپکٹر جن کا قیام تین سال سے زائد ہے ان کے تبادلے کیے جا رہے ہیں -

میجر محمد اسلم جان - وزیر موصوف اگر ان کی ٹوٹل سروس اور جتنا عرصہ وہ راولپنڈی میں تعینات رہے مہیا کردیں تو شاید ضمنی سوال کرنے کی ضرورت پیش نہ آئے -

Minister of Finance : That information has been furnished in the table attached.

*Please see Appendix II at the end.

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا۔ میں نے اپنے سوال کے پیراگراف ۴ میں پوچھا تھا ۔

"In case any of the said Excise Inspectors or Sub-Inspectors has remained posted in Rawalpindi District for more than three years ; if so reasons therefor ?"

تو اس کے وجوھات نہیں دیے گئے کہ یہ ایکسائز انسپکٹران اور سب انسپکٹران جو راولپنڈی میں رہے یہ کتنا عرصہ رہے ھیں ؟

Minister of Finance : It is there. The question was :

"In case any of the said Excise Inspectors or Sub-Inspectors has remained posted in Rawalpindi District for more than three years; if so, reasons therefor ?"

The answer is : Action is being taken and it is not possible to take action against all such persons at one time because it will cause dislocation in the Administration which will result in in-efficiency.

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ میں نے تو پوچھا تھا کہ یہ لوگ چونکہ عرصہ ساڑھے اٹھارہ سال یا ۹ ، سال وھاں پنڈی میں رہے ھیں اور اتنا وقت انہوں نے وھاں گزارا ھے تو میں نے پوچھا تھا کہ آج تک ان کو ٹرانسفر کیوں نہیں کیا گیا یہ نہیں پوچھا کہ آپ ان کو ٹرانسفر کر رہے ھیں ۔

Minister of Finance : The Member has not asked that question. His question was precisely to the effect that "in case any of the said Excise Inspectors or Sub-Inspectors has remained posted in Rawalpindi District for more than three years ; if so, reasons therefor ?"

Now, we concede that there are various persons who remained in the District for more than three years and the position of the Government is

that we are taking steps to transfer them from that District. In the past, why they remained in that District ; the reason is because of administrative efficiency.

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر آبکاری از راہ کرم مجھے یہ بتائیں گے کہ کیا کچھ افراد کا اس ضلع سے تبدیل نہ ہونے کا سب سے بڑا باعث ان کے پیش رو وزیر آبکاری ہیں ؟ اس کے متعلق خدا کے واسطے سچی بات بتائیے ۔

وزیر خزانہ ۔ خدا کے واسطے سچی بات سن بھی لیجئے ۔ قصہ یہ ہے ۔

According to the Subordinate Services Rules (Excise and Taxation) of 1966, the cadre of Sub-Inspectors and Inspectors is a district cadre. That is the difficulty. They, ordinarily, cannot be transferred from their district in which they are posted. Now, efforts are being made to see that they are posted outside their district. It is for the first time that efforts are being made in this behalf and, we hope, most of people who have remained in one district for more than three years would be shunted out of that district.

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ آپ نے ابھی فرمایا کہ سب انسپکٹر اور انسپکٹر ڈسٹرکٹ cadre سے لیے جاتے ہیں ۔ میرے پاس جو کچھ اپنے نوٹ ہیں جو میں نے جلدی جلدی میں بنائے ہیں ۔ مثلاً سیریل نمبر ۲ پر یہ ایکسائز انسپکٹر ہے یہ آزاد کشمیر کا ہے اور سیریل نمبر ۲ پر ملک مقبول احمد ایکسائز انسپکٹر ہے ۔ اس کی سروس تیرہ سال ۷ ماہ ہے اس کے نام کے آگے مظفر آباد آزاد کشمیر لکھا ہوا ہے کم از کم یہ راولپنڈی ضلع کا نہیں ہے ۔ اس نے اپنے ساڑھے تیرہ سال کی

سروس میں سے گیارہ سال راولپنڈی میں گزارے ہیں جیسے میں نے ابھی کہا تھا اس سے پہلے میرے ایسے سوالوں کا جواب ہی نہیں دیا جاتا تھا ۔ دس روز کے لیے اس کی پوسٹنگ باہر ہوتی رہی ہے اس کے بعد یہ پھر راولپنڈی میں آ جاتا رہا اور جو دس پندرہ دن اس کی پوسٹنگ باہر ہوتی ہے وہ چھٹی پر گزار دیتا ہے ۔

سیریل نمبر ۳ پر ملک نثار احمد ہے اس کی سولہ سال کی سروس ہے جس میں سے دس سال اس نے راولپنڈی میں گزارے ہیں ۔

اس کے بعد سیریل نمبر ۹ پر رانا خورشید احمد ہے ۔ اس کی ۲۸ سال ۸ ماہ کی سروس ہے اس میں سے تقریباً ڈیڑھ سال اس نے گجرات میں گزارا ہے باقی ساری سروس راولپنڈی میں گزاری ہے اس کے بعد جناب سیریل نمبر ۱۰ پر شوکت اقبال ہے سات سال اس کی ٹوٹل سروس ہے جس میں سے ساڑھے چھ برس اس نے راولپنڈی میں گزارے ہیں ۔ سیریل نمبر ۱۱ پر ملک نذر حسین ہے ۔ یہ راولپنڈی کا ہے اٹھارہ سال گیارہ ماہ اس کی سروس ہے اس میں سے اٹھارہ سال اس نے راولپنڈی میں گزارے پچھلی دفعہ بھی میں نے ایک سابقہ وزیر سے یہاں اس کے متعلق پوچھا تھا پھر سیریل نمبر ۲ پر یہ قاضی آفتاب احمد ہے ۱۹ سال کی اس کی سروس ہے اس میں سے اٹھارہ سال چھ ماہ اس نے راولپنڈی میں گزارے جب یہ کہیں باہر پوسٹ ہوا ہے تو ایک سال دس ماہ کے لیے یا ایک سال چار ماہ کے لیے اور وہ عرصہ بھی اس نے چھٹی پر گزارا ہے آپ کے جواب میں یہ درج ہے کہ یہ اب بھی

رخصت پر ہے ۔ یا تو انہیں ان ضلعوں میں واپس بھیج دیا جائے جہاں کے وہ رہنے والے ہیں یا انہیں کسی اور جگہ تبدیل کر دیا جائے ۔

وزیر آبکاری و محصولات ۔ جیسا کہ میں نے ذکر کیا ہے سب انسپکٹر کا جو کاڈر ہے وہ ڈسٹرکٹ کاڈر ہے جس ضلع میں وہ ملازم ہو جائے عام حالات میں اسے وہاں سے ہٹایا نہیں جاتا لیکن اب ہم انہیں اس ضلع سے تبدیل کر رہے ہیں ۔

Now this process is on. It will take some time. We cannot accelerate that process at the expense of the efficiency of the Department. That's our difficulty and whatever my learned friend has pointed out, I will keep that in view and I will see that this decision of the Government is implemented without any further loss of time.

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر آبکاری از راہ کرم فرمائیں گے کہ انہیں یہ قلم دان سنبھالے تقریباً آٹھ نو ماہ کا عرصہ گزر گیا ہے ۔ اتنے عرصہ میں وہ اس کار خیر میں کامیاب کیوں نہیں ہوئے ۔

وزیر آبکاری و محصولات ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ۔

Malik Muhammad Akhtar : On a point of order. Sir, I stick to my objection which I raised by a point of order that let us, without comparing the two amendments, or discussing the point in any form or formulating any such formula to reach any compromise, have your ruling on the point that the Parliamentary Secretary has not sought the suspension of the Rules and has not made a request to that effect rather he has twice bluntly said that he does not want the suspension of the Rule in respect of his amendment—I would like to have your ruling firstly on this point. After that if he is permitted to do so what will be the fate of the amendments to amendments which have been proposed, in view of the fact that there were certain amendments on the agenda which were deleted and negatived.

سردار محمد اشرف خان ۔ جناب والا ۔ گزارش یہ ہے کہ ہمیں

جناب اختر صاحب کی بات سمجھنے کے لئے بہت کاوش کرنی پڑتی ہے - ان کا پوائنٹ آف آرڈر میری سمجھ میں نہیں آیا - اور جہاں تک رولز کے suspend کرنے کا تعلق ہے وہ میں ابھی move کروں گا -

Malik Muhammad Akhtar : Then he is contradicting himself.

Mr. Speaker : Let him conclude.

Minister of B.D. and Local Government : His intention was not exactly to say that he does not want suspension of Rule 170 about his amendment. Possibly he was referring to Malik Muhammad Akhtar's amendment. There was some misunderstanding which may be rectified.

پارلیمنٹری سیکرٹری - جیسا کہ وزیر بلدیات نے فرمایا ہے جہاں تک اس ترمیم کے متعلق میری intention تھی کہ میں رول کو suspend کرنے کے لئے move کروں وہ stage ابھی نہیں آئی تھی - اس سے اگر کوئی غلط فہمی ہو گئی ہے اور ملک صاحب نے اپنے خیال کے مطابق میرے الفاظ کی ترجمانی کی ہے تو میں معذرت کرتا ہوں -

مسٹر سپیکر - ملک صاحب نے تو suspension نہیں مانگی تھی -

پارلیمنٹری سیکرٹری - میں نے یہ نہیں کہا کہ وہ suspension مانگ رہے ہیں -

Mr. Speaker : Under Rule 89—A(4) Malik Akhtar has objected to the amendment moved by Sardar Muhammad Ashraf. The notice of this amendment was given on the 27th of May, 1967 and obviously this amendment was not given notice of within two clear days But in view of the fact that practically a similar amendment, not exa t.y similar, of Khawaja Muhammad Safdar was also on the order paper I give my consent for

moving this Motion under Rule 170 of the Rules of Procedure and now it would be for the House to give leave or not.

So far as the other amendments to amendments are concerned I will take up that issue when the House gives its verdict on the moving of this Amendment.

The question is :

That Rule 89—A(4) be suspended in respect of the amendment of Sardar Muhammad Ashraf.

The motion was carried.

خواجہ محمد صفدر۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ یہاں جو ترمیم پیش کی گئی ہے یہ دراصل substitution کی قسم کی ہے اس لیے طریقہ کار کے مطابق جیسا کہ آپ نے ابھی ارشاد فرمایا تھا کہ جو ترامیم کسی سیکشن کی جگہ substitution کی غرض سے پیش کی جائیں ان کا آرڈر پیپر پر ذکر پہلے آتا ہے ۔ میری رائے میں ایسا نہیں ہے اس کے لیے میں آپ کو حوالے دوں گا کہ وہ substitution کیا بلا ہوتی ہے ۔ آپ یہ ملاحظہ فرمائیں کہ اس امنڈمنٹ کا صرف ایک نصف فقرہ بلکہ یہ کہوں گا کہ ایک phrase اس میں سے حذف کر دیا گیا ہے باقی تمام کا تمام لفظ وہی ہے کہ جو تبدیلیاں میرے محترم وزیر صاحب نے فرمائی ہیں ۔ میں نے ۲۲۔ دن کر دی تھیں ۔ ان کا اضافہ تیسری لائن میں کیا گیا ہے اور لفظ "which" کو تبدیل کر کے میں نے لفظ "same" لکھ دیا ہے ۔ میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا معنی کے لحاظ سے اس امنڈمنٹ سے original کلاز میں کوئی فرق پڑتا ہے یقیناً نہیں ۔ آپ مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ اس سے قطعاً کوئی فرق نہیں پڑے گا میری مراد یہ ہے کہ یہ جو دو

معمولی تبدیلیاں ہیں یعنی which کی جگہ لفظ same اور دوسری جگہ by it کا حذف کرنا کیونکہ یہ غیر ضروری الفاظ ہیں یہ bad drafting ہے جیسا کہ وزیر صاحب bad drafting کے اکثر مرتکب ہوتے رہے ہیں اسی طرح اس آرڈیننس میں بھی bad drafting کی غلطیاں ہیں اور اتنی غلطیاں ہیں کہ ایک ان پڑھ آدمی وزیرصاحب سے بہتر drafting کرے گا۔

چودھری انور عزیز۔ اب یہ کام آپ کیا کریں۔

خواجہ محمد صفدر۔ میں آپ کا ملازم نہیں ہوں کہ میں آپ کا یہ کام کرتا رہوں۔ محترم انور عزیز صاحب ان کی امداد کریں۔ آپ تو بڑے پڑھے لکھے ہیں آپ خود ہی فرمائیے کہ کیا یہ درست نہیں ہے۔ اس آرڈیننس میں ایک نہیں بیسیوں ایسی غلطیاں ہیں۔ بہرحال انہوں نے جو ترامیم پیش کی ہیں وہ substitution نہیں ہے۔ substitution clause سے مراد یہ ہے کہ ایک نئی سکیم اس میں شامل کی جائے۔ یا original clause سے جو مراد ہے اس سے قطعی طور پر مختلف کلاز پیش کی جائے تو پھر وہ substitution ہو گی اور اگر کوئی نئی سکیم نہیں داخل کی جاتی اس قانون کے مسودے یا اس آرڈیننس میں جو کہ زیر بحث ہے تو اس کو substitution نہیں کہا جا سکتا۔ اب میں رولنگ پیش کرتے ہوئے اپنی رائے کو استوار کرنا چاہتا ہوں۔

Legislative Assembly Debates 1934, Part IV, Page 3695.

"Mr. President (The hon'ble Sir Shanmukham Chetty) : Sir Cowasjee Jehangir's amendment substitutes an entire scheme .....

'an entire scheme', this is important, Sir,

"and therefore it has priority."

Why has it got the priority; because it substitutes the entire scheme; not a word here and there.—synonymous words which do not change the scheme Sir. They have just changed a few words.

"and, therefore, it has priority on the Order Paper but I am told that the net result of Mr. Thampan's amendment will have....."

Legislative Assembly 1939, Vol. 21, page 735: Mr. President (The hon'ble Sir. Abdur Rahim.) :

"The practice is that any amendment which wants to substitute a different clause for the clause in the bill is to be taken first."

A different clause Sir; not the same clause. A different clause is to be taken first.

اس کے بعد میرا دعویٰ یہ ہے۔۔۔

مسٹر سپیکر۔ خواجہ صاحب آپ نے کہاں سے refer کیا ہے؟

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I have quoted from Decisions of the Chair :

1. 73 page 49.
2. 74 page 50.

Sir the original debates are with me. If your honour wants to examine them, you may; you are most welcome to do so.

جناب والا۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جب تک کوئی نئی کلاز substitute نہ کریں یا کوئی نئی سکیم اس آرڈیننس میں شامل نہ کریں وہ substituted کلاز نہیں کہلائے گی۔ اب یہاں کیا مسئلہ ہے۔ آج سے ۱۰—روز پہلے میں نے ایک ترمیم پیش کی تھی لیکن یہ ان کی تنگ دلی کا نتیجہ ہے۔ ان کو میری ترمیم قبول تو ہے اس کو قبول کرنے پر وزیر صاحب مجبور ہیں کیونکہ وزیرصاحب موجودہ ڈرافٹ کی وجہ سے

حد درجہ بے عزت ہوں گے ان الفاظ کی وجہ سے کہ I.D.A کی منظوری کے بغیر امپروومنٹ ٹرسٹ میونسپل کمیٹی کو سکیم مکمل ہونے پر واپس نہیں کر سکتا ۔ وزیر صاحب نے ملک کی حمیت کو اور عزت نفس کو چند کوڑیوں کے بدلے فروخت کر دیا ہے ۔ اس کے متعلق تو میں بعد میں عرض کروں گا ۔

Minister of Basic Democracies : Question; I will explain it. These are wrong.

خواجہ محمد صفدر۔ لیکن قانونی پوائنٹ یہ ہے کہ ان کے لیے کوئی راستہ نہیں ہے ماسوائے اس کے کہ یہ الفاظ حذف کر دئے جائیں ۔

"and the International Development Association, which has agreed to advance loan for the scheme .....".

ان الفاظ کو میں نے اپنی ترمیم کے ذریعہ حذف کرنے کا مطالبہ کیا تھا ۔ یہ ان کو قبول تو ہے لیکن وہ چاہتے یہ ہیں کہ میری ترمیم پیش نہ ہو اور ان کی ترمیم پیش ہو ۔ اس کے لئے اگرچہ وقت گزر گیا تھا مگر آپ نے اس کی اجازت فرما دی ہے اور ایوان نے بھی اس کی اجازت دے دی ہے لیکن پوائنٹ یہ ہے کہ کیا یہ substitution کلاز ہے ؟ میں نے اس کے لیے دو رولنگ پیش کی ہیں صرف ایک phrase حذف کرنے کے بعد اصل کلاز کو جوں کا توں ترمیم کی شکل میں پیش کرنے سے substitution نہیں کہلا سکتی ۔ یہ نئی سکیم نہیں ہے اس لیے substitution کلاز بھی نہیں ہے ۔ میری ترمیم ایوان کے سامنے پہلے ہونی چاہیئے پھر

ان کی امنڈمنٹ پر بحث ہو گی یا نہیں ہو گی جیسے آپ اجازت دیں گے ویسا ہو گا۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ میرے فاضل دوست نے جتنی رولنگ پیش کی ہیں ان میں اس بات کا ذکر نہیں ہے کہ کیا substitution ہے اور کیا substitution نہیں ہے اور جہاں تک رولز کا تعلق ہے ان میں بھی اس چیز کے بارے میں differenciate کرنا کہ اس حد تک امنڈمنٹ آئیں تو اس کو differenciate کر کے substitution کہا جائے گا اور اس حد تک امنڈمنٹ نہ آئیں تو اسے substitution نہیں کہا جائے گا ۔ جناب والا ۔ آپ مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ لیجسلیچر کے کام میں ایک اسپات کو بھی مدنظر رکھا جاتا ہے کہ کس طریقہ سے ایوان کا وقت صرف ہوتا ہو اسی طریقہ پر لیجسلیشن کیا جائے مثلاً ایک ہی کلاز میں اگر ایک سے زیادہ امنڈمنٹ کی جاتی ہیں اور وہ امنڈمنٹ اس کے الفاظ کر تبدیل بھی کرتی ہیں اور وقت بھی لیتی ہیں تو وہ ایک ہی وقت میں پیش کی جا سکتی ہیں اور اس میں substitution ہو سکتا ہے اس کے لیے hard and fast رولز نہیں ہیں کہ اس حد تک امنڈمنٹ آئیں تو وہ علیحدہ علیحدہ لیا جائے گا اور اس حد تک امنڈمنٹ ہوں تو وہ substitution ہو گا ۔ انہوں نے جو کچھ اپنی چیزیں پیش کی ہیں وہ بھی صرف اسی بارے میں پیش کی گئی ہیں اگر priority امنڈمنٹ آئیں گی تو اس میں سے کون سے substitution کلاز کو priority ملے گی ۔ اس سلسلے میں میں یہ عرض کروں گا کہ یہ جو کلاز ہے اسکے substitute کرنے کے

بارے میں جو کچھ ہم نے ترامیم دی ہیں ۔ اور وہ چونکہ ایک سے زیادہ ترامیم کو لیتے ہیں اسلئے ہم بجائے علیحدہ علیحدہ دینے کے ان سب کو ایک ہی صورت میں لے آئے ہیں ۔ میرے فاضل دوست اب کہتے ہیں کہ جب ساری سکیم تبدیل ہوئی تو وہ substitution تب مانیں گے ۔ جناب والا ۔ ترمیم کے بنیادی اصول میں یہ بات ہے کہ وہ جس چیز کو substitute کرتے ہیں شائد وہ relevent نہ ہو ۔ ہم کہتے ہیں کہ آپ ترمیم پر غور فرمائیں خیال فرمائیں کیوں کہ رول نمبر ۱۴۶ کے تحت

"An amendment shall not raise a question which by these Rules can only be raised by substantive motion . . . ."

یہ lay-down کرنا کہ وہ بالکل نئی چیز ہو یعنی ترمیم کی صورت میں تب ہی substitution ہوتی ہے ۔

That will be going beyond the scope of the Rules.

تو ہم نے اسی کلاز کے اندر سکیم کے main objection کو tap کرنا ہے اگر جناب والا ۔ آپ lay-down کر دیں گے کہ substitution کیا ہے اور کن صورتوں میں ہو سکتی ہے تو لیجسلیٹو بزنس میں بے پناہ دقتیں ایوان کے سامنے آئیں گی ۔ اور آج تک گزشتہ چار سال سے یہی طریقہ کار رہا ہے ۔ کہ تحریک کرنے والے کے منشا پر یہ بات چھوڑ دی جاتی ہے کہ وہ کسی صورت میں substitute کرنا چاہتا ہو یا علیحدہ علیحدہ ترمیم کرنا چاہتا ہو تو وہ ایسا کر لے اور آج تک جناب والا پروسیجر یہی رہا ہے ۔ جناب والا ۔ پچھلے دنوں میں جب کہ یہ پوزیشن تھی کہ substitution کے

بارے میں hard and fast rule نہیں لگائے جا سکتے تھے ۔ تو خواجہ صفدر صاحب کی پیش کردہ substitution کو آپ نے کسی دوسری کلاز پر prece-dence دی تھی ۔

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ محمد صفدر نے پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا ہے کہ جو ترمیم سردار محمد اشرف صاحب نے پیش کی ہے وہ ترمیم substitution نہیں ہے اس لئے اسے ان کی ترمیم پر فوقیت نہیں دی جا سکتی ۔ میں نے اصل ترمیم جو کہ سردار محمد اشرف نے دی ہے دیکھی ہے ۔ اس ترمیم کی رو سے وہ اصل کلاز میں تین جگہ ترمیم کرنا چاہتے ہیں ۔ ایک ترمیم یہ ہے ۔ کہ ''آئی ڈی اے'' کے الفاظ کو اڑانا چاہئے ۔ دوسری ترمیم میں وہ یہ کہتے ہیں کہ Binding کے الفاظ واپس لئے جائیں اور اس کے علاوہ which کے لفظ کو ہٹا دیا جائے تو اس لحاظ سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو ترمیم سردار محمد اشرف خان نے پیش کی ہے اس لحاظ سے وہ تینوں ترامیم اوریجنل کلاز میں چاہتے ہیں ۔ خواجہ صاحب نے رولنگ پیش کی ہے جو کہ ۱۹۳۹ء کی Volume ۲۱ صفحہ ۳۵۷ ہے ۔ جس میں یہ کہا گیا ہے اور اگر وہ کلاز مختلف ہے تو وہ substitution clause کہلائے گی ۔ موازنہ کرنے سے موجودہ ترمیم کے ساتھ یہ بات واضح ہوتی ہے کہ اگر یہ ترمیم پاس ہو گئی جس کا نوٹس سردار محمد اشرف صاحب نے دیا ہے تو یہ بالکل مختلف کلاز بنے گی ۔ ان حالات میں کلاز ۱۰ میں جو سردار محمد اشرف کی طرف سے پیش کی گئی ہے اس کو substitution clause سمجھا جائے گا ۔ لہذا پوائنٹ آف آرڈر جو ہے وہ مسترد کیا جاتا ہے ۔

Malik Muhammad Akhtar : The amendment is opposed.

Mr. Speaker : Malik Muhammad Akhar has given notice of amendments to amendments. Since I have allowed the amendment to be moved by Sardar Muhammad Ashraf Khan, I also give my consent, under Rule 170 of the Rules of Procedure, to Malik Muhammad Akhtar for asking leave to move the amendments to amendments. Now, I will put the question.

The question is—

> That Rule 89-A(4) be suspended [so far as amendments to amendments given notice of by Malik Muhammad Akhtar are concerned.

The motion was lost.

Khawaja Muhammad Safdar : I would like to support the amendment moved by Sardar Muhammad Ashraf Khan.

Mr. Speaker : Let Malik Muhammad Akhtar oppose it and then the Member can speak.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میرے الفاظ کو شاید آپ پسند نہیں فرمائیں گے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ سردار محمد اشرف صاحب نے یہ ترمیم پیش کی ہے ۔

> "When the scheme has been completed to the satisfaction of Government, functions with regard to water supply, sewerage and drainage may be transferred by it to the Municipal Committee, and the consequences which ensue upon such transfer, including the assets and liabilities, shall be duly determined and specified by Government, and the same shall be given effect to by the parties."

تو جناب سپیکر ۔ میں محض refer کرنا چاہتا ہوں تاکہ یہ غلط فہمی

پیدا نہ ہو میں نے جو دفعہ ۱۰ میں ترمیم دی تھی اس کا اوریجنل آرڈیننس کی دفعہ ۱۰ کے تحت ایک نہایت ہی شرمناک قسم کی کلاز تھی جس کے تحت اصل آرڈیننس کو جس کو سردار صاحب اب ترمیم کرنا چاہتے ہیں وہ یہ تھی اور وہ اتنے اہم الفاظ ہیں کہ میرے لیے ان کا ذکر کرنا ضروری ہے ۔

"When the scheme has been completed to the satisfaction of Government and the International Development Association, which has agreed to advance loan for the Scheme, functions with regard to water supply, sewerage and drainage may be transferred to the Municipal Committee, and consequences which ensue upon such transfer, including the assets and liabilities, shall be duly determined and specified by Government, which shall be given effect to by the parties."

اب جناب سپیکر مجھے اپنی ترمیم سے یہ کہنا تھا جس کو اب میں quote نہیں کر سکتا ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ یہ فرمائیں کہ آپ کو اس ترمیم پر کیا اعتراض ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ میں جناب والا اس پر آ رہا ہوں ۔

Minister of Basic Democracies and Local Government : Come straight to the point please.

ملک محمد اختر ۔ یعنی مجھے دو الفاظ پر اعتراض ہے ۔ میں یہ چاہتا تھا اور یہی میرا نظریہ ہے اور اب میں اس نظریہ کی مخالفت کرتے ہوئے اس ترمیم کو اس معزز ایوان میں اس کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ میں نے دو باتوں پر اتفاق نہیں کیا تھا میری ترمیم یہ تھی ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب آپ بار بار یہ نہ فرمائیے کہ میں چاہتا تھا بلکہ آپ یہ کہیں کہ میں چاہتا ہوں اس لیے کہ "چاہتا تھا" کے متعلق جو ترامیم تھیں وہ آوٹ آف آرڈر قرار دے دی گئی ہیں ۔ اس کے متعلق آپ واضح کر دیں اور ان کے متعلق آپ کو اجازت بھی نہیں ملی اور ان کی تحریک بھی نہیں ہوئی ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جناب سپیکر ۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ معزز ممبر کیا اپنے نظریہ کے خلاف بھی تقریر کر سکتے ہیں کیوں کہ ملک صاحب نے فرمایا ہے کہ وہ اپنے نظریہ کے خلاف اب تقریر کرنا چاہتے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ نہیں جناب والا میں ایک ambiguity دور کرنا چاہتا ہوں ۔ میں اس کو اس طرح پر اخذ کرتا ہوں کہ جب سکیم مکمل ہو جائے تو اس پر دو قیود لگائی گئی تھیں ایک یہ تھی کہ آئی ڈی اے کی مرضی کے مطابق ہوگی اور ایک قید باقی ہے وہ اس ترمیم میں ہے جناب سپیکر ۔ میری مراد یہ ہے ۔

When the scheme has been completed to the satisfaction of Government.

میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ الفاظ جو ہیں یہ غیر ضروری ہیں ۔

When the scheme has been completed.

سکیم کو پراجیکٹ ڈائریکٹر نے مکمل کرنا ہے ۔ چیئرمین لاہور

امپرووومنٹ ٹرسٹ نے مکمل کرنا ہے یا امپرووومنٹ ٹرسٹ نے اس کو declare کرنا ہے کہ وہ مکمل ہوگئی ہے وہاں پر گورنمنٹ کی interference کا کیا مطلب ہے ۔

اس میں مجھے جو دو ٹیکنیکل اعتراض ہیں وہ یہ ہیں جیسا کہ آپ اس ترمیم کی آخری لائین میں دیکھیں گے ۔

"..... may be transferred to the Municipal Committee, and consequences which ensue upon such transfer, including the assets and liabilities, shall be duly determined and specified by Government . . ."

آپ بتائیں کہ یہ بار بار ترمیمیں لاتے ہیں مگر انہیں انگریزی اتنی نہیں آتی ۔ ڈرافٹنگ کرنی نہیں آتی گورنمنٹ کے پاس جو اختیارات وہاں پر پہلے ہی موجود ہیں انہیں بار بار پھر لاتے ہیں ۔

". . . .duly determined and specified by Government, . . ."

یعنی گورنمنٹ کو یہ دوبارہ اختیارات دینا چاہتے ہیں پہلے لائن ایک اور دو میں یہ لکھا ہے ۔

". . . to the satisfaction of Government . ."

اس کے بعد لائن چھ سات میں یہ لکھا ہے ۔

". . . assets and liabilities, shall be duly determined by Government . . ."

میری قرار داد یہ ہے کہ یہ زائد قسم کی بات ہے یہ بالکل اس قسم کی بات ہے جیسے بجٹ کے موقع پر اعداد و شمار کی ہیرا پھیری کی جاتی ہے ۔ یہاں بھی الفاظ کی ہیرا پھیری سے کام لیا گیا ہے ۔ یہ جو انہوں نے ایک نئی

قسم کی ترمیم سبقت حاصل کرنے کے لیے پیش کی ہے میں سمجھتا ہوں کہ نہ صرف مجھے اس سے اس لیے اختلاف ہے کیوں کہ اس میں

"satisfaction of Government"

لکھا ہے ۔

بلکہ میں اسے غیر ضروری سمجھتا ہوں کہ جب گورنمنٹ کا ایک ادارہ ایک سکیم کو خود مکمل کرنے کا فیصلہ کرے تو پھر گورنمنٹ کی satisfaction کا کیا مطلب ہے ۔ اس کے بعد اس کی ڈرافٹنگ بھی غلط ہے میرا موثر ترین اعتراض اس نئی ترمیم کی لائن چار میں جو لفظ may لکھا گیا ہے اس پر ہے ۔

"When the scheme has been completed to the satisfaction of Government .... functions with regard to water supply, sewerage and drainage may be transferred . . ."

جناب والا۔ یہ ایک اور دھوکا پبلک سے کر رہے ہیں ۔ ان کے قول و فعل میں تضاد ہے۔ حالات یہ بتا رہے ہیں کہ ان کی باتوں میں شک و شبہ کی گنجائش ہے یہ may کا لفظ جو انہوں نے استعمال کیا ہے اس کا مطلب ہے کہ یہ چاہتے ہیں کہ Greater Lahore Water Supply Sewerage and Drainage کی یہ سکیم مکمل ہوجائے اور اس کے بعد

"...may be transferred."

یعنی جو عوامی ادارہ لاہور میونسپل کارپوریشن کا ہے اس میں بھی ان کی discretion آ جاتی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ یہاں اس

ترمیم کی لائن چار میں جو may کا لفظ ہے وہ humiliating and dangerous ہے - اور وہ جمہوریت کا گلا کاٹنے کے مترادف ہے - چلیے اگر ہم ان کے اس اصول سے اتفاق بھی کر لیں تو یہ جو پراجیکٹ ہے اسے آپ کہیں سے execute کروا لیں - اس میں آپ عوام کے نمائندگان کو نہ رکھیں - اس کے بعد بھی یہ اس میں اپنا ہاتھ رکھنا چاہتے ہیں That it may be transferred جناب والا - مجھے may کا مقصد سمجھ میں نہیں آتا - اس لیے میں یہ مودبانہ عرض کروں گا کہ یہ دفعہ موجودہ صورت میں جو ہے اس کا نتیجہ نہایت ہی خوفناک ہے - اگرچہ انہوں نے عوام کی رائے اور عوام کے جذبات کے اشتعال کے پیش نظر انٹرنیشنل ڈولپمنٹ ایسوسی ایشن کے الفاظ اس میں سے نکال دئے ہیں مگر اس کے باوجود اس کلاز کو اس طرح رکھنا میں یہ سمجھتا ہوں خطرناک ہے - اور بیورو کریسی کی یادگار ہے اور اس کے ذریعہ حکومت نے بے حد اختیارات اپنے پاس رکھے ہیں -

Mr. Speaker : Yes, Khawaja Sahib.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ-۱) - جناب والا - میرے لیے مسرت کا مقام ہے کہ میرے محترم دوست جناب وزیر بلدیات نے ان ترامیم میں سے جن کی میں نے نشان دھی کی تھی کم از کم دو کو قبول فرما لیا - ایک تو آج صبح اس ایوان نے منظور کی ہے - اور دوسری اس وقت زیربحث ہے - عام طور پر تو خیال تھا اور اس ایوان میں محترم ملک اختر صاحب نے اس بات کا کئی بار ذکر بھی کیا ہے کہ یہ آرڈیننس آئی - ڈی اے

کی منظوری کے بعد اس صوبہ میں نافذ کیا گیا ہے اتفاق کی بات ہے کہ دستاویز P.C.I. سے یہ بات قطعی طور پر ثابت ہو جاتی ہے یہ دستاویز جناب والا وہ ہے جو کہ لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کے امریکی consultants کے باہمی مشورہ کے بعد جو سکیم تیار کی گئی تھی اور جس کے عوض میں تیرہ لاکھ روپے زر مبادلہ کی شکل میں امپروومنٹ ٹرسٹ کو دیئے گئے تھے وہ سکیم اب اس دستاویز کی شکل میں اس ایوان کی میز پر ہے میں نے ایوان کی میز سے مطالعہ کے لیے حاصل کی ہے ۔ اس سکیم کو ہمارے نمائیندوں اور آئی ڈی اے کے نمائیندوں کے درمیان زیر بحث لایا گیا اور اس بحث و تمحیص کا جو نتیجہ تھا اسے P.C.I. کہتے ہیں تو P.C.I. دراصل ایک قسم کا اقرار نامہ ہے جو آئی ڈی اے اور ہماری گورنمنٹ کے درمیان طے پایا ۔ اور اس P.C.I. کا ایک حصہ یہ آرڈیننس بھی ہے ملک اختر صاحب کا یہ دعویٰ نہایت ہی درست تھا کہ یہ آرڈیننس یہاں نافذ اور منظور ہونے سے پہلے آئی ڈی اے سے منظور کرایا گیا ہے ۔ ہم جناب والا یہ چاہتے تھے کہ اس آرڈیننس میں بعض امور جو کہ انتہائی غیر ضروری تھیں کو شامل نہ کیا جائے مثال کے طور پر سیکشن ۸ میں جیسا کہ میں نے point out کیا تھا یہ تحریر کرنا کہ امپروومنٹ ٹرسٹ کی ساری جائیداد جس میں نالیاں ۔ پانی کے نل ۔ disposal works واٹر ورکس ۔ تالاب وغیرہ سب کچھ شامل ہے ان پر اس قرضہ کا بار اول یا primary charge ہوگا یہ امپروومنٹ ٹرسٹ آئی ۔ ڈی ۔ اے کے ساتھ خفیہ معاہدہ کرتا تو اس سے ان کی شہرت کو نقصان نہ پہنچتا جتنا کہ انہوں نے نادانی سے اس امر کو

اس آرڈیننس میں درج کرکے اپنی شہرت کو نقصان پہنچایا ہے ۔ جناب والا ۔ اس ہنگامی قانون میں یہ بات لکھنے یا نہ لکھنے سے کوئی فرق نہیں پڑتا ۔ قرضہ کے معاہدہ میں یہ شرائط درج ہو سکتی تھیں کہ امپرووسنٹ ٹرسٹ کی تمام جائداد پر قرضہ کا بار اول ہوگا یہ تمام جائیداد جو اس سکیم کی شکل میں پیدا ہوگی وہ امپرووسنٹ ٹرسٹ کے قبضہ میں اس وقت تک رہے گی جب تک آئی ۔ ڈی اے کا قرضہ ادا نہیں کر دیا جاتا یا انٹرنیشنل ڈولپمنٹ ایسوسی ایشن کی تسلی نہ ہو جائے کہ یہ سکیم مکمل طور پر تیار ہوگئی ہے ۔ جناب والا ۔ میں خوش ہوں کہ ان شرائط کے اس ہنگامی قانون میں درج کرنے سے جو واضح طور پر ہمارے منھہ پر اس سطر سے جو اس ہنگامی قانون میں اب درج کی گئی ہے سیاہی ملی جا رہی ہے کم از کم اس کا ایک حد تک ازالہ ہو جائے گا ۔

جناب والا ۔ میں آپ کی خدمت میں عرض کروں گا یہی ایک شرط نہیں ہے یہ شرط جو اس قرضہ کے متعلق تھی وہ تو حذف ہوگئی ہے ۔ ۳۵ لاکھ ڈالر قرضہ پہلے دو سالوں کی تکمیل کے لیے درکار ہے جو تقریباً پونے دو کروڑ روپے سے کم اور ڈیڑھ کروڑ روپے سے کچھ زیادہ بنتا ہے ۔ قرضے کی ادائیگی کی شرائط یہ ہیں کہ اس قرضہ کی ادائیگی ۲۵ سال میں کی جائے گی اگر اس کی ادائیگی ۲۵ سال میں نہ ہوئی تو ۵ سال کی میعاد اور مل جائے گی ۔ سود کی شرح ساڑھے تین فیصد ہے یہ الگ بات ہے کہ کوئی مہاجن زیادہ سود لیتا ہے کوئی کم سود لیتا ہے ۔ ہماری گورنمنٹ نے ساڑھے تین فیصد سود منظور کر لیا ہے ۔

جناب والا ۔ اس میں تیسری شرط یہ ہے کہ تمام ٹھیکے دار وہ انٹرنیشنل ڈویلپمنٹ ایسوسی ایشن کے منظور شدہ ہوں گے ۔ اس قرضے کی ایک شرط یہ ہے کہ ٹھیکے دار انٹرنیشنل ڈویلپمنٹ ایسوسی ایشن منظور کرے گی نہ کہ ہماری گورنمنٹ کرے گی ۔ میرے دوست کہیں نہ کہیں کہ ایسا نہیں ہے اس لیے میں ان کو اصل عبارت پڑھ کر سناتا ہوں ۔ یہ ایسا انتظام کریں جس میں ایسی شرائط نہ ہوں ۔

"The Project shall be split up in contracts to be performed by foreign and local contractors approved by IDA.

یہ ۴۵ کروڑ روپیہ کی سکیم ہے ۔ جو ادارہ ان کو قرضہ دے رہا ہے وہ کہتا ہے کہ ٹھیکے دار ہمارے ہوں گے ۔

Minister of Basic Democracies : Approved by them.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میرے دوست نے میرے ہی الفاظ کو دہرایا ہے کہ approved by them میری مراد ہے کہ زید یا بکر یا کسی اور ٹھیکے دار کو ہمارا ساہوکارہ approve کرسکتا ہے ۔ کیا ان کو تجربہ نہیں کہ منگلا ڈیم کس نے تعمیر کیا ہے ۔ کیا ان کو تجربہ نہیں کہ وہ کون کون سے پراجیکٹ ہیں جن کی تکمیل غیر ملکی ٹھیکہ داروں کے ذریعہ محض اس لیے ہوئی کہ ان قرضوں میں شرط تھی کہ ٹھیکے دار قرض دینے والے ادارہ کے approve شدہ ہوں گے ہماری گورنمنٹ کے approved ٹھیکے دار نہیں ہیں ۔ consultants بھی بیرونی ملک کے ہیں جنہوں نے سکیم تیار کی ہے وہ واشنگٹن کے ہیں اور ان کے

consultants کی فیس ۶۱ لاکھ روپیہ ہوگی ۔ غور فرمائیے کہ ۶۱ لاکھ ۳۰ ہزار روپیہ فیس ہماری گورنمنٹ کو زر مبادلہ میں دینی ہوگی ۔

A provision of Rs 61, 30,000/ is made for consultants on Management and Engineering which would include consultants' fees for detailed design and supervision.

ان consultants نے آپ کے لیے کیا کرنا ہے ۔ وہ انجنئرنگ کے کام کی دیکھ بھال کریں گے اور وہ detailed ڈیزائن بنائیں گے ۔ کیا ہمارے ملک میں کوئی آدمی نہیں ہے جو ان گندی نالیوں اور پانی کی نالیوں کی تعمیر اور اس کی دیکھ بھال کر سکے ۔ پھر مینجمنٹ بھی ان کے ذمے ہوگی ۔ ہماری گورنمنٹ اس قدر نا اہل ہو چکی ہے . . . .

Minister of Basic Democracies : This is wrong. The management will not be with the consultants.

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ آپ کے الفاظ ہیں ۔ میں اپنی جانب سے کوئی لفظ شامل نہیں کر رہا ہوں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں نے ایک اور خطرناک چیز سنی ہے کہ وہ اس کام کے لیے اپنا وزیر رکھنے والے ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ سنا ہے آپ کو انھوں نے ممبر کرایا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ ان کی وکالت کر لیں ۔ آپ کو رکھ لیا جائے گا ۔

Khawaja Muhammad Safdar : Then, Sir

"....for the detailed design and supervision of construction, Management and Engineering, consultants are being appointed.

ملاحظہ فرمائیے اس میں تین چیزیں ہیں ۔

(1) for the datailed design and supervision of construction,

(2) Management, and

(3) Engineering.

Consultants are being appointed for these purposes.

یہ آپ کے پاس کتاب موجود ہے ۔ آپ اس کو پڑھئیے اور غور کیجئے کہ تیسری شرط کیا ہے ۔ ہم یوں ہی شور و غوغا کرتے رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔

"صلائے عام ہے یاران نکتہ داں کے لیے"

Mr. Speaker : This is no point of order.

وزیر بلدیات ۔ اور معنوی طور پر بھی یہ بات کچھ جچی نہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ ہم گذشتہ پانچ چھ روز سے کبھی یہ ترمیم اور کبھی وہ ترمیم پیش کر رہے ہیں کہ نرخ گورنمنٹ مقرر نہ کرے بلکہ ٹرسٹ کرے ۔ کیوں کہ یہ ایک ایسا ادارہ ہے کہ جہاں پر خواہ دو ممبر ہیں یا تین ممبر ہیں ، کم از کم ہیں تو سہی جو بلاواسطہ یا بالواسطہ منتخب ہوئے ہیں ۔ ان کی ترمیم یہ ہے کہ میونسپل کمیٹی

نرخ مقرر کرے یا کوئی اور ادارہ مقرر کرے اور بعض دوست کہتے تھے کہ یہ اسمبلی کرے ۔ سبھی ترامیم کی غرض یہ تھی کہ کوئی عوامی ادارہ جو کہ عوامی نمائندوں پر مشتمل ہو خواہ وہ بی ڈی کے ذریعے ہی منتخب ہو کر کیوں نہ آئے ہوں ، کوئی بی ڈی ہی سہی ۔ لیکن انہوں نے کوئی بھی ایسی تجویز نہیں مانی ۔ اور اب مجھے احساس ہوا ہے کہ میں غلطی پر تھا ۔ میں ببانگ دہل اس ایوان میں اپنی غلطی کا اعتراف کرتا ہوں کہ میرا مطالبہ غلط تھا ۔ کیونکہ اس اقرارنامے کی رو سے نہ تو حکومت اور نہ ہی میونسپل کارپوریشن ہی اس بات کے حقدار ہیں کہ اس میں ترمیم کریں ۔ نہ امپروومنٹ ٹرسٹ نرخ مقرر کر سکتی ہے نہ اس میں کسی قسم کی ترمیم کر سکتی ہے ۔ زیر بحث آرڈیننس میں درج ہے کہ گورنمنٹ ترمیم مسترد کرے ۔ میرا دعویٰ ہے کہ اس حکومت کو بھی ایسا کوئی اختیار نہیں ہے کہ پانی کے نرخوں اور sewerage کے نرخوں وغیرہ کے سلسلہ میں کوئی ترمیم یا تبدیلی کر سکے ۔ اور میرا یہ بھی دعویٰ ہے کہ ہماری مرکزی حکومت کو بھی یہ اختیار نہیں ہے کہ لاہور کے شہریوں کی آب رسانی یا ان کی نالیوں کی صفائی وغیرہ کے نرخوں میں کوئی تبدیلی کر سکے ۔ کیوں کہ ہم نے اپنے قرض خواہ سے یہ طے کر رکھا ہے کہ نرخ وہی مقرر کرے ۔ یہ اختیار صرف ان کو ہی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کے معنی یہ ہوئے کہ آپ کی ترمیم غلط تھی اور شیڈول میں جو ترمیم آپ نے دے رکھی ہے وہ بھی غلط ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جب وہ ترمیم پیش ہو گی تو اس کے لئے بھی معافی مانگ لوں گا ۔

وزیر بلدیات ۔ آپ اکٹھی ہی معافی مانگ لیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جی ہاں ۔ مجھے اکٹھی ہی معافی مانگنی پڑے گی ۔ کیونکہ میں نے عدم واقفیت کی بنا پر یہ ترامیم دی ہیں ۔ جوں جوں معلومات حاصل ہوتی جائیں اگر انسان اپنی کوتاہیوں کی معافی مانگ لے تو اس میں کوئی برائی نہیں ہے ۔ اس لئے اگر میں اپنی ان غلطیوں کے لئے جو کہ مجھ سے ناواقفیت کی بنا پر سرزد ہوئی ہیں ۔ معافی مانگ لوں تو اس میں کوئی برائی نہیں ہے ۔ آپ صفحہ دس ملاحظہ فرمائیں ۔ اس میں نیچے سے چوتھی لائن پڑھ ۔

"The combined rate of Rs. 1.35 per thousand gallons has been determined after detailed negotiations with the IDA."

یہاں پر لفظ 'determined' ہے ۔ تو اگر اسے آپ تبدیل بھی کرنا چاہیں گے تو پھر اس کے لئے 'detailed negotiations' کرنی پڑیں گی I.D.A. کے ساتھ ۔ یعنی اگر آپ ڈیڑھ روپے کی بجائے ایک روپیہ انچاس پیسے کرنا چاہیں تو اس کے لئے لمبی چوڑی گفتگو I.D.A. کے ساتھ کرنی ہو گی ۔ ان کے ساتھ لمبی negotiations کرنی ہوں گی کہ لاہور کے شہری واویلا کر رہے ہیں کہ یہ نرخ بہت زیادہ ہے اور اس میں ایک پیسے کی کمی کی جائے ۔ جب وہ ہمیں اجازت دے دیں ، ہماری اس بات کو منظور کر لیں تو بہتر جب تک I.D.A. اس کی منظوری نہیں دے گی ۔ ہماری مرکزی حکومت بھی

اس میں ایک پیسے تک کی کمی کرنے کا اختیار نہیں رکھتی ۔ چہ جائیکہ ہمارے وزیر بلدیات ایسا کر سکیں جو کہ میری ہی طرح اس معاملے میں مجبور اور بے اختیار ہیں ۔ اس معاملے میں مجھ میں اور ان میں چنداں فرق نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ صاحب ! اس طرح تو آپ نے شیڈول پر ہماری بحث مختصر کر دی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ بہت مختصر کر دی ہے ۔ اب یہ بحث بے کار ہو گئی ہے ۔ میں آپ کی وساطت سے ملک اختر صاحب سے یہ درخواست کروں گا کہ وہ آج ہی لاہور کے باسیوں کو اشتہارات کے ذریعے آگاہ کر دیں اور یہ اعلان کر دیں کہ یہ حکومت یا لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ یا ہماری قومی حکومت یہاں کے باشندوں سے آب رسانی یا نالیوں کی صفائی وغیرہ کے لیے جو شرح وصول کرتی ہے اس شرح میں کسی قسم کی کمی بیشی ہی کر سکتی ہے ۔ میں یہ گذارش کروں گا کہ جہاں ہماری گورنمنٹ نے ایسی شرائط قبول کر لی ہیں اور یہ ترمیم بھی قبول کر لی ہے کہ I.D.A. کا نام اس آرڈیننس سے کاٹ دیں ۔ مگر میں نہایت ادب کے ساتھ یہ بھی عرض کروں گا کہ ہمیں یہ مجبوریاں کیوں ہیں کہ ہم پنتیس لاکھ ڈالر یعنی تقریباً ایک کروڑ ساٹھ لاکھ روپے کا زر مبادلہ قرض لے رہے ہیں ۔ اگر ہم ویسے ہی اس رقم کا انتظام نہیں کر سکتے تو اتنا سستا اپنی آزادی کو کیوں فروخت کر رہے ہیں ۔ ہم اپنی خود داری کو اس قلیل رقم کے عوض فروخت کر رہے ہیں ۔ ہم نے اپنی قومی حمیت کو فروخت کیا ہے ہم

نے اپنی آزادی کے اساس کو کھو کھلا کر دیا ہے اور ہم نے اپنے آپ کو ان شرائط میں جکڑ لیا ہے اور اپنے آپ کو بے بس کر دیا ہے ۔ میں نے صدر صاحب کا وہ قول اس ایوان میں پڑھا تھا کہ یہ قرضے یا امداد بغیر strings کے بغیر تاروں کے نہیں ہوتی ہے اس میں قوموں کو جکڑ لیا جاتا تھا میں نے یہ بھی عرض کیا تھا کہ امریکن امپیریازم انگریزوں سے مختلف ہے ۔ انگریز فوج کے ذریعے محکوم بناتے تھے لیکن امریکن اپنے ڈالروں کے ذریعے ایسا کرتے ہیں ۔ میرے پاس جناب صدر کا یہ قول اس وقت موجود نہیں کہ میں اسے آپ کے سامنے پڑھ دیتا مگر میں اب پھر اس بات کا اعادہ کرتا ہوں کہ اگر ہم اقتصادی طور پر اپنی آزادی کھو دیں گے تو اس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ ہم ، یاسی طور پر اپنی آزادی کھو دیں گے ۔ میں آج اس ایوان میں کھڑے ہو کر لاہور کے سترہ لاکھ افراد سے اپیل کروں گا کہ بلیک مارکیٹ سے ، اسے بلیک مارکیٹ نہیں کہتے ، بونس وؤچرز خرید کر اس امپروومنٹ ٹرسٹ کے لئے پنتیس لاکھ ڈالر کی رقم مہیا کر دیں اور اس جکڑ بندی سے محفوظ ہو جائیں ڈیڑھ کروڑ کی رقم کیا اس سے دگنی ہو کر یعنی تین کروڑ بھی ہو سکتی ہے ۔ ہمارے ملک میں ایسے لوگ ہیں کہ وہ اس رقم کو مہیا کر سکتے ہیں بشرطیکہ ان میں قومی غیرت اور حمیت موجود ہو ۔ جناب والا ۔ ہم اپنی آزادی کا سودا کرنے کے لئے کسی طرح بھی تیار نہیں ہیں ۔ میں لاہور میں بسنے والے سترہ لاکھ شہریوں سے درخواست کروں گا کہ وہ ان حدود و قیود سے اسی وقت بچ سکتے ہیں کہ جب وہ لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کو یہ مطلوبہ پنتیس لاکھ

ڈالر کا زرمبادلہ مہیا کر دیں ۔ میری دوسری درخواست جناب وزیر بلدیات سے یہ ہے کہ خدارا اس لاہور شہر کو بچا لیں اور اسکی صورت یہ ہے کہ یہاں پر اچھے گٹر نہ سہی ، یہاں پر پانی کی کمی سہی ، یہاں پر صفائی کا فقدان سہی ، ہمیں یہاں پر اس قسم کی improvement اور اس قسم کی ترقی پسند نہیں ہے ۔ یہ ہمیں گوارہ نہیں ہے کہ وہ ہمیں یہ سب چیزیں اس قیمت پر دیں ، ہمیں ان شرائط پر دیں جو میں نے ابھی ابھی اس ایوان میں بیان کی ہیں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں نہایت دردمندانہ اپیل کروں گا ، بالخصوص قائد ایوان سے اور وزراء سے جو اسوقت میرے سامنے بیٹھے ہوئے ہیں کہ خدارا اس نام نہاد ترقی کو اس ملک پر مسلط نہ کریں کہ جس ترقی سے ملک کی آزادی خطرے میں پڑ جائے ، جس سے ملک کی غیرت خطرے میں پڑ جائے ۔ جس سے ملک کی حمیت کا سودا ہو جائے ۔ اس سے تو بہتر ہے کہ ہم جھونپڑیوں میں رہیں ، بہتر ہے کہ ہم جوہڑوں کا پانی پئیں ، ہم دریائے راوی کا پانی پی سکتے ہیں ۔ اگر ہمارا ایمان سلامت ہے تو ہم یہ پانی پی کر بھی زندہ رہ سکتے ہیں ۔ لیکن جناب وزیر صاحب ہمیں اپنی آزادی پسند ہے ۔ ہمیں دریا کا پانی پینا منظور ہے مگر مجھے وہ مقطر کیا ہوا پانی پینا قبول نہیں ہے جس سے کہ ہم اپنی آزادی کھو دیں ۔

وزیر بلدیات ۔ یہ نا درست ہے ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور ۔ ۶) ۔ جناب سپیکر ۔ جناب سردار محمد اشرف خان صاحب نے جو حکومت کی جانب سے ترمیم پیش کی ہے میرے نزدیک جو معاہدہ ہماری حکومت آئی ۔ ڈی اے کے ساتھ کر چکی ہے اسے

منسوخ نہیں کیا جائے گا اور اس میں بنیادی تبدیلی نہیں کی جا سکے گی اس لیے یہ ترمیم بالکل بے معنی ہوگی ۔

جناب سپیکر ۔ میں انتہائی افسوس کے ساتھ عرض کرتا ہوں کہ جمعہ کے روز ایوان میں اس سکیم پر جو نکتہ چینی کی گئی تھی اس کی بڑی وجہ یہ بیان کی گئی تھی کہ ملکی ، مادی اور ذہنی وسائل کا سہارا نہیں لیا گیا اور محض ذہنی غلامی کا شکار ہونے کی بنا پر اس قسم کی اقتصادی غلامی کو ترجیح دی گئی ہے ۔ یہ اتفاق کی بات ہے کہ جناب وزیر بنیادی جمہوریت ساہیوال سے تعلق رکھتے ہیں ۔ مجھے علم ہے کہ حال ہی میں انہوں نے اپنے ضلع کا نام منٹگمری سے بدل کر ساہیوال رکھ دیا ہے اور اس کار خیر میں بہت دلچسپی لی ہے لیکن میں ان کی اطلاع کے لیے عرض کردوں کہ اس ماہ کے آغاز میں مجھے اس ضلع میں جانے کا اتفاق ہوا میں نے ہڑپہ کے کھنڈرات دیکھے ۔ مجھے وہاں جا کر کوئی تعجب نہیں ہوا لیکن ایوان کو تعجب ہوگا کہ آج سے ہزارہا سال پہلے کی آبادی میں پانی کے زیر زمین نکاس کا منظم اہتمام تھا ۔ آج اس بیسویں صدی میں اور ہمیں آزاد ہوئے بھی تقریباً بیس سال ہو گئے ہیں اس ایوان میں جو برملا اعلان کیا گیا ہے کہ ہمارے ملک کے انجنیئر ناکارہ اور نکمے ہیں اور Feasibility Report تیار کرنے پر جو لکھوکھا روپیہ غیر ملکوں کو ادا کرنا پڑا ہے بلکہ ادھار کھانا پڑا ہے اس سے بڑی بے عزتی یا ہماری قومی غیرت کو اس سے بڑا چیلنج اور کیا ہو سکتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میں یہ بات کہنے پر مجبور ہوں کہ جناب وزیر بلدیات

بہت اچھی اور لمبی تقریروں کے عادی ہیں لیکن ہماری معروضات اور اعتراضات پر انھوں نے ایک لفظ بھی نہیں کہا ۔ میرے قائد محترم نے یہ فرمایا ہے کہ ہم غلاظت میں رہنے کو تیار ہیں یا گندہ پانی پینے کو تیار ہیں ۔ میں ان کی اس بات کو تسلیم نہیں کرتا ۔ میں اس معزز ایوان میں برملا عرض کرتا ہوں کہ ہماری قوم اس حد تک ترقی کر چکی ہے اور اللہ تعالیٰ نے ہمیں ایسی جسمانی اور ذہنی قوتیں عطا کی ہیں کہ اگر ہم ارادہ کریں اور اس قسم کی سکیموں بلکہ اس سے بھی زیادہ پیچیدہ سکیموں کو اپنے وسائل سے عملی جامہ پہنا سکتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ اگر اس سکیم پر ۱۹۶۵ سے پہلے عمل درآمد ہونا ہوتا تو اس کے لیے میں کوئی جواز سمجھ سکتا تھا ۔ میں مانتا ہوں کہ اس سکیم کی جو تیاریاں کی گئی ہیں اور Feasibility Report تیار کی گئی ہے ۔ وہ ۱۹۶۵ سے پہلے تھی ۔ لیکن ۱۹۶۵ کے بعد جب ہم نے دیکھا کہ ہماری آزادی کو خطرہ ہے اور امریکہ ہمارا دوست نہیں بلکہ دشمن ہے تو جہاں تک عمل درآمد کا تعلق ہے ہمارے لیے لازم تھا کہ ہم اپنے ملک کی آزادی کی حفاظت کرتے اور اس میں بنیادی انقلابی تبدیلی کرتے ۔ میں نہیں سمجھ سکتا کہ ان حالات کے ہوتے ہوئے ہماری قوم اس ۴۳ کروڑ روپیہ کی سکیم کو کیوں اپنانا چاہتی ہے ۔ جس کی قطعاً کوئی ضرورت نہیں ۔

جناب سپیکر ۔ جناب اشرف صاحب نے آئی ۔ ڈی ۔ اے سے اجازت لینے کی گنجائش کو حذف کر دیا ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ تمام کا تمام

معاهدہ بعینہ موجود ہے - جہاں تک میری ذات کا تعلق ہے مجھے یقین ہے کہ ۴۲ کروڑ روپیہ کی سکیم پر جب ہم عمل کریں گے یا اسے عملی جامہ پہنائیں گے تو جیسا کہ خواجہ صاحب نے بجا طور پر فرمایا ہے کہ لازمی طور پر جو قرضہ امریکہ سے لیا جائے وہ تمام کا تمام tied loans کی صورت میں ہوتا ہے اس کے تحت ہم مجبور ہوں گے کہ تمام کی تمام مشینری امریکہ کی من مانی شرائط کے مطابق من مانے نرخوں پر امریکہ سے خریدیں ہم مجبور ہوں گے کہ ان کے لوگوں کو ملازم رکھیں -

ہم مجبور ہوں گے کہ مشینری کے نصب کرنے والوں کو بھاری تنخواہیں - اور آپ جیسے وزیروں کی موجودگی میں امریکہ کی ہر بات مانی جائے گی - یہ جو ۴۲ کروڑ روپیہ خرچ کرنے کی تجویز ہے اس میں سے لاہور یا اہالیان لاہور پر زیادہ سے زیادہ دس کروڑ روپیہ خرچ ہوگا اور باقی ۳۲ کروڑ روپیہ اس معاہدہ کی بنا پر تمام کا تمام ضائع ہوگا - آپ اس قوم کو رہن رکھ رہے ہیں - اس معاہدہ کی رو سے وزیر بلدیات پر یہ بھی فرض عائد ہوتا ہے کہ یہ رقومات امریکہ پہنچائی جائیں - آپ جب یہ قرضہ ادا کریں گے یہ اس وقت تک ادا نہ ہو سکے گا جب تک اس کے بدلے میں اپنی قیمتی چیزیں امریکہ کو برآمد نہ کریں گے - اس سے بڑھ کر ظلم اور کیا ہو سکتا ہے -

حقیقت یہ ہے کہ ہم اپنی ملکی اور قومی مجبوریوں کے پیش نظر ۱۰ کروڑ روپیہ میں لوہا اور مشینری بیرونی ممالک سے درآمد کرکے اپنے

انجینئر سے اپنے حالات اور منشا کے مطابق اس کام کو سر انجام دے سکتے تھے جس کو ہماری حکومت ۲۴ کروڑ روپیہ میں سر انجام دے گی۔

اس کے ساتھ ساتھ اھالیان لاھور اس حد تک پابند کیے جائیں گے کہ پہلے تو پانی کے نرخوں میں اضافہ ھوگا پھر اس قرضہ کو ادا کرنے کے لیے ٹیکس حکومت لگائے گی انھیں وہ بھی ادا کرنا ھوگا۔ لیکن میں پھر انتہائی افسوس کے ساتھ یہ کہتا ھوں کہ ھماری حکومت کا فرض تھا کہ اس قسم کی سکیم یا اس قسم کا معاھدہ کرنے سے پہلے جیسا کہ آپ اپنے آپ کو ایک جمہوری حکومت کا وزیر کہتے ھیں ان لوگوں کو جو اس سے متاثر ھوں گے بروقت مطلع کرتے اور ان کی رائے لیتے لیکن آپ کی جمہوریت نوازی کا تو یہ حال ھے کہ آپ نے اس ایوان تک کو اعتماد میں نہیں لیا اور آپ نے یہ رپورٹ اسوقت اس ایوان میں پیش کی ھے جب خواجہ صفدر صاحب نے آپ سے مطالبہ کیا آپ اھالیان لاھور کو کیا اعتماد میں لیتے۔ آپ تو معاھدہ کرکے پابند ھو چکے ھیں آپ پانی کی وہ شرح وصول کریں گے I.D.A. آپ کو جس کا حکم کرے گا اور آپ ان کے کہنے پر چلنے کے لئے مجبور ھیں۔ اور دوسری طرف آپ اس پر بھی مجبور ھیں کہ وہ تمام کا تمام روپیہ جو اھالیان شہر سے وصول کریں گے اسے محض آپ واٹر ریٹ کی صورت میں ھی نہیں بلکہ جنرل ٹیکس کی صورت میں لاھور میونسپل کارپوریشن آرڈیننس کے تحت لگا سکتے ھیں۔ جناب سپیکر۔ از حد افسوس ھے اور میں سمجھتا ھوں کہ خواجہ صفدر صاحب نے جو فرمایا ھے کہ میں نے جو تراسیم دی ھیں وہ کسی غلط فہمی کی بنیاد پر دیں

تو اس غلط فہمی کی ذمہ داری تمام کی تمام حکومت پر ہے اگر حکومت نے اہالیان لاہور کو اعتماد میں لیا ہوتا اور آپ ہر وقت اس ایوان کو اعتماد میں لینے کی کوشش کرتے تو ہماری تمام کی تمام ترامیم اس معاہدہ کے مطابق ہوتیں ۔ یہ معاہدہ میں کہوں گا کہ آپ نے قومی غیرت کو چیلنج کرکے اور قومی غیرت کو مجروح کرکے کیا ہے اسی لیے ہمیں یہ ترامیم دینی پڑی ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ ہمارے فاضل دوستوں نے مسئلہ کے تاریک پہلو کو دیکھنے کی کوشش کی ہے اور اس طریقہ پر دیکھنے کی کوشش کی ہے کہ اس کو وہ تاریک سے تاریک تر کرتے چلے گئے ہیں جو حقائق کے قطعی خلاف ہے ۔ انھوں نے پہلے مفروضے قائم کئے اور ان پر عمارتیں قائم کیں اور ان کو اپنے دلائل کی بنیاد قرار دیا ۔ جناب والا ۔ جب کسی مسئلہ کی بنیاد غلط ہوتی ہے تو اس کے لیے جو دلائل ہوتے ہیں وہ بھی سارے غلط ہوتے ہیں ہمارے فاضل دوست I.D.A. کو صحیح طور پر نہیں سمجھتے ہیں کہ یہ ادارہ کون سا ادارہ ہے ۔ یہ I.D.A. ہے ۔ یہ وہ ادارہ ہے جس کے بہت سے ممالک ممبر ہیں اور پاکستان بھی خدا کے فضل و کرم سے اس ادارہ کا ممبر ہے تو یہ کہنا کہ اس ادارہ کا تعلق کسی غیر ملک کے ساتھ ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ آپ تو سیٹو اور سنٹو کے بھی ممبر ہیں ۔

مسٹر سپیکر - یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ قرضے کسی غیر ملک سے نہیں لیے گئے ہیں بلکہ ایک ایسے ادارہ سے لیے گئے ہیں جس ادارہ کا پاکستان ایک باوقار ممبر ہے -

خواجہ محمد صفدر - لا حول ولا قوۃ -

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - یہ ایک کاروباری ادارہ ہے پاکستان اس کا ممبر ہے اور بہت سے ممالک بھی اس کے ممبر ہیں -

مسٹر حمزہ - پوائنٹ آف آرڈر - کیا جناب پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب یہ بتا سکتے ہیں کہ ہر وہ ملک جو ممبر ہے وہ آپ کی طرح معاہدہ کرتا ہے یا ہر ملک اپنے مفادات کو پیش نظر رکھ کر معاہدہ کرتا ہے -

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - میں یہ عرض کروں گا کہ پاکستان کے مفادات کو پیش نظر رکھ کر معاہدہ کیا گیا ہے اور عوام کے مفادات کو مکمل طور پر پیش نظر رکھ کر معاہدہ کیا گیا ہے - اس ادارے سے دنیا کے اور ممالک کے جو معاہدے ہوئے ہیں اور جن شرائط پر ہوئے ہیں پاکستان کے شرائط ان سے بہتر ہیں کم تر نہیں ہیں - میں یقین دلاتا ہوں اور میں ان سے عرض کرتا ہوں کہ ہم نے جن شرائط پر قرض لیا ہے اس سے زیادہ کڑی شرطیں ماننے کے لئے دوسرے ممالک تیار

تھے۔ مگر چونکہ پاکستان کا جو ساتھ پنج سالہ منصوبہ تھا اس کی کارگذاری اتنی اعلیٰ تھی اس کی وجہ سے I.D.A نے جو ظاہر کیا ہے ایک کاروباری ادارہ ہے .....

خواجہ محمد صفدر ۔ کیا یہ اس واقعہ ہے کہ global stratigy کے لحاظ سے ہم کو قرضوں میں جکڑا جا رہا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آرڈر ۔ آرڈر ۔

Minister for Labour & Jails : Point of order Sir.

Sir, I will request the Members of the Opposition to see that whenever they raise points of order they must raise some really good points of order. They just raise point of order only to interrupt the Minister. I would, therefore, request them to listen to the Minister with patience as we have been listening to their speeches with all the patience at our command. So I again request that they should not interrupt whenth the Minister is delivering a speech.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس ادارے کے قرضہ جات میں سیاسی معاملات آ ہی نہیں سکتے ۔ میرے فاضل دوستوں نے اس ادارے کے متعلق سیاسی ڈھب سے یا سیاسی مخالفت کی بنا پر جو باتیں کہی ہیں وہ کسی اور سٹیج سے کہی جا سکتی ہیں ۔ اس ادارے کے بارے میں آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ اسکا پاکستان برابر کا شریک ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ کیا یہ قرضے امریکہ اور سویڈن سے حاصل نہیں کیے گئے ۔ اگر یہ انکار کریں تو میں اپنے اعتراضات کو واپس لیے لیتا ہوں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ سویڈن کا جو قرضہ ہے وہ ہمیں I.D.A. کے تحت ملا ہے ہم نے اپنے سویڈن گورنمنٹ سے نہیں لیا ہے ۔ سویڈن بھی اس ادارہ کا ممبر ہے جس ادارہ کے ہم برابر کے شریک ہیں ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ اس سلسلے میں امریکہ یا کسی ایسے ملک سے کوئی واسطہ ہی نہیں ہے اور ہم نے کسی ایسے ملک سے یہ قرضہ ہی نہیں لیا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں صفحہ دو کی طرف وزیر صاحب کی توجہ دلاتا ہوں ۔

Govt. of West Pakistan will review after ; International Bank for Reconstruction and Development.

یہ امریکن ادارہ ہے یا کوئی اور ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ میرے دوستوں کو ہر جگہ پر امریکن ہی نظر آئیں اور ہر بات میں کوئی سیاست نظر آئے اور ہر بات میں پاکستان کا وقار مجروح نظر آئے اور ہر ترقی تنزل نظر آئے تو اس میں ہمارا قصور کیا ہے ۔ میں نے یہ واضح طور پر عرض کر دیا ہے اور اسکے متعلق ساری دنیا کو علم ہے کہ I.D.A. بین الاقوامی ادارہ ہے جس کے ممبر دنیا کے بہت سے ممالک ہیں اور پاکستان بھی اسکا ممبر ہے میں سمجھتا ہوں کہ میرے دوست اس ملک کو احساس کم تری دلانا چاہتے ہیں جسکو قبول کرنے سے یہ ملک انکار کرتا ہے ۔ اگر امریکہ اسکا ممبر ہے یا امریکہ اسکا حامی ہے تو میں عرض کروں گا کہ اس کے اور

ممالک بھی ممبر ھیں پاکستان بھی اسکا برابر کا ممبر ھے دوسرے ممالک بھی یہ قرضہ لیتے ھیں اس سے انہیں یہ کیوں خیال پیدا ھوا کہ پاکستان جس ادارہ کا ایک باوقار ممبر ھے اس میں پاکستان کی حمیت مجروح ھوئی ھے ۔ میں یہ عرض کروں کہ ایسے قرضے کے لیے اور ممالک کی طرف سے بھی move ھوئی تھی لیکن ان کو یہ قرضے نہیں ملے ھم سے ایسے قرضہ جات کے لیے کوئی سیاسی وجوھات نہیں ھیں اور نہ سیاسی بنیاد پر یہ قرضہ لیا گیا ھے کیونکہ یہ ایک ملک سے قرضہ نہیں لیا گیا ھے ۔ اب میں دوسری چیز یہ عرض کروں گا کہ میرے فاضل دوستوں نے جذبات کے اظہار کے لیے کچھ ایسی باتیں منتخب کی ھیں جو شاید پبلک جلسے میں جذبات کو ابھارنے میں مدد دے سکتی تھیں لیکن اس ایوان کے فاضل ممبران کے جذبات کے خلاف وہ کسی کوشش میں کامیاب نہیں ھو سکتے انھوں نے کہا ھے کہ وہ گندہ پانی پی سکتے ھیں انھوں نے ارشاد فرمایا ھے کہ وہ غلاظت والی جگھوں میں رہ سکتے ھیں لیکن انھیں یہ قرضہ منظور نہیں ھے ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ قرضہ جات کے بارے میں یہ خیال کرنا ھی مناسب نہیں ھے ۔ کیونکہ دو قسم کے قرضہ جات ھوتے ھیں ۔ ایک تو یہ کہ اگر ھم انفرادی طور پر جائزہ لیں تو یہ کہا جا سکتا ھے کہ اگر ایک زمیندار یا ایک کاشتکار اپنی زمین کو ترقی دینے کے لیے قرضہ لیتا ھے کہ وہ اس سے ایک غیر آباد زمین کو آباد کرکے اپنی آمدنی میں اضافہ کرے گا تو اس قسم کے قرضہ کو ھم برا نہیں کہیں گے اگر کوئی شخص شادی بیاہ کرنے کے لیے قرضہ لیتا ھے اور اقتصادی ترقی اور اپنی حالت بہتر بنانے کی بجائے ۔ اپنی زمین کو آباد کرنے کی بجائے یا دوسرے

طریقہ سے اس سے استفادہ کرنے کی بجائے فضول رسومات پر خرچ کر دیتا ہے تو اس کو ہم برا سمجھتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ بھی اسی قسم کا ہے ۔ (شور اور قطع کلامیاں) ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ میرے دوستوں نے بہت کچھ ارشاد فرما دیا اب ان کو بھی چاہیے حوصلہ کہیں سے منگوا لیں اگر خود ان کے پاس یہ نہیں ہے تو یہ ہم سے لے لیں اور کم از کم اتنا حوصلہ تو رکھیں ۔ اتنے دنوں سے آپ یہ ارشاد فرما رہے ہیں اب مشکل یہ ہے کہ ہمارے دوستوں نے اپنی غلطی پر اصرار کرکے اپنے آپ کو اس طریقہ سے convince کرا لیا ہے کہ ان کو اب سچی بات سمجھنے میں دقت پیش آ رہی ہے ۔ تو جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ ۔ ۔ (قطع کلامی)

خواجہ محمد صفدر ۔ تو انہوں نے یہ سطر حذف کیوں کرائی تھی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اس کے لیے میں جناب والا عرض کرونگا میرے فاضل دوست نے آج یہ فرمایا کہ وہ گندہ پانی پینا چاہتے ہیں اور خراب جگہ پر رہنا چاہتے ہیں ۔ آج مجھے ایک بات کی بہر طور خوشی ہو رہی تھی کہ اس سے پیشتر جب سوال اٹھتا تھا یعنی یہ سوال کیا جاتا تھا کہ لاہور کی گلیاں صاف نہیں ہیں ۔ بارش ہو جائے تو کیچڑ ہوتا

ہے اور کئی مقامات پر پانی کھڑا ہو جاتا ہے اور گرمیوں میں ضرورت کے مطابق پورا پانی نہیں ملتا تو مجھے یہ خوشی ہوئی کہ اس کا انتظام کیا جا رہا ہے لیکن چونکہ میں ہوا کافر تو وہ کافر مسلمان ہوگیا والی بات ہے جب ہم ایک چیز کی کوشش کرتے ہیں وہ چیز ٹھیک چل رہی ہوتی ہے تو اعتراض ہوتا ہے کہ یہ ٹھیک نہیں چل رہی - جب ہم اس میں اصلاح کی کوشش کرتے ہیں تو یہ اعتراض ہوتا ہے کہ اصلاح کی ضرورت نہیں ہے - یہ چیز اس بات کا ثبوت ہے کہ میرے فاضل دوستوں کو اصل میں معاملات پر اختلاف کم ہوتا ہے اور اس حکومت سے اختلاف زیادہ - اس لیے یہ وہ اس صورت میں بات پیش کرتے ہیں - آج کے زمانے میں اگر کوئی شخص یہ کہے کہ وہ صفائی کے اصولوں کا خیال نہیں رکھنا چاہتا تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ بہت زیادتی کرتا ہے - یہ لاہور شہر عظیم لوگوں کا شہر ہے - اس میں پاکستان کا وقار ہے یہ پاکستان کا دل ہے اور یہ وہ شہر ہے جس نے اپنی عظمتوں کے مقام کو ایک ایک موقعہ پر تسلیم کروایا ہے - یہ وہ شہر ہے جو کل ہی دنیا کے نقشے پر اس حیثیت سے ابھر کر سامنے آیا ہے یہ ان لوگوں کا شہر ہے جو ہلال استقلال کو حاصل کرنے کا حوصلہ اور عزم رکھتے ہیں (تالیاں) جنھوں نے آج نہیں بلکہ ہمیشہ اپنے مقام کو نہ صرف قائم رکھنا ہے بلکہ بلند کرنا ہے ان سے پاکستان کا وقار وابستہ ہے - ان سے ہماری اپنی شان وابستہ ہے - کیا میرے فاضل دوست مناسب سمجھتے ہیں کہ لاہور کے شہریوں کو محض اپنے جذبات میں آ کر ایسے مفید کام سے محروم کر دیا جائے - جناب والا - لاہور ایک ایسا شہر ہے جو بارڈر پر واقع ہے -

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ کیا وزیر بلدیات یہ بتانے کی زحمت گوارا کر سکتے ہیں کہ لاہور والے جن کی آپ اتنی تعریف کر رہے ہیں ان میں اتنی عقل و فہم نہیں ہے کہ وہ اپنے لیے پانی کا انتظام کر سکیں ۔

Mr. Speaker : This is not a point of order.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ حقائق کو تسلیم کرنے کا حوصلہ بھی کوئی پیدا کرے ۔ اعتراض کرنے کا بڑا حوصلہ ہے میرے فاضل دوستوں کو مگر سننے کا حوصلہ نہیں ہے ۔ یہ بات خود اس بات کی دلیل ہے کہ میرے دوستوں کی نیچے کی زمین اتنی کمزور ہے میری جرأت ہے کہ ان کے ذہن کتنے کمزور ہیں کہ وہ جائز بات کو بھی ماننے کو تیار نہیں ہوتے ۔ تو جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ وہ شہر جو بارڈر پر واقع ہے جو پاکستان کی سرحد پر واقع ہے اور جس نے ہر وقت ہنگامی حالات کیلئے تیار رہنا ہے اس کے بارے میں میرے فاضل دوست یہ ارشاد فرماتے ہیں کہ یہاں پانی کا انتظام نہ کیا جائے ۔ یہاں صفائی کا انتظام نہ کیا جائے ۔ میں جناب والا یہ عرض کروں گا کہ ہم نے ان تمام ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے اس تجویز کے متعلق پورے زور کے ساتھ فیصلہ کیا کہ لاہور کے شہریوں کے لیے اس بات کی انتہائی ضرورت ہے اور یہ ضروری ہے کہ آج ہی اس پر عمل درآمد شروع کر دیا جائے ۔ میرے دوست اپنے جذبات میں آ کر کہہ سکتے ہیں کہ ان کو پانی کی ضرورت نہیں مگر میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ انسانوں کے زندہ رہنے کے لیے پانی

اس کی بنیادی ضرورتوں میں سے ایک ہے صفائی کا معاملہ جناب والا اپنی جگہ پر ہے ۔ بہر صورت اپنے وسائل کے مطابق ہمارے مقامی ادارے پوری کوشش کرتے ہیں کہ لوگوں کو سہولتیں میسر ہوں اور میرا خیال ہے کہ ''پیپل'' میں ان کو خدا کے فضل و کرم سے تمام وہ سہولتیں میسر ہیں ۔ میں ان کی خدمت میں یہ عرض کروں کہ وہ نل جس سے وہ ہر روز پانی پیتے ہیں جس سے وہ نہاتے ہیں جس کے ذریعے وہ اپنی صبح کی ضروریات پوری کرتے ہیں وہ ساری چیزیں یونہی نہیں بن گئیں ۔ کسی نے ان کے بارے میں سوچا تھا ۔ کسی نے ان کے بارے میں منصوبہ بنایا تھا ۔ کسی نے ان پر کچھ خرچ کیا تھا ۔ تب وہ ضروریات مہیا ہوئیں ۔ لاہور کی آبادی بڑھ رہی ہے ۔ لاہور کی ضروریات بڑھ رہی ہیں ۔ ان کے مطابق پانی کے مسئلے کو بھی ترقی دینے کی ضرورت ہے ۔ آئندہ کے لئے اس بارے میں ضروریات کو پورا کرنے کی ضرورت ہے اس لئے کہ اگر آج یہ چیز نہ کی جائے گی تو کئی جگہوں پر جناب والا نل ۴۰—۵۰—۶۰—۷۰ سال سے لگے ہوئے ہیں اگر وہ کسی وقت پھٹ جائیں تو جن لوگوں کو پانی نہیں ملے گا انہیں بے پناہ تکلیف کا سامنا کرنا پڑے گا ۔ میں اپنے فاضل دوستوں کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ اس ملک کا ہر فرد ہمیں عزیز ہے ۔ اگر ایک جگہ پر نل پھٹتا ہے اگر ایک محلے کو پانی نہیں ملتا تو ہمیں اس سے زیادہ تکلیف ہوتی ہے ۔ ہم چاہتے ہیں کہ لاہور کے شہریوں کو صاف ستھرا صحت کے لحاظ سے مفید پانی ملے اور صفائی کا پورا انتظام ہو ۔ یہ اس لئے ضروری ہے کہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہماری قوم ایک صحت مند قوم ہو ۔

مسٹر حمزہ ۔ اور روپیہ امریکہ بہادر کا ہو ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہم صحت مند پاکستانی پیدا کریں اور ان کی صحت کا خیال رکھیں کیوں کہ بغیر صحت کے کچھ بھی نہیں ہو سکتا ۔

خان ملنگ خان ۔ کیا ملک اختر لاہور proper کے رہنے والے نہیں ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اسی لئے ہم چاہتے ہیں کہ لاہور کے شہریوں کی صحت اچھی ہو اور بہتر ہو ۔

Malik Muhammad Akhtar : Mr. Speaker, Sir.

Mr. Speaker : Is the Member on a point of personal explanation ?

Malik Muhammad Akhtar : Certainly Sir.

Mr. Speaker : He may please state his point of personal explanation.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں لاہور کا رہنے والا ہوں لیکن ساہیوال کے وزیر سے بہت تکڑا ہوں ۔ (قہقہے)

چودھری محمد نواز ۔ حضور والا ۔ ملک اختر صاحب کی کمزور صحت کے پیش نظر یہ ساری سکیم لاہور میں نافذ کی جا رہی ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ تو جناب والا ۔ میں عرض کر رہا تھا

کہ صحت کا درست ہونا نہایت ضروری ہے ۔ ایک طالب علم نے تعلیم حاصل کرنی ہے اگر اس کی صحت اچھی نہ ہو گی تو وہ تعلیم حاصل نہیں کر سکے گا ۔ اگر سپاہی کی صحت درست نہیں ہے تو وہ میدان جنگ میں نہیں لڑ سکتا ۔ انجنیئر کی صحت درست نہ ہو تو وہ اپنا کام نہیں کر سکتا ۔ اگر پبلک کا نمائندہ تندرست نہ ہو تو وہ عوام کی خدمت نہیں کر سکتا ۔

مسٹر حمزہ ۔ اور وہ حکومت جس کی صحت درست نہ ہو اس قسم کے معاہدے کرتی ہے (قہقہے)

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ ایک چیز کے بارے میں بار بار اعتراض فرمایا گیا کہ یہ حکومت عوام کے جذبات کا خیال نہیں کرتی جناب والا ۔ انہیں ایک چیز کے متعلق ایک بڑا احساس رہتا ہے کہ ''اختیار نہیں ہے'' مثلاً عوام کی بات ہو گی تو کہیں گے کہ عوام کو اختیار نہیں ۔ محض ایوان کی بات ہو گی تو ارشاد فرمائیں گے کہ اس ایوان کو اختیار نہیں ۔ اس حکومت کی بات ہوتی ہے تو فرماتے ہیں اس حکومت کو اختیار نہیں ۔ مرکزی حکومت کی بات ہوتی ہے تو فرماتے ہیں کہ اس کو اختیار نہیں لیکن جناب والا میں آپ کی وساطت سے اپنے دوستوں کو اطلاع دوں گا کہ چونکہ آپ کے ساتھ عوام کی اکثریت نہیں ہے اس لئے آپ کے پاس واقعی اختیار نہیں ہے اور آپ اس بات کو sub-jectively لیتے ہیں ۔ آپ کو ہر مقام پر بے اختیاری ہی بے اختیاری نظر آتی ہے ۔ مجھے آپ کی بے اختیاری سے ہمدردی ہے لیکن عوام کی اکثریت

جس طرف ہو گی جمہوریت اس کو بااختیار سمجھتی ہے وہی جمہوریت ہے اسی کو عوام کی رائے کہتے ہیں ۔ جناب والا ۔ لاہور کے مسائل اہم ہیں ۔ اس لئے مجھے اجازت دی جائے (قطع کلامی)

حاجی سردار عطا محمد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ منسٹر صاحب کو داد مل گئی اور سب نے ان کی تائید کی تو پھر تقریر کس چیز کی ہے ۔

Mr. Speaker : This is not a point of order.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ ہمارے دوستوں کو تقریریں کرنے کی اس قدر عادت ہو گئی ہے کہ وہ تقریر سننا برداشت نہیں کر سکتے وہ تقریر ہم پر مسلط کر سکتے ہیں ۔ وہ فرماتے ہیں کہ عوام کو اس سلسلے میں اعتماد میں نہیں لیا گیا ۔ مگر میں چاہوں گا کہ میرے فاضل دوست اس چیز کو اپنے ذہن میں رکھیں کہ جو چیز ایوان چاہے گا وہی ہو گی ۔ جو چیز یہ ایوان نہیں چاہے گا وہ نہیں ہو گی ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں نے معاہدے کی بات کی ہے کہ اس میں یہ شرائط ہیں یا نہیں ہیں ۔ ایوان کی اجازت کا سوال نہیں ویسے میں جانتا ہوں کہ ایوان جو چاہے وہ کر سکتا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ میں عرض کرتا ہوں جناب والا کہ جتنی شرائط ہیں وہ اس چیز کے تابع ہیں کہ اس ایوان کو وہ شرائط منظور

ہیں یا نہیں ۔ اگر نہیں منظور تو وہ ختم ہو جاتی ہیں اور اگر ایوان کو منظور ہیں تو وہ شرائط نہیں رہیں گی ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ شرائط پر ایوان ووٹ نہیں دے سکتا ۔ ایوان میں صرف ایک ہی بات پیش ہوئی ہے جس کو واپس لے لیا گیا ہے ۔

Minister of Basic Democracies : Sir, I have now to speak on a point of order. While another Member is speaking, just a sentence or a word is, of course, admissible under the Rules of Procedure, under the conventions and traditions, but I would submit that in the course of a speech being delivered speeches are not permissible and they should not be allowed.

تو میں جناب والا دوسری بات یہ عرض کر رہا تھا . . . . .

Minister of Labour : And atleast from the Leader of the Opposition.

Mr. Speaker : That was not a speech.

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے ایک ضروری گذارش پیش کرنے کے لئے یہ پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا ہے کہ جب وزیر صاحب خواہ کوئی بھی ہوں۔۔جب وہ بحث ختم کرتے ہیں تو ان کے بعد ہمیں جواب دینے کا حق ہونا چاہئیے ۔ آپ نے یہ فرمایا تھا کہ ہمیں اس قسم کا کوئی حق نہیں ۔ اس پر خواجہ صاحب نے آپ کی خدمت میں کچھ رولنگ پیش کئے تھے اور آپ نے فرمایا تھا کہ اس بارے میں آئندہ رائے دوں گا ۔ جناب سپیکر ۔ ہمیں دقت یہ ہے کہ ہماری طرف سے جب تقاریر ہوتی ہیں اس کا جواب تو جناب وزیر دے سکتے ہیں ۔ لیکن جب وزیر صاحب تقریر

کرتے ہیں اور بعض باتیں فرماتے ہیں ۔ تو ہم ان کا جواب نہیں دے سکتے ۔ یہ ہماری مجبوری ہے ۔ جناب اس پر غور کریں اور اگر ہو سکے تو اس کی تھوڑی بہت تصحیح کر دیں ۔ اپنی اس مجبوری یا معذوری کی وجہ سے ہمیں ان کی تقریر میں بات کرنی پڑتی ہے ۔ امید ہے آپ ہماری اس مجبوری کا احساس کریں گے ۔

مسٹر سپیکر ۔ جہاں تک interruptions کا تعلق ہے وہ تو ہر ہاؤس میں ہوتی ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ میرا اعتراض interruptions پر نہیں تھا میرا اعتراض یہ تھا کہ وہ تقریر میں تقریر نہ کریں ۔

Mr, Speaker : But those should not be lengthy interruptions.

چودھری محمد نواز ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ حمزہ صاحب نے فرمایا ہے کہ ان کی چند مجبوریاں ہیں اس لئے جب ایوان میں اس طرف سے کوئی تقریر ہوتی ہے تو وہ اسے بار بار interrupt کرتے ہیں ۔ تو میں ان سے پوچھتا ہوں کہ کیا کوئی ایسے رولز ہیں کہ جب اس طرف سے کوئی ممبر تقریر کریں تو وہ اس میں بار بار مداخلت کریں ۔

Mr. Speaker : Will the Minister of Basic Democracies please conclude now ?

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ میں اس ضمن میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب یہ سکیم تیار کی گئی تھی تو اس کے بارہ میں

کارپوریشن کی منظوری لی گئی تھی اور اس طرح لاہور کے عوام کو اس سلسلہ میں اعتماد میں لیا گیا تھا ۔ نہ صرف یہ بلکہ اس ایوان کے فاضل ممبر جو کارپوریشن کے ممبر تھے اور ان دنوں امپروومنٹ ٹرسٹ کے بھی ممبر تھے انھیں بھی کسی نہ کسی حیثیت میں اس میں شامل کیا گیا تھا ۔ کارپوریشن نے ۲۳ فروری ۱۹۶۵ء کو یہ فیصلہ کیا تھا کہ ہمیں یہ سکیم منظور ہے بشرطیکہ یہ اخراجات میں خود کفیل ہو اور کارپوریشن پر اس کا مالی بوجھ نہ ڈالا جائے ۔ اور قرضہ کارپوریشن کے نام پر نہ لیا جائے ۔ اس صورت میں کارپوریشن واٹر سپلائی سیوریج اور ڈرینج کی املاک بورڈ کو منتقل کرنے کے لئے تیار ہے ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ حکومت تو ہر مسئلہ میں عوام کو اعتماد میں لینا چاہتی ہے ۔ آج ہم اس سکیم کو اس ایوان میں لائے تاکہ یہ معزز ایوان اس سکیم کی باریک ترین جزئیات پر اظہار خیال کر سکے ۔ اس کے بعد جہاں کہیں کوئی مناسب ترمیم سمجھی گئی وہ کر دی گئی ہے ۔

اس میں کچھ ایسی چیزیں ہیں جن کے بارہ میں میرے فاضل دوستوں نے محض خدشات کا اظہار کیا ہے ۔ اور ان کے بارے میں یہ کہا ہے کہ اگر حکومت کو یہ اختیار حاصل ہو گیا تو یہ زیادتی ہو گی ۔ اب میں ان اختیارات کے معاملہ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں . . . . .

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ کیا جناب وزیر بلدیات از راہ کرم بتائیں گے کہ یہ جو واضح دلیل پیش کی گئی ہے کہ آپ نے یہ معاہدہ پہلے کر لیا تھا اور ایوان اس معاہدہ کو پسند نہیں کرتا ۔ اب یہ ترمیم

جس پر بحث ہو رہی ہے کیا اس کے پیش نظر آپ اس معاہدہ میں کوئی تبدیلی کریں گے ؟

Mr. Speaker : This is not question hour. The point of order is ruled out.

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - مجھے اپنے فاضل دوست سے اس بات کی توقع تھی کہ وہ احساس فرمائیں گے کہ جہاں کہیں ان کی طرف سے کوئی مناسب تجویز آئی ہے ہم نے اسے قبول کیا ہے -

خواجہ محمد صفدر - میں نے تو اس ترمیم کی تائید کی ہے - (قطع کلامی)

وزیر بنیادی جمہوریت - آپ نے تائید بھی کی ہے تو اس طریق سے کہ آخر کار آپ آئے تو یہاں ہیں لیکن کہاں کہاں کے دور دراز علاقوں سے پھر کر آئے ہیں اس سے ہمیں یہ امید بندھ گئی ہے کہ آخر کار کسی وقت جب وہ صحیح طور پر سوچیں گے تو ہماری ساری پالیسیوں سے متفق ہو جائیں گے - ع

ضد کی ہے اور بات مگر خو بری نہیں

پرائمری چارج کے بارہ میں انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ آرڈیننس میں یہ لفظ کیوں آیا - کہ ہمیں اس سلسلہ میں ایوان سے یہ اختیارات حاصل کرنے چاہئیں اور جس قدر جلد ممکن ہو انہیں حاصل کرنا چاہئے - ہم ہر چیز کے بارہ میں ایوان سے اختیارات حاصل کر رہے ہیں - جناب والا -

میں تسلیم کرتا ہوں کہ ان الفاظ کا نہ ہونا مناسب تھا لہذا میرے فاضل دوست نے اس کے مطابق ترمیم پیش کر دی ۔ خواجہ صاحب نے بھی اس بارے میں توجہ دلائی تھی۔ انورعزیز صاحب نے بھی توجہ دلائی تھی اور کئی دوستوں نے بھی اسکے متعلق فرمایا تھا چنانچہ اختلاف رائے کے اس اظہار اور بحث و تمحیص کے بعد ہم اس نتیجہ پر پہنچے کہ ان الفاظ کا نہ ہونا بہتر ہے تو ہم فوراً یہ ترمیم لے آئے اور ایوان سے درخواست کی کہ اس ترمیم کو منظور کر لیا جائے ۔ یہ بات تو ہمارے حق میں جانی چاہئے تھی ۔ پھر جناب consultants کے بارے میں انہوں نے فرمایا ہے کہ کہنے کو تو ہمارے دوست ہیں ہر وقت یہ کہتے ہیں کہ ہمیں انگریزی نہیں آتی مگر ان کا اپنا یہ حال ہے کہ یہ انگریزی کے الفاظ سے غلط مطلب اخذ کرتے ہیں میں یہ پوری کاز آپ کے سامنے پڑھتا ہوں ۔ اسمیں یہ کہیں نہیں ہے کہ management consultants کے سپرد ہو جائے گی ۔

"For the detailed design and supervision of the construction, managing and engineering consultants are being appointed."

یعنی وہ انجنیئرنگ کے بارے میں اور management کے بارہ میں con-sultants ہوں گے ۔ انہیں ان کے بارے میں سوائے مشورہ دینے اور تجویز پیش کرنے کے اور کوئی اختیارات نہیں ہوں گے ۔

پھر میرے فاضل دوستوں کو اس بات پر بھی اعتراض ہے کہ Feasibility Report پر ہم نے تیرہ لاکھ روپے فارن ایکسچینج میں دئے ۔ ہم نے تو اس کے لئے صرف پانچ لاکھ روپیہ فارن ایکسچینج میں دئے ہیں کیا وہ چاہتے

ہیں کہ ہم اتنے بڑے پراجیکٹ کو Feasibility Report بنائے بغیر اور مناسب منصوبہ بندی کئے بغیر شروع کر دیتے ۔ یہ نا مناسب تھا ۔ ایسا کرنے سے کروڑوں روپے کا ضیاع ہو سکتا ہے ۔ پھر یہ کہا گیا ہے کہ ہم نے باہر کے لوگوں سے کیوں مشورہ کیا ہے ۔ علم انسانی کسی کی میراث نہیں ۔ اور ایک دوسرے سے مشورہ لینا قطعاً بری بات نہیں ۔ آج سے بیس سال پہلے ہم غلامی میں زندگی بسر کر رہے تھے ۔ ہمیں بیس سال سے آزادی حاصل ہوئی ہے ۔ ہمیں جلد از جلد بین الاقوامی طور پر اونچے مقام پر جانا ہے ۔ ہم نے سارے علوم کو جلد از جلد حاصل کرنا ہے ۔ اگر ہمیں باہر سے کوئی چیز ملتی ہے تو وہ ہم کیوں نہ لے لیں ۔ آج کی دنیا میں کوئی ایک دوسرے سے الگ تھلگ نہیں رہ سکتا ۔ ہمارے رسول پاک نے چودہ سو سال پیشتر فرمایا تھا کہ علم حاصل کیجئے خواہ اس کے لئے چین تک جانا پڑے ۔ علم انسانی کے بارہ میں کوئی شخص یہ نہیں کہہ سکتا کہ وہ حرف آخر ہے ۔ اس لئے اس سکیم کے بارہ میں اگر بیرونی ممالک سے مشورہ حاصل کیا گیا تو وہ لاہور کے شہریوں کے عین فائدہ میں ہے ۔

پھر میرے فاضل دوست خواہ مخواہ بعض ایسی چیزیں لے آئے ہیں جن کا اس سکیم کی نسبت سیاسی اختلافات سے زیادہ تعلق ہے ۔ ان کے بارے میں میں کچھ عرض نہیں کروں گا ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں ایوان کی خدمت میں یہ گزارش کروں گا کہ اس ترمیم کو منظور فرما لیا جائے ۔

Mr. Speaker : There has been a very good debate. Now, I will put the amendment to the vote of the House.

The question is—

That for section 10 of the Greater Lahore Water Supply, Sewerage and Drainage Ordinance, 1967, the following be substituted, namely :—

"10. When the scheme has been completed to the satisfaction of Government, functions with regard to water supply, sewerage and drainage may be transferred by it to the Municipal Committee, and the consequences which ensue upon such transfer, including the assets and liabilities, shall be duly determined and specified by the Government, and the same shall be given effect to by the parties".

The motion was carried.

Mr. Speaker : In view of the decision on this amendment, amendments No. 5 and 6, standing in the name of Malik Muhammad Akhtar and Khawaja Muhammad Safdar, are ruled out of order.

We will now take up Schedule I and the first amendment to Schedule I is by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : I beg to move—

That for Schedule I of the Greater Lahore Water Supply, Sewerage and Drainage Ordinance, 1967, the following be substituted, namely :—

"SCHEDULE I

[SEE SUB-SECTION (2) OF SECTION 4]

ARRANGEMENT

A-Engineering Sections

(a) *Capital Works*—The capital works of water supply and sewerage of Municipal Committee in the budget of 1966-67 shall be covered as under :—

(i) *Works in Progress*—The Water Supply, Sewerage and Drainage works in progress shall be transferred from Municipal Committee to Trust together with adequate funds, expenditure statements,

contract documents, work arrangements, etc., within three weeks of promulgation of thisOrdinance. The Trust shall, how ever, scrutinize these in the light of over-all Scheme.

(*ii*) *Works budgeted but not taken in hand*—In case the Municipal Committee consider that certain works relating to water supply, sewerage and drainage provided in the budget of 1966-67, are essential, and that these should be executed during the current financial year the sanctioned funds shall be transferred to the Trust for execution thereof. The Trust shall, however, scrutinize these planned works in the light of over-all scheme.

(*b*) The present Municipal Water Supply, Sewerage and Drainage works and installation which are incharge of Lahore Municipal Corporation shall continue to be administered by the Corporation."

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is—

That for Schedule I of the Greater Lahore Water Supply, Sewerage and Drainage Ordinance, 1967, the following be substituted, namely :—

"SCHEDULE I

[SEE SUB-SECTION (2) OF SECTION 4]

ARRANGEMENT

A-Engineering Sections

(*a*) *Capital Works*—The capital works of water supply and sewerage of Municipal Committee in the budget of 1966-67 shall be covered as under :—

(*i*) *Works in Progress*—The Water Supply, Sewerage and Drainage works in progress shall be transferred from Municipal Committee to Trust together with adequate funds, expenditure statements, contract documents, work arrangements, etc., within three weeks of promulgation of this Ordinance. The Trust shall, however, scrutinize these planned works in the light of over-all Scheme.

(*ii*) *Works budgeted but not taken in hand*—In case the Municipal Committee consider that certain works relating to water supply, sewerage and drainage provided in the budget of 1966-67, are

essential, and that these should be executed during the current financial year the sanctioned funds shall be transferred to the Trust for execution thereof. The Trust shall, however, scrutinize these planned works in the light of over-all scheme.

(b) The present Municipal Water Supply, Sewerage and Drainage works and installation which are incharge of Lahore Municipal Corporation shall continue to be administered by the Corporation."

Minister of Basic Democracies : Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر - یہ بڑا ہی اہم اور لمبا شیڈول ہے جس کے لئے میں نے متبادل تجویز پیش کی ہے - میرا بنیادی مقصد اس متبادل شیڈول سے یہ ہے جیسا کہ میں نے opening lines میں کہا ہے کہ

That for Schedule I of the Greater Lahore Water Supply, Sewerage and Drainage Ordinance, 1967, the following the substituted..."

یعنی اس سب کلاز سے میرے دو مقاصد ہیں - ایک تو اس ہنگامی قانون کے شیڈول نمبر ۱ کے اصولوں سے اختلاف ہے دوسرے نئی تجویز جسکو میں نے پیش کیا ہے - آپ غور فرمائیں کہ میں نے اوریجنل شیڈول کی کلازز (اے) (بی) (سی) کی مخالفت کی ہے اور میں نے کہا ہے کہ ان کو نئے شیڈول میں شامل نہیں کرنا چاہئے -

جناب سپیکر - آپ اوریجنل شیڈول کو ملاحظہ فرمائیں تو سب سے پہلی کلاز کو میں متبادل کلاز کے ذریعہ حذف کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ

"Installations in charge of Municipal Committee. The installations in the charge of the Municipal Committee staff, together with the Engineer-

ing Divisions/Sub-Divisions which include personnel, i.e, Engineers, technicians, clerical staff shall be transferred to the Trust along with stores in hand with three weeks of promulgation of this Ordinance. The Municipal Committee shall prepare and deliver to the Trust lists of staff, installations and stores within two weeks of the promulgation of this Ordinance."

ایوان میں جس قدر سیر حاصل بحث ہوئی ہے کم از کم میں اس کیلئے کافی دیر سے انتظار میں تھا اور میں جناب وزیر بلدیات صاحب کا ممنون و مشکور ہوں کہ وہ بالاخر اسی نتیجہ پر پہنچے ہیں جہاں ہم آغاز میں پہنچنا چاہتے تھے ۔ کل انہوں نے بھی کہا ہے اور ہم نے بہت کچھ کہا ہے اور یہ تبادلہ خیالات ہی پارلیمانی روایات ہیں ۔ اب شیڈول "اے" کے ساتھ باھمی ٹرانسفر کرنا ہے ۔

Point of order. There is no quorum in the House.

Mr. Speaker : Normally, when a Member is speaking he does not himself point out that there is no quorum in the House or, at least, that point should not be raised by him.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہاؤس بغیر کورم کے چلتا رہے ۔

Mr. Speaker : Let there be a count (*count was taken*). The House is not in quorum. Let the bells be rung (*bells were rung*). The House is now in quorum.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ آپ ملاحظہ فرمائیں کہ سب سے اول شیڈول کی پہلی دفعہ میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ لاہور میونسپل کمیٹی کے سٹاف کو ٹرانسفر کیا جائے اور ساتھ ہی ساتھ اس کا تمام ساز و سامان جو water supply اور sewerage کے متعلق ہے اسکو بھی ٹرانسفر کر دیا جائے ۔

جناب والا ۔ مجھے جناب وزیر بلدیات کی توجہ میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس کی دفعہ ۲۱ کی طرف دلانی ہے ۔

"Notwithstanding anything contained...in this...

مسٹر سپیکر ۔ آپ اسے نہ پڑھیں ۔ صرف یہ فرمائیں کہ اس میں کیا درج ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ میں عرض کرتا ہوں جناب ۔

"Transfer of functions from Municipal Committee to the Government and vice versa."

یعنی صرف یہ کیا جا چکا ہے کہ میونسپل کمیٹی کے functions کو گورنمنٹ کی طرف منتقل کیا جا سکتا ہے ۔ وعلیٰ ھذالقیاس ۔ یعنی آرڈیننس کے ذریعے جو اختیارات حاصل کئے گئے ہیں کہ ان کو منتقل کیا جائے ۔ یہ اس آرڈیننس سے متصادم ہیں ۔ یہ کہیں بھی نہیں کہا گیا ۔ کہ

"Notwithstanding anything contained in Municipal Administration Ordinance."

اور اسکے باوجود آردیننس کی بیشتر دفعات کو over-ride کیا گیا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اسی طرح سے Servants of Committee Municipal کو transfer مقصود ہے ۔ آپ مجھے اس پر ذرا سی بات کر لینے دیجئے ۔ میں ساری دفعہ نہیں پڑھونگا ۔ صرف تھوڑا سا حوالہ دوں گا ۔

"The Government may, from time to time specify posts in Municipal Committee which shall be filled by persons belonging to the Local CouncilService constituted under article 44 in Chapter 8 part 3rd of theor der."

میں اس سے آگے نہیں پڑھنا چاہتا ۔ آرٹیکل ۴۴ کی جو دفعات ہیں (باب ۸ حصہ دوم) یعنی ۴۴ سے ۴۷ تک یہ میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس کو applicable ہوتی ہیں ۔

"There shall be constituted Local Council Service for the Divisions in such manner and subject to such conditions as may be prescribed. The Government may, from time to time specify posts in the Local Council which shall be filled by the persons belonging to the Local Council. Controlling authority may, in the prescribed terms and conditions, appoint a Secretary and one or more Principal Officers."

یعنی حکومت میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس کی دفعہ ۲۹ کے تحت جو کہ بی ۔ ڈی آرڈر کے آرٹیکل ۴۴ سے ۴۷ تک کے تابع ہے ۔ لوکل کونسل سروس constitute کر رہی ہے اور اس کے تحت یہ محض لوکل کونسل اور کونسل ڈویژنل میں پرنسپل افسروں کو تبدیل کر سکتے ہیں ۔ بی ۔ ڈی آرڈر اور میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس کے ہوتے ہوئے ان کا یہ قانون خراب ہے جنکے تحت یہ افسروں کو لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کے تابع تبدیل کر رہے ہیں اور اس کے بعد جب کہ یہ افسر تبدیل ہو جائیں گے تو یہ کہیں بھی نہیں کہا گیا کہ ان افسروں کی کیا پوزیشن ہو گی ۔ باقی جہاں تک میونسپل کمیٹی کی املاک کا تعلق ہے ۔ وہ کروڑوں روپے کی املاک جو کہ منتقل ہونگی تو اس کے متعلق بھی میں قانونی حوالہ دے چکا ہوں کہ وہ میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس کی دفعہ ۱۰ کے تحت منتقل نہیں ہو سکتی محض حکومت کے کوئی محکمہ جات میونسپل کمیٹی کی تحویل میں دئیے جا سکتے ہیں یہ حکومت اپنے محکمہ جات میونسپل کمیٹی کو منتقل کر سکتی ہے ۔

اس کے بعد مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ میری اس ترمیم کا یہ مقصد ہے کہ وہ کام جو اس وقت کارپوریشن کے بجٹ میں موجود ہیں اور ان کے لئے رقومات فراہم کی جا چکی ہیں اور یہ جو ۶۷-۱۹۶۶ء میں ہونے والے ہیں ان کاموں کو uninterrupted ہی ہونے دیا جائے اور اگر یہ کوئی کام ایسا ہی ضروری سمجھے تو اسے امپروومنٹ ٹرسٹ اپنی تحویل میں لے لے ۔ بہرحال میرے دوستوں نے جیسا ترمیم کیا ہے کہ اس میں capital works جو ۶۷-۱۹۶۶ء کے ہیں ۔ انہوں نے بھی اس کو تسلیم کیا ہے ۔ لیکن جہاں تک موجودہ نظام کا تعلق ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ نظام کافی حد تک تسلی بخش طور پر چل رہا ہے اور اسی طرح سے ایک پراجیکٹ جس کو آپ نے frame کیا ہے اس پر اعتراضات کی اتنی زیادہ بوچھاڑ نہ ہوتی ۔ آپ ۔ ایک نیا پراجیکٹ بنایا تو میونسپل کمیٹی نے ایک قراردار منظور کی ہم موجودہ نظام سے دستبردار ہونے کے لئے تیار نہیں ہیں اور وہ قراردار وزیر بلدیات نے پڑھی بھی ہے ۔ تو اس صورت میں شیڈول نمبر ۱ جمہوری اصولوں اور قدروں کے منافی ہے جس کے تحت آپ اس وقت ایک چلتے ہوئے نظام کو امپروومنٹ ٹرسٹ کے حوالے کر رہے ہیں ۔

Mr. Speaker: I will now put the amendment to the vote of the House. The question is—

That for Schedule I of the Greater Lahore Water Supply, Sewerage and Drainage Ordinance, 1967, the following be substituted, namely :—

"SCHEDULE I

(SEE SUB-SECTION (2) OF SECTION 4)

ARRANGEMENT

A-Engineering Sections

(a) Capital Works—The Capital works of water supply and sewerage of Municipal Committee in the budget of 1966-67 shall be covered as under :—

(i) Works in Progress—The Water Supply, Sewerage and Drainage works in progress shall be transferred from Municipal Committee to Trust together with adequate funds, expenditure statements, contract documents, work arrangements, etc., within three weeks of promulgation of this Ordinance. The Trust shall, however, scrutinize these in the light of over-all Scheme.

(ii) Work budgetted but not taken in hand—In case the Municipal Committee consider that certain works relating to water supply, sewerage and drainage provided in the budget of 1966-67, are essential, and that these should be executed during the current financial year the sanctioned funds shall be transferred to the Trust for execution thereof. The Trust shall, however, scrutinize these planned works in the light of over-all scheme.

(b) The present Municipal Water Supply, Sewerage and Drainage works and installation which are incharge of Lahore Municipal Corporation shall continue to be administered by the Corporation."

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next Amendment No. 9.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move :

That in Schedule I of the Greater Lahore Water Supply, Sewerage and Drainage Ordinance, 1967, in item (*d*)(*i*) the full-stop appearing at the end be replaced by a comma and the following words be added thereafter namely :—

"and if the Schemes are not approved by the Trust, the funds so received shall be returned to the Municipal Committee."

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

That in Schedule I of the Greater Lahore Water Supply, Sewerage and Drainage Ordinance, 1967, in item (*d*)(*i*) the full-stop appearing at the end be replaced by a comma and the following words be added thereafter, namely :—

"and if the Schemes are not approved by the Trust, the funds so received shall be returned to the Municipal Committee."

Minister for Basic Democracies : Sir, I oppose it, and at the same time I may explain that we have by this time examined everything with regard to this matter and the situation as apprehended by my friend is not there now because the Trust has approved almost all the schemes and there is no question of returning the money.

Khawaja Muhammad Safdar : Is it the case in all the schemes ?

Minister for Basic Democracies : Yes Sir. It is in all the cases that the schemes have been approved.

Khawaja Muhammad Safdar : I do not press the amendment.

Mr. Speaker : Then the Member should ask for leave to withdraw the amendment.

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ درست ہے ۔ جیسا کہ جناب وزیر بلدیات نے ارشاد فرمایا ہے کہ پارٹ نمبر ۱ میں جتنی بھی سکیمیں تھیں اور جاریہ کام تھے ان کی ٹرسٹ نے جانچ پڑتال کرنے کے بعد ان کو منظور کر لیا ہے اور وہ بڑی سکیم کا حصہ بن سکتی ہیں ۔ اس لئے میں اس ترمیم پر زور نہیں دیتا اور میں ایوان سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ مجھے اجازت بخشے کہ میں اپنی ترمیم واپس لے لوں ۔

Mr. Speaker : Has the Member leave of the House to withdraw his amendment.

The amendment was, by leave withdrawn.

Mr. Speaker : Next amendment.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move :

That in Schedule I of the Greater Lahore Water Supply, Sewerage and Drainage Ordinance, 1967, in item (*d*)(*ii*), the full-stop appearing at the end be replaced by a comma and the following words be added thereafter, namely :—

"and if these planned works are not approved by the Trust the funds so received shall be returned to the Municipal Committee."

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

That in Schedule I of the Greater Lahore Water Supply, Sewerage and Drainage. Ordinance, 1967, in item (*d*)(*ii*), the full-stop appearing at the end be replaced by a comma and the following words be added thereafter, namely :—

"and if these planned works are not approved by the Trust the funds so received shall be returned to the Municipal Committee."

Minister of B.D. and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : I oppose it. May I explain to the Member that no works have so far been transferred to the Trust under this sub-clause and so there is no question of returning the cost. Whatever they had provided in this Budget most of the works had been started by the Municipal Committee and those have been handed over to the Trust, and the Trust has approved the schemes. Under this sub-clause the Municipal Committee has not transferred any works. If you go through *d* (*ii*) of Schedule I it reads :

"Works budgeted but not taken in hand—In case the Municipal Committee consider that certain works relating to water supply, sewerage and drainage provided in the budget of 1966-67, are essential and that these should be executed during the current financial year the sanctioned funds shall be transferred to the Trust for execution thereof....."

This was an enabling provision so that the Municipal Committee, if it considers it necessary, may transfer these budgeted works. They have transferred it under (*i*). Under (*ii*) they have not.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I am satisfied and I ask for the leave of the House to withdraw my amendment.

Mr. Speaker : Has the Member leave of the House to withdrrw his amendment.

The amendment was by leave withdrawn.

Mr. Speaker : Next. Malik Muhammad Akhtar. He is not present in the House, and therefore, his amendment lapses. Now amendments to Schedule II. The first amendment is from Malik Muhammad Akhtar. He is not present, and the amendment. lapses. Next Amendments. Mr. Mahmood Azam Farooqi. He is not present and this amendment also lapses. Next, Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move :

That in Schedule II of the Greater Lahore Water Supply, Sewerage and Drainage Ordinance, 1967, for item I-A, the following be substituted, namely :—

"I.A. Domestic Ferrule Rates	..	1. 1/4" Ferrule Rs. 2.50 per month for upto two taps.
		2. 3 8" Ferrule Rs. 4.50 per month for upto two taps.
		3. 1/2" Ferrule Rs. 5.00 per month for upto two taps.
		4. 3/4" Ferrule Rs. 15.00 per month for upto two taps.
		5. 1" Ferrule Rs. 24.00 per month for upto two taps.
		6. 1—5 for every additional tap Rs. 0.25 per month.

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

That in Schedule II of the Greater Lahore Water Supply, Sewerage and Drainage Ordinance, 1967, for item I-A, the following be substituted namely :—

1 A. Domestic Ferrule Rates	...	1. 1'4" Ferrule Rs. 2.50 per month for upto two taps.
		2. 3/8" Ferrule Rs. 4.50 per month for upto two taps.
		3. 1/2" Ferrule Rs. 5.00 per month for upto two taps.
		4. 3/4" Ferrule Rs. 15.00 per month for upto two taps.
		5. 1" Ferrule Rs. 24.00 per month for upto two taps.
		6. I–5 for every additional tap Rs. 0.25 per month.

Minister of B.D. & Local Government : Opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ۔۱) ۔ جناب والا ۔ اس آرڈیننس کے شیڈول ۲ میں جو نرخ دئے گئے ھیں میں نے تقریباً ان کی شرح نصف کردی ھے ۔ بالکل نصف تو نہیں مثال کے طور پر نمبر ۳ پر ملاحظہ فرمائیں 1/2" فرول کے لیے -/12 روپیہ مقرر تھے میں نے -/5 روپیہ تجویز کیا ھے ۔ اسی طرح 3/4" فرول کے لیے -/15 روپیہ مقرر تھے میں نے اس میں اضافہ کر دیا ھے اور 1" کے لیے وھی نرخ رکھا ھے جو آرڈیننس میں درج ھیں ۔ دراصل میری غرض و غایت یہ ھے کہ 3/4" اور 1" کے نل امرا کا طبقہ حاصل کرتا ھے اور وہ اس پوزیشن میں ھوتے ھیں کہ وہ عوام الناس کے مقابلہ میں بہم رسانی آب کے لیے زیادہ قیمت ادا کریں ۔ میں اس کی ذرا وضاحت کروں گا ۔ 1/4" اور 1/2" فرول کے کنکشن غریب طبقہ حاصل کرتا ھے ۔ اس لیے میں نے ان کے لیے وھی نرخ تجویز کئے ھیں جو موجودہ

نرخوں کے رائج ہونے سے پہلے یا آرڈیننس کے نفاذ سے پہلے اس شہر میں رائج تھے -

جناب والا - نرخوں کے مقرر کرتے وقت ہمیں لازمی طور پر یہ دیکھنا ہوگا کہ پانی کے حاصل کرنے پر ہمارے کیا اخراجات آتے ہیں پھر اس پر overhead charges کس قدر ہیں - اس کا اندازہ کرنے کے بعد یہ اندازہ کرنا ہوگا کہ ہماری آمدنی کیا ہے پھر اس کے مطابق نرخ مقرر کرنے ہوں گے تاکہ ہمارا خرچ اور آمدنی تقریباً برابر ہو جائے - جناب والا - اس وقت پوزیشن یہ ہے کہ میونسپل کارپوریشن کے انتظام کے اختتام کے وقت اندازہ یہ تھا کہ میونسپل کارپوریشن کو پانی کے اخراجات پر ۳۹ لاکھ روپیہ صرف کرنا پڑتا ہے اور پانی کی بہم رسانی کی مد سے میونسپل کمیٹی کو تقریباً ۲۰ لاکھ کی آمدنی تھی - بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ ۱۹ لاکھ روپے کا میونسپل کمیٹی یا میونسپل کارپوریشن لاہور کو خسارہ ہوتا ہے - جناب والا - حقیقت میں یہ خسارہ نہیں ہے - میں نہایت ادب سے جناب وزیر بلدیات کے گوش گذار کرنا چاہتا ہوں کہ حقیقت میں یہ خسارہ نہیں ہے کہ ۱۱ سو سٹینڈ پوسٹ لاہور کی گلیوں اور محلوں میں لگے ہوئے ہیں کمیٹی اس پانی کا کوئی معاوضہ نہیں حاصل کرتی - جناب والا - ان سٹینڈ پوسٹس کی افادیت کیا ہے ؟ یا ان کا فائدہ کیا ہے تو اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ اگر آپ ان اعداد و شمار پر جو پی - سی (۱) میں دیئے گئے ہیں غور کریں تو معلوم ہوگا کہ اس شہر کی آبادی ۱۹۶۴ء میں ساڑھے ۱۴ لاکھ تھی اور موجودہ آبادی میں نے اندازہ کیا ہے ساڑھے ۱۶ لاکھ

ہے اور ۱۹۷۰ء یا ۱۹۷۱ء میں پی - سی (۱) کے اعتبار سے یہ آبادی ساڑھے ۱۹—لاکھ ہو جائے گی موجودہ آبادی میرے موضوع سے تعلق رکھتی ہے اس لیے میں اسی سے متعلق عرض کروں گا - ساڑھے ۱۶—لاکھ اس شہر کی آبادی ہے - اب دیکھنا یہ ہے کہ اس میں کس قدر پانی کے کنکشن میونسپل کمیٹی نے دے رکھے ہیں - feasibility رپورٹ کے مطابق پانی کے کل کنکشن ۷۶ ہزار ہیں یعنی میونسپل کمیٹی نے کل ۷۶ ہزار connections عوام الناس کو پانی کی بہم رسانی کے لیے دے رکھے ہیں - اس feasibility رپورٹ میں ۵ افراد پر ایک خاندان کو مشتمل تصور کیا گیا ہے تو اس لحاظ سے شہر کی کل آبادی میں سے ۳—لاکھ ۸۰—ہزار افراد میونسپل کمیٹی کے پانی سے استفادہ کرتے ہیں اور وہ اس کا معاوضہ دیتے ہیں خواہ چوتھائی انچ کا نل ہو یا نصف انچ کا نل ہو یعنی جو لوگ پانی حاصل کرنے کے عوض میں معاوضہ دیتے ہیں ان کی تعداد تین لاکھ ۸۰ ہزار کی ہے - چلئے میں اس کو یوں تصور کئے لیتا ہوں کہ ساڑھے ۱۶—لاکھ میں سے ۴—لاکھ کی آبادی قیمتاً پانی حاصل کرتی ہے باقی ۱۲—لاکھ کی آبادی کارپوریشن سے بلامعاوضہ پانی حاصل کرتی ہے یعنی ۱۲ لاکھ کی آبادی ان پبلک سٹینڈ پوسٹ سے پانی حاصل کرتی ہے اور اپنی ضروریات پوری کرتی ہے جناب والا - اس لیے یہ کہنا کہ میونسپل کمیٹی کو ۱۹—لاکھ روپے کا خسارہ ہے - درست نہیں اور اگر کارپوریشن بھی امپروومنٹ ٹرسٹ کی طرح جیسا ٹرسٹ نے تجویز کیا ہے پبلک سٹینڈ پوسٹ پر بھی میٹر لگا دے اور اس طرح اس پانی کی قیمت وصول کرنا شروع کر دے تو اس سے

آمدنی بڑھ جائے گی اور یہ خسارہ پورا ہو جائے گا ۔ نہ صرف یہ بلکہ میونسپل کمیٹی کے اور بھی کچھ فرائض ہیں ۔ جناب والا ۔ لاہور باغوں کا شہر ہے اس کو انگریزی میں city of gardens کہتے ہیں ان تمام باغات کو پانی مہیا کرنے کے لیے واٹر ورکس سے جو پانی مہیا ہوتا ہے آپ نے اکثر دیکھا ہوگا کہ مال روڈ پر جہاں hydrants کام نہیں کرتے وہاں بڑی بڑی لاریاں جن پر پانی کے ٹینک بنے ہوئے ہیں کے ذریعہ گھاس اور پودوں کو پانی دیا جاتا ہے جناب والا اس پانی کا بھی اندازہ ہونا چاہیے کہ کس مقدار میں پانی ان باغوں کو پرورش کرنے کے لیے صرف ہوتا ہے اس شہر کی خوبصورتی میں اضافہ کرنے کے لیےوہ پانی صرف ہوتا ہے اگر میونسپل کارپوریشن باغات کو سیراب کرنے پر پانی کی جو مقدار استعمال کرتی ہے اس کا حساب لگایا جائے ۔ وہ ۱۹ ۔لاکھ روپے کے خسارہ کا ایک حصہ پورا ہو جاتا ہے جناب والا ۔ کارپوریشن کی ایک اور ذمہ داری بھی ہے خدانخواستہ کہیں آگ لگ جائے تو جو پانی اس آگ بجھانے میں صرف ہوگا وہ بھی میونسپل کمیٹی مہیا کرتی ہے اور اسی قسم کی دوسری پانی کی ضروریات کو بھی مد نظر رکھا جائے تو حقیقت یہ ہے کہ میونسپل کمیٹی ۱۹ــلاکھ کے خسارہ کے بجائے کچھ نہ کچھ فائدہ میں رہی ہے ۔

جناب والا ۔ اب گورنمنٹ نے بیک جنبش قلم میونسپل کارپوریشن کے ریٹ کو دگنا کر دیا ہے اس کا بوجھ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ان غربا پر پڑے گا جو پہلے ڈھائی روپیہ دیتے تھے اب ان کو ساڑھے چار روپے اور جو پہلے ساڑھے چار روپے دیتے تھے اب ان کو ۹ــروپے ادا کرنے پڑیں گے ۔ اس لیے میں نے یہ تجویز کیا ہے کہ یہ نرخ کم

کئے جائیں تا کہ غربا پر مزید ان اخراجات کا بوجھ نہ پڑے ۔ جناب والا سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر نرخ کم کئے جائیں تو خرچ کہاں سے پورا ہو مجھے اپنی سمجھ کے مطابق اس کا جواب بھی دینا چاہیے ۔

جناب والا ۔ آب رسانی کی اس ساری سکیم کے اخراجات میونسپل کمیٹی سے دگنے ہیں ۔ میں نے حساب لگایا ہے کہ میونسپل کارپوریشن کا اس آرڈیننس کے نفاذ سے پیشتر ان تمام سروسز پر یعنی بہم رسانی آب ، پانی کی نکاسی جس میں صفائی اور sewerage کا خرچ یا دوسرے اخراجات بھی شامل تھے تقریباً ایک کروڑ ۲۰ لاکھ روپیہ تھا لیکن ہمارے امپروومنٹ ٹرسٹ کے ماتحت اس سکیم کے خدا جانے کیا اخراجات ہوں گے خیال ہے کہ دو کروڑ سے بھی زیادہ اخراجات ہو جائیں گے اس کا مطلب یہ ہوا کہ ان مدات پر فوری طور پر اپنے اخراجات کو دگنا کردیا گیا ہے اور اگر ہم دگنا کرتے ہیں تو اس کی وجہ کیا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ صرف سالانہ recurring expenditure دو کروڑ سے زیادہ ہے اور وہ کس طرح زیادہ ہے پہلی وجہ جناب یہ کہ سالانہ recurring expenditure ۲ کروڑ اور ۶ لاکھ روپیہ ہوں گے ۔ ان اخراجات کے ہم متحمل نہیں ہو سکتے ۔ ان اخراجات میں سود شامل ہے قرضے کی قسط شامل ہے consultants کی فیس شامل ہے ۔ بیرونی ممالک سے ماہرین بلائے جائیں گے ان کی بھی فیس شامل ہے ۔ اگر ان اخراجات کو کم کر دیا جائے تو ہمارے اخراجات کم ہوسکتے ہیں ۔ جناب والا ۔ کسی سکیم کی خوبی کا اس امر پر انحصار نہیں ہوتا کہ اس کے اخراجات بڑھا دیئے جائیں ۔ عوام کے

لیے اس سکیم کو زیادہ سے زیادہ فائدہ بخش بنائیے ۔ اگر مادی فائدہ کے زاویہ سے اس سکیم کو دیکھا جائے اور مالی نقطہ نظر سے بھی تو یہ کہنا پڑے گا کہ پہلے ۶ سال میں ٹرسٹ نے کچھ موجودہ نظام میں چنداں اضافہ یا توسیع نہیں کرنی محض اصلاح کرنی ہے ۔ اس لیے میں نہایت ادب سے درخواست کروں گا کہ لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کے اخراجات کو کم کیا جاوے اور جس حد تک ہم اخراجات کو کم کریں گے اسی حد تک امپروومنٹ ٹرسٹ کو عوام پر کم بوجھ ڈالنا پڑے گا ۔ لہذا میں نہایت ادب سے اس ایوان سے درخواست کروں گا کہ لاہور شہر کے باسیوں پر رحم فرمائیں جو اس شہر میں لاکھوں کی تعداد میں بستے ہیں ۔ عوام اتنا ٹیکس لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کو نہیں دے سکیں گے بلکہ موجودہ وقت میں میٹر چارجز ہیں وہ بھی بہت زیادہ ہیں ۔ یعنی نصف انچ کے لیے ایک روپیہ ۲۵ پیسے ۔ تین چوتھائی انچ کے لیے ایک روپیہ ۷۵ پیسے اور ایک انچ کے لیے ۲ روپیہ ۳۸ پیسے ۔ ابھی جناب وزیر بلدیات نے فرمایا کہ ہمارے لیے صحت بخش پانی کی ضرورت ہے بلکہ میرا خیال ہے کہ اگر اس میں کچھ وٹامن ملا کر اس کو اور بھی صحت بخش بنا دیں تو یہ جو پانی مہیا کیا جائے گا تو بھی لوگ اس قدر قیمت ادا نہیں کرسکیں گے ۔ آدھے انچ فرول کے عوض بارہ روپیہ ماہوار بلکہ سوا تیرا روپیہ ماہوار ادا کرنے پڑیں گے ۔ ایک غریب آدمی جس کے ہاں تھوڑی پردے کی پابندی ہو اس کے ہاں کی مستورات سٹینڈ پوسٹ پر نہیں جاسکتیں تو گھر کا مالک کوشش کرتا ہے کہ وہ اپنے گھر میں نل لگوا لے اگر وہ

نصف الچ کا حاصل کرے تو اس کو سوا تیرہ روپیہ ماہوار ادا کرنا پڑتا ہے ۔

اگر جناب والا ۔ اس پر غور کیا جائے تو یہ رقم ایک غریب آدمی کے لیے یقیناً زیادہ ہے اور بہتر یہی ہوگا کہ اس پر اس قدر بوجھ نہ ڈالا جائے اور میری درخواست ہے کہ میری اس تجویز کو منظور فرمایا جائے ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House. The question is :

That in Schedule II of the Greater Lahore Water Supply, Sewerage and Drainage Ordinance, 1967, for item I-A, the following be substituted, namely :—

"I-A. Domestic Ferrule Rates	1. 1/4" Ferrule Rs. 2.50 per month for upto two taps.
	2. 3/8" Ferrule Rs. 4.50 per month for upto two taps.
	3. 1/2" Ferrule Rs. 5.00 per month for upto two taps.
	4. 3/4" Ferrule Rs. 15.00 per month for upto two taps.
	5. 1" Ferrule Rs. 24.00 per month for upto two taps.
	6. 1—5 for every additional tap Rs. 9 50 per month.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment.

Khawaja Muhammad Safdar : I beg to move :

That in Schedule II of the Greater Lahore Water Supply, Sewerage and Drainage Ordinance, 1967 for item I(C), I(D) and I (E), the following be substituted, namely :—

"(IC) (*a*) moter rate per month :—

(*i*) Domestic Rs. 0.75 per 1,000 Gallons.

(*ii*) Commercial and Industrial Rs. 1 50 per 1,000 Gallons.

(*b*) Minimum charges per month for metered connections :—

Size of Ferrule	*Consumption*	*Amount*
	Gallons	Rs.
1/2"	3,000	2.50
3/4"	4,000	3 25
1"	10,000	15.00
Above 1"	20,000	30.00

For commercial supplies add 33/1/4 per cent.

(*c*) Meter Rent per month :—

	Rs.
1/2" to 1'	0.50
1/1/4" to 3'	1.00

I (D) Religious and Charitable Institutions.. 25% of the domestic rate.

I (E) Rebate :—

10% for prompt payment within 15 days of the presentation of the Bill.".

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

That in Schedule II of the Greater Lahore Water Supply, Sewerage and Drainage Ordinance, 1967, for item I(C), I(D) and I E), the following be substituted, namely :—

"(IC) (*a*) meter rate per month :—

(*i*) Domestic Rs. 0.75 per 1,000 Gallons.

(*ii*) Commercial and Industrial Rs. 1.50 per 1,000 Gallons

(b) Minimum charges per month for metered connections :—

Size of Ferrule	*Consumption*	*Amount*
	Gallons	Rs.
1/2"	3,000	2 50
3/4"	4,000	3 25
1"	10,000	15.00
Above 1"	20,000	30.00

For commercial supplies add 33/1 2 per cent.

(c) Meter Rent per month :—

	Rs.
[illegible]	0:50
1/1/4 ' to [illegible]	1.00

F (D) Religious and Charitable Institutions .. 25% of the domestic rate.

I (E) Rebate :—

10% for prompt payment within 15 days of the presentation of the Bills".

Minister of Basic Democracies : Opposed.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ ہماری ساری ترامیم کو oppose کرتے جاتے ہیں ۔ اگر وہ چاہتے ہیں کہ میں بحث ختم کر دوں تو ٹھیک ہے ۔ ادھر ملک صاحب نہی کچھ فرماتے نہیں بلکہ میرے تو کان ترس گئے ہیں کہ ملک صاحب محترم کچھ ارشاد فرمائیں وہ اس طرح منتار زیر پر نہ رہیں ۔ انہوں نے بھی خدا کے سامنے جا کر اپنے اعمال کا حساب دینا ہے ۔

ملک قادر بخش ۔ میرا حساب بڑا صاف ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔خدا کرے ۔ جناب والا ۔ میں نے یہ تجویز اس غرض سے پیش کی ہے کہ جو نرخ اس شیڈول میں دیئے گئے ہیں ان کا اگر فہرست ''اے'' کے ساتھ مقابلہ کیا جائے تو آپ دیکھیں گے کہ پانی کے ریٹس معمول سے بہت زیادہ ہیں یعنی تین ہزار گیلن تک اگر ساڑھے چار روپے بنتے ہیں تو چار ہزار گیلن تک اس سے مقابلتاً زیادہ ہو گئے ہیں اس لئے میں نے تجویز کیا ہے کہ اس کو کم کرکے ڈھائی روپیہ کر دیا جائے تاکہ غریب آدمی جو ایک چوتھائی انچ نل کا کنیکشن لیتے ہیں ان پر زیادہ بوجھ نہ پڑے اور اس کے ساتھ جناب آپ غور فرمائیں کہ تین چوتھائی انچ فیرول کے جو کنیکشن دئے جائیں گے اس سے پانی کی کھپت ۴ ہزار گیلن تک ہوگی تو کیا وزیر بلدیات اس ضمن میں اس امر کی وضاحت فرمائیں گے ؟ اگر وہ تین ہزار گیلن پانی کسی کو دیتے ہیں تو اس کا معاوضہ چار روپے پانچ پیسے فی ماہ لیتے ہیں لیکن اگر اسے ایک ہزار گیلن زیادہ دیتے ہیں تو اس سے دوگنی رقم مانگتے ہیں اور اگر آپ دس ہزار گیلن دیتے ہیں تو اس کی قیمت بجائے ساڑھے تیرہ روپے کے پندرہ روپے کر دیتے ہیں اور اسی طرح ۲۰ ہزار گیلن کے لئے ۲۰ روپے کر دیتے ہیں ۔ آخر یہ کیا تک ہے جو کسی کا جی چاہا لکھ دیا ۔ اس میں کوئی اصول پیش نظر نہیں رکھا گیا ۔ اصل میں میں اپنا سارا زور اس بات پر صرف کرنا چاہتا ہوں کہ چھوٹے فیرول کے نل کا معاوضہ کم وصول کیا جائے ورنہ موجودہ صورت میں نرخ عوام کے مقدور سے باہر ہیں اور وہ اسے ادا نہیں کر سکتے ۔ اور اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ یہ سکیم فیل ہو

جائے گی ۔ آخر امراء تو انگلیوں پر گنے جا سکتے ہیں وہ کتنے لوگ ہیں جو بیس پچیس روپیہ مہینہ پانی کا معاوضہ ادا کر سکتے ہیں ۔ میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ ایک غریب آدمی کس طرح انہیں اس قدر معاوضہ دے گا ۔ اور ان کی یہ سکیم کس طرح پوری ہو سکتی ہے یہ توقع رکھتے ہیں کہ ایک سال میں دس ہزار نئے کنکشن لگا لیں گے تب جا کر ان کے اخراجات پورے ہونگے لیکن لاہور ٹاؤن شپ جو تعمیر ہو رہی ہے اس میں لوئر مڈل کلاس آباد ہوگی وہ کیسے ان کو چودہ پندرہ یا بیس روپے ماہوار پانی کا معاوضہ دینگے اس لئے مجھے یہ ڈر ہے کہ ان کی یہ سکیم ناکام ہو جائے گی ان کی آمدنی اور خرچ برابر نہیں ہو سکیں گے ۔ اس لئے میں ان سے درخواست کرونگا کہ مہربانی کرکے چھوٹے فیرول کا معاوضہ ضرور بالضرور کم کر دیں اور دوسرے ان نرخوں میں کچھ مناسبت پیدا کریں ۔ اگر کوئی امیر بھی ہو تو وہ بھی ایک انچ کا فیرول لینے کی بجائے جس کا معاوضہ پندرہ روپے ماہانہ ہے اور جس سے دس ہزار گیلن پانی ملتا ہے وہ کیوں نہ آدھ انچ کا فیرول لے لے اور تھوڑا معاوضہ ادا کرے ۔ یہ سارا کمرشل مسئلہ ہے یہ کاروبار کا مسئلہ ہے انہیں سوچنا چاہیئے کہ صارف وہ کام کرے گا جس میں اس کو فائدہ ہو خواہ وہ فائدہ نہایت قلیل ہی کیوں نہ ہو ۔ صارف کی یہ فطرت ہے وہ ایسی چیز خریدتا ہے جس پر اسے کم از کم قیمت ادا کرنی پڑے ۔ خواہ وہ امیر ہی کیوں نہ ہو ۔ اس لئے وہ ایک انچ کے فیرول سے دس ہزار گیلن پانی پندرہ روپے ماہوار کے عوض لینے کی بجائے آدھ انچ کا فیرول حاصل کرے گا اور ساڑھے تیرہ روپے

خرچ کرنے کو ترجیح دینگے ۔ اس لئے جب تک میرے محترم دوست اس اصول کو تسلیم نہیں کر لیتے ان کی سکیم کامیاب نہیں ہو سکتی ۔ ایک تو یہ کہ چھوٹے فیرول جن کا کمکشن غرباء لیں گے ان کو کم قیمت پر دینا چاہیئے اور دوسرا یہ کہ مختلف نرخوں میں اس قسم کی مناسبت ہو جو کہ بڑا فیرول لینے میں مانع ہو ۔

جناب والا ۔ اب میں میٹر ریٹ کے متعلق کچھ عرض کرتا ہوں جو پارٹ ۴ میں دیا گیا ہے ۔ آرڈیننس میں جو میٹر ریٹ مقرر کیا گیا ہے وہ یہ ہے :

آدھ انچ کے لئے	۱۶۲۵ روپے
پون انچ کے لئے	۱۶۷۵ روپے
ایک انچ کے لئے	۲۶۳۸ روپے
سوا انچ کے لئے	۳۶۶۳ روپے
ڈیڑھ انچ کے لئے	۴۶۲۵ روپے
دو انچ کے لئے	۵۶۳۸ روپے
تین انچ کے لئے	۸۶۳۸ روپے

حاجی سردار عطا محمد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب کورم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : Let there be a count. The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*) (*count was taken*). Yes, the House is in quorum.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ اب میں میٹر ریٹ کے متعلق کچھ عرض کروں . . . . . .

وزیر بنیادی جمہوریت - یہ جناب والا میٹر ریٹ فی ماہ ہے یہ جزو ''سی'' میں ہے یہ پرنٹنگ کی غلطی ہے - دراصل یہ واٹر ریٹ ہے - آپ ذرا ''سی'' کو دیکھیں -

خواجہ محمد صفدر - آپ ''سی'' سے ذرا آگے جائیں - میں اسے چھوڑ گیا ہوں - ''سی'' میں نمبر ۴ دیکھیئے ـــــصفحہ ۷ پر ـــــ میں اسے چھوڑ گیا ہوں - جو گذارش کرنی تھی اختصار کے ساتھ آپ کی خدمت میں کر دی ہے - اب یہ آپ کی صوابدید پر ہے کہ آپ ان نرخوں کو کم کرتے ہیں یا نہیں کرتے - ہم تو صرف گذارش ہی کر سکتے ہیں - تو جناب والا - میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ میٹر ریٹ کے چارجز یہ ہیں کہ :

''۱/۲	۰۲۵ روپیہ
''۳/۴	۱۰۷۵ ''
''۱	۲۰۳۸ ''
سوا انچ	۳۰۶۳ ''
ڈیڑھ انچ	۴۰۲۵ ''
دو انچ	۵۰۳۸ ''
تین انچ	۸۰۳۸ ''

جناب والا ۔ باوجود کوشش کے میں یہ معلوم نہ کر سکا کہ واٹر میٹر کی اصل قیمت کیا ہے اور اس کی زندگی کتنی لمبی ہے ۔ میں یہ دونوں چیزیں کہیں سے بھی معلوم نہ کر سکا ۔ شاید وزیر بلدیات صاحب اس پر روشنی ڈال سکیں ۔ شرح کرایہ کا انحصار اسی پر ہے کہ اس کی اصلی قیمت کیا ہے اور یہ کتنی مدت تک چل سکتا ہے ۔ فرض کیجیئے اس کی قیمت ۲۵ روپے ہے اور اس کی مدت ۲۰ سال ہے تو سال بسال اس کا کرایہ سوا روپیہ یا ڈیڑھ روپیہ کافی ہے ۔ اب یہ صورت حال ہے کہ انہوں نے سال بسال آدھ انچ کے میٹر کے لئے ۱۶ روپیہ اور ۳/۴ انچ کے لئے ۱۵ سے زیادہ اور ۲۰ روپیہ سے کم کرایہ مقرر کر دیا ہے ۔ دنیا میں دو طرح کی سروسز ہوتی ہیں ۔ ایک سروس تو یہ ہوتی ہے جس میں معاوضہ ہو ۔ حق الخدمت ہو ۔ اس میں اس خدمت سے بھی زیادہ وصول کیا جا سکتا ہے ۔ اخلاقی طور پر لیا جا سکتا ہے ۔ اور اسے justify کیا جا سکتا ہے ۔ دوسری بعض خدمات ایسی ہوتی ہیں جو انسان کی بنیادی ضروریات کو پورا کرتی ہیں اور اس کا معاوضہ ہمیشہ اس کے خرچ سے کم لیا جاتا ہے وہ اس لئے کہ وہ بنیادی ضرورت ہوتی ہے ۔ اس سکیم کے تحت بہم رسانی آب اور نکاس آب یہ بنیادی آبادی کے لئے بنیادی ضرورت ہے اب اگر اس آبادی کو اس طور پر ٹیکس کیا جائے اور اس کے معاوضے کے طور پر نہ صرف اس کی لاگت بلکہ کچھ منافع بھی اس کے علاوہ وصول کیا جاوے تو یہ حد درجہ زیادتی ہوگی ۔ اس کا اصول یہ ہے کہ بنیادی ضرورت ہر انسان کی ہوتی ہے وہ کچھ معاوضہ تو دے سکتا ہے مگر زیادہ نہیں مثال کے طور

پر پانی کو لیجئے ۔ ایک آدمی پانی کا معاوضہ نہیں دے سکتا یا وہ قیمتاً پانی حاصل نہیں کر سکتا پرانے زمانے میں امرا اور حکومتوں نے کنوئیں کھدوا دیئے ہیں وہ لوگوں کو راستہ میں پانی پلانے کا انتظام کرتے تھے یہ انسان کی بنیادی ضرورت ہے کہ انسان کو پانی مہیا کیا جائے ۔ جب پانی مہیا کرتے ہو تو جو لوگ استطاعت رکھتے ہیں وہ اس کا معاوضہ دیتے رہے ہیں اور جو لوگ استطاعت نہیں رکھتے ان کو آپ مجبور کرتے ہیں کہ وہ آپ کا تمام صرفہ یا خرچہ نہ صرف پورا کریں بلکہ آپ کو منافع بھی دیں یہ ان کے ساتھ بہت بڑی زیادتی ہے ۔ کوئی اخلاقی قدر آپ کو اس بات کی اجازت نہیں دیتی اس لئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ آپ نے نصف انچ میٹر پر ۱۵ روپے سالانہ جو کرایہ مقرر کر دیا ہے یہ حد درجہ زیادہ ہے میں نے اندازاً اس کے عوض نصف انچ اور ایک انچ تک ۵۰ پیسے مقرر کئے ہیں ۔ جتنے میٹر لگیں گے ان پر صرف ۵۰ پیسے ماہوار یعنی ۶ روپے سالانہ کے حساب سے معاوضہ لیا جائے ۔ اس کے علاوہ صورت حال یہ ہے کہ ٹرسٹ نے مذہبی اور رفاہی اداروں کیلئے جو نرخ مقرر کئے ہیں وہ گھریلوں نرخوں سے نصف ہیں ۔ یہ مردے کا کفن بھی اتارنے کے لئے تیار ہیں ۔ فرض کیجئے مسجد میں ایک نل لگ جاتا ہے اور وہ مسجد ایک ایسے محلے میں واقع ہے جہاں غریب لوگ رہتے ہیں اور آپ کہتے ہیں کہ اس مسجد سے بھی آپ بہم رسانی آب کا معاوضہ گھریلو نرخ سے نصف نرخ پر وصول کریں گے ۔ چاہئے تو یہ کہ مسجدوں اور عبادت گاہوں کو پانی مفت دیا جائے تاکہ آپ ثواب میں شریک ہو جائیں اور آپ کی بھی عاقبت بخیر ہو جائے ۔ اگر

یہ گوارا نہیں کہ مسجدوں عبادت گاہوں اور charitable institutions میں جو عوام کی رفاہ کے لئے ۔ ان کے فائدے کے لئے جیسے فری ڈسپنسریاں ۔ اپاہج گھر ۔ ہسپتال ۔ یتیم خانے اور اسی قسم کے دوسرے ادارے جو پہلے ہی لوگوں کے عطیات کے ذریعہ سے چلائے جا رہے ہیں ان پر اس قدر بوجھ ڈالا جاوے ۔ اگر آپ ان اداروں کو معاف نہیں کرسکتے تو مہربانی فرما کر موجودہ شرح کم کر دیں ۔ پرائیویٹ کنکشن کے نرخ کا ان سے ۲۵ فیصد حاصل کر لیں ۔

جناب والا ۔ دوسرے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس سکیم کے تحت کمیونٹی سٹینڈ پوسٹ پر ایک روپیہ فی ہزار گیلن کے طور پر میونسپل کمیٹی سے معاوضہ وصول کیا جائے گا اور میں نے اس کو حذف کرنے کے لئے ترمیم پیش کی ہے ۔ میں کوئی ایکسپرٹ نہیں ہوں ۔ میں اپنی لاعلمی اور اپنی واقفیت کی کمی کا اظہار کئے دیتا ہوں میرے پاس کوئی ذریعہ نہیں یا مجھے وہ حساب نہیں آتا جس سے کمیونٹی سٹینڈ پوسٹ پر ایک انچ یا پونے انچ لگے ہوئے پائپ کا حساب لگا سکوں کہ دن میں کتنا پانی اس نل سے خارج ہوگا ۔ یہ حساب کتاب مجھے نہیں آتا لیکن مجھے بعض دوستوں نے بتایا ہے کہ ایک کمیونٹی سٹینڈ پوسٹ کے عوض اگر میٹر لگا دیا جائے تو میونسپل کمیٹی کو ۲۰۰ روپیہ ماہوار ادا کرنا پڑے گا ۔ یہ نرخ ایک نہایت ہی معزز میونسپل کمیٹی کے رکن نے بتائے ہیں ۔ اس کلاز III کے تحت میونسپل کمیٹی کو ایک کمیونٹی سٹینڈ پوسٹ کے عوض ۲۰۰ روپیہ ماہوار دینا پڑے گا ۔ اس طرح ایک ہزار سٹینڈ پوسٹ

کے عوض امپروومنٹ ٹرسٹ کو دو لاکھ روپیہ ماہوار ادا کرنا ہوگا۔ باغات کا پانی ۔ فائر بریگیڈ کا پانی اس کے علاوہ ہے ۔ میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ جو لوگ لاہور سے محبت رکھتے ہیں یا اس عروس البلاد میں رہتے ہیں یا کبھی کبھار اس کو دیکھنے کے لئے آ جاتے ہیں وہ اس شہر میں کوئی باغ نہیں پائیں گے کیونکہ میونسپل کمیٹی قطعاً اس بار کی متحمل نہیں ہو سکتی کہ وہ پانچ سات لاکھ روپیہ ماہوار پانی کے عوض لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کو ادا کرے۔ جناب والا ۔ مجوزہ طور پر لاہور میونسپل کارپوریشن کو ۲۵ یا ۳۰ لاکھ روپیہ سالانہ پانی کے اخراجات برداشت کرنے ہونگے وہ پانی جو عوام‌الناس استعمال کرے گا یا عوام کی تفریح کے لیے باغات کو سیراب کرنے میں صرف ہوگا ۔ میں حیران ہوں کہ میونسپل کارپوریشن کے ارباب اختیار یہ نہ سوچتے ہونگے کہ وہ ۱۹ لاکھ کا خسارہ بہتر ہے جو کہ دوسرے ٹیکسوں سے پورا کر سکتے ہیں بجائے اس کے کہ ہم ۲۵ یا ۳۰ لاکھ روپیہ اپنی گرہ سے سالانہ خراج کے طور پر لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کو دیں ۔ کروڑوں روپے کا سرمایہ اس سکیم پر میونسپل کمیٹی کا صرف ہوگا پھر بھی بیس پچیس لاکھ روپے سالانہ خراج کے طور لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کو ادا کرنا ہوگا ۔ یہ کسی صورت میں بھی جائز نہیں ہے ۔ میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر بلدیات کی خدمت میں اور اس معزز ایوان کے معزز اراکین کی خدمت میں نہایت ادب کے ساتھ یہ عرض کروں گا کہ ان غربا پر رحم فرمائیں جن کی پانی کی ضروریات پبلک سٹینڈ پوسٹ سے پوری ہوتی ہیں ۔

Mr. Speaker : I shall now put the amendment before the vote of the House.

خواجہ محمد صفدر - میں نے ابھی اپنی تقریر ختم تو نہیں کی لیکن اگر آپ چاہتے ہیں تو میں بیٹھ جاتا ہوں -

مسٹر سپیکر - میرا خیال تھا کہ آپ تقریر ختم کر چکے ہیں -

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - دراصل اس موضوع پر اپنی واقفیت کی کمی کی وجہ سے میں حاصل بحث نہیں کر سکا - افسوس کی بات ہے کہ ملک محمد اختر صاحب ، جو کہ ان باتوں میں ماہر ہیں ، وہ اپنی ترامیم کے وقت ایوان سے غیر حاضر تھے - اور گو کہ ہمیں پورا احساس ہے بلکہ آج میں اس ایوان میں یہ اعلان کرتا ہوں کہ ملک اختر صاحب نے آزاد ارکان کی جانب سے اور میں نے اپوزیشن کی جانب سے جناب قائد ایوان سے یہ وعدہ کر رکھا ہے کہ ان کی یہ قانون سازی کا پروگرام جو سات آرڈیننسوں پر مشتمل ہے - ۹ تاریخ تک ختم ہو جائے گا -

وزیر خوراک و زراعت - اور وہ ممبروں کا بل بھی تو ہے -

خواجہ محمد صفدر - وہ ابھی تک ایجنڈے پر تو نہیں آیا - اس کے متعلق بعد میں بات کریں گے - میں آج پھر اس وعدے کو دہراتا ہوں کہ ہم نے حتمی وعدہ کیا ہوا ہے لیکن اگر جناب وزیر بلدیات تھک گئے ہوں تو پھر اور بات ہے - ہم ابھی چھوڑے دیتے ہیں -

وزیر بلدیات - معلوم ہوتا ہے کہ خواجہ صاحب پر چو۔کیفیت

طاری ہوتی ہے وہ دوسروں پر بھی ایسے تھوپ دیتے ہیں ۔ وہ علیحدہ ہو چکے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں قطعاً نہیں تھکا ۔

وزیر بلدیات ۔ میں آپ سے ہمدردی کرنا چاہتا ہوں کہ آپ تھک گئے ہیں اس لئے جانے دیجئے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ بہر حال ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا تھا کہ جناب والا میں آپ سے بصد ادب یہ التجا کروں گا ۔ کہ آپ ملک محمد اختر صاحب کو میری اس ترمیم کی حمایت کرنے کی اجازت دیں (قطع کلامیاں)

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ صاحب ! آپ اپنی تقریر جاری رکھیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ دو وجوہات کی بناء پر ان پبلک سٹینڈ پوسٹوں پر یہ ریٹ مقرر نہیں کرنا چاہیئے اور ان کا پانی قیمتاً فروخت نہیں ہونا چاہیئے کیونکہ اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ یہ پانی غربا حاصل کرتے ہیں اور اس کی دوسری وجہ یہ ہے کہ اب نئی آبادی میں میونسپل کمیٹی کبھی کوئی نیا سٹینڈ پوسٹ نہیں لگائے گی اور پرانی آبادی میں بھی جو موجودہ سٹینڈ پوسٹ ہیں ، ان میں قطعاً کوئی اضافہ نہیں کرے گی کیونکہ اسے اس بات کا علم ہوگا کہ اس کو ایک سٹینڈ پوسٹ کے عوض دو سو روپیہ ماہوار ادا کرنا پڑے گا ۔ تو اس لحاظ سے میں اپنی تقریر ختم کرتے ہوئے یہ التجا کروں گا کہ آپ

نہ صرف یہ کہ ان چھوٹے فرول کے نرخوں پر نظرثانی فرمائیں بلکہ پبلک سٹینڈ پوسٹ کو اس ریٹ سے مستثنےٰ قرار دیجیئے اور جیسا کہ اب سے پہلے تھا ، اس کا پانی فی سبیل اللہ استعمال ہونے دیجئے اور غربا اور عوام کے لئے اسے مختص کر دیجئے تاکہ وہ اپنی پانی کی ضروریات پبلک سٹینڈ پوسٹ سے اگر پوری کرنا چاہتے ہیں تو اس سے پوری کریں -

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - مجھے افسوس ہے کہ میں اپنی ترمیم کے پیش ہونے کے وقت ایوان میں موجود نہیں تھا بہرحال خواجہ صاحب کی ترمیم میری ترمیم سے بہتر ہے - - -

وزیر بلدیات - آپ کو اس افسوس کی خوشی میں تقریر نہیں کرنی چاہیے -

ملک محمد اختر (لاہور-۲) - جناب سپیکر - دراصل خواجہ صاحب کی ترمیم نہایت ضروری ترمیم ہے - اب پانی کے نرخ کو جو دگنا کیا گیا ہے اسکی اساس یہ ہے کہ Feasibility Report میں یہ work out کیا گیا ہے کہ لاہور میونسپل کارپوریشن کو محض اٹھارہ لاکھ روپے کی آمدنی ہے اور اسکے مقابلے میں اسکے اخراجات چالیس یا چھتیس لاکھ روپے کے قریب ہو رہے ہیں - اگر میں درست اعداد و شمار پیش کروں تو ان کے مطابق لاہور میونسپل کارپوریشن کے جو اخراجات پانی کے عوض اسوقت ہو رہے ہیں ، ان میں water tax establishment پر ۹,۶۲,۲۵۳ روپے contingency expenses پر ۹,۸۲,۰۰۰ روپے ، مرمت پر ۲۸,۴۷۶ روپے یعنی کل ۱۹,۷۲,۷۲۹ روپے

خرچ ہو رہے ہیں ۔ اور ان کے مقابلے میں سال رواں کے بجٹ کے صفحہ نمبر ۹۱ پر ان کی آمدنی اٹھارہ لاکھ روپے ہے اور Feasibility Report میں جو ظلم کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ اس میں انتالیس لاکھ روپے کے اخراجات دکھائے گئے ہیں حالانکہ وہ اخراجات ۹,۷۲,۷۲۹ روپے ہیں اور یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے جسکے لیے میرے پاس دستاویزات موجود ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ اسکے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ آئی ۔ ڈی ۔ اے کے ساتھ جو وعدہ کیا گیا ہے اس میں ایک mandatory provision یہ بھی ہے کہ جو community stand posts میں ان پر ایک روپیہ فی ہزار گیلن کے حساب سے کمیشن لگائی جائے گی اسکے متعلق جناب خواجہ صاحب نے بالکل درست فرمایا ہے کہ اگر بارہ آنے فی ہزار گیلن کی شرح بھی لگائی جائے تو اسوقت کارپوریشن کو میٹر کے ذریعے آمدنی ہو سکتی تھی ۔ اگر کارپوریشن پبلک سٹینڈ پوسٹ کے پانی کو اور اس پانی کو جو باغات کو دیا جاتا ہے ، میٹر کے ذریعے سپلائی کرنے کا فیصلہ کرتی تو اسوقت بھی ان کی آمدنی چوالیس لاکھ روپے بن جاتی ۔ اب کارپوریشن کو چھبیس لاکھ روپے کا بل اس لیے ادا کرنا ہوگا اور باغات کے لیے جو پانی مہیا کیا جائے گا اسکے لیے بھی اٹھارہ لاکھ روپے کا بل ادا کرنا ہوگا ۔ تو آپ اندازہ فرمائیں ۔ ۔ ۔ ایک بات کی تاحال اس ایوان میں وضاحت نہیں کی گئی ہے ۔ یہ ضرور کہا گیا ہے کہ ہم کسی صورت میں اور کسی حالت میں بھی پبلک سٹینڈ پوسٹ بند نہیں کریں گے ۔ لیکن یہ تو بتائیے کہ ان کے اخراجات کون دے گا ۔ اگر کارپوریشن ان کے اخراجات برداشت کرے گی

تو اسکا مطلب یہ ہوگا کہ عوام پر ٹیکس لگائے جائیں گے - یعنی یہ رقم ٹیکسوں کے ذریعے ادا کی جائے گی جو اس وقت عوام پر عائد کئے گئے ہیں اور اگر یہ نظام کارپوریشن کے پاس رہتا ہے تو گذشتہ پچاس سال سے یہ پبلک سٹینڈ پوسٹ جن کی تعداد بڑھتے بڑھتے ۱۰۵۲ ہو چکی ہے اور calculation کرکے یہ بات ثابت کروں گا کہ لاہور کی اس وقت کی کم و بیش بارہ لاکھ کی آبادی میں سے اسوقت تین لاکھ کے قریب آبادی ایسی ہے جن کے لیے نل نہیں بچھائے گئے اور جو بتایا نو لاکھ کی آبادی ہے اس میں سے ساڑھے چار لاکھ کی جو آبادی ہے وہ پبلک سٹینڈ پوسٹ سے اپنا پانی حاصل کرتی ہے - اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ مجھے خواجہ صاحب کی ترمیم کی مکمل تائید کرنی ہوں گی - کیونکہ اگر پبلک سٹینڈ پوسٹ میٹر کر دیے گئے تو اس کا سارا بوجھ بالآخر ٹیکس دھندہ پر ہی پڑے گا - اسکے علاوہ ان کی دوسری تجویز کہ میٹر کی شرح نصف ہونی چاہیے یا اسی طرح بدستور ہونی چاہیے - ۱۹۴۳ء کی کارپوریشن کی حایت میں خواجہ صاحب نے دستاویز پیش کی تھی - یہ کارپوریشن کے by laws ہیں جن میں سے خواجہ صاحب نے اعداد و شمار حاصل کرکے یہ ترمیم پیش کی ہے - ان by laws کا نفاذ ۱۹۴۳ء میں کیا گیا تھا اور ۱۹۴۳ء میں جو شرح مقرر کی گئی تھی - میں سمجھتا ہوں کہ وہی مشینری چل رہی ہے جو کسی صورت میں بھی اس بات کا تقاضا نہیں کرتی کہ ماسوائے اسکے کہ depreciation charges بڑھائے جائیں - آپ اس شرح میں اضافہ کریں - اور موجودہ جو ریٹ ہیں وہ ۲۰ پیسے فی ہزار گیلن ہیں Feasibility Report

میں جو آمدنی work out کی گئی ہے وہ ۱۸ لاکھ کی بجائے ۴۴ لاکھ تک پہنچ جائے گی اب ایک amenity کیلئے جس کے لیے اہالیان لاہور ۴ کروڑ روپے کے ٹیکس ادا کر رہے تھے ان پر ایک کروڑ روپے کے ٹیکس کا اضافہ اور کر دیا گیا ہے اور ایسا محصول چنگی کو revise کرکے کیا گیا ہے یعنی اب پانچ کروڑ کے taxes ہیں اور اس طرح آپ ایک اور سہولت ان سے چھین رہے ہیں -

جناب سپیکر - میں دوسرے معاملات میں بعد میں عرض کروں گا - اسوقت یہ گذارش ہے کہ یہ جو پانچ کروڑ روپیہ کا ٹیکس ہے متمول طبقہ کو ادا کرکے - غربا جو civic amenity یعنی Public Stand Post کی صورت میں حاصل کر رہے تھے آپ اس سے اہالیان لاہور کو محروم کر رہے ہیں اور میں آپ کی اس بات کو کوئی وقعت نہیں دیتا کہ اب پبلک سٹینڈ پوسٹ بند نہیں کیے جائیں گے - آپ ہر سٹینڈ پوسٹ کے لیے ۵۰۰ روپیہ وصول کریں گے اگر آپ اسکے برعکس اعلان کرنے کی زحمت گوارا فرمائیں کہ وہ سٹینڈ پوسٹ اسی طرح چلیں گے اور کسی قسم کا چارج نہیں لیا جائے گا - تو اس سے آئی - ڈی - اے کا agreement کالعدم قرار دیا جائے گا - آپ کسی صورت میں بھی اس قرضہ کو brief نہیں کر سکتے - آپ اس agreement کے مطابق ہر Community Stand Post سے ایک روپیہ فی ہزار گیلن چارج کریں گے -

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House. The question is :

That in Schedule II of the Greater, Lahore Water Supply Sewerage and Drainage Ordinance, 1967, for item I(C), I(D) and I(E), the following be substituted, namely :—

"(IC) (*a*) meter rate per month :—

(*i*) Domestic Rs. 0.75 per 1,000 Gallons.

(*ii*) Commercial and Industrial Rs. 1 50 per 1,000 Gallons.

(*b*) Minimum charges per month for metered connections :—

Size of Ferrule	*Consumption*	*Amount*
	Gallons	Rs.
1/2"	3,000	2.50
3/4"	4,000	3.25
1"	10,000	15 00
Above 1"	20,000	30.00

For commercial supplies add 33/1/2 per cent.

(*c*) Meter Rent per month :—

	Rs.
1/2" to 1'	0.50
1/1 4" to 3'	1 00

I (D) Religious and Charitable Institutions . . 25% of the domestic rate.

I (E) Rebate :—

10% for prompt payment within 15 days of the presentation of the Bill."

The motion was lost.

Mr. Speaker : I have received another notice of amendment from Sardar Muhammad Ashraf Khan who may please move it,

Sardar Muhammad Ashraf Khan : I beg to move :

That in Schedule II, clause (*C*), sub-clause (*iii*), against 3/4" instead of 4,000 gallons, the figure 6,000 gallons be inserted.

Mr. Speaker : Motion under consideration amendment moved is :

That in Schedule II, clause (*C*), sub-clause (*iii*), against 3/4" instead of 4,000 gallons, the figure 6,000 gallons be inserted.

I think, there is no opposition to this amendment.

The question is :

That in Schedule II, clause (C), sub-clause (*iii*), against 3/4" instead of 4,000 gallons, the figure 6,000 gallons be inserted.

The motion was carried

خواجہ محمد صفدر ۔ جتنا کچھ آپ نے کیا ہے میں اس کے لیے شکر گزار ہوں ۔

Mr. Speaker : Next motion by Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : I don't move it.

Mr. Speaker : The motion is not moved. Next motion please.

Khawaja Muhammad Safdar : I beg to move :

جناب سپیکر ۔ اصل واقعات یہ ہیں اور جیسا کہ وزیر قانون صاحب نے فرمایا ہے اس کے پیش نظر میں سمجھتا ہوں کہ سارے مغربی پاکستان کے طلبا کی توہین ہوئی ہے ۔ ۲۰ مقامی طلبا تھے اور ۲۰ دوسری جگہوں کے ۔ یونیورسٹی کے طلبا بھی ان میں شامل تھے جو کہ مظاہرہ کر رہے تھے اور وہ نہایت ہی پر امن طریق پر مظاہرہ کر رہے تھے ۔ متحدہ عرب نے خلیج عقبہ کی جو ناکہ بندی کی تھی اس کی حمایت میں وہ پرامن مظاہرہ کر رہے تھے ان کا پروگرام یہ تھا اور وہ اس چیز پر زور دیتے تھے کہ جنگ کی صورت میں تمام مشرق وسطیٰ عرب ممالک کا ساتھ دیگا ۔ طلبا محض ایک قرار داد منظور کرنا چاہتے تھے ان کا مقصد تھا کہ یہ قرار داد پاس ہو جائے کیونکہ انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ بہت سی ایسی خبریں چھپنے سے روک لیتے ہیں یا بند کر دیتے ہیں ۔ یہ حکومت کے رویہ کے خلاف ایک مظاہرہ تھا اور اسی کے خلاف یہ چیز تھی جس نے انکو مجبور کیا کہ وہ یہ قرار داد امریکن کونسلیٹ کی لائبریری جو بینک سکویئر کے سامنے ہے وہاں جا کر پڑھیں ۔ جناب سپیکر ۔ وہ بالکل پر امن طریقہ پر چل رہے تھے البتہ وہ آزادی فلسطین کے لئے گوریلہ جنگ کی حمایت کر رہے تھے اور یہ نعرے لگا رہے تھے جو میرا خیال ہے کہ حکومت کی نازک طبع پر شاید گران گزرے ہوں ۔ نعرے جو لگاتے تھے وہ یہ تھے "امریکی سامراج مردہ باد" ۔ "کشمیریوں کا حق خود ارادیت زندہ باد" "پاکستان زندہ باد" اور حکومت اپنے تعلقات امریکہ کیساتھ

برقرار رکھنے کیخاطر ''امریکی سامراج مردہ باد'' کے نعرے برداشت نہ کر سکی - جب یہ جلوس جی پی او کے سامنے سے گزر کر امریکن دفتر کے پاس پہنچا تو پولیس نے انکو روکا - میں جناب وزیر قانون کی statement کو چیلنج کرتا ہوں میں چاہتا ہوں کہ اس واقعہ کی جوڈیشل انکوائری کرائی جائے - پولیس کو کیا حق تھا کہ وہ طلبا پر اس قدر سختی کرے - جلوس بالکل پر امن طریق پر چل رہا تھا اور جی پی او تک شاہ راہ قائداعظم سے گزرتا ہوا گیا جو محض نعرے لگا رہا تھا - پولیس نے زبردستی جلوس کو روکنے کی کوشش کی - جناب سپیکر - اس کے بعد ان پر لاٹھی چارج بھی کیا گیا اور ہمارے لئے یہ باعث ندامت ہے کہ ایک عرب طالبعلم اس لاٹھی چارج کے نتیجہ میں زخمی ہوا جب وہ زخمی ہوئے تو جلوس مشتعل ہوا اور اس کی تمامتر ذمہ داری لوکل پولیس پر ہے اور وہی براہ راست اس کی ذمہدار ہے - جناب سپیکر - آپ کو یاد ہوگا کہ ۱۹۶۵ء کی جنگ کے بعد عربوں نے اپنی مکمل حمایت کا اعلان کیا تھا اور اس کے باوجود بھی وہ ایک چھوٹے سے جلوس کو برداشت نہ کر سکے اور یہ چیز ہمارے لئے باعث ندامت ہے اور میں مطالبہ کرتا ہوں کہ ان افسران کے خلاف شدید کارروائی کرنی چاہئے جنہوں نے ہمارے مسلمانوں کے حقوق میں خلل اندازی کی ہے -

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میرے محترم دوست جناب ملک اختر نے موضوع زیر بحث کے متعلق جن خیالات کا اظہار فرمایا ہے میں ان کی پورے شد و مد سے تائید کرتا ہوں -

اور میرے اس تحریک پیش کرنے کا محرک یہ جذبہ تھا کہ ہماری پاکستان گورنمنٹ نے ایک بار نہیں دو بار پچھلے دنوں میں اور کل تیسری بار اسمبلی میں اس بات کا اعلان کیا ہے کہ پاکستان کی تمام تر ہمدردیاں اس سانحہ میں عرب ممالک کے ساتھ ہیں - اور اگر خدانخواستہ جنگ چھڑ گئی تو ہماری گورنمنٹ انہیں ہر ممکن امداد دے گی -

ہماری قومی پالیسی آج بھی یہ ہے اور گزشتہ بیس سال سے اسی نہج پر چل رہی ہے کہ ہم عرب ممالک سے جو کہ ہمارے بھائی ہیں زیادہ سے زیادہ برادرانہ سلوک اور برادرانہ رشتہ قائم کرنا چاہتے ہیں - ہم ان سے زیادہ سے زیادہ محبت اخوت اور یگانگت پیدا کرنا چاہتے ہیں - پھر اگر لاہور میں عرب ممالک کے ان طلبا نے جو ہماری اپنی دعوت پر اردن فلسطین اور عراق سے یہاں تعلیم حاصل کرنے کے لئے آئے ہوئے ہیں - اسرائیل کی جارحیت اور امریکہ کی اسرائیل نوازی کے خلاف لاہور میں احتجاج کیا تو پولیس نے جس طرح اپنی لاٹھیوں سے ان کے سر پھوڑے اس سے ہماری قومی پالیسی کو شدید نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے - یہ غلط فہمی پیدا ہو سکتی ہے کہ در اصل ہم زبان سے کچھ اور کہتے ہیں اور عملی طور پر کچھ اور کرتے ہیں - اس لئے ہماری گورنمنٹ کو پولیس کے اس رویہ سے اپنے آپ کو بری الزمہ قرار دینا چاہئیے - اور اعلان کرنا چاہئیے کہ ہماری پالیسی سے پولیس کی اس کار گزاری کا ------ اپنی جانب سے انہوں نے کار گزاری دکھائی ہے ------ کوئی تعلق نہیں ہے - اور ہم کلی طور پر اس کی مذمت کرتے ہیں - اس طرح ہم بیرونی ملکوں میں اپنی پالیسی کی پوری طرح وضاحت کر سکیں گے ورنہ عرب ممالک میں یہ شکوک پیدا ہونے کا احتمال ہے کہ ہم اسرائیل کے خلاف ان کی پوری حمائت کرنے کو تیار نہیں ہیں -

Mr. Ahmedmian Soomro (Jacobabad II): Sir, the present motion, of course, the sentiments behind it, is shared by every Pakistani, as is clear from the declaration of the President that we fully support the Arab Nations, as united Muslim brotherhood. But the action that is sought to be condemned in the present case, I don't think Sir, is right because under diplomatic immunity it is the duty of every Government to fully protect the Consuls and other diplomats that are here. As far as the peaceful procession and peaceful demonstration is concerned, there can be no objection, but if anybody resorts to force or to the burning of tents outside any diplomatic enclave, I think Sir, it is the duty of Government to

protect them. In fact, if today they had failed to take the least possible action and there had been a crisis, we would have to compensate for that to a large extent. This resolution, I think Sir, it being pressed further would do no good to the country as a whole because our sentiments as far as Arab countries are concerned are clear. At the same time, the responsibility of the Government is there, and this action has been taken in the ordinary administration of law to preserve law and order, which is the primary duty of the Government and the Police.

I would, therefore, request the mover to withdaw it and not to press it.

وزیر زراعت (ملک خدا بخش) ۔ میں جناب یہاں پر یہ عرض کرنے کی جرأت کرتا ہوں کہ آج اس ملک کے ہر شخص، چاہے وہ کوئی سرکاری ملازم ہو یا عام شہری ہو سب کی ہمدردیاں عرب ممالک کے ساتھ ہیں (تالیاں) میں پولیس کی طرف سے بھی اور باقی تمام لوگوں کی طرف سے بھی یہ اعلان کرنا چاہتا ہوں کہ قوم تمام کی تمام عرب ممالک کے ساتھ ہے ۔ نہ صرف ہماری ہمدردیاں آن کے ساتھ ہیں بلکہ اگر وقت پڑا تو ہم ہر قسم کی امداد کرنے کی کوشش کریں گے (تالیاں) ہمارا آن کا رشتہ صرف اخوت کا نہیں بلکہ ہم اس لئے آن کی حمائت پر کمر بستہ ہیں کہ وہ راستی پر ہیں ۔ حق پر ہیں (تالیاں) اور اسرائیل کی صورت میں آن کے سینے پر خنجر رکھ دیا گیا ہے ۔ کوئی پاکستانی خواہ وہ کسی مکتب فکر کا ہو ' چاہے وہ سرکاری ملازم ہو یا عام شہری ہو آن سب میں اس مسئلہ پر جتنی یگانگت ہے وہ کسی مسئلہ پر کبھی نہیں ہوئی ۔

دوسرا سوال جس کے متعلق یہ تحریک التوا پیش کی گئی ہے میں سمجھتا ہوں کہ اگر پہلا موقف درست ہے اور وہ یقیناً درست ہے تو وہاں حالات اس قسم کے ہوں گے کہ اس کے سوا چارہ کار نہیں رہا ہو گا ۔ ورنہ جہاں تک عرب طلبأ کا تعلق ہے کسی غلط فہمی پیدا ہونے کا کوئی اندیشہ نہیں ۔ میں پھر آپ کے خادم کی حیثیت سے آپکے احساسات اور جذبات کی ترجمانی کرتے ہوئے یہ اعلان کرتا ہوں کہ ہماری تمام ہمدردیاں عرب ممالک کے ساتھ ہیں اور انشاللہ ان کے ساتھ رہیں گی ۔ (تالیاں)

Mr. Speaker: In view of this statement, does Khawaja Sahib press it.

Khawaja Muhammad Safdar: I don't press it Sir.

Malik Muhammad Akhtar: I press it Sir.

Mr. Speaker: So far as the adjournment motion moved by Malik Akhtar is concerned, I think it is the duty of the Police to maintain law and order. The action has been taken in ordinary administration of law, and the motion is ruled out of order.

ARREST OF MALIK MUHAMMAD HAYAT KHAN TAMMAN, A FORMER MINISTER OF WEST PAKISTAN.

Mr. Speaker: Next motion is 150 by Mr. Hamza, which was deferred.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund): I oppose it Sir. Perusal of the last line of the motion would show that the news of his arrest under the Defence of Pakistan Rules was published in the daily 'Kohistan' dated 27-5-1967. If this is the position, then the motion should have been moved at the earliest moment on the 27th. This motion has been moved on the 29th.

Khawaja Muhammad Safdar: 28th was a holiday.

Minister of Law: 27th was a working day. This is late by two days. I would, therefore, request that this may be held out of order on account of delay.

Mr. Speaker: I don't agree with the learned Law Minister that the motion has not been raised at the earliest possible opportunity. As disclosed by Mr. Hamza, the news was published on the 27th of May and he tabled the motion on the 29th May. On the 28th it was a holiday and naturally Mr. Hamza could give notice of this motion on the 29th of May. The motion has been raised at the earliest possible opportunity and, therefore, I hold it in order.

Mr. Hamza has asked for leave to adjourn the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurence, namely, the flagrant abuse of power by the Provincial Government in arresting Malik Muhammad Hayat Khan Tamman, a former Minister of West Pakistan, under the Defence of Pakistan rules, which has badly shaken the confidence of the people of West Pakistan in the rule

of law, and has rightly caused resentment among them. The news of the arrest was published in the daily 'Kohistan' on the 27th May.

Those Members who are in favour of leave being granted, may please rise in their places.

As less than twenty five Members rose in their places, leave to move the motion was refused.

DEMOLITION OF THE SHRINE OF HAZRAT MADHO LAL HUSSAIN.

Mr. Speaker: Next adjournment motion No. 151 by Mr. Hamza.

Mr. Hamza: Mr. Speaker, Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent occurrence and of urgent public importance, namely, the demolition of the shrine of Hazrat Madho Lal Hussain, a great saint and soofi poet, by three persons. This happened because the shrine is not being properly managed and protected by the Government. This news has caused great resentment among the public of the province.

Minister of Auqaf (Mr. Muhammad Ali Khan): Sir, this senseless act of desecration of the shrine of Hazrat Madho Lal Hussain would definitely be condemned by everybody from the core of his heart and, I am sure, the Members of this august House would agree with me that only mad people could have perpetrated such a dastardly act. No one knows what was the motive behind their action. To my mind, the thing is still shrouded in mystery.

Sir, on the 28th of this month, three persons entered the shrine and at that time the care-taker of the shrine, one Noor Muhammad who was present there, tried to dissuade these miscreants from damaging the shrine in question but they were in a fighting mood. The care-taker was manhandled and thrown out of the shrine. He raised a lot of hue and cry. There were some people in the adjoining mosque who gathered there but out of sheer fear not a single person entered the shrine to stop those people from damaging the shrine. The care-taker ran to the house of R.P.C., Chaudhri Ghulam Rasul, who happened to be a B.D. member. Chaudhri Ghulam Rasul took very timely action and collected a few people in his Mohalla, entered the shrine and over-powered the miscreants. It so happened that by that time there was a police patrol nearby and the culprits were handed over to the police. They have been charged and will be tried in accordance with the law for damaging the shrine of Hazrat Madho Lal Hussain.

I would, therefore, submit that there is no occasion for adjourning the business of this House because this incident did not arise out of any negligence on the part of the Auqaf Department. As far as the Department is concerned, we have a whole-time care-taker and the shrine is maintained and looked after properly.

Sir, the shrine was taken over in 1961 and, since then, we have been spending a lot of money on its repairs. There is a Maktab as well in the premesis. At first, when the shrine was taken over, Rs. 1,393 were spent, then another sum of Rs. 6,000 was spent on the wall and another sum of Rs. 5,561 was again spent. Again, in the year 1964-65, we spent another six thousand rupees and, this year, we intend to spend Rs. 2,000 on general repairs. We are also spending Rs. 4,800 on the maintenance of the Maktab. Therefore, it is quite evident that the shrine is well maintained and looked after. This case, of course everybody would condemn it, has already been registered and is sub-judice. I would request Mr. Hamza to withdraw his motion. As I have already stated that this thing did not arise out of any negligence on the part of the Auqaf Department.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جناب وزیر اوقاف نے جو بیان دیا ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان کے محکمہ کی طرف سے مقرر کردہ ایک محافظ وہاں (میرے خیال میں سویا ہوا) موجود تھا ۔

وزیر اوقاف ۔ اگر وہ سویا ہوا ہوتا تو وہ شور نہ مچاتا ۔

مسٹر حمزہ ۔ میرے خیال میں ایک مقبرہ جو لاہور میں واقع ہے اور جیسا کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ وہاں مکتب بھی ہے اور کافی آبادی بھی ۔ اگر وہ جاگتا ہوتا اور شور مچاتا تو وہ لوگ جنہوں نے مقبرے کو گرانے کی کوشش کی وہ محض کوشش ہی ہوتی اور وہ اس کو مسمار نہ کر پاتے ۔ میں جناب وزیر اوقاف کے جو کہ وزیر تعلیم بھی ہیں معترفوں میں سے ہوں ۔ میں سمجھتا ہوں ان کو اب یہ پتہ لگ گیا ہے کہ وہاں سونے والا محافظ کافی نہیں ہے ۔ آئندہ وہ اس مقبرے کی مناسب حفاظت کے لئے مناسب انتظام کریں گے ۔ اس واقعہ سے پتہ چلتا ہے کہ یہ مقبرہ اور دوسرے مقبرے بھی جو بہت گنجان آبادی میں نہیں بلکہ ویران

جگہوں میں ہیں اور جو محکمہ کی تحویل میں ہیں محفوظ نہیں ہیں ان کی حفاظت کے لئے خاطر خواہ انتظامات کئے جائیں ۔

Mr. Speaker : Does the Member press the motion ?

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میں التجا کروں گا کہ رائے منصب علی خان صاحب کو جو مادھو لال حسین صاحب سے بہت عقیدت رکھتے ہیں کو بھی اظہار خیال کی اجازت دی جائے ۔

Mr. Speaker : I will put this question after the speech of Rai Mansab Ali Khan.

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ کیا منصب صاحب کے منصب میں شامل ہے کہ وہ اس تحریک التوا پر بولیں ۔

رائے منصب علی خان کھرل (شیخوپورہ ۔ ۳) ۔ جناب والا ۔ وزیر اوقاف نے جو کچھ فرمایا ہے وہ بجا طور پر فرمایا ہے لیکن اس واقعہ سے پنجابی زبان کے پرستاروں اور شاہ حسین کے عقیدت مندوں کو دلی صدمہ پہنچا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سنجیدہ مسئلہ کی طرف توجہ دینی چاہیئے اور ایسے واقعات کو روکنے کے لئے وزیر اوقاف صاحب کو آئندہ کے لئے ایسے اقدامات کرنے چاہئیں تاکہ اس واقعہ کو دھرایا نہ جائے ۔

جناب والا ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ ابھی ان کے متعلق پتہ نہیں چلا کہ وہ لوگ کون ہیں اور کس مقصد کے لئے آئے تھے لیکن اخبارات میں ہم نے پڑھا ہے کہ وہ لوگ کچھ روپیہ چاہتے تھے ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ رائے صاحب ۔ وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ ان کو موقع پر گرفتار کر لیا گیا ہے ۔

وزیر اوقاف ۔ جناب والا ۔ ان لوگوں کے نام ہمارے پاس موجود ہیں ۔ ہم نے یہ نہیں کہا کہ ہمیں ان کے نام معلوم نہیں ہیں ۔

Their intention in committing this act is shrouded in mystery. We do not know what motivated them to come and desecrate this shrine.

رائے منصب علی خان کھرل - یہ ٹھیک ہے لیکن اخبارات میں جو تفصیلات آئی ہیں وہ یہ ہیں کہ وہ لوگ کچھ روپیہ چاہتے تھے اور وہاں جا کر انہوں نے دعائیں مانگیں اور انہیں روپیہ نہ ملا اور انہوں نے قبر کو اکھاڑنا شروع کر دیا - جیسا کہ وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ وہ پاگل لوگ ہیں - میں نے بھی کئی دفعہ شاہ حسین کے مزار پر دعائیں مانگی ہیں کہ ہمیں روپیہ دیں تاکہ ہمارا جو پروگرام ہے وہ چل سکے - لیکن انہوں نے روپیہ ہمیں نہیں دیا تو اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ہم شاہ حسین کی قبر کو اکھاڑنا شروع کر دیں - بہرحال وزیر اوقاف صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ مقبرے کی مرمت کا انتظام فی الفور کیا جائے - دوسرے ایسے انتظامات کئے جائیں کہ آئندہ ایسے واقعات رونما نہ ہوں -

Mr. Speaker : Does the Member press the motion ?

Mr. Hamza : No, Sir.

Mr. Speaker : The motion is not pressed.

GOVERNMENT DIRECTIVE CHANGING THE PROCEDURE OF LAW IN RESPECT OF THE DETECTION OF FORCED LABOUR IN BEGAAR CAMPS.

Mr. Speaker : Next motion.

Mr. Hamza : I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, the directive of the Government drastically changing the ordinary procedure of law due to the pressure of big and influential contractors of detecting the heinous crime of forced labour in begaar camps which will amount to a big hurdle in the eradication of such crime in the Province and therefore has caused great resentment among the public all over the Province.

The news of this big change in the policy of the Government was published in the daily 'Mashriq', Lahore, dated the 29th May, 1967.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund): I oppose the motion.

It is wrong that the Government have changed their policy due to the pressure of big and influential contractors. It is also wrong that the heinous crimes will not be detected. On the contrary, no efforts will be relaxed in detecting all possible crimes. The Government have said that an Officer of the rank of D.S.P. and a Sub-Divisional Magistrate or a First Class Magistrate will accompany the party which goes for the purpose of detecting these crimes. Therefore, there is nothing which goes to show that the Government have changed their policy at the pressure of big and influential contractors. I do not know how my friend has construed this motion. Government will never relax their efforts in detecting all the crimes.

مسٹر حمزہ (لائلپور - ۶) : جناب سپیکر ۔ جناب وزیر قانون نے میری تحریک التوا کی مخالفت کرتے ہوئے جو بیان دیا ہے وہ حقائق کے منافی ہے ۔ حکومت خود تسلیم کرتی ہے کہ یہ انسانیت کش جرائم کافی عرصہ سے اس صوبے میں ہو رہے ہیں ۔ لیکن ان کی بر وقت اطلاع پولیس کو موصول نہیں ہوئی ۔ حکومت نے اس سلسلے میں پولیس اور محکمہ انہار کے افسروں کو بھی تنبیہ کی ہے اور ان سے دریافت کیا گیا ہے کہ جب یہ جرائم عرصہ سے ہو رہے ہیں تو وہ ان سے نا واقف کیوں رہے اور حکومت کو اس کی اطلاع کیوں نہیں دی گئی ۔ یہ صورت حال اس وقت تھی جب کہ ایک عام شخص محکمہ پولیس کو اطلاع دے سکتا تھا اور ایک پولیس کانسٹیبل بھی جا کر اس قسم کے واقعہ کے متعلق تھوڑا بہت دریافت کر سکتا تھا ۔ ایک ایس ۔ آئی ۔ یا ایک اے ایس آئی بھی پوچھ گچھ کر سکتا تھا ۔

جناب سپیکر ۔ یہ خبر اس وقت شائع ہوئی ہے ۔ جیسا کہ وزیر

موصوف نے خود تسلیم کیا ہے ۔ جب کہ صرف ڈی۔ایس۔پی ہی اس کی چھان بین کر سکے گا اور یہ بھی اسی صورت میں جب کہ کلکٹر یا مجسٹریٹ یا اسسٹنٹ کمشنر درجہ اول ان کے ہمراہ ہو ۔ آج صبح ملک محمد اختر صاحب نے فارسی کی ایک کہاوت کا حوالہ دیا تھا کہ

,,تا تریاق از عراق آوردہ شود
مارگزیدہ مردہ شود''

جناب سپیکر ۔ اب حالت یہ ہے کہ کوئی ڈاکٹر کو لائے ۔ کوئی ڈی۔ایس۔پی کو لائے اس کے بعد وہ چھاپا مارے ۔ نہ تو من تیل ہو نہ رادھا ناچے ۔

نئے احکامات کے تحت آئندہ بیگار کیمپوں پر چھاپا مارنے کے بعد صرف ایسے کمسن بچوں کو برآمد کیا جائے گا جنہیں خرکاروں نے اغوا کیا ہو ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک بچہ جس کو خرکاروں نے اغوا کیا اور اب وہ بالغ ہو گیا ۔ اب خرکاروں پر کوئی گرفت نہیں ہو سکے گی ۔ یا اگر ایک بالغ شخص کو اغوا کر لیا جائے تو حکومت یہ پسند نہیں کرے گی اس کو ان کے چنگل سے چھڑائے ۔ کیا حکومت نے اس کے متعلق بھی کوئی ہدایات جاری کی ہیں کہ جو بالغ ہوں ان کو برآمد نہ کریں ۔ خواہ ان سے جبری مشقت ہی کیوں نہ لی جا رہی ہو ۔

Minister of Law : Sir, if that information is to be given, then I will request for some time.

Khawaja Muhammad Safdar : Yes Sir, this is a very important question.

آج تک گزشتہ دو ماہ سے جو کچھ بھی ہوا ہے ۔ اس پر حکومت پانی پھیر رہی ہے ۔ اس پر پردہ ڈال رہی ہے ۔ یہ کام نا ممکن بنا

دیا گیا ہے ۔

Minister of Law : There is nothing like that.

Mr. Speaker : Would the Minister be able to furnish it tomorrow or the day after ?

Minister of Law : The day after Sir.

Khawaja Muhammad Safdar : We will discuss it thoroughly Sir.

Mr. Speaker : We will take up this adjournment motion the day after tomorrow.

LEAVE OF ABSENCE OF M.P.As.

Mr. Speaker : We will now take up leave applications of the Members.

NAWABZADA SHEIKH UMER

Secretary : The following telegram has been received from Nawabzada Sheikh Umer, M.P.A :—

> "Myself returning Mekran due family sickness kindly grant me leave for 19th December."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. HAMZA

Secretary : The following application has been received from Mr. Hamza M.P.A :—

> "I could not attend the meeting of Standing Committee Home held on 13-5-67 as I did not receive the intimation at my home address. My absence from the meeting may please be excused."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

SHEIKH FAZAL HUSSAIN

Secretary : The following application has been received from Sheikh Fazal Hussain, M.P.A :—

گزارش ہے کہ بندہ سول ہسپتال مظفر گڑھ
میں زیر علاج رہا ہوں۔ برائے کرم مورخہ
۱۹ - ۱۲ - ۱۳ سے ۶۶ - ۱۲ - ۶۶ تک
رخصت عطا فرمائی جائے۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

HAJI GHULAM AKBAR KHAN KHAKWANI

Secretary : The following application has been received from Haji Ghulam Akbar Khan Khakwani, M.P.A :—

گزارش ہے۔ کہ فدوی مورخہ ۱ - ۱۲ - ۶۶
تا ۵ - ۱۲ - ۶۶ کو بوجہ بیماری اجلاس
میں حاضر ہونے سے قاصر رہا تھا۔ اسلئے ان
ایام کی رخصت عطا فرما کر مشکور فرمائیں۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. MUHAMMAD BAKHSH KHAN NAREJO

Secretary : The following application has been received from Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo, M.P.A :—

"I shall be away to Karachi to attend the Investiture Ceremony being held there on 23rd May, 1967. I shall therefore, not be able to attend the meeting of the Committee on Rules of Procedure and Privileges on 22nd May, 1967. The House may be moved to kindly grant me leave of absence from attending the said meeting."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. MUHAMMAD BAKHSH KHAN NAREJO

Secretary : The following application has been received from Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo, M. P. A. :—

"I shall be away to Karachi to attend the Investiture Ceremony held there on 23rd May, 1967. I shall, therefore, not be able to attend the Assembly Session on 22nd and 23rd May, 1967. The House may be moved to kindly grant me leave for these two days."

Mr. Speaker : The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. MUHAMMAD BAKHSH KHAN NAREJO

Secretary : The following application has been received from Mr. Muhammad Bakhsh Khan Narejo, M. P. A. :—

"My presence at my native place has been necessitated due to some urgent work, I would, therefore, request that my absence for five days viz., from 15th December to 19th December, 1966, may kindly be treated as leave and oblige."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. ABDUL KHALIQ ALLAHWALA

Secretary: The following application has been received from Mr. Abdul Khaliq Allahwala, M. P. A. :—

"I could not attend the Assembly on account of indisposition on 12th, 13th, 14th, 15th, 16th and 19th December, 1966." Leave may be granted.

Mr. Speaker: The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. MUHAMMAD UMER QURESHI.

Secretary: The following telegram has been received from Mr. Muhammad Umer Qureshi, M. P. A. :—

"Grant leave 19 December 1966."

Mr. Speaker: The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MIR WALI MUHAMMAD KHAN TALPUR.

Secretary: The following application has been received from Mir Wali Muhammad Khan Talpur, M. P. A. :—

"Owing to the visit of the President of Pakistan on 17th and 18th January, 1967 to Hyderabad and my Constituency respectively, I could not attend the meeting of the Committee on Industries and Commerce held on 16th January, 1967. A telegram had been sent by me to the effect".

I respectfully request that I may be granted leave of absence for above date."

Mr. Speaker: The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

ATALIQ JAFER ALI SHAH

Secretary : The following application has been received from Ataliq Jafer Ali Shah, M. P. A. :—

"I could not attend the meeting of the Standing Committee of Social Welfare held on February 18th last due to unavoidable difficulties of communication and bad weather. I, therefore, request for grant of leave for above mantioned absence."

Mr. Speaker : The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

SYED INAYAT ALI SHAH

Secretary : The following application has been received from Syed Inayat Ali Shah, M. P. A. :—

"I was out of Station and could not attend the meeting of the Standing Committee on Social Welfare held on 18th February 1967, being unaware of that, therefore, it is requested that I may very kindly be excused for that and oblige."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. MUHAMMAD UMER QURESHI

Secretary : The following application has been received from Mr. Muhammad Umer Qureshi, M. P. A. :—

"Due to my illness I was not in position to attend the meeting of the 'Standing Committee on Industries and Commerce on 16th January 1967'. Leave may be granted."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. MAHMOOD AZAM FAROOQI

Secretary: The following application has been received from Mr. Mahmood Azam Farooqi, M. P. A :—

"I regret to have to inform you that due to some personal reason I was not able to attend the meetings of the Public Accounts Committee from 23-1-67 to 3-2-67.

Will you please, therefore, kindly put my application for leave before the Assembly at the appropriate time."

Mr. Speaker: The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

RAIS SARDAR SHABBIR AHMED KHAN

Secretary: The following application has been received from Rais Sardar Shabbir Ahmed Khan, M. P. A. :—

"I am pleased to inform you that I am proceeding to Saudi Arabia to perform Hajj. After Hajj I will go to Middle East for business trip. I, therefore, could not attend meetings of the Standing Committee on Home Affairs from 17th March 1967.

I shall be highly obliged if you will excuse my absence and grant me leave upto June, 1967."

Mr. Speaker: The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

RAIS SARDAR SHABBIR AHMED KHAN

Secretary: The following application has been received from Rais Sardar Shabbir Ahmed Khan, M. P. A. :—

"I wish to inform you that my father is under medical treatment here, therefore, I could not attend the meeting of the Standing Committee on 17th February, 1967. I shall be obliged if you will excuse my absence."

Mr. Speaker: The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

RAIS SARDAR SHABBIR AHMED KHAN

Secretary : The following application has been received from Rai Sardar Shabbir Ahmad Khan, M. P. A. :—

"I wish to inform you that my father is under medical treatment here, therefore, I could not attend the meeting of the Standing Committee on 7th and 8th February, 1967. I shall be obliged if you will excuse my absence."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

RAIS SARDAR SHABBIR AHMED KHAN

Secretary : The following application has been received from Rais Sardar Shabbir Ahmad Khan, M. P. A. :—

"I regret to say that I could not attend meeting of the Standing Committee on Home Affairs on 9th June, 1967, due to urgent work I shall feel obliged if you will excuse my absence."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

RANA PHOOL MUHAMMAD KHAN

Secretary: The following application has been received from Rana Phool Muhammad Khan, M. P. A.:—

گذارش ہے کہ بندہ مورخہ ۲۰-۱-۶۷ و ۲۱-۱-۶۷
کو کراچی میں سٹینڈنگ کمیٹی برائے ہوم کی
میٹنگ میں شامل ہونے سے معذور تھا ۔ کیونکہ

بندہ کی والدہ سخت بیمار تھی - لہذا رخصت
منظور فرمائی جاوے -

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

KHAN SAIFOOR KHAN

Secretary: The following application has been received from Khan Saifoor Khan, M.P.A. :—

گذارش ہے کہ میں سخت بیمار ہوں - اور
اسمبلی میں حاضر ہونے کے قابل نہیں اسلئے
برائے مہربانی مورخہ ۱۹-۱۲-٦٦ کی رخصت
منظور فرما کر مشکور فرمائیں -

Mr. Speaker: The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

PIR QURBAN ALI

Secretary: The following application has been received from Pir Qurban Ali, M. P. A.;—

"Due to severe pain in my ear I could not attend the meetings of the Standing Committee on Revenue on 30-3-67 and 18 5-67.

I request that leave for these days may kindly be granted."

Mr. Speaker: The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. ABDUL QAYYUM

Secretary: The following application has been received from Mr. Abdul Qayyum, M. P.A. and Parliamentary Secretary :—

"I could not attend the meetings of the Standing Committee on Irrigation & Power held on 27th and 28th March, 1967. Kindly grant me leave for these days."

Mr. Speaker: The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

KHAN AJOON KHAN JADOON

Secretary: The following application has been received from Khan Ajoon Khan Jadoon, M.P.A.:—

"I could not attend the Assembly Session on 22-5-67 due to sickness. I, therefore, request that the Assembly may kindly be moved to grant me leave for that day."

Mr. Speaker: The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MAKHDUM AKHTAR ALI SHAH QURESHI

Secretary: The following application has been received from Makhdum Akhtar Ali Shah Qureshi, M.P.A. :—

"Most humbly and respectfully beg to say due to private work, I am unable to attend Session for 24-5-67. Therefore, one day leave may be granted."

Mr. Speaker: The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MALIK KIBAT KHAN

Secretary : The following application has been received from Malik Kibat Khan, M.P.A. :—

گذارش ہے کہ بوجہ موٹر خراب ہونے کے مورخہ
۲۲-۵-۶۷ کو اجلاس میں حاضر نہ ہو سکا ۔
برائے مہربانی رخصت عطا فرمائی جائے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

SARDAR BAHADUR NAWAB MUHAMMAD KHAN JOGEZAI TUMANDAR

Secretary : The following telegram has been received from Sardar Bahadur Nawab Muhammad Khan Jogezai Tumandar, M.P.A. :—

"Self ill unable attend Session"

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

BEGUM MUMTAZ JAMAL

Secretary : The following application has been received from Begum Mumtaz Jamal, M. P. A. :—

"I have the honour to state that being unwell I would not be able to attend the Assembly Session for 10 days commencing from 22nd May, 1967.

It is, therefore, requested that I may kindly be granted leave from 22nd May, 1967 to 27th May, 1967."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

DR. SULTAN AHMED CHEEMA

Secretary : The following application has been received from Dr. Sultan Ahmed Cheema, M. P. A. :—

"I could not attend the Standing Committee on Health meeting on 11th May, 1967 due to the serious illness of my father. I may please be granted leave of absence for that meeting."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MIAN NAZAR MUHAMMAD KALUKA

Secretary : The following application has been received from Mian Nazar Muhammad Kaluka, M. P. A. :—

بوجہ ایک ضروری کام کمیٹی برائے اطلاعات کی
میٹنگ مورخہ ۱۲-۵-۶۷ میں شرکت نہ کر سکا
برائے مہربانی چھٹی عنائیت فرمائی جائے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MIAN NAZAR MUHAMMAD KALUKA.

Secretary : The following application has been received from Mian Nazar Muhammad Kaluka, M. P. A. :—

عرض ہے کہ اطلاع بر وقت نہ ملنے کی وجہ سے
میٹنگ کمیٹی اطلاعات مورخہ ۱-۲-۶۷ کو
شامل نہ ہو سکا ۔ لہذا اسکی چھٹی عنائیت
فرمائی جائے ۔

Mr. Speaker: The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

CHAUDHRI MUHAMMAD IQBAL

Secretary: The following application has been received from Ch. Muhammad Iqbal, M. P. A. :—

گذارش ہے کہ مجھے ایک نہایت ضروری خانگی کام کے لئے باہر جانا پڑ گیا ہے ۔ لہذا میں ۲۳-۵-۶۷ تا ۲۶-۵-۶۷ اجلاس سے غیر حاضر رہونگا ۔ برائے مہربانی ان ایام کی رخصت بخشی جائے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. A.M. QURESHI

Secretary : The following telegram has been received from Mr. A.M. Qureshi, M.P.A :—

"Suffering from acute pain in kidney stop pray for one week leave."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MALIK SIKANDER KHAN

Secretary : The following telegram has been received from Malik Sikander Khan, M.P.A. :—

"Unable attend Assembly Session owing ill health Kindly sanction leave for absence till joining Session."

Mr. Speaker : The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

SARDAR KHAN MUHAMMAD KHAN BOZDAR

Secretary : The following application has been received from Sardar Khan Muhammad Khan Bozdar, M.P.A. :—

"I beg to state that I am suffering from fever and cannot attend Assembly. Kindly grant me leave for one week from 22-5-67."

Mr. Speaker : The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MIR WALI MUHAMMAD KHAN TALPUR

Secretary : The following telegram has been received from Mir Wali Muhammad Khan Talpur, M.P.A.:—

"President visiting Hyderabad my constituency cant' attend Standing Committee meeting on 16-1-67 request leave".

Mr. Speaker : The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MIR YUSUF ALI KHAN MAGSI

Secretary : The following telegram has been received from Mir Yusuf Ali Khan Magsi, M.P.A. :—

"Undergone an operation unable to attend Session kindly grant leave."

Mr. Speaker : The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. MUHAMMAD ASLAM KHAN KHATTAK

Secretary : The following telegram has been received from Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak, M.P.A. :—

"Unwell request 3 days Leave"

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

BABU MUHAMMAD RAFIQ

Secretary : The following application has been received from Babu Muhammad Rafiq, M.P.A. :—

"I could not attend the meeting of the Standing Committee on Social Welfare held on 18-2-67 and the meetings of the Standing Committee on Home Affairs held on 28th March and 17th April, 1967, due to certain unavoidable circumstances.

I, therefore, request that necessary leave may kindly be granted.

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. MUHAMMAD AURANGZEB KHAN AWAN

Secretary : The following application has been received from Mr. Muhammad Aurangzeb Khan Awan, M.P.A. :—

"I could not attend the meeting of Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs held on 6th February, 1967, due to the marriage of my uncle on the 5th of February, 1967, and it was not possible for me to attend the meeting.

I may very kindly be excused for this absence."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

CHAUDHRI MANAK KHAN BOSAL

Secretary : The following application has been received from Chaudhri Manak Khan Bosal, M.P.A. :—

"It is respectfully submitted that I have been confined to bed due to indisposition since late last night.

The doctor has advised rest for 4 days. Hence I shall be grateful to you, if you kindly grant me leave for 4 days, i.e., 24th to 27th May, 1967."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

ATALIQ JAFER ALI SHAH

Secretary : The following telegram has been received from Ataliq Jafar Ali Shah, M.P.A. :—

"I could not attend the meeting of Standing Committee on Home Affairs on 24-2-67 for which leave may be granted."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

SARDAR MUHAMMAD AYUB KHAN

Secretary : The following application has been received from Sardar Muhammad Ayub Khan, M.P.A. :—

"Due to illness I was unable to attend the Revenue Standing Committee meeting on 29th and 30th April, 1967.

It is respectfully requested that leave due to illness may kindly be granted for the 29th and 30th April, 1967."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

SARDAR MUHAMMAD AYUB KHAN

Secretary : The following application has been received from Sardar Muhammad Ayub Khan, M. P. A. :—

"Due to urgent and unavoidable work I have to return home for a few days. It is respectfully requested that leave of absence may kindly be granted for 12 days with effect from 26th May, 1967."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. ABDUL KHALIQ ALLAHWALA

Secretary : The following application has been received from Mr. Abdul Khaliq Allahwala, M. P. A. :—

"I request for leave of absence from 22nd May, 1967 to 27th May, 1967 both days inclusive on account of the visit of Field Marshall Muhammad Ayub Khan, the President and other important Muslim League questions at Karachi.

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. MUNAWAR KHAN

Secretary : The following application has been received from Mr. Munawar Khan, M. P. A. :—

"I am sorry that I could not intimate my inability to attend the Assembly from 22-5-67, the date on which it starts.

My wife is being admitted in the C. M. H. Bannu, for operation, which will be conducted on 27-5-67. This naturally necessitates my presence at Bannu. I shall attend as soon as she is out of danger. Please grant me leave."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

HAJI GUL HASSAN MANGI

Secretary : The following application has been received from Haji Gul Hassan Mangi, M.P.A :—

"This is to state that I did not attend the meeting of Standing Committee on Revenue held on 29th and 30th March, 1967, as I did not receive intimation. I, therefore, request you kindly [to be good enough] to grant leave for said two days."

Mr. Speaker : The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MALIK GHULAM ALI

Secretary : The following application has been received from Malik Ghulam Ali, M.P.A :—

گذارش ہے ۔ بندہ کو لاہور میں ایک نجی کام
کی وجہ سے مورخہ ۲۳-۵-۶۷ کے سیشن میں حاضر
نہ ہو سکا ۔ برائے کرم ایک دن کی رخصت
عطا فرمائی جائے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

BEGUM MUMTAZ SAFDAR

Secretary : The following application has been received from Begum Mumtaz Safdar, M.P.A. :—

میں بوجہ بیماری ۲۲-۵-۶۷ ، ۲۳-۵-۶۷ کو
حاضر نہ ہو سکی التماس ہے ۔ کہ میری چھٹی
منظور فرمائیں ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

HAJI GHULAM AKBAR KHAN KHAKWANI

Secretary : The following application has been received from Haji Ghulam Akbar Khan Khakwani, M.P.A. :—

"گزارش ہے ۔ کہ فدوی بوجہ بیماری کے
مورخہ ۲۶-۵-۶۷ تا ۲۷-۵-۶۷ حاضر اجلاس
نہیں ہو سکا ۔ لہذا رخصت عطا فرما کر
مشکور فرمایا جاوے ۔"

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MALIK MIRAJ KHALID

Secretary : The following application has been received from Malik Miraj Khalid, M.P.A :—

"گزارش ہے ۔ کہ میں بتاریخ ۱۷-۱-۶۷ ، ۲۸-۲-۶۷ اور ۲۷-۳-۶۷ کو پارلیمنٹری امور کمیٹی کے اجلاس میں شریک نہ ہو سکا ۔ لہذا درخواست ہے کہ میری استدعا برائے رخصت ایوان کے سامنے برائے منظوری پیش فرما کر شکر گزار فرمائیں "۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

KHAN MUHAMMAD AKBAR KHAN

Secretary : The following application has been received from Khan Muhammad Akbar Khan, M.P.A. :—

عرض ہے ۔ کہ میں بیمار ہوں ۔ اور اسمبلی میں حاضر ہونے سے قاصر ہوں ۔ از راہ نوازش مورخہ ۲۲-۵-۶۷ سے ۳۱-۵-۶۷ تک کی رخصت عطا فرمائی جاوے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MIAN NAZIR AHMED

Secretary : The following application has been received from Mian Nazir Ahmed, M.P.A. :—

"گزارش ہے ۔ کہ میں بوجہ پیچش دو دن بیمار رہا ہوں ۔ اور علاج کراتا رہا ہوں ۔ اس لئے مورخہ ۲۴-۵-۶۷ ، ۲۵-۵-۶۷ ہاؤس میں حاضر نہیں ہو سکا ۔ برائے مہربانی میری چھٹی منظور فرمائی جائے ۔ "

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

HAJI GHULAM AKBAR KHAN KHAKWANI

Secretary : The following application has been received from Haji Ghulam Akbar Khan Khakwani, M.P.A. :—

"مکرمی ۔ اسلام و علیکم ۔ مجھے گردہ کی تکلیف بدستور ہے ۔ میں سفر کے ناقابل ہوں ۔ برائے کرم مجھے ۱۹-۱۲-۶۶ کی رخصت منظور فرمائی جائے ۔ "

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

KAZI MUHAMMAD AZAM

Secretary : The following application has been received from Kazi Muhammad Azam, M.P.A.:—

"Due to illness and headache I could not attend the meetings of the Assembly Session from 22-5-67 to 24-5-67. These may kindly be moved for said leave."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

BRIGADIER CHAUDHRI FATEH KHAN

Secretary : The following application has been received from Brigadier Chaudhri Fateh Khan, M.P.A.:—

"I request that I may, please be allowed one day's leave on 26th May to go to Sahiwal for private affairs."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

KHAN MUHAMMAD ANWAR ALI KHAN BALOCH

Secretary : The following application has been received from Khan Muhammad Anwar Ali Khan Baloch, M.P.A :—

"Respectfully I beg to state that I could not attend the Assembly on 26th May. I may be granted leave for the said date."

Mr. Speaker : The question is :—

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

KHAN MALANG KHAN

Secretary : The following application has been received from Khan Malang Khan, M.P.A.:—

"میں مورخہ ۲۲-۵-۶۷ سے ۲۷-۵-۶۷

اسمبلی کے اجلاس میں بوجہ بیماری شرکت نہیں
کر سکا ۔ مہربانی فرما کر ۲۲-۵-۶۷ تا
۲۷-۵-۶۷ کی رخصت عطا فرمائی جائے ۔"

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

ORDINANCES

THE BASIC DEMOCRACIES ORDER (WEST PAKISTAN AMENDMENT) ORDINANCE, 1967.

Mr. Speaker : We will now take up the Orders of the Day. First motion stands in the name of the Minister of Basic Democracies.

Minister of Basic Democracies (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir I beg to move:

That the Assembly do approve of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, promulgated by the Governor of West Pakistan on the 24th February, 1967.

Mr. Speaker : Motion moved is:

That the Assembly do approve of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, promulgated by the Governor of West Pakistan on the 24th February, 1967.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed Sir.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ بنیادی جمہوریتوں کے آرڈر کے تحت جب پہلی مرتبہ یونین کونسلوں ، یونین کمیٹیوں اور ٹاؤن کمیٹیوں کے چیئرمینوں کے انتخابات ہوئے ہیں تو اس وقت اس قانون میں عدم اعتماد کے بارے میں دفعات موجود نہیں تھیں ۔

جناب والا ۔ اس معزز ایوان کے اراکین کے علم میں ہے کہ موجودہ حکومت ان اداروں کی کارکردگی پر ، ہمیشہ نظر رکھتی ہے اور جہاں

کہیں ترمیم کی ضرورت ہوتی ہے ترمیم کر دی جاتی ہے ۔ چنانچہ کچھ عرصہ پیشتر یہ محسوس کیا گیا کہ اس آرڈر میں ترمیم کی جائے اور ممبران کو عدم اعتماد کا حق دیا جائے ۔ اس قانون کی ترمیم کے تحت یہ فیصلہ کیا گیا کہ چیئرمین کے خلاف دو تہائی منتخب شدہ ممبران کی اکثریت عدم اعتماد کی تحریک منظور کر سکتی ہے اور اگر ایک دفعہ عدم اعتماد کا حق ہو جائے تو دوسری مرتبہ ۶ مہینے تک یہ تحریک واپس نہیں کی جا سکے گی ۔ جناب والا ۔ دوسری مرتبہ بنیادی جمہوریتوں کے چیئرمینوں کے جب عام انتخابات ہوئے تو اس کے بعد یہ محسوس کیا گیا کہ پہلے قانون میں ایک بات کے بارے میں ذکر نہیں تھا کہ چیئرمینوں کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک کس وقت پیش کی جا سکتی ہے ۔ چنانچہ صورت حال یہ ہو گئی کہ کئی حالات میں ایک شخص جو چیئرمین منتخب ہوا تو پیشتر اس کے کہ وہ اپنے کام کو جاری کر سکے اس کے خلاف عدم اعتماد کی کارروائی کر دی گئی اور کسی چیئرمین کے خلاف چند دنوں کے بعد ۔ اس پر یہ معاملہ اس طریقہ پر شروع ہوا کہ اب سارے مقامات سے عوام کی طرف سے یہ مطالبہ کیا جانے لگا کہ چیئرمین کے انتخاب کے بعد اس کو مناسب موقع ملنا چاہیئے کہ وہ اپنی کوشش اپنی محنت اپنی ایمانداری اور اپنے عمل سے یہ ثابت کرے کہ وہ اپنے کام کا اہل ہے اور اگر اس کے بعد ممبر صاحبان یہ محسوس کریں کہ وہ اہل نہیں ہے اور اس شخص نے اپنے عہدہ کے فرائض کو صحیح طور پر سرانجام نہیں دیا تو ایسی صورت میں اس کے خلاف عدم اعتماد کا اظہار کیا جائے ۔ آج ایک شخص منتخب ہو اور دوسرے ہی دن اس کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک کر دی جائے اس قسم کے حق میں ترمیم کی ضرورت ہے ۔ چنانچہ حکومت نے اس سلسلے میں جو رول تھا وہ واپس لے لیا اور اس پالیسی پر غور کیا جس کے بعد حکومت اس نتیجہ پر پہنچی کہ

عدم اعتماد کا حق بھی بہت ضروری ہے ۔ اس لئے کہ اس کے بغیر چیئرمین صاحب ۵ سال تک یہ محسوس کریں گے کہ وہ ممبران کی رائے کو قطعی طور پر نظر انداز کر سکتے ہیں اور وہ چاہیں تو کام کریں یا نہ چاہیں تو کام نہ کریں اور چیئرمین کی حیثیت سے موجود رہیں ۔ لیکن موجودہ حکومت کا منشا یہ ہے کہ جو شخص بنیادی جمہوریت کے ادارے میں آتا ہے تو وہ عوام کے نمائندے کی حیثیت سے آتا ہے اور وہ اپنے فرائض کو ادا کرے اور ملک کی خدمت کرے اور اپنے اختیارات کے باعث تعمیر ملت میں برابر کا شریک ہو ۔ جناب والا ۔ ضرورت محسوس کی گئی کہ اگر کوئی چیئرمین اپنے کام میں دلچسپی نہیں لے رہا ہے تو ممبر صاحبان کے پاس ایسے اختیار کا ہونا ضروری ہے کہ اسے دوتہائی اکثریت سے علیحدہ کر دیں ۔ جناب والا ۔ یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ انتخابات کے بعد ایک سال تک چیئرمین کو موقع دیا جائے گا کہ وہ اپنا کام سرانجام دے اور اگر اس کے بعد ممبران محسوس کریں تو اس کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک کر سکتے ہیں ۔ تو جناب والا ۔ عدم اعتماد ہو جانے کے بعد پھر حکومت یہ نہیں چاہتی کہ یہ بی ڈی کے ادارے ہر وقت اس قسم کی تحریکوں کے اکھاڑے بن جائیں جس سے کہ عوامی مفاد متاثر ہو ۔ لہذا یہ فیصلہ کیا گیا کہ اگر ایک چیئرمین یا ممبر آج منتخب ہوا ایک یا دو سال یا تین سال کے بعد وہ اپنے ممبران کے دو تہائی کا اعتماد کھو بیٹھتا ہے تو اس کی اپنی یونین کونسل یا ٹاؤن کمیٹی میں جتنی بقیہ مدت ہوگی اس کے لئے اسے کھلے طور پر کہنا ہو گا کہ دوبارہ چیئرمین بننے کے لئے وہ امیدوار ہے اور عوام کی خدمت کرنا اس کا بنیادی مقصد ہو گا تاکہ یہ نظام کہیں پاور پالیٹکس کا اکھاڑہ نہ بن جائے کیونکہ جس کے خلاف بھی عدم اعتماد ہوگا وہ کوشش کرے گا کہ ایسا نہ ہو اور پھر دوسرا شخص یہ کوشش کرے گا کہ میں اس کو ہٹا کر خود بنوں ۔ لہذا

یہ فیصلہ کیا گیا کہ جس آدمی کے خلاف عدم اعتماد ہو جائے گا وہ باقی مدت میں نہیں ہو گا۔ اگر ایک کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش کی جائے گی اور وہ ناکام ہو جائے تو پھر ایک سال تک اس کے خلاف اس تحریک کو پیش نہیں کیا جائے گا۔ یہ آرڈیننس جناب والا بڑا مفید آرڈیننس ہے جس نے جمہوریت کے تقاضوں کو پورا کیا ہے اور عوامی مفاد کو اس حد تک مدنظر رکھا ہے کہ چیئرمین اپنے اختیارات کو عوامی مفادات کے لئے استعمال کریں اور ممبر صاحبان بھی اپنے اس حق کو عوام کے بہترین مفاد میں استعمال کریں اور عوامی مفاد کو ٹھیس نہ پہنچائیں۔ عوام کے مفادات کو کسی طور پر بھی نقصان نہ پہنچائیں۔ یہ آرڈیننس ایسا آرڈیننس ہے جس کے ذریعہ ان ساری چیزوں کے بارے میں کوشش کی گئی ہے کہ اگر کوئی بات غلط طور پر بھی ہو جائے تو اس کو مناسب طور پر صحیح کیا جائے تو یہ آرڈیننس ان چیزوں کے لئے احکام provide کرتا ہے۔ مجھے امید ہے کہ ایوان اس آرڈیننس کو قبول کرے گا۔

Mr. Speaker : The first amendment is in the name of Khawaja Muhammad Safdar. Yes, Khawaja Sahib.

Khawaja Muhammad Safdar : I beg to move—

That for section 2 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, substitute the following, namely :—

"2. In Article 11 of the Order the proviso to clause (5-A) be omitted."

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is—

That for section 2 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, substitute the following, namely :—

"2. In Article 11 of the Order the proviso to clause (5-A) be omitted."

Minister of Basic Democracies : Opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۱) - جناب والا - پریزڈنشل آرڈر جو کہ ۱۹۵۹ء میں جاری کیا گیا اور ۱۹۶۰ء میں جسے نافذ کیا گیا - کی غرض و غایت بسا اوقات نہیں بلکہ گزشتہ سات سال سے ہمیں یہ بتائی گئی کہ یہ وہ نظام ہے جو کہ پاکستانیوں کے مزاج کے مطابق ہے - اس حد تک پاکستانیوں کے مزاج کے مطابق ہے کہ وہ چونکہ اپنی بے بصری اور عقل کی ناپختگی کے باعث اپنے چھوٹے موٹے مقامی معاملات کو طے کرنے کی اہلیت نہیں رکھتے اس لئے اس تمام پرانے نظام کو جو کہ پنجاب میں میونسپل ایکٹ یا پنجاب ڈسٹرکٹ بورڈ ایکٹ یا اس قسم کے دوسرے قوانین جو سارے مغربی پاکستان کے مختلف حصوں میں رائج تھے منسوخ کر دیا گیا اس دعوٰی کے ساتھ کہ یہ نیا قانون اور یہ نظام ہمارے مزاج کے مطابق ہے اس لئے اسے پاکستان پر مسلط کر دیا گیا - اس نظام کو مسلط کرتے وقت اس ملک کے بسنے والوں کی کوئی رائے نہیں لی گئی کسی سے یہ نہیں پوچھا گیا کہ ۷۰ - ۸۰ سال کا پرانا نظام جو کہ اس ملک میں رائج تھا اسے کن وجوہات کی بنا پر تبدیل کیا جا رہا ہے اور وہ کون سی ضروریات لاحق ہوئی ہیں جن کی بنا پر یہ نیا نظام جس کو بنیادی جمہوریت کا نظام کہتے ہیں ہمارے سروں پر مسلط کیا گیا ہے - ایک شخص واحد نے اپنے ذہن کے مطابق اس قوم کے امراض کی تشخیص کی اور خود ہی علاج شافی و کافی تجویز فرمایا -

ملک قادر بخش - یہ عوام کا صحیح علاج ہے -

خواجہ محمد صفدر - جناب قادر بخش کا ارشاد ہے کہ یہ صحیح علاج ہے -

چودھری انور عزیز - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے سامنے ایک سیکشن ۲ ہے اس کے متعلق خواجہ صاحب کی یہاں یہ تحریک ہے کہ اس کو omit کیا جائے - ابھی تک اتنی باتیں سننے میں آئی ہیں لیکن ان کا ہماری اس کلاز کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے اس ترمیم کے ساتھ کوئی تعلق نہیں - گزارش صرف یہ ہے کہ اگر ضمنی طور پر کوئی بات آ جائے تو وہ تو کر لی جائے لیکن اس ایوان کو جلسوں کا پلیٹ فارم نہیں بنانا چاہیئے - میرے خیال میں یہ اسمبلی کی تضیع اوقات ہے - آپ صرف یہ بتائیں کہ کلاز کو کیوں - delete کیا جائے -

(اس مرحلہ پر مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر سید یوسف علی شاہ کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

مسٹر حمزہ - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - انور عزیز صاحب کا خیال ہے کہ اس ایوان میں دفعہ ۴۴۱ لگا دیجائے -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - آپ تشریف رکھیں -

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں نے اپنے محترم دوست جناب میاں محمد یاسین خان وٹو کی تقریر دل پذیر کا آخری حصہ سنا - مجھے یہ حق حاصل ہے کہ جن احساسات اور جن جذبات کا انہوں نے اظہار فرمایا اس آرڈیننس کے متعلق میں اپنی عقل اور فکر کے مطابق ان معاملات پر اپنی رائے کا اظہار کر سکوں - مجھے افسوس ہے کہ میرے محترم دوست جناب چودھری انور عزیز صاحب کو یہ ضرورت لاحق ہوئی ہے کہ وہ پوائنٹ آف آرڈر اٹھائیں یہ ظاہر کرنے کے لئے کہ میں اپنے موضوع سے ہٹ گیا ہوں لیکن میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ میں اپنے موضوع سے نہیں ہٹا - میں اسی

موضوع پر ہوں ۔ جس کے متعلق جناب میاں محمد یاسین خان وٹو نے ابھی تقریر فرمائی ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ میں نے چیئرمینوں کے متعلق عرض کیا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میاں صاحب نے جو کچھ فرمایا تھا ، وہ پورے آرڈیننس کے متعلق تھا ۔ مجھے بھی اس مرحلہ پر یہ حق پہنچتا ہے کہ میں اس ریزولیوشن کی مخالفت میں تقریر کروں جس کی حمایت میاں محمد یاسین وٹو صاحب نے کی ہے ۔

چودھری انور عزیز ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ پہلے یہ ہوتا تھا کہ ہم اس پر عمومی لحاظ سے بحث کیا کرتے تھے ۔ اس وقت آرڈیننس کی منظوری یا نا منظوری ہمارے سامنے ہوتی تھی ۔ اس وقت ہم اپنی تقریر میں اس کے مختلف پہلوؤں کو سامنے لا سکتے تھے ۔ اب اس میں ترامیم پیش ہو سکتی ہیں ۔ لیکن ترمیم پر بولتے وقت آپ کو صرف ترمیم پر ہی بولنا پڑے گا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ مجھے اس امر میں اپنے دوست سے کامل اتفاق ہے کہ جب اس آرڈیننس پر ترامیم ختم ہو جائیں گی تو پھر اس ریزولیوشن پر پوری بحث ہو سکے گی ۔ مجھے اس سے پورا اتفاق ہے ۔ لیکن اس وقت جو میں عرض کر رہا تھا وہ جواز تھا اس کا کہ یہ ترمیم پورے قانون سے کس طرح متعلق ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ خواجہ صاحب آپ اپنی تقریر ترمیم پر ہی فرمائیں گے ؟

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا

تھا کہ کہا گیا ہے کہ ہر قانون ہمارے مزاج کے مطابق ہے ۔ جب کہ میں عرض کر چکا ہوں کہ یہ قانون ۱۹۶۰ء میں نافذ ہوا ہے اور صرف یہ مسئلہ کہ آیا یونین کونسلوں کے چیئرمینوں کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش ہو سکتی ہے یا نہیں اور اگر ہو سکتی ہے تو کس طرح سے ہو سکتی ہے ۔ یہ گزشتہ سات سال سے مختلف اوقات میں زیر بحث آتا رہا ۔ جناب والا ۔ اس کی تاریخ یہ ہے کہ ۱۹۶۲ء میں پہلے یہ ترمیم کی گئی پھر صدر مملکت کے آرڈیننس ۲۲ کے ذریعہ ۱۹۶۳ء میں ۶ صفحات پر مشتمل ایک لمبی چوڑی ترمیم پھر کی گئی اور اس میں یہ حق دیا گیا ۔ وہی کلاز جس کا اب ذکر ہے ۔ اسی کا حوالہ دیتے ہوئے میں کہتا ہوں کہ ۱۹۶۳ء کی اس ترمیم کے ذریعہ ایک نیا آرٹیکل اس میں شامل کیا گیا ۔ آرٹیکل ۱۱ (۵-۱۷) اور اس میں ایک جملہ شرطیہ رکھا گیا جس کے الفاظ یہ ہیں :-

"Provided that where a motion of no-confidence against Chairman has been moved, and has not been carried, no similar motion shall be moved against him until after the expiry of six months from the date the motion was moved."

پھر جناب اسی پر اکتفا نہیں کیا گیا ۔ معلوم ہوتا ہے ۔ اگر چہ مجھے اس سے اتفاق نہیں ۔ کہ اس بد قسمت قوم کا مزاج ہر چھ ماہ کے بعد تبدیل ہو جاتا ہے اس لئے جو نسخہ اس کے لئے تجویز کیا جاتا ہے ، ڈاکٹر صاحبان کو لازماً ہر چھٹے ماہ اس میں بھی ترمیم کرنا پڑتی ہے ۱۹۶۲ء کے بعد ۱۹۶۳ء میں ترمیم ہوئی ۔ پھر ۱۹۶۴ء میں ہوئی ۔ پھر ۱۹۶۵ء میں ہوئی ۔ پھر ۱۹۶۶ء میں ہوئی ۔ پھر ۱۹۶۷ء میں ہوئی ۔ اور جناب والا بعض ترامیم ایسی ہیں جو قانون کے ذریعہ نہیں کی گئیں ۔ جیسا کہ محترم محمد یاسین خاں وٹو نے ارشاد فرمایا ہے ۱۹۶۲ میں یونین کونسلوں کو یہ حق دیا گیا تھا کہ وہ اپنے چیئرمینوں کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش کر سکتی ہیں ۔ وہ کس طرح واپس لے لیا گیا ؟ ۱۹۶۳ء

کے ترمیمی آرڈیننس کے تحت جو قواعد مرتب کئے گئے تھے ان کے ذریعہ اسے واپس لے لیا گیا ۔ یعنی گورنمنٹ نے اس آرڈیننس میں ترمیم کوئی نہیں کی بلکہ ایک ایگزیکٹو آرڈر کے تحت قواعد بنائے ۔ اور اس میں ان کو یہ بھی اختیار ہوتا ہے کہ وہ ان میں ردوبدل کر سکیں ۔ انہیں یہ بھی اختیار ہے کہ کسی قانون کے ضمنی قواعد کو منسوخ کر دیں ۔ انہوں نے کیا کیا۔۱۹۶۳ء کے آرڈیننس کی رو سے یونین کونسلوں کو یہ حق دیا گیا تھا کہ اگر کسی چیئرمین کے خلاف اس یونین کونسل کی اکثریت ہو تو اسے اس عہدہ سے ہٹایا جا سکے ۔ لیکن اس حق کو اس طرح واپس لے لیا گیا کہ اس کے متعلق جو قواعد تھے انہیں واپس لے لیا گیا ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ پوزیشن وہی ہوگئی جو ۱۹۶۰ء میں تھی ۔ آپ اگر اس اصل قانون کو ملاحظہ فرماویں جسے جناب صدر مملکت نے ۱۹۶۰ء میں جاری کیا تھا ۔ تو دیکھیں گے کہ اس قانون کے آرٹیکل ۱۱ میں نہ سب آرٹیکل (۴) ہے نہ (۵) ہے ۔ نہ (۵ ۔ اے) ۔ نہ (۵ ۔ بی) اور نہ یہ جملہ شرطیہ ہے ۔ یعنی پوزیشن یہ تھی کہ کسی یونین کونسل کے چیئرمین کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش ہی نہیں ہو سکتی ہے ۔

۱۹۶۲ کے آئین کے مطابق اس ملک کے سربراہ کے خلاف impeachment کی دفعہ شامل ہے ۔ اس ملک کی سب سے بڑی اسمبلی یعنی لیشنل اسمبلی کے سپیکر کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش ہوکر پاس کی جا سکتی ہے ۔ ۵ کروڑ کی اس نمائندہ مجلس یعنی مغربی پاکستان اسمبلی کے صدر کے خلاف تحریک عدم اعتماد نہ صرف پیش ہو کر پاس ہو سکتی ہے بلکہ پاس کی گئی ہے ۔ تو یہ یونین کونسل کا چیئرمین کونسی بڑی بلا ہے جس کو اس حصار کے اندر محفوظ رکھا گیا ہے کہ اگر اس نے سرکاری اثر کے ذریعہ چئیرمینی حاصل کر لی ہو تو اسے ہٹایا نہ جا سکے ۔ آخر کوئی منطق ہونی چاہیئے ۔ اگر ہم صدر مملکت

کو اتنے بڑے اعزاز اور عہدے سے ہٹا سکتے ہیں ۔ آئین میں یہ حق موجود ہے ۔ اسے استعمال کیا جائے یا نہ کیا جائے۔ وہ اور بات ہے ۔ مگر اسی ملک کے باشندے کو یا کسی اور طریقہ سے ان کے نمائندوں کو یہ حق حاصل ہے کہ اُن کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک لا سکیں تو آخر کوئی منطق ہونی چاہیئے ۔ اس بات میں کہ کسی چھوٹے سے گاؤں کے چیئرمین کو وہ رتبہ حاصل ہو کہ اس کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش نہ کی جا سکے ۔ ان چیئرمینوں کے متعلق اس ایوان میں کچھ کہا نہیں جا سکتا کہ آج کل وہ کیا ہیں ۔ اگر ایسا ہو بھی تو میرے بعض معزز دوست یہ فرمائیں گے کہ یہ موضوع اس معزز ایوان کے وقار کے خلاف ہوگا۔ وہ کون سی وجہ تھی کہ جن کی بنا پر ہم ان کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش نہ کرسکتے تھے ۔ ۱۹۶۳ء میں تین سال کے بعد ہمارے حکمرانوں کے دماغوں میں کچھ روشنی پیدا ہوئی اور انہوں نے کہا کہ یہ جائز بات ہے ۔ منطقی بات ہے یہ حق ہونا چاہیئے ۔ اب اس حق کو کس طرح دیا گیا ۔ ۱۹۶۳ء میں یہ حق دیا گیا کہ چیئرمین کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش ہو سکتی ہے اور دو تہائی ووٹوں کے ساتھ وہ تحریک پاس ہو سکتی ہے لیکن اس کے ساتھ ایک شرط لگا دی گئی کہ اگر کبھی اس چیئرمین کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش ہو اور وہ پاس نہ ہو سکے تو اس صورت میں آئندہ ۶ ماہ کے لئے کوئی دوسری عدم اعتماد کی تحریک پیش نہیں ہوگی ۔ اس کے علاہ اس معزز ایوان کی debate کی کتابیں اس بات کی شاہد ہیں کہ ہماری جانب سے اس کے خلاف شدید احتجاج کیا گیا تھا ۔ آپ کا یہ دعویٰ ہے کہ اس ملک میں جمہوریت ہے ۔ کبھی آپ اس کی بنیادیں رکھتے ہیں اور کبھی اسے بے بنیاد بنا دیتے ہیں دراصل اس میں جمہوریت نہیں ہے بنیاد ہی بنیاد ہے ۔ خیر

نہیں کہ کس چیز کی بنیاد ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ اصل میں بنیاد آپ کے ہاتھ سے نکل گئی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جب ہم حکمران تھے تو سارے ملک میں جمہریت جاری و ساری تھی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ عوام سے پوچھیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ عوام سے پوچھ لیا گیا ہے ۔ (قطع کلامیاں) عوام کی رائے کس طرح حاصل کی گئی تھی ۔ اس سے میرے دوست کی دل شکنی ہوگی ۔ جناب والا ۔ پولیس کے ڈنڈے سے عوام کی رائے حاصل کی گئی ہے ۔ میں اس کے متعلق زیادہ نہیں کہہ سکتا ۔ میں جناب ان کو دعوت دیتا ہوں کہ میرے ساتھ کسی ایک جگہ پر adult franchise کی بنیاد پر الیکشن لڑ کر دیکھ لیں (قطع کلامیاں) کسی حلقہ نیابت سے میں میاں صاحب کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ adult franchise کی بنا پر خواہ مکران ہو ۔ خواہ سابقہ صوبہ سرحد ہو الیکشن لڑ کر دیکھ لیں ۔ (قطع کلامی)

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ خواجہ صاحب آپ اپنی تقریر جاری رکھیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ محض ان کا جواب تھا ..... جناب والا ۔ ۱۹۶۳ء سے دیکھیں پاکستان کے مریض کی حالت کبھی سدھر جاتی ہے اور کبھی بگڑ جاتی ہے ۔ اس زمانے میں خیال تھا کہ مریض کے نسخے میں یہ دوا رکھ دی جائے کہ اگر چیئرمین کے خلاف کوئی تحریک عدم اعتماد ناکام ہو جائے تو کوئی تحریک عدم اعتماد ۶ ماہ تک دوبارہ پیش نہیں ہوسکتی ۔ اب مریض کی حالت پھر سے بگڑ گئی ہے ۔

۱۹۶۲ء میں کچھ حالت رو بہ اصلاح ہوئی تھی وہ اب پھر بگڑ گئی ہے اور وہ حق ہی واپس لے لیا گیا ہے ۔ یہ فعل indirectly اور چور دروازے سے کیا گیا ہے ۔ لوگ منہ تکتے رہ گئے ہیں کہ جمہوریت کہاں ہے ۔ اب یہ مسئلہ اس ایوان میں لے آئے ہیں ۔ یہ مسئلہ انہوں نے ایوان میں پیش کیا ہے ۔ اور ساتھ ہی انہوں نے یہ شرط لگائی ہے کہ اگر ایک دفعہ تحریک عدم اعتماد ناکام ہوجائے تو ایک سال کے لئے چیئرمین کو چوٹی مل جائے گی کہ اس کے خلاف کوئی عدم اعتماد کی تحریک پیش نہیں ہوسکتی ۔

رائے منصب علیٰ خان کھرل ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ خواجہ صاحب اپنی ترمیم پر نہیں بول رہے ہیں ۔ ان کی ترمیم یہ ہے کہ ناکام ہونے کے بعد بھی تحریک پیش ہوسکتی ہے لیکن پہلی سٹیج یہ ہے کہ چیئرمین منتخب ہونے کے بعد اس کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک نہیں آ سکتی ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں آپ کی بات نہیں سمجھ سکا ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ میں نے اردو میں تقریر کی ہے ۔ میں نے کوئی اور زبان نہیں بولی ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ خواجہ صاحب آپ اپنی تقریر جاری رکھیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے کہ

"That for section 2 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, substitute the following, namely :—

"2. In Article 11 of the Order the proviso to clause (5-A) be omitted."

جناب والا ۔ کلاز (۵-الف) پڑھ کر سناتا ہوں کیونکہ اس میں کچھ تنازعہ پیدا ہو گیا ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ میں نے ان کے پوائنٹ آف آرڈر کے ساتھ اتفاق نہیں کیا ہے اور وہ پوائنٹ آف آرڈر rule out ہو گیا ہے ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ خواجہ صاحب کی جو ترمیم ہے اس میں انہوں نے کہا ہے کہ یہ proviso حذف کر دیں اور وہ یہ ہے ۔

(a) a motion of no-confidence against a Chairman shall not be moved before the expiry of twelve months of his election as Chairman ;

میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان کی ترمیم اس سے متعلق ہے کہ جب کوئی چیئرمین منتخب ہو جائے اسکے بعد ایک سال تک اسکے خلاف تحریک عدم اعتماد پیش نہیں ہو سکتی اور جو وہ تقریر فرما رہے ہیں وہ عدم اعتماد کی تحریک کی ناکامی کے متعلق ہے کہ ایک سال تک دوبارہ تحریک نہیں آ سکتی ۔ میں کہتا ہوں کہ یہ اگلا قدم ہے ۔ انہیں سب سے پہلے اپنی ترمیم پر تقریر کرنی چاہیئے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ خواجہ صاحب آپ اپنی ترمیم پر تقریر کریں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ۱۲ ماہ کا عرصہ جناب چیئرمین کو دیا گیا ہے کہ ان کے انتخاب کے بعد (یعنی ان کو کھلی چھٹی دے دی گئی ہے) ۱۲ ماہ تک ان کے خلاف عدم اعتماد کی کوئی تحریک پیش نہیں ہو سکے گی ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ اگر کوئی چیئرمین خائن ہے ۔ بد دیانت ہے ۔ پولیس کا ٹاوٹ ہے اور اس میں وہ جملہ اخلاقی خرابیاں ہیں جن کی بنا پر اس یونین

کونسل کے عوام یا اس یونین کونسل کے اراکین اس چیئرمین کو رکھنا پسند نہیں فرماتے تو اس صورت میں وہ بے بس ہوں گے ۔ ۱۲ ماہ کا عرصہ گزرنے کا انتظار کیا جائے اور اس کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک لائی جائے ۔ اس ضمن میں میں یہ عرض کروں گا کہ اس قسم کی کوئی شرط کسی دوسرے ادارے کے چیئرمین کے متعلق نہیں ہے مثال کے طور پر صوبائی اسمبلی کے سپیکر کے انتخاب کے بعد انہیں کتنا grace period دیا گیا ہے یہ میرے دوست بتا دیں یا یہ ارشاد فرمائیں کہ نیشنل اسمبلی کے سپیکر صاحب کو ان کے انتخاب کے بعد کتنا عرصہ دیا گیا ہے کہ وہ اس عرصہ میں مائون و مصئون رہیں اور اگر وہ اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کریں تو ان کے خلاف کوئی تحریک عدم اعتماد نہیں لائی جا سکتی یا جیسا کہ میں نے ابھی گذارش کی تھی ، اس ملک کے سب سے بڑے عہدے کے متعلق یعنی اس ملک کی صدارت کے متعلق آئین کی کوئی شق بتا دیں کہ وہاں کوئی ایسی صورت ہے کہ ایک ماہ ، دو ماہ یا چھ ماہ ، سال ، دو سال یا کسی عرصہ کا تعین کیا گیا ہو کہ اتنے عرصہ تک صدر مملکت کو کام کرنے کی اجازت دی جائیگی یا بقول میاں محمد یاسین خان وٹو کے ، ان کو اپنی کارکردگی کے اظہار کا موقع دیا جائیگا ۔ کیا کوئی ایسی شرط ہے ؟ یقیناً نہیں ہے ۔ تو پھر کیا وجہ ہے کہ اس ادارے کو جسکے ذمہ کوئی اہم کام بھی نہیں ہے ، جسکے ذمہ کوئی اہم فرائض بھی نہیں ہیں ، جسکے ذمہ اس مملکت کی دیکھ بھال بھی نہیں ہے ، جسکے ذمہ نہ اس ملک کی آئین سازی ہے اور نہ ہی قانون سازی ہے ، جس ادارے کے ذمہ اس صوبے کی قانون سازی بھی نہیں ہے ، جسکے ذمہ اس صوبے کا بجٹ پاس کرنا بھی نہیں ہے ۔ جسکے ذمہ کیا ہے ؟ ۔ یہی کہ اپنے محلے میں یا اس گاؤں میں جس سے کہ وہ یونین کونسل متعلقہ ہے ، وہاں پر اگر کوئی چھوٹا موٹا جھگڑا ہو تو اس جھگڑے کو چکا دے یا وہاں کی صفائی کا خیال رکھے اور اسی قسم

کے چھوٹے موٹے کام جو کہ اس سطح کے مطابق ہیں جس سطح پر کہ یہ ادارے ہیں ۔ وہ فرائض سر انجام دیں ۔ تو اس قسم کے ادارے کو اس قسم کے ایک قانونی قلعہ کے اندر محفوظ کرنے کی کوشش میری سمجھ سے بالا تر ہے ۔ (قطع کلامیاں) میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ اسمبلی کے سپیکر سے یونین کونسل کے چیئرمین کی اہمیت کس طرح زیادہ ہے ۔ اگر میاں محمد یاسین خان وٹو اس اسرار سے واقف ہیں تو ہمیں بھی اس اسرار کے رموز سے آگاہ فرمادیں کہ اسمبلی کا سپیکر تو کوئی چھوٹا آدمی ہے ، ان کی منطق کے مطابق صوبائی اسمبلی کا سپیکر ہی نہیں بلکہ قومی اسمبلی کے سپیکر کی سطح بھی یونین کونسل کے چیئرمین کے مقابلے میں بہت نیچی ہے ۔ غالباً آپ نے یہی سمجھا ہے ۔

وزیر بلدیات ۔ خدا آپ کو وہ بصیرت دے کہ آپ حقائق کو حقائق کے طور پر دیکھ سکیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں تو ان سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ جب وہ میرا جواب دینے کے لئے کھڑے ہوں تو وہ مجھے سمجھائیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ راستے میں وہ حائل ہو جاتے اور آنکھیں چندھیا جاتی ہیں اور اندھیرا چھا جاتا ہے جسکی وجہ سے حقائق نظر نہیں آتے ۔

وزیر بلدیات ۔ جب آپ عینک نہیں لگاتے تو آپ کی آنکھوں کے سامنے تو ویسے بھی اندھیرا ہو جاتا ہے ۔ میں آپکے متعلق بات نہیں کر رہا ہوں بلکہ خواجہ صاحب کے متعلق بات کر رہا تھا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں اس معزز ایوان سے درخواست کروں

گا کہ وہ جو بھی فیصلہ کریں ، اس فیصلے کو منطقی طور پر درست ہونا چاہیئے ۔ آپ کے پاس اسکے لئے کوئی دلیل اور استدلال ہونا چاہیئے ، اسکے لئے آپ کے پاس وجوہات ہونی چاہئیں ۔ آپ جو بھی فیصلہ کریں آپ کے پاس اسکے لئے معقولیت کی حد تک دلائل ہونے چاہیئں محض بودے دلائل جیسے کہ میرے محترم دوست میاں محمد یاسین خان وٹو گذشتہ ایک ہفتے سے اس ایوان میں پیش کر رہے ہیں اس قسم کے دلائل کی ضرورت نہیں ہے ۔

وزیر بلدیات ۔ جناب والا ۔ اصل میں جب سے میرے فاضل دوست کے نیچے سے بنیاد نکلی ہے ، ان کے پاس کسی چیز کو سمجھنے کی بنیاد ہی نہیں رہی اور انہیں ہر چیز بے بنیاد ہی نظر آ رہی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ شاید میرے دوست میری بات کا فوری جواب دینا ضروری سمجھتے ہیں لیکن اگر اس قسم کا کوئی موقع محل ہو تو میں ان کے جواب کو خوش آمدید کہوں گا ۔ لیکن ان کے پاس تو کوئی دلیل ہے ہی نہیں ۔ ان کی مثال ایسی ہے جیسے کسی نے کہا کہ تیلی او تیلی تیرے سر پر کولہو ۔ اسے کسی نے کہا کہ بھئی یہ کیا بات ہوئی ، یہ تو شعر نہیں بنا ۔ اس نے جواب دیا ۔ نہ سہی اس پر بوجھ تو پڑے گا ۔ وہ بھی بعینہ ویسی ہی بات کرنا چاہتے ہیں ۔ شعر تو ان سے بھی نہیں بنے گا ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر بلدیات ۔ یہ تو وہ اپنے متعلق کہہ رہے ہیں ۔ وہ اتنے پرانے parliamentarian ہوکر ایسے بودے دلائل کیوں دیتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ تو جناب والا ۔ میں اپنی تقریر ختم کرتے ہوئے نہایت ادب کے ساتھ اس معزز ایوان کے نہایت معزز اراکین سے نہایت دردمندانہ درخواست کروں گا کہ وہ حکومت کی اس متلون مزاجی سے

متاثر نہ ہوں ۔ ہماری حکومت ظاہر تو یہ کرتی ہے کہ اس ملک کے عوام متلون مزاج ہیں اور وہ ان کے لئے ایک مرتبہ کچھ نسخہ اور دوسری مرتبہ کچھ اور ہی نسخہ تجویز کرتے ہیں ۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ ان کے اپنے ذہن میں تلون ہے ۔ ان کے اپنے مزاج میں تلون ہے ۔ یہ خود سوچ نہیں سکتے کہ کونسی چیز اچھی ہے اور کونسی چیز بری ہے ۔ ان کے ذہن میں کوئی چیز واضح نہیں ہے ۔ کوئی نقشہ واضح نہیں ہے ۔ مجھے یہ کہتے ہوئے شرم آتی ہے کہ اس قانون میں گذشتہ سات سال میں آٹھ بار ترامیم ہوئیں ہیں ۔ کیا وہ اسی قسم کے قوانین ملک میں نافذ کرنا چاہتے ہیں ۔

وزیر بلدیات ۔ آپ کی مراد سارے order سے ہے یا چیئرمین کے خلاف تحریک عدم اعتماد پیش کرنے سے ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اس سارے بی ۔ ڈی ۔ آرڈر میں جسے ہمارے حکمران نسخہ کیمیا کے طور پر ہمارے لئے لائے ہیں اس میں سات آٹھ بار ترمیم ہوئی ہے ۔ آپ کب سے تجربہ کر رہے ہیں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کی عقل ناپختہ ہے ۔ ناپختہ عقل ہمیشہ تجربات ہی کرنے میں مصروف رہتی ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں قائد حزب اختلاف کے ان الفاظ پر پر زور احتجاج کرتا ہوں کیونکہ ہمارے وٹو صاحب تو بڑی عقل سلیم رکھتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

وزیر بلدیات ۔ آج ان سے اتفاقیہ ایک اچھی بات سرزد ہوئی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ کہیں ناپختہ کہتے کہتے نابالغ نہ کہہ دیں ۔ (قطع کلامیاں) ۔

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں یہ عرض کروں گا کہ بار بار اس قسم کی مختلف ترامیم لانا اس بات کی شہادت ہے اور اس بات کی دلیل ہے کہ ہمارا حکمران طبقہ در اصل اپنے ذہن میں واضح نہیں ہے - ان کے ذہن میں ، ان کے دماغ میں یہ چیز واضح نہیں ہے کہ اس ملک کے لئے کونسی چیز مفید ہے یا کونسی چیز مفید نہیں ہے - وہ تجربات کرکے یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں ورنہ یہ مسئلہ ان کے ذہن میں قطعی طور پر واضح نہیں ہے - تو جو چیز آج سے تین سال پہلے مناسب خیال کی گئی تھی اسے واپس لے لیا گیا ہے - یعنی جس قسم کی ہم ترقی کررہے ہیں اور جسے وہ ترقی سمجھ رہے ہیں میرا خیال ہے کہ وہ ترقی معکوس ہے ۱۲ ماہ کی شرط کی قطعاً ضرورت نہیں - یعنی یہ کہ جب الیکشن ہو جائیں تو ۱۲ ماہ تک انکو مامون و محفوظ رکھا جائے - اس ۱۲ ماہ کی شرط سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ہم ترقی نہیں کر رہے بلکہ ترقی معکوس کر رہے ہیں - ان کی زبان سے جب بھی ترقی کا لفظ نکلتا ہے تو اس سے یہ مراد لیتے ہیں کہ بلا شبہ انہوں نے کوئی ترقی کی ہے - میں اس کی تفصیل میں نہیں جاتا کیونکہ یہ بات دور از بحث ہو جائے گی - میں ان کی ترقیوں کا بھانڈہ عام بحث کے دوران چوراہے میں پھوڑوں گا -

وزیر بنیادی جمہوریت - اس وقت آپ کا بھانڈہ بھی پھوٹے گا -

خواجہ محمد صفدر - میں نے کیا کیا ہے جو میرا بھانڈہ پھوٹے گا - (قہقہے)

وزیر بنیادی جمہوریت - جو بودے دلائل آپ نے دیئے ہیں ایوان ان کو رد کرے گا -

مسٹر حمزہ- یہ کوئی راز کی بات معلوم ہوتی ہے -

وزیر بنیادی جمہوریت - حمزہ صاحب کے پاس کوئی راز کی

بات ہوگی ۔ ہمارے پاس تو نہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں نے کوئی ایسا کام نہیں کیا اور نہ ہی کوئی راز کی بات ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ دونوں میں سمجھوتہ کرا دینا چاہیئے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جب سے ہالی کا انتظام ہوگیا ہے ملک اختر صاحب کی طبیعت کچھ بہتر ہوگئی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میری گذارش یہ ہے کہ اس شرط کو درخور اعتنا نہ سمجھا جاوے اور جملہ شرطیہ کو اس میں سے حذف کردیں ۔

رائے منصب علی خان کھرل (شیخوپورہ ۔ ۳) ۔ جناب سپیکر ۔

دی ہے واعظ نے کن آداب کی تکلیف نہ پوچھ
ایسے الجھاؤ تیرے کاکل پیچاں میں نہیں

محترم خواجہ صاحب کا ذہن بعض اوقات اندیشہ ہائے دور و دراز میں گھر جاتا ہے اس طرح ان کے خیالات میں آج کچھ الجھاؤ سا پیدا ہو گیا ہے ۔ آج ان کی کیفیت کچھ ایسی ہی نظر آتی ہے ۔

جناب والا ۔ خواجہ صاحب نے جو ترمیم پیش کی ہے اس میں وہ یہ چاہتے ہیں کہ جب کوئی چیئرمین منتخب ہو کر آ جائے تو اس کے خلاف کسی وقت بھی عدم اعتماد پیدا ہو سکتا ہے اس لئے ایک سال کی قید نہیں ہونی چاہیئے ۔ یہ تو سیدھی سی بات ہے جیسا کہ انہوں نے فرمایا ہے لیکن اس سیدھی سی بات کے بیان کرنے کے لئے انہوں نے جو الٹا سیدھا طریقہ اختیار کیا ہے اور اپنی طرف سے بڑی

دور کی کوڑی لائے ہیں انہوں نے جو دلائل دئے ہیں میں انہیں تسلیم نہیں کرتا ۔

جناب والا ۔ میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ یہ حضرات بنیادی جمہوریت کے نظام کو اور اسکے فلسفہ کو اور اس کی افادیت کو آج تک سمجھے ہی نہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں سمجھنا بھی نہیں چاہتا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اس نظام سے سب سے بڑا نقصان یہ ہوا ہے کہ خواجہ صاحب اسمبلی کے ممبر بن آئے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میرے لئے یہ کوئی نئی بات نہیں ۔ میں گیارہ سال پہلے سے ممبر ہوں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اس نظام کے تحت تو اب ممبر بن کر آئے ہیں ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جب بھی کوئی موقع ملتا ہے آپ اس نظام کو کوسنے لگ جاتے ہیں حالانکہ اسی نظام کے تحت وہ الیکشن لڑ کر آئے ہیں اور ممبر بن کر یہاں تشریف فرما ہیں ۔ اس کے باوجود اس نظام پر معترض ہیں ۔

Malik Muhammad Akhtar : Point of order. The Member is off the track.

ابھی ۲۵ ترامیم باقی ہیں اگر اسی طرح کریں گے تو اسی ترمیم پر سات دن لگ جائیں گے ۔

مسٹر سپیٹیر ڈپٹی سپیکر ۔ رائے صاحب آپ پورے نظام پر بحث نہ کریں آپ صرف ترمیم پر بحث کریں ۔

میاں محمد شفیع - اختر صاحب چاہتے ہیں کہ منصب صاحب کہیں ان کا بھائیہ نہ پھوڑ دیں اس لئے ان کو بٹھانا چاہتے ہیں -

رائے منصب علی خان کھرل - جناب والا - میں نے ابھی اپنے ابتدائی جملے عرض کئے ہیں اب میں خواجہ صاحب کے دو لائل کا جواب دوں گا - میں اختر صاحب کی طرح off the track نہیں جاؤں گا - کیونکہ آج تک انہوں نے کوئی relevant بات نہیں کی - ان کا یہ ریکارڈ ہے (شور)

ملک محمد اختر - اس سمندر میں جانا آپ کے بس کی بات نہیں -

وزیر بنیادی جمہوریت - یعنی irrelevancy کے سمندر میں جانا صرف آپ کا حق ہے -

رائے منصب علی خان کھرل - انہوں نے صرف دو پوائنٹ پر زور دیا ہے -

ایک تو یہ کہ قوم کے مزاج کو وقتاً فوقتاً یہ سمجھا جاتا ہے کہ بدل گیا ہے اس کے مطابق اس کو treatment دیا جاتا ہے - تو میں ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ اگر ایک لمحہ کے لئے ان کے دلائل کو مان لیا جائے - تو میں عرض کرونگا کہ اگر ڈاکٹر کسی مریض کے متعلق سمجھتا ہے کہ ایک دوائی کی ضرورت نہیں بلکہ دوسری دوائی کی ضرورت ہے تو وہ یقیناً بدل دے گا - اسی طرح ان کا یہ کہنا کہ قوم کے مزاج کو بھی ایک ہی جیسا سمجھا جائے- اور کسی قانون میں کوئی ترمیم نہ لائی جائے جب کہ حالات کا تقاضا ہے کہ ضرور ہو اور مناسب ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ ان کے دلائل کچھ

وزنی نہیں ہیں۔ دوسرے انہوں نے فرمایا ہے کہ اور بھی ادارے ہیں جیسے صدر کا عہدہ یا سپیکر کا عہدہ۔ ان کے لئے اگرچہ قانون موجود نہیں لیکن ان کے خلاف تحریک پیش ہو سکتی ہے اور چیئرمین کے عہدے کو بہت عظیم سمجھ لیا ہے اور بڑی بات سمجھ رہے ہیں کہ ان کو کیوں یہ تحفظ دیا گیا ہے۔ تو میں یہ عرض کروں گا کہ بنیادی جمہوریت کے ادارے محض سیاسی ادارے ہی نہیں بلکہ معاشرتی بہبود کے بھی ادارے ہیں ان کے ذمہ اور بھی کام ہیں۔ وہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کا کام کرتے ہیں معاشرتی بہبود کا کام کرتے ہیں، اصلاح کا کام کرتے ہیں اس لئے ان کو تحفظ دینا نہایت ضروری ہے تاکہ جب کوئی چیئرمین منتخب ہو جائے تو وہ اپنے فرائض کو تسلی کے ساتھ بغیر خوف و خطر کے ایک سال تک سر انجام دے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان مخصوص حالات کے پیش نظر یا اس کے فرائض کے پیش نظر جو چیئرمین کو انجام دینا ہوتے ہیں یہ نہایت ضروری ہے کہ کم از کم کچھ عرصہ کے لئے تحفظ دے دیں تاکہ وہ اہم امور اور فرائض کو بہ حسن و خوبی سر انجام دے سکے۔ اس لئے ان کا یہ تقابل اور حوالہ بے جا ہے اور بے محل ہے۔

خواجہ محمد صفدر - کیا پریذیڈنٹ صاحب ترقی کے کاموں میں دلچسپی نہیں لیتے۔

وزیر بنیادی جمہوریت - میں اس کا جواب دوں گا۔

رائے منصب علی خان کھرل - خواجہ صاحب پریذیڈنٹ کے ادارہ اور چیئرمین کے ادارے میں فرق ہے۔ آپ کے اپنے ذہن میں الجھاؤ ہے خود نہیں سمجھتے اور الزام ہم پر لگاتے ہیں۔ آپ اس بات کو تسلیم کریں گے کہ یہ وہ عہدہ ہے جو نچلی سطح پر ہے۔

آپ اپنے گاؤں یا شہر کے خراب حالات کو جانتے ہیں سیاسی کش مکش کھینچا تانی اور رسہ کشی کو بھی جانتے ہیں اور اس بات کے پیش‌نظر ضروری ہے کہ مفید کاموں کو سر انجام دیتے ہوئے ان کو تحفظ دیا جائے ۔ اور جو نااہل ثابت ہوں ان کے خلاف ایک سال کے بعد عدم اعتماد کی تحریک آ سکتی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اگر ایک چیئرمین خدا نخواستہ چور منتخب ہو جائے تو آپ چاہتے ہیں کہ ۱۲ ماہ تک وہ چوری کرتا رہے ۔

رانا پھول محمد خان ۔ خواجہ صاحب قوم کے منتخب نمائندہ کو جو یونین کونسل اور یونین کمیٹی کے ممبران ہیں چور سمجھتے ہیں تو ہم خواجہ صاحب کو چوروں کا سردار سمجھتے ہیں ۔ اس لئے میں محترم بزرگ کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ انہوں نے جو چور کا لفظ استعمال کیا ہے یہ انتخابی ادارے کی توہین ہے ۔ ان کو چاہیئے کہ وہ یہ لفظ واپس لیں ۔

مسٹر سپیئر ڈپٹی سپیکر ۔ خواجہ صاحب آپ تشریف رکھئے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں جناب personal explanation پر کھڑا ہوں ۔ جناب والا ۔ کچھ غلط فہمی پیدا ہو گئی ہے میں نے یہ عرض کیا تھا کہ اگر خدا نخواستہ ایک چیئرمین انتخاب کے بعد چور ثابت ہو جائے تو ۱۲ مہینے تک اس کو کھلی چھٹی دے دی جائے کہ وہ اپنا کام جاری رکھے ۔ ورنہ میں کسی کو چور نہیں کہتا ہوں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اس کے لئے علیحدہ قانون موجود ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں نے وزیر بنیادی جمہوریت سے ایک

سوال کیا تھا تو اس سے کچھ شبہ پیدا ہو گیا تھا ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ یہ Question Hour نہیں ہے ۔ جب ایک ممبر تقریر کر رہا ہو تو مناسب نہیں معلوم ہوتا کہ دوسرا ممبر اس میں کچھ مداخلت کرے ۔ تو بات یہ ہے کہ خواجہ صاحب نے کچھ فرمایا ہے اور کچھ ارشاد کیا ہے تو میں ان کا جواب دینے کی کوشش کر رہا ہوں اور میں یہ گذارش کرتا ہوں کہ وہ صبر و تحمل سے اسے سنیں اور جب ان کو موقع ملے گا وہ جو کچھ چاہیں فرما سکتے ہیں ۔ جہاں تک ان کا یہ کہنا کہ کوئی چور منتخب ہو جائے اور اس کے بعد ایک سال تک وہ چیئرمین رہے تو اس کا علاج کیا ہے ۔ اول تو یہ کہ ایک امیدوار ہے اس کو سب لوگ جانتے ہیں وہ سمجھ دار ہیں وہ ایک چور کو منتخب ہی کیوں کریں ان کے سامنے لوگوں کے کردار ہوتے ہیں وہ لوگ ہر ایک کو جانتے ہیں تو اس لئے یہ۔۔۔۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ یہ فرما رہے ہیں کہ معزز اراکین بنیادی جمہوریت کے لوگوں کو معلوم ہوتا ہے اس لئے وہ چور کو کیوں منتخب کریں گے ۔ میں عرض کروں گا کہ گورنر صاحب اور پریذیڈنٹ صاحب کو پتہ نہیں لگا اور انہوں نے ایک ایسے شخص کو وزیر بنا لیا جو آج قتل کے الزام میں اور ڈکیتی کے الزام میں گرفتار ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جب ان کو پتہ نہیں لگا تو بنیادی جمہوریت کے ممبران کو کیا پتہ لگے گا ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

رائے منصب علی خان کھرل - اس لئے جناب والا اس میں یہ خدشہ ہونے کا امکان ہی نہیں ہے لیکن اگر ہو جائے تو اس کے ایک سال کے بعد اس کو ہٹایا جا سکتا ہے - علاوہ ازیں ایسے قوانین بھی موجود ہیں کہ ایسی کوئی صورت ہو جائے کہ ایک چیئرمین چوری کرتا ہے تو اس کو علیحدہ کیا جا سکتا ہے - اس لئے اس میں خدشہ جو خواجہ صاحب کر رہے ہیں وہ بے محل ہے اور بالکل بے بنیاد ہے - جناب والا - میں ان معروضات کے پیش نظر ضروری سمجھتا ہوں کہ ایک چیئرمین جو ایک دفعہ منتخب ہو جائے اس کو کم سے کم ایک سال کا عرصہ دیا جائے تاکہ وہ کام کر سکے - اپنے کردار کو لوگوں کے سامنے پیش کر سکے - اپنے فرائض کو اچھی طرح سرانجام دے کر لوگوں کی امداد کر سکے اور آئندہ بھی منتخب ہو سکے - اس لئے میں خواجہ صاحب کی ترمیم کی مخالفت کرتا ہوں -

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) - جناب سپیکر - مجھے اپنے قابل صد احترام دوست جناب رائے منصب علی خان سے بہت ہمدردی ہے - میں بڑے غور سے ان کی باتیں سنتا رہا ہوں لیکن مجھے افسوس ہے کہ وہ بہت بہکی بہکی باتیں کرتے رہے درمیان میں ان کو ایک آدھ بار ٹوک دیا تب یہ فرمایا ہے ----

رائے منصب علی خان کھرل - جناب والا - ان کو بارہ بجے تقریر کا موقع دیا جائے کیونکہ یہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے رہنے والے ہیں -

ایک آواز - آپ بھی تو ننکانہ صاحب کے رہنے والے ہیں -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - ایوان میں فرمایا گیا ہے کہ یہ اندیشہائے دور دراز ہیں جو ترمیم ہماری طرف سے پیش کی گئی ہے بحث

کے دوران ہم نے یہ ثابت کیا ہے کہ یہ اندیشہائے دور دراز نہیں بلکہ حکومت خود وقتاً فوقتاً بنیادی جمہوریت کے ادارہ کے چیئرمین کے انتخاب میں بنیادی تبدیلیاں کرتی رہی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ وہ عمارت میں کبھی روشن دان اور کبھی کھڑکی بنا لیتے ہیں اور آج ہی نہیں بلکہ وقت کے تقاضوں کے ساتھ آئے دن اس میں تبدیلیاں کرتے رہے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ حکومت اور جناب وٹو صاحب تعمیرات کیا کریں گے ان کو توڑ پھوڑ ہی سے فرصت نہیں ملتی ۔ جناب سپیکر ۔ جناب یاسین وٹو صاحب نے ترمیمی آرڈیننس اس ایوان میں پیش کرکے بتایا ہے کہ یہ بنیادی جمہوریت کا ادارہ ہے اور چیئرمین کے طریقہ انتخاب میں جو اختیارات تفویض کئے گئے ہیں ان کے ذریعہ سے ممبران کو یہ اجازت ہے کہ چیئرمین کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش کر سکیں اور اگر ایک بار ناکام ہو جائیں تو ایک سال تک ان کے خلاف کوئی عدم اعتماد کی تحریک نہیں لا سکتے ۔ ان کا یہ فرمانا درست نہیں ہے جب بھی آپ ہمارے سامنے کوئی چیز assert کرتے ہیں تو اس طرح جیسے آپ کو اپنے آپ پر اعتماد ہے اور آپ نے بڑی ریسرچ کی ہے اور بڑا تجربہ حاصل کیا ہے یا آپ کو Noble Prize ملا ہے ۔ لیکن افسوس کا مقام یہ ہے کہ آپ کے اپنے بیانات اور عمل میں تضاد ہے ۔ جب آپ یہ کہتے ہیں کہ اس طریقہ میں کچھ دقتیں پائی گئی ہیں اور سابقہ تجربات بتاتے ہیں کہ اس میں کچھ کمی رہ گئی تھی اور اب جو تجربہ ہم کر رہے ہیں اب یہ قومی مزاج کے عین مطابق ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ مستقل مزاج نہیں ہیں ۔ آپ کے مزاج کے بارے میں تو صرف یہی کہا جا سکتا ہے کہ آپ کی طبع نازک پر ہر چیز گراں گزرتی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ وہ حکومت "بنیادی جمہوریت" جس کا اپنا بچہ ہے جس نے اس کو خود پالا پوسا

ہے اور اس کی پیدائش کے موجب ہونے کے باوجود اس کی طبیعت کو اگر وہ لوگ نہ سمجھیں اور روزانہ اپنے عمل سے تمام مغربی پاکستان کے صوبے کو پریشان کرتے رہیں اور پھر بھی کہتے رہیں کہ وہ بڑے ماہر ہیں ۔ ٹھیک ہے آپ کے اختیار میں سب کچھ ہے آپ ڈنڈے سے ہمیں مجبور کر رہے ہیں کہ ہم آپ کی ہر بات مانیں ۔ اصل بات یہی ہے اور ہماری حکومت کی مجبوری یہ ہے کہ سب سے پہلے جب انہوں نے آئین نافذ کیا تو انہوں نے کہا تھا کہ ملک میں سیاسی پارٹیوں کی بنیادی ضرورت نہیں ہے اس کے بعد سیاسی پارٹیوں کے قائل ہو گئے اور سیاسی پارٹی بھی اسی قسم کی بنائی کہ خدا اس سے بچائے ۔ اب ہماری حکومت کی یہ حالت ہے جیسا کہ قائد محترم نے فرمایا کہ ۱۹۶۳ء میں بہت سوچ بچار کے بعد حکومت نے بنیادی جمہوریت کے ارکان کو یہ اختیار دے دیا کہ وہ چیئرمین کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش کر سکتے ہیں اور اگر وہ دو تہائی اکثریت میں ہوں تو اس کو چیئرمین کے عہدے سے علیحدہ کر سکتے ہیں ۔ مجھے انتہائی افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ ایک وقت تو ہماری حکومت تمام بنیادی جمہورت کے ارکان کو ملک کا ذہین ترین طبقہ بلکہ ہائی کورٹ کے ججوں سے بھی زیادہ لائق جانتی ہے اور یہی وہ طبقہ ہے جو ملک کے لئے کسی ذمہ دار فرد کو پریذیڈنٹ بھی چن سکتا ہے ۔ اور دوسری طرف اپنے اعمال سے ظاہر کرتے ہیں کہ وہ لوگ انتہائی غیر ذمہ دارانہ طور پر اپنے اختیارات کو استعمال کرتے ہیں ۔ اگر وہ ایک چیئرمین کو منتخب کرتے ہیں تو اس کو کام کرنیکا موقعہ بھی نہیں دیتے اسی لئے حکومت کو روز روز تبدیلیاں کرنی پڑتی ہیں ۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ہماری حکومت نے بنیادی جمہوریت کے ادارے کو قائم کر کے بذات خود اس کی تربیت ایسی کی ہے اور ان کو ایسی چاٹ لگا دی ہے

ان سے اس قسم کے طریقوں سے ووٹ حاصل کئے ہیں اور اس کےعلاوہ ان سے اس قسم کے کام لیتے ہیں کہ اب ان سے اسکے علاوہ کیا توقع کی جا سکتی ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: The Member is not relevant.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ آخر بی ڈی کے ارکان پر عدم اعتماد کیوں کیا جا رہا ہے ۔ وہ چیئرمین کو ایک سال تک علیحدہ نہیں کر سکتے تو اس کا مطلب ہے کہ آپ بی ڈی کے ارکان کو اتنا ذمہ دار نہیں گردانتے جناب وٹو صاحب نے فرمایا ہے کہ پہلے جب ان کو اختیار دیا گیا تو حکومت نے محسوس کیا کہ کام ٹھیک نہیں چل رہا تو چور دروازے سے جو قواعد کو وقتی طور پر ساقط کر دیا ۔ مجھے ذاتی طور پر علم ہے کہ ہماری حکومت بنیادی جمہوریت کے ارکان کو جنکو کہ جناب صدر معزز شہری کہتے تھے . . (قطع کلامی)

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ وہ ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ انتخابات کے بعد جب ان کو اختیار دیا گیا تو ان کو بالکل غیر ذمہ دار گردانتی ہے ۔ مجھے ذاتی طور پر پتہ ہے کہ ہماری حکومت بعض چیئرمینوں کے خلاف عدم اعتماد کے حق میں نہیں تھی اور انہوں نے دیدہ دانستہ ان چیئرمینوں کو ان کے عہدوں پر قائم رکھنے کے لئے قواعد کو ساقط کر دیا ہے ۔

Minister of Basic Democracies: Question !

مسٹر حمزہ ۔ ان لوگوں کو ان کے سروں پر ٹھونس رکھا ہے ۔

Minister of Basic Democracies: Question !

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اس کے بعد جناب میاں محمد یاسین خان ہماری مخالفت نہ کریں تو کیا کریں کیونکہ ان کو تو تنخواہ ہی اسی

کام کی ملتی ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اور آپ اس بات کی تنخواہ لیتے ہیں کہ آپ ہر سچی بات کو غلط کہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ اس وقت جناب خواجہ محمد صفدر جو میرے قائد بھی ہیں ۔ ۔ ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اب وہ جناب والا خواجہ صاحب کو اپنا قائد سمجھتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ میں ان سے اختلاف کرنے لگا ہوں اور مجھے پتہ ہے کہ آپ جنکو اپنا قائد مانتے ہیں ان کے سامنے آپ ہاتھ جوڑ کر کھڑے ہوتے ہیں اور کبھی آپ ان سے اختلاف کرنیکی جرات نہیں کرتے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ ہم اس کو قائد مانتے ہیں جس میں یہ صلاحیت ہو ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جو نبی ہوتا ہے وہ غلطی نہیں کرتا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں عرض کر رہا ہوں کہ تھوڑے تھوڑے اختلاف یہ تھے اور حکومت وقتاً فوقتاً اپنی ناپختگی کا ثبوت دیتی رہی ہے لیکن آپ کو یہ احساس ہونا چاہئے کہ بنیادی جمہوریت یا چیئرمین سے متعلق جو ترمیم لائی گئی ہے ہماری حکومت کے ذمہ دار وزیر جناب میاں محمد یاسین خان وٹو نے اس idea کو conceive کر لینے کے بعد بھی لوگوں کے پر زور مطالبہ کیوجہ سے پورے ایک سال اپنے دماغ میں رکھا ۔ مختلف اجتماعات میں اخباری بیانوں میں بھی ان کے بیانات آتے رہے کہ وہ اس بارے میں سوچ بچار کر رہے تھے کہ جلد ہی یہ اختیار بنیادی

جمہوریت کے ارکان کو دیدیں گے ۔ جناب سپیکر ۔ بہت سوچ بچار کے بعد (ایک سال بھر جناب وزیر نے سوچ و بچار کیا اور یہ سوچ بچار کرتے کرتے دبلے ہو گئے) ۔ انہوں نے یہ ترمیم پیش کی آپ کو بھی اس امر کا احساس ہونا چاہئے کہ اب میاں محمد یاسین صاحب اتنے ناپختہ نہیں ہیں جتنا کہ وہ پچھلی اسمبلی میں تھے اور اب وہ مغربی پاکستان کے جمہوریت کے ممبران اور ان کی طبیعت سے پورے طورپر واقف ہوگئے ہیں ۔ ان کی نبض پر اب وہ اپنی انگلیاں رکھ سکتے ہیں ۔ ایک سال کے بعد جو یہ ترمیم آئی ہے اس کے بارے میں ہمیں کچھ نہ کچھ حسن ظن رکھنا چاہئے لیکن ہمیں امید ہے کہ وہ آئندہ اس میں مزید ترمیم کرنیکی زحمت گوارا نہیں کریں گے اور ہم یہ توقع کرتے ہیں کہ اس قانون میں اس نوعیت کی ترمیم آخری ترمیم ہوگی اوربعض خاص چیئرمینوں کونوازنے کے لئے اور انکو لوگوں کے سروں پرٹھونسنےکے لئےاور چیئرمینوں کو مزید اختیارات دینےکیلئے اس میں مزید ترمیم کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کریں گے ۔ جناب سپیکر ۔ ایک وجہ جوکہ میرے خیال میں جناب یاسین خان صاحب کی ترمیم کے حق میں کہی جا سکتی تھی یہ ہےکہ بنیادی جمہوریت کے جو چیئرمین جناب رانا پھول خان ہیں (جن سے میں بہت گھبراتا ہوں ڈرتا بھی ہوں) ۔ پچھلی دفعہ میں نے ان کے بارے میں کچھ سخت الفاظ کہہ دئے تھے جن کو مجھے واپس لینا پڑا تھا اس لئے میں ان الفاظ کو اب دوبارہ استعمال نہیں کروں گا ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے . . . . (قطع کلامی)

ملک محمد اختر ۔ یہ کانٹوں والے پھول ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ آپ پتھر کے ستارے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ یہ ایک سال کی گنجائش رکھنے میں ایک مصلحت ہے بحیثیت ایک چیئرمین کے اپنے علاقے میں جو تعمیراتی کام

ہوتے ہیں ان میں دلچسپی لینی ہوتی ہے۔ بعض چھوٹے موٹے مقدمات کا فیصلہ بھی کروانا ہوتا ہے اور اگر کسی شخص کو یا اگر کسی معزز ممبر کے حلقے کے آدمی کو دوسری شادی کی ضرورت پڑے تو اس کو اجازت بھی دینی ہوتی ہے۔ طلاق کے متعلق بعض مقدمات کا بھی فیصلہ کرنا ہوتا ہے۔ اسی لئے ہماری حکومت نے بنیادی جمہوریت کے اراکین پر یہ شرط لگا دی ہے کہ وہ چیئرمین کو ایک سال سے قبل ہٹا نہیں سکتے ۔ جو شخص انتہائی کوشش کے بعد بہت سا خرچ کر کے چیئرمین ہوتا ہے اگر اسے سال بھر موقع نہ دیا جائے تو جو روپیہ اس نے خرچ کیا ہے یا وہ روپیہ جو چیئرمین بننے میں اس نے invest کیا ہے وہ کیسے کمائی کر سکتا ہے ۔ یہ اس کے ساتھ انتہائی زیادتی ہوگی اگر اسے کمائی کرنے یا خرچ پورا کرنے کا موقع نہ دیا جائے ۔

Minister of Basic Democracies: This is an aspersion on some Members of this House, who are Chairmen.

خواجہ محمد صفدر - وہ خود بھی چیئرمین ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت - پھر یہی مناسب ہے کہ وہ اس بات کو اپنی حد تک رکھیں اگر چہ فاضل ممبر کو خود اپنے وقار کا خیال نہیں ہے ۔ مگر ہمیں ان کے وقار کا خیال ہے ہم انہیں اپنے وقار کے خلاف بات کرنے کی اجازت نہیں دیتے ۔

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر ۔ یہ انتہائی زیادتی ہوگی اگر وہ اپنے اخراجات پورے نہ کریں ۔ اور اُن کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش ہو جائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہماری حکومت اپنے عمل سے یہ ظاہر کر رہی ہے کہ وہ مستقل مزاج نہیں ہے ۔ ان کا یہ دعویٰ ہے کہ ہم قوم کی طبیعت کو جانتے ہیں ۔ ہم قوم کے نبض شناس ہیں ۔ اور اس کے بہت اچھے معالج ہیں ۔ اس کے لئے بہت اچھا نسخہ تجویز کر سکتے ہیں مگر اپنے عمل سے انہوں نے یہ ثابت کیا ہے کہ ان میں یہ خوبی قطعاً

موجود نہیں ۔ اس لئے بہتر ہے کہ وہ ہماری اس ترمیم کو قبول کر لیں تا کہ انہیں اس قسم کی غلطیاں نہ کرنی پڑیں ۔

رانا پھول محمد خان (لاہور ۔ ۷) ۔ جناب سپیکر۔ اس ہنگامی ترمیمی قانون میں جو ترمیم میرے قابل قدر بھائی خواجہ صاحب نے پیش کی ہے اور جس کی کچھ تائید میرے محترم دوست حمزہ صاحب نے بھی کی ہے ۔ مجھے اس سے اتفاق نہیں ۔ جناب والا ۔ ایک طرف تو خواجہ صاحب دن رات یہ راگ الاپتے ہیں کہ یہاں جمہوریت نہیں ہے یہاں جمہوریت ہونی چاہیئے ۔ اور دوسری طرف وہ اس مسودہ قانون کی مخالفت کرتے ہیں جس میں چیئرمینوں کے خلاف عدم اعتماد کا ووٹ پیش کرنے کی اجازت دی گئی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ نہائت جمہوری قدم ہے اور صحیح جمہوریت کی چیز ہے ۔

میرے محترم بھائی کو پتہ ہوگا ۔ وہ اچھی طرح سے جانتے ہیں کہ مارشل لا سے پہلے کسی وزارت نے دیہات میں بسنے والی پچاس فیصد آبادی کی ترقی کی طرف کوئی دھیان نہیں دیا ۔ نہ انہیں خیال آیا کہ دیہات میں بسنے والے لوگ بھی انسان ہیں ۔ وہ محض اُن چند لوگوں کی بہبود کا خیال کرتے تھے جو شہروں میں جلوس نکالتے اور جلسے کرتے تھے ۔ بنیادی جمہوریت کے نظام سے دیہات کی اس ۸۵ فیصد پرامن آبادی نے ترقی کی راہ دیکھی ہے اور وہاں ترقی کا کام ہوا ۔ اس کلاز کا مقصد یہ نہیں جو حمزہ صاحب نے سمجھا ہے ۔ یہ چیئرمینوں کو بچانے کے لئے نہیں ہے ۔ اصل بات یہ ہے کہ دیہات میں قومی ترقی کے جو منصوبے ہیں انہیں جب شروع کیا جاتا ہے تو کم از کم ایک سال کی مدت سے پہلے مکمل نہیں ہوسکتے ۔ ایک چیئرمین جس کے ہاتھوں وہ منصوبہ جاری ہوا ، ضروری ہے کہ اسے اس کی تکمیل کے لئے کم از کم ایک سال کا وقفہ دیا جائے ۔

اگر کوئی چیئرمین بددیانتی کرے یا بے قاعدگی کرے تو اس کے خلاف کارروائی کے لئے قانون موجود ہے - ہر یونین کونسل کے حسابات آڈٹ ہوتے ہیں - اگر کوئی بددیانتی کرے تو اسے قانون کے ذریعہ الگ کیا جاسکتا ہے - اس کے خلاف دوسرا کیس رجسٹر بھی کیا جاسکتا ہے - میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ میرے محترم دوست حمزہ صاحب یہ ترمیم پیش کریں گے کہ ممبروں کے خلاف عدم اعتماد کا ووٹ پیش کرنے کی اجازت ہونی چاہیئے - تاکہ لوگ اس پر نظر رکھ سکیں کہ انہوں نے ان کی صحیح نمائندگی کی ہے یا نہیں -

حاجی سردار عطا محمد - وہ آپ پیش کریں -

رانا پھول محمد خان - جناب والا - میں سمجھتا ہوں کہ دیہات کی ترقی کے لئے یہ ضروری ہے کہ دیہات کے ان ووٹروں کو جنہوں نے حمزہ صاحب خواجہ صاحب اور ملک صاحب کو منتخب کرکے یہاں بھیجا ہے - انہیں یہ موقع دیا جائے کہ اپنے میں سے ایک چیئرمین منتخب کرکے اسے کم از کم ایک سال آزمائیں اور دیکھیں - اگر وہ ٹھیک کام کرے تو عدم اعتماد کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا - لیکن اگر وہ ایک سال کے دوران اپنے آپ کو اس عہدے کا اہل ثابت نہ کرے تو اس کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک لائی جائے - ان الفاظ کے ساتھ میں اپنے قابل قدر بھائی کی اس ترمیم کی مخالفت کرتا ہوں -

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - اگر وہ اپنی دوسری ترمیم پیش کرنا چاہیں تو انہیں وہ پیش کرنے کی اجازت دے دیں - تاکہ اس پر بھی اس کے ساتھ ہی غور کر لیا جائے -

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - مجھے اس سے تھوڑا سا اختلاف ہے - پہلے اس ترمیم کا فیصلہ ہوجائے - پھر دوسری ترمیم پیش

ہوسکتی ہے ۔ البتہ دوسری اور تیسری ترامیم اکٹھی پیش ہوسکتی ہیں ۔

ملک محمد اسلم خان (کیمبلپور - ۱) ۔ جناب والا ۔ آپ نے آج غور فرمایا ہو گا کہ خواجہ صاحب اپنے دلائل میں اس طرح الجھتے ہی چلے گئے ۔ انہوں نے اپنے دلائل کی تان یہاں توڑی کہ چیئرمین کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک کو پریزیڈنٹ کے خلاف impeachment نیشنل اور پراونشل اسمبلی کے سپیکروں کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک کے برابر سطح پر لے آئے ۔ میں انہیں اس طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ President کی impeachment خاص حالات میں ہوتی ہے ۔ اور سیاسی وجوہ سے نہیں ہوتی ۔

ہمارے وزیر صاحب نے جو یہ آرڈیننس پیش کیا ہے اس میں دو چیزوں کا خیال رکھا گیا ہے ۔ ایک طرف یونین کونسل کے چیئرمین کو استحکام دیا جائے اور دوسری طرف ساتھ ہی ساتھ عوام کے جذبات اور خواہشات کو بھی مدنظر رکھا جائے ۔ اگر وہ عدم اعتماد کی تحریک پیش کرنا چاہیں تو ایک سال کے بعد کر سکیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایک سال مناسب عرصہ ہوتا ہے اگر اس عرصہ میں اس نے غلط کام کیا ہو گا تو لوگوں کا اس کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش کرنے کا حق ہو گا ۔ لیکن اگر آج ایک شخص منتخب ہو اور کل اس کے خلاف وہ عدم اعتماد کی تحریک لے آئیں تو وہ اس نظریہ سے نہیں لائیں گے کہ اس نے کوئی غلط کام کیا ہے ۔ وہ صرف اس وجہ سے ہو گی کہ وہ اپنی سیاسی وقعت کو بڑھانا چاہتے ہیں ۔

ان حالات کے پیش نظر میں خواجہ صاحب کی ترمیم کی مخالفت کرتا ہوں ۔ ایک اور بات انہوں نے یہ فرمائی ہے کہ خود حکومت کے اپنے دلائل میں کوئی مطابقت نہیں ہے ۔ ایک طرف تو یہ چاہتے ہیں

کہ President اور سپیکرز کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش ہو سکے اور دوسری طرف وہ یہ چاہتے ہیں کہ چیئرمین کے خلاف ایک سال کے بعد عدم اعتماد کی تحریک پیش ہو ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ حکومت کا یہ نظریہ ہے کہ حکومت کو استحکام ملنا چاہیئے ۔ جس طرح کہ صوبائی اور مرکزی حکومتوں کو استحکام حاصل ہے ۔ اسی طرح چیئرمین کو بھی استحکام حاصل ہو تا کہ وہ کچھ کام کر سکے ۔ اگر عوام اسے نہیں چاہتے تو ایک سال کے بعد اسے ہٹا سکیں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں خواجہ صاحب کی ترمیم کی پر زور مخالفت کرتا ہوں ۔ اور امید رکھتا ہوں کہ آئندہ وہ ایسی ترامیم نہیں دیا کریں گے جن پر وہ خود یقین نہ رکھتے ہوں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ اپنے دلائل میں اس لئے الجھتے گئے ہیں کہ وہ دل سے اپنی ترمیم پر یقین نہیں رکھتے تھے ۔

ملک محمد اختر ۔

پاؤں پھنسا جو یار کا زلف دراز میں
لو آپ اپنے دام میں صیاد آ گیا

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔ جناب والا ۔ خواجہ صاحب اورمیرے دوست حمزہ صاحب نے بنیادی جمہوریت کے نظام کے بارے میں ایسے ارشادات فرمائے ہیں جو بنیادی طور پر غلط ہیں۔ اپنے دلائل میں جس طرح میں نے پہلے عرض کیا ہے اس طرح بنیاد رکھنے کی کوشش کی کہ وہ بے بنیاد ہو جائیں۔ اپنے تمام دلائل کے محل عوام کی تعمیر پر رکھے اور ان کے ہی ارشاد کے مطابق اس کی تعمیر کے ساتھ ساتھ وہ دھڑام سے زمین پر گر رہے ہیں ۔ اگر کوئی شخص یہ دعویٰ کرے کہ دنیا کا تمام علم اس کو حاصل ہے ۔۔۔۔۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ہاؤس میں کورم نہیں ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: Let there by a count. (*count was taken*). The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*). The House is now in quorum.

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کررہا تھا کہ کوئی شخص اگر یہ دعویٰ کرے کہ ایک دفعہ جو وہ بات کرتا ہے یا ایک مرتبہ جو فیصلہ کرتا ہے وہ آخری فیصلہ ہے وہ آخری بات ہے تو یہ صحیح نہیں ہو گا ۔ اس سلسلہ میں مجھے سقراط کے الفاظ دھرانے کی اجازت دی جائے میں اس سے کسی شخص کی ذات پر حملہ نہیں کرنا چاہتا ۔ سقراط نے ایک مرتبہ یہ کہا کہ ''لوگوں کے بارے میں دقت یہ ہے کہ وہ نہیں جانتے اور یہ سمجھتے ہوئے بھی کہتے ہیں کہ ہم جانتے ہیں،، انہوں نے اپنے بارے میں کہا ہے کہ مجھے اس بارے میں صرف یہی عرض کرنا ہے ''میں نہیں جانتا اور یہ جانتا ہوں کہ میں نہیں جانتا،، میں سمجھتا ہوں کہ ایک معاملہ کو نہ جاننا اور اصرار جاننے کا کرنا ایک ایسی بات ہے جس کے متعلق میں اشارہ کرنا ہی مناسب سمجھوں گا اور اپنے فاضل دوستوں کے بارے میں اس سے زیادہ عرض کرنا مناسب نہیں سمجھتا جناب والا ۔ دنیا میں کچھ لوگوں نے ایسے خیالات دیئے ہیں جن خیالات سے بہت سے ذہن منور ہیں اور جن خیالات سے جن ideas سے نئی سوچنے کی راہیں کھلی ہیں ایسے لوگوں کی قدر ہوئی ہے اور ان کی قدر ہونی بھی چاہیئے ۔ کوئی شخص اس حقیقت کو جو واضح ہو اور جس نے اتنا عظیم انقلاب عوام کے ذہنوں میں پیدا کیا جس سے وہ نہ صرف ترقی کی راہ پر گامزن ہوئے بلکہ ایک ایک مقام اور ایسے علاقوں پر پھولوں

کی بارش ہوئی جن علاقوں کے متعلق میرے فاضل دوستوں کے پاس پوچھنے کا وقت نہیں تھا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ کیا وزیر صاحب relevant بات کر رہے ہیں ۔ وزیر بنیادی جمہوریت کو irrelevant نہیں ہونا چاہیئے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب میرے فاضل دوستوں کو تقریریں کرنے کی اسقدر عادت ہوگئی ہے کہ وہ تقریر سننا گوارا نہیں کرتے حالانکہ میں یہی عرض کر رہا تھا کہ جن کے بارے میں انہوں نے confusion پیدا کرنیکی کوشش کی مگر وہ خود confusion کا شکار ہو گئے بنیادی جمہوریت کے نظام سے ہمارے ملک کے دور دراز علاقوں کو ۔ ہمارے ملک کے اس طبقہ کو جس کی فلاح و بہبود کے بارے میں سوچنے کی ہمارے دوستوں نے کبھی کوشش نہیں کی تھی ۔ کبھی تکلیف گوارا نہیں کی تھی آج ان لوگوں کا مقدر جاگا ہے ۔ آج ان کو اپنے مسائل کو حل کرنے کے اختیارات دیئے گئے ہیں ۔ آج اس ملک اور اس قوم کی تعمیر میں برابر کا حصہ دیا گیا ہے ۔ ہمارے فاضل دوستوں کو یہ بات اس لئے چبھتی ہے کہ ان کا خیال ہے کہ وہ اس بنیاد میں شامل نہیں لیکن ہم نے انہیں ہمیشہ دعوت دی کہ وہ اس بنیاد میں شامل ہو جائیں ۔ یہ خوشی کی بات ہو گی اگر وہ اس میں شامل ہو جائیں مگر مشکل یہ ہو گئی ہے کہ انہیں ہم سے اسقدر مخالفت ہے ۔ انہیں ہم سے اسقدر ضد ہے کہ ہم جو چیز بھی کرنا چاہیں وہ ضرور ضد کو پورا کرنے کیلئے ضد کریں گے چاہے اس ضد کی زد میں خود انکی ذات بھی آجائے ۔ جناب والا ۔ آپ ملاحظہ فرمائیں کہ حمزہ صاحب چیئرمینوں پر بے جا طور پر برس رہے ہیں اور ان کے متعلق پتہ چلا ہے کہ فاضل ممبر صاحب خود بھی چیئرمین ہیں ۔ ان میں

ابھی تک پختگی نہیں آئی کہ وہ اس چیز میں امتیاز فرما سکیں ۔ جو اعتراض وہ کسی پر فرما رہے ہیں وہ خود پہلے ان کی اپنی ذات پر وارد ہوتا ہے ۔ جناب والا ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ اس بنیادی جمہوریت کے نظام نے ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ انہوں نے واقعات الٹ بتائے ہیں ۔ یہ کوٹھیوں میں رہتے ہیں اور عوام "Cells" میں رہتے ہیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : This is not a point of order.

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ اس نظام نے عوام کی کیا خدمت کی ہے یہ بات دیکھنے کی ہے ۔ ہر بنیادی مسئلے کو ۔ ہر بنیادی ضرورت کو بنیادی طور پر ۔ مقامی سطح پر حل کرنے کیلئے پہلی مرتبہ اس نظام نے مواقع فراہم کئے ہیں ۔ جب کسی بات کی مخالفت خلوص قلب سے نہیں کی جاتی ۔ یقین کے ساتھ نہیں کی جاتی تو اس کے نتائج یہ ہوتے ہیں کہ انسان اس طور پر الجھتا جاتا ہے کہ بعد میں وہ اپنے دلائل کا خود تجزیہ کرے تو اسے خود ہنسی آ جاتی ہے ۔ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے کہ بنیادی جمہوریت کے چیئرمین کو سپیکر صاحب یا صدر مملکت سے بلند مقام دیتے ہیں ۔ ایسا قطعاً کوئی خیال ہمارے ذہن میں نہیں ہے ۔ ہم نے وہی مقام ان کو دیا ہے جو ان کا مقام ہے اس سے کم مقام ہم اس لئے نہیں دے سکتے کہ وہ عوام کے نمائندے ہیں اور سب سے بلند مقام عوام کا ہے اور اس سے بلند مقام دینے کا ہمیں حق نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ اب دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ اگر یونین کونسل کے چیئرمین کو یہ ایک سال کا تحفظ دیا جاتا ۔ یا یونین کمیٹی یا ٹاؤن کمیٹی

کے چیئرمین کو یہ تحفظ نہ دیا جاتا تو میرے فاضل دوست یہ فرما سکتے تھے ۔ وہ اصولی طور پر ایک چیز کو روا رکھتے ہیں لیکن اسے دوسری جگہ پر نہیں رکھتے یہ قانون بنیادی جمہوریت کے اداروں کے بارے میں ہے ۔ چاہے یونین کونسل ہو چاہے یونین کمیٹی ہو یا ٹاؤن کمیٹی ہو ۔ ان تینوں کے لئے یہ ایک ہی قانون رکھا گیا ہے اور اس کی ضرورت کیوں ہے ؟ ایک بات تو میرے فاضل دوست نے یہ فرمائی ہے کہ ہم نے اس order میں سات بار ترامیم کی ہے ۔ تو میں یہ عرض کروں گا کہ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ہم وقت کے تقاضوں کے ساتھ ساتھ اپنے ہر قدم پر نگاہ رکھتے ہیں اور سوئے نہیں رہتے اور جب بھی کوئی اقدام ضروری ہوا ہم وہ اقدام کرتے رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ بنیادی جمہوریت کا نظام ایک ترقیاتی نظام ہے جو کہ عوام کی ضرورت اور ان کے مزاج کے مطابق ہے اور جس میں عوام کو اپنی ترقی کے مواقع فراہم کئے جاتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ کیا جناب وٹو صاحب مجھے یہ بتائیں گے کہ اس میں اگلی ترمیم وہ کتنے دنوں میں لا رہے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

وزیر بلدیات ۔ جناب والا ۔ اگر اس کی ضرورت ایک منٹ کے بعد پیدا ہوئی تو میں اس ایوان کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ ہم اس میں تاخیر نہیں کریں گے اور ایک منٹ کے بعد ہی ترمیم لے آئیں گے ۔ اور عوام کی ضروریات کے بارے میں ۔ ۔ ۔ (قطع کلامیاں) جناب والا ۔ ملک اختر صاحب نے بارہ بجے کا ذکر کرکے میرے دوست حمزہ صاحب پر ٹوبہ ٹیک سنگھ کا اعتراض فرمایا ہے چونکہ انہوں نے یہ بات بارہ بجے کی ہے اس لئے مجھے بھی اس کا جواب نہیں دینا چاہیئے ۔ تو میں یہ عرض

کر رہا تھا کہ یہ نظام ایک ایسا نظام ہے کہ جسے میرے فاضل دوستوں میں سے کسی نے بھی پہلے پیش نہیں فرمایا تھا ۔ اب یہ ایک نیا نظام آیا ہے اور اس میں عوام کو بھی قریب سے ساری چیزوں میں شامل کیا گیا ہے ۔ اس لئے ظاہر ہے کہ اس پر عمل کرتے ہوئے کئی مشکلات کا سامنا کرنا ہوگا ۔ کئی نئی ضروریات سامنے آئیں گی ۔ لوگوں کو تجربات حاصل ہو رہے ہیں اور وہ آگے بڑھ رہے ہیں ذہنی انقلاب آرہا ہے ، نئے خیالات آرہے ہیں اور ان کے مطابق جب بھی ہمیں اس میں ترمیم کرنے کی ضرورت پیش آئے گی ہم ان تقاضوں کو پورا کریں گے ۔ کیونکہ موجودہ حکومت کا واحد مقصد یہی ہے کہ عوام کی خدمت کے لئے ہی ضروری قوانین لائے جائیں اور ہر وہ اقدام اٹھائے جائیں جو عوام کی خدمت کے لئے ضروری ہوں اور ہر وہ اقدام جو عوام کے مفاد کے خلاف ہو وہ نہ کیا جائے ۔ اب جناب والا میں یہ عرض کروں گا کہ ان اداروں کے چیئرمینوں کے لئے ایک سال کا تحفظ کیوں ضروری ہے ۔ جیسا کہ میں اس سے پیشتر بھی عرض کرچکا ہوں کہ یونین کمیٹی یا ٹاؤن کمیٹی یا یونین کونسلوں کے چیئرمینوں کو بہت سے اختیارات حاصل ہیں ۔ یہ ادارے اپنے مقامی علاقوں کے ترقیاتی کاموں کے بارے میں ہیں ۔ وہاں کے لوگوں کی صحت کی دیکھ بھال بھی ان سے متعلق ہے ۔ زراعت بھی مقامی طور پر ان سے متعلق ہے ۔ یہ مصالحت کا کام بھی کرتے ہیں اور ان کے علاوہ جو چھوٹے موٹے جھگڑے وہاں پر ہوں ان کے لئے عدالتوں کا کام بھی یہ ادارے کرتے ہیں اور ان سب اختیارات کو اس جگہ پر اس لئے جمع کیا گیا ہے کہ لوگوں کو مقدمہ بازی کے اخراجات سے بچایا جائے ۔ مقامی ترقیات کے سلسلے میں وہاں کے لوگوں کی آواز کو بھی ملحوظ رکھا جائے ۔ آپ دور دراز کے علاقہ جات میں جاکر دیکھیں ۔ دیہاتوں ، پہاڑوں اور جنگلات میں جاکر دیکھیں تو آپ ان اداروں کی افادیت مسلمہ طور پر ہر جگہ پائیں گے ۔ اس کے ساتھ عوام کا صحیح طور پر رابطہ پائیں گے ۔

یہ بے پناہ ضروری اقدامات ہیں کہ جس کی افادیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا ۔ ہر شخص جانتا ہے کہ ان اداروں نے کس طرح عوام کی خدمت کی ہے ۔ تو ان تمام چیزوں میں اس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ جس وقت عارضی طور پر کوئی دقتیں سامنے آئیں تو ان کا حل نکالا جائے ۔ اس آرڈر میں پہلے عدم اعتماد کی تحریک نہیں تھی ۔ لیکن بعد میں سوچا گیا کہ یہ تحریک ضروری ہے ۔ چنانچہ یہ اختیار رکھ دیا گیا ۔ اس کے بعد پھر اس کا جائزہ لیا گیا تو نئے انتخاب کے بارے میں اس پر کوئی پابندی نہیں تھی اس لئے اس پر ایک سال کی پابندی عائد کر دی گئی تاکہ اس کو ایک سال تک تو خدمت کا موقع دیا جا سکے ۔ ہم اپنے فاضل دوستوں کی طرح اس بات کی اجازت نہیں دے سکتے اور ہم ایسے اقدامات میں ان کے ساتھ شریک نہیں ہو سکتے کہ ہر چیز اور ہر ادارہ ایک سیاسی اکھاڑہ بن جائے جس طرح کہ اس زمانے کی حکومتوں کا کام ہی یہ رہ گیا تھا کہ وزارتیں بنائی جائیں اور وزارتیں ہٹائی جائیں حالانکہ وزارتیں اس لئے بنائی جاتی ہیں کہ وہ عوام کی خدمت کریں ۔ لیکن اس وقت یہ صورت ہو گئی تھی کہ وزارتیں بنانا اور توڑنا ہی ان کا کام ہو گیا تھا ۔ اس لئے ہم یہ چاہتے ہیں کہ یہ مقامی ادارے بجائے اسکے کہ وہ اس قسم کا اکھاڑا بنیں ، وہ ایسے ادارے ہوں جو صحیح طور پر عوام کی خدمت کریں ۔ خواجہ صفدر صاحب نے ایک اور اعتراض یہ فرمایا تھا کہ کوئی چیئرمین چوری یا بے ایمانی کرتا ہے تو پھر کیا ہو گا ۔ میں اس سلسلے میں یہ عرض کروں گا کہ اس سلسلے میں قانون واضح ہے ۔ اگر خواجہ صاحب نے ملاحظہ فرمایا ہو تو اس سلسلے میں قانون واضح ہے کہ اگر کوئی چیئرمین اپنے اختیارات کا غلط استعمال کرے یا misconduct کرے گا ۔

"responsible for any loss or misappropriation of any money of a Local Council or Local Body."

یہ چیزیں کرے گا تو اس کو ملک کے عام قانون کے تحت سزا دی جا سکتی ہے ۔ اس خاص قانون کے تحت اسکو ہٹایا جا سکتا ہے ۔ جہاں تک تحریک عدم اعتماد کا تعلق ہے ۔ یہ ایک ایسا اختیار ہے کہ چاہے کوئی کتنا ہی نیک آدمی ہو لیکن اگر ممبروں کی دو تہائی اکثریت اس کے خلاف ہو جائے تو چاہے وہ کتنا ہی محنتی اور ایماندار ہو تو اس کو ہٹا دیا جائے گا ۔ عدم اعتماد کی تحریک کا مقصد یہ ہے کہ دو تہائی ممبروں کی اکثریت اس کے ساتھ ہو ۔ خواجہ صاحب نے دلائل کو اس طرح confuse کیا ہے کہ ان کی بات صاف اور واضح نہیں ہے ۔ البتہ ان کے دل میں جو چور چھپا ہوا ہے وہ چیئرمین کی چوری کے بارے میں بار بار اشارے کر رہا تھا کہ کوئی بات تو ایسی کیجئے کہ جس سے موجودہ حکومت کے کسی اقدام پر اعتراض کی گنجائش نکل سکے ۔ ورنہ حقائق اسکے حق میں ہیں کہ یہ آرڈیننس جس صورت میں ہے اسے قبول کر لیا جائے اور خواجہ صاحب کی ترمیم کو بصد احترام مسترد کر دیا جائے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House. The question is :

That for section 2 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, following be substituted, namely :—

"2. In Article 11 of the Order the proviso to clause (5-A) be omitted."

The motion was lost.

Mr. Senior Deputy Speaker : Next amendment please.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

That for clause (*i*) and Explanation of section 2 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, the following be substituted namely :—

"(i) for the proviso to clause (5-A), the following proviso shall be

substituted namely :—

Provided that a motion of no-confidence against a Chairman shall not be moved before the expiry of three months of his election as Chairman."

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

That for clause (*i*) and Explanation of section 2 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967 the following be substituted namely :—

"(1) for the proviso to clause (5-A), the following proviso shall be substituted namely : —

Provided that a motion of no-confidence against a Chairman shall not be moved before the expiry of three months of his election as Chairman."

Minister for Basic Democracies : Opposed.

ملک محمد اختر (لاهور - ۲) - میں نے یہ move کیا ہے -

That for clause I and Explanation of section 2 (*Interruptions*).

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - میاں صاحب آپ کا کیا خیال ہے -

وزیر بلدیات - انہوں نے جو فرمایا ہے میرا خیال ہے کہ اس میں wording کی غلطی ہے - ان کا مطلب واضح نہیں ہوتا - انہوں نے explanation جو سیکشن ۲ کے بعد ہے اسے حذف کرانے کے لئے ترمیم دی ہے -

خواجہ محمد صفدر - جناب ترمیم کا مقصد یہ ہے کہ سارے سیکشن ۲ کی بجائے صرف اسی قدر پڑھا جائے جیسا کہ نمبر ۱ میں ہے - وہ دفعہ (بی) حذف کرنا چاہتے ہیں یعنی explanation بھی حذف کرنا چاہتے ہیں اور آخری حصہ (۲) بھی حذف کرنا چاہتے ہیں اور اس کی جگہ یہ رکھنا چاہتے ہیں -

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - یہ ٹھیک ہے - سب سے پہلے مجھے وزیر بنیادی جمہوریت کا شکریہ ادا کرنا ہے - گذشتہ ایک ہفتہ سے

انہوں نے ہمیں مواقع فراہم کئے ہیں اور نئے نئے نکات پیش کئے ہیں اور یہ نہیں کہ "باشد خاموشی" والا معاملہ رہا ہو ۔ انہوں نے ہمارے اعتراضات کا جواب دیا ہے اور کافی بحث ہوئی ہے اس طرح جو بڑی exhaustive بحث ہوئی ہے میں اسے welcome کرتا ہوں ۔ بالخصوص جناب وزیر بلدیات کا mood کافی اچھا ہے شائد میں انہیں پسند آ گیا ہوں ۔

وزیر خوراک ۔ کیا یہ ترمیم پر بحث ہو رہی ہے یا وزیر صاحب کے موڈ پر ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ مجھے تعجب ہے کہ آپ کو احساس کمتری کیوں ہے ؟

ملک محمد اختر ۔ میں یہ گذارش کروں گا کہ چیئرمین یونین کونسل اور چیئرمین یونین کمیٹی پر جو بحث ہوئی ہے وہ بہت اچھی ہوئی ہے ۔ اور اس میں جو نکات پیدا ہوئے ہیں ان کا جواب دیا گیا ہے ۔

صورت حال یہ ہے کہ جب ایک چیئرمین منتخب ہوتا ہے تو اس کے متعلق حکومت کی طرف سے قانون پیش ہوا ہے کہ اسے ایک سال تک نہ چھیڑا جائے ۔ خواجہ صاحب فرماتے ہیں کہ اس کے خلاف تحریک عدم اعتماد لا سکتے ہیں ۔ اور میں نے یہ چاہا ہے کہ بی ۔ ڈی آرڈر کے مطابق اس میں ترمیم کر کے تین ماہ کا proviso کر دیا جائے ۔ اگر کوئی چیئرمین منتخب ہو جائے اس کے خلاف تین ماہ کے بعد عدم اعتماد کی تحریک لائی جا سکے ۔

اب جو بحث ہوئی ہے وہ اصل موضوع سے کافی ہٹ کر ہوئی ہے ۔ موضوع یہ ہے کہ چیئرمین کے خلاف کیوں تحریک آنی چاہئے ۔

اگر آنی چاہئے تو یہ طریقہ ہونا چاہئے یا نہیں ہونا چاہئے ۔ پھر اس کے لئے کیا عرصہ ، وقت یا period ہونا چاہئے ۔

میں یہ سمجھتا ہوں کہ ایوان کے بہت سے اراکین ، چیئرمین اور اس کے فرائض سے واقف ہوں گے ۔ اس قسم کی ایک سال کی قلعہ بندی میں چیئرمین کے لئے کام کرنا مناسب نہیں اگر اسے سنجیدگی سے دیکھا جائے تو اس کو بڑے وسیع اختیارات دئے گئے ہیں ۔ یہ چند نکات پیش کرتا ہوں ۔ ممکن ہے میاں صاحب ان باتوں کا جواب دے سکیں ۔ سب سے بڑا کام جو ہم نے بنیادی جمہوریت کے چیئرمین کے سپرد کیا ہے اور جس کے لئے ان سے محاسبہ کرنا زیادہ ضروری ہے بجائے اس کے کہ اسے ایک سال کی مہلت دے دیں ۔ اور وہ من مانی کریں میں (۲) کی طرف آتا ہوں جس کے تحت انہیں علیحدہ کیا جا سکتا ہے جیسا کہ میاں صاحب نے فرمایا ہے ۔ یہ ایک لمبا procedure ہے ۔

جناب سپیکر ۔ آپ غور فرمائیں کہ Family Laws Ordinance, 1961 کے تحت چیئرمین کے پاس بڑے وسیع اختیارات ہیں یعنی کوئی بیاہ شادی ہو یا کوئی جھگڑا ہو یا دوبارہ شادی کی اجازت لینا ہو ۔ طلاق دینی ہو ۔ تو وہ تابع ہیں کہ چیئرمین کو ایک رجسٹرڈ نوٹس بھیجیں اور چیئرمین اس کے بعد ایک مصالحتی یا ثالثی عدالت قائم کرے شائد اسے Arbitration Council کہتے ہیں اور چیئرمین اس کا صدر ہوتا ہے ۔

رانا پھول محمد خان ۔ جناب والا ۔ ملک صاحب چیئرمین کے متعلق اظہار خیال فرما رہے ہیں یا مسلم خاندانی قوانین کے متعلق وضاحت کر رہے ہیں ۔ وہ تو ثالثی عدالت ہوتی ہے جس میں تین یا پانچ ممبر ہوتے ہیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ ملک صاحب آپ اس ترمیم کے functions کے متعلق ارشاد فرمائیں ۔

ملک محمد اختر ۔ یہ زیادتی ہو گی اگر میں اس نکتہ پر بحث نہ کروں کہ جمہوریت کے نظام میں چیئرمین کے کیا اختیارات ہیں ۔ اس لحاظ سے میں بالکل relevant ہوں ۔

چودھری انور عزیز ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ اختر صاحب تو خواہ مخواہ غصہ میں آ جاتے ہیں وہ اگرچہ بہت دور کی کوڑی لاتے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ ہماری سمجھ میں ان کی بات نہیں آتی ۔ یہ ترمیم جو انہوں نے move کی ہے کہ تین ماہ کے بعد چیئرمین کے خلاف تحریک عدم اعتماد پیش کی جائے گی ۔ اس میں انہیں اپنے آپ کو اس حد تک ہی محدود رکھنا چاہئے تھا لیکن وہ اس کی technicalities میں چلے گئے ہیں ۔

Malik Muhammad Akhtar : I protest.

چودھری انور عزیز ۔ آپ جو چاہیں کریں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ کہہ رہا تھا کہ یہ نہایت ہی اہم نکتہ ہے اس سے آپ ایک شخص کو ایک سال کے لئے insure کر کے بٹھا دیں گے ۔

ان کے functions میں چیئرمین نہ صرف یونین کمیٹی یا یونین کونسل کی ثالثی عدالتوں کا چیئرمین ہو گا بلکہ دیگر امور نان نفقہ وغیرہ کے متعلق بھی فیصلہ کرے گا ۔

رانا پھول محمد خان ۔ ملک صاحب چیئرمین کے functions کا ذکر کر رہے ہیں اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ وہ relevant نہیں ہیں ۔ اور ہاؤس

کا وقت ضائع ہو رہا ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ فاضل ممبر ۔ دھمکیوں سے اپنی تقریر سنانا چاہتے ہیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ تشریف رکھئے ۔

Sardar Muhammad Ashraf Khan (Parliamentary Secretary) : For the last three or four days I have been rising on a point of order under rule 158 (5), regarding Malik Muhammad Akhtar. Sir, today you will notice that he is again going to force his speech on the House. I just want to draw your attention again to that point of order.

خواجہ محمد صفدر ۔ آپ پوری طرح متوجہ ہوں ۔ غالباً سردار صاحب متوجہ نہیں تھے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : I don't agree with the contention of Sardar Muhammad Ashraf.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ اب میں اگلے پوائنٹ پر آتا ہوں میری گزارش یہ ہے کہ maintenance اور divorce کے اختیارات بھی اسی چیئرمین کو حاصل ہیں ۔ اور وہ فیملی لاز آرڈیننس ۱۹۶۱ء کے تحت حاصل ہیں ۔ Conciliation کورٹ میں ہر فریق کے دو دو نمائندے ہوں گے اور اس کورٹ کا یہی چیئرمین ہوگا ۔ آپ اندازہ فرمائیے کہ اس شکل و صورت میں اگر چیئرمین کوئی irregularity commit کرتا ہے تو اس کو ایک سال کے لئے مامون و محفوظ کرتے ہیں تو وہ کیوں نہ اپنی حرکات کو جاری رکھے گا ۔ جناب سپیکر ۔ میری بات اور بھی relevant ہو جاتی ہے جب ہمارے فاضل وزیر نے یہ فرمایا ہے کہ افادیت اس نظام کی یہ ہے کہ ان مصالحتی عدالتوں کا کام مصالحت کے علاوہ arbitration کونسل کی حیثیت سے بیاہ شادیوں کے جھگڑے بھی نپٹانا ہوگا ایسی صورت

میں اس کو irrelevant قرار دینا میں نہیں سمجھتا کہ کہاں تک مناسب ہے ۔ اب میں Conciliation کورٹ کی دو تین مثالیں اور اس ہاؤس کے سامنے پیش کرتا ہوں مثلاً آپ کا پینل کوڈ ہے ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ترمیم جو پیش کی گئی ہے اس کا Conciliation کورٹ سے کیا تعلق ہے یہ جو مثالیں پیش کر رہے ہیں وہ کس حد تک relevant ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میری ترمیم بہت اہم ہے میں نے کہا ہے کہ جب یہ غلطی کرے تو اس کو نکال دیا جائے ۔ جناب سپیکر میں یہ گزارش کر رہا تھا کہ ۳۰۴ اور ۳۰۷ دفعات کی طرح اور دفعات مثلاً ۳۲۶ - ۳۳۱ - ۳۳۲ - ۳۳۳ - ۳۲۳ - ۱۶۰ - یعنی کسی کو مارنا پیٹنا۔ اس کے بعد ۳۲۶ - ۳۲۸ - ۳۳۷ - ۵۰۴ - ۵۰۶ - ۵۰۸ - ۵۰۹ - ۵۱۰ میں چیئرمین کو اختیارات تفویض کر دئے گئے ہیں ۔ اس طرح چیئرمین کی شخصیت بہت اہم ہو جاتی ہے ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ کیا ملک صاحب یہ سمجھتے ہیں کہ وزیر بنیادی جمہوریت اور دوسرے معزز ارکان چیئرمین کے جو فرائض ہیں یا ان کی جو ذمہ داریاں ہیں ہم کیا ان کو نہیں جانتے ہیں جو بار بار یہ ہمیں پڑھ کر سنا رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ آپ کو تعلیم دے رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب کورم نہیں ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Let there be a count (*count was taken.*) **The House is not in quorum, let the bells be rung.** (*bells were rung*). **The House is now in quorum. Yes Malik Akhtar.**

ملک محمد اختر - جناب والا - میں رانا صاحب سے معافی مانگتے ہوئے تھوڑا سا پڑھوں گا جیسا کہ جناب وزیر موصوف نے Conciliation Courts فیملی لاز آرڈیننس میں فرمایا ہے اس کے علاوہ اُن کو اور بھی تو بے انداز اختیارات حاصل ہیں Conciliation کورٹ میں فوجداری کی دفعات کے تحت بھی ایک ہزار روپے تک کی ڈگری دے دینا یونین کمیٹی کے فرائض میں شامل ہے -

رانا پھول محمد خان - پوائنٹ آف آرڈر - میں آپ سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ چیئرمین کے اختیارات پر کوئی ترمیم لا رہے ہیں یا اس کی حمایت میں یہ باتیں کر رہے ہیں -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - وہ اپنی ترمیم میں چیئرمین کے متعلق بات کر رہے ہیں -

رانا پھول محمد خان - جناب ترمیم کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - آپ تشریف رکھئے رانا صاحب -

ملک محمد اختر - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ سول کورٹ میں مقدمات طے ہوتے تھے اس کے اختیارات اس کورٹ کو دے دئے گئے ہیں اور اس چیئرمین کے سپرد کر دئے گئے - اب میں اس کے اصل functions پر آتا ہوں - جناب والا بی - ڈی آرڈر ۲۷ میں جو چیئرمین کے functions ہیں وہ یہ ہیں :-

"Provision of maintenance of public lights, public streets, lighting of public ways, plantation and preservation of trees, management and maintenance of 'shamlat', provision of betterment of public places, sanitation, removal and disposal of manure....."

Minister of Basic Democracies: Point of order Sir. Will the Member read all the functions of the Chairman ?

Malik Muhammad Akhtar : Very few.

Minister of Basic Democracies : Sir, there is a difference between legality and propriety. Even if a matter is relevant, it should be relevant to the extent that the least possible time of the House is taken. If he goes into details, a lot of time will be taken by one amendment.

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ چیئرمین کا عہدہ اتنا اہم ہے کہ ہمارے لئے لازمی ہے کہ جو کچھ ان کے پاس اختیارات ہیں اس کو گن کر بتایا جائے۔ مگر جناب وزیر بنیادی جمہوریت یہ فرما رہے ہیں کہ جو کچھ ان کے فرائض ہیں ان کا ہر ایک کو علم ہے تو از راہ کرم جو کچھ ان کے فرائض ہیں ان کو وہ گن کر دیکھ لیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ آپ نے relevant ہونے کی کوشش کیوں نہیں کی ۔

مسٹر حمزہ ۔ اور اس کے ساتھ ان کو یہ بتایا جائے کہ اتنا اہم یہ قانون ہے لہذا اس میں ترمیم ہونی چاہئے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ تشریف رکھئے حمزہ صاحب ۔

Malik Muhammad Akhtar : ".....Registration of births and deaths, celebration of public festivals, relief for the widows and orphans, promotion of public games and sports, adoption of measures for increased food production....."

Mr. Senior Deputy Speaker : The Member may please come to his next point.

Malik Muhammad Akhtar : I am coming to that Sir.

.....Provision for library and reading rooms, cooperation with other organisations, promotion of education under direction of the District Council.

جناب والا ۔ یہ ۳۷ ۔ functions ہیں ۔

ان کے علاوہ مصالحتی عدالتیں ہیں ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ آپ

نے کم و بیش تمام کی تمام جتنی بھی ابتدائی functions تھیں اور جو کہ آپ کے ایڈمنسٹریشن کے پاس تھیں وہ آپ نے لیکر ایک یونین کونسل یا یونین کمیٹی کے چیئرمین کے سپرد کر دی ہیں منتخب چیئرمین کے سپرد کردی ہیں۔ تو میں جناب یاسین خان صاحب وزیر بلدیات اور جناب چیئر کی وساطت سے میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ یہ جو ۳۷ functions ہیں۔ (قطع کلامی)۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان)۔ جناب سپیکر۔ ملک صاحب نے "جناب چیئر" کے الفاظ استعمال کئے ہیں کیا یہ درست ہیں ؟

ملک محمد اختر۔ آپ کو کسی نے وزیر نہیں بنانا۔ آپ قلابازیاں کھاتے جائیے آپ کو کسی نے وزیر نہیں بنانا۔

پارلیمنٹری سیکرٹری۔ جناب والا۔ میں ان کی ضرور سفارش کروں گا کہ ان کو بنا دیا جائے۔ وہ اس چیز کا اس سے پیشتر اظہار بھی فرما چکے ہیں کہ وہ ادھر آنا چاہتے ہیں۔

ملک محمد اختر۔ میں ممنون ہوں لیکن جناب مجھے ادھر ہی رہنے دیا جائے اور میں ادھر ہی آپ کی خدمت کرتا رہوں گا۔ تو جناب سپیکر۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یاسین خان صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ بڑی اہم functions ہیں اور انہوں نے دو تین لائینوں میں جو بات کہی وہ یہ کہ ۳۷ functions ہیں یونین کمیٹیوں کے اور یونین کونسلوں کے جن کی میں نے بھی اہمیت بیان کی ہے۔ اس کے بعد جناب سپیکر۔ مصالحتی عدالتوں کے چیئرمین ہیں۔ تو ان چیزوں کے پیش نظر مجھے بتائیے کہ اتنے زیادہ functions ہیں اور اگر کوئی چیئرمین ان کے پورا کرنے میں کوتاہی کرتا ہے تو آپ کہتے ہیں کہ ایک سال کے بعد ان کے خلاف کارروائی ہونی چاہئے اور آپ جس

کلاز کا سہارا لیتے ہیں وہ alternate provision ہے اور جو اس میں نقائص ہیں وہ بھی مجھے کہنے ہونگے - آرٹیکل ۲۵ کا پہلا سیکشن میں نہیں پڑھوں گا بلکہ دوسرا پڑھوں گا -

"A member of a Local Council shall render himself liable to removal from membership—

(a) if he incurrs any of the disqualifications specified in part II of the Second Schedule ;

(b) if he, without reasonable excuse, absents himself from three consecutive meetings of any Local Council ; or

(c) if he is guilty of an abuse of power or of any misconduct in the discharge of his duties as a member, or has been responsible for any loss or mis-application of any money or property of any Local Council, or any other Local Body or other local authority."

اس کا طریقہ یہ ہے کہ چیئرمین کو ہٹانے کے لئے جو ادارہ ہوگا وہ اس کو اظہار وجوہ کا نوٹس دے گا اس پر چیئرمین اپنا جواب دیگا - اس کے بعد ایک افسر اپنے comments پیش کرے گا -

وزیر بنیادی جمہوریت - آپ اس کاغذ کو جگہ جگہ لئے پھریں گے -

ملک محمد اختر - یہ جناب ڈسٹرکٹ کونسل اور میونسپل کمیٹی میں جائے گا اور اس کے بعد اس پر misconduct ثابت ہو یعنی اسے benefit of doubt نہ دیا جا سکتا ہو - - - -

Minister of Basic Democracies : Point of order.

I had referred to that particular aspect of this law because the Leader of the Opposition had raised a point on the amendment. This particular fact is not relevant to this amendment and the Member may kindly be asked to be relevant.

Malik Muhammad Akhtar : The Minister himself mentioned it.

Minister of Basic Democracies : I was replying to the previous amendment which has been rejected by the House.

ملک محمد اختر - اس میں جناب والا انہوں نے کہا ہے کہ میعاد نہیں ہونی چاہیئے - میں کہتا ہوں کہ تین مہینے ہونی چاہیئے -

مسٹر حمزہ - جناب والا - ملک اختر صاحب کی بات کو veto کرنا چاہیئے تھا -

وزیر بنیادی جمہوریت - اس لئے کہ یہ بات آپ کرنی چاہتے تھے تو یہ بات بھی جھلکیوں میں لکھ لی جائے -

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - جو اختیارات انہوں نے چیئرمین کو دئے ہیں ان کے متعلق مجھے ایک passage quote کرنا ہے -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - ملک صاحب پھر آپ وہی بات دہرا رہے ہیں -

چودھری انور عزیز - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - جب ملک صاحب کی تقریر شروع ہوتی ہے تو یہ پریس والے بھی اٹھ کر چلے جاتے ہیں وہ سمجھتے نہیں کہ کیا تقریر انہوں نے کی - اس وقت پریس والے بھی نہیں بیٹھے ہوئے ہیں اور کل کالم پہ کالم اخبارات میں آئیں گے تو میں پریس والوں سے کہوں گا کہ وہ ملک اختر صاحب کی تقریر سن لیا کریں -

Mr. Senior Deputy Speaker : This is not a point of order.

ملک محمد اختر - اب میں ان کی اس ترمیم پر آتا ہوں جو کہ زیر بحث ہے - میرا اندازہ ہے کہ ۲۵ ترامیم میں ۲۵ بار وزراء صاحبان اس بات کو کہیں گے کہ اس آرڈیننس کی کیا ضرورت تھی - جناب سپیکر - یہ سب سے پہلے Presidential Order No. 22 ۱۹۶۲ ء کا ہے - میری اس ترمیم کو دو سال کے بعد لائے ہیں یعنی انہوں نے اس نظام کو اس طرح

سے protect کرنا شروع کیا ہوا ہے کہ یہ چاہتے ہیں کہ جس وقت انہوں نے چیئرمینوں سے کوئی اس قسم کا کام لینا ہوتا ہے یہ ان کو راضی کر دیتے ہیں ۔ جس وقت ان کے ایلیکشن قریب ہوتے ہیں تو چیئرمینوں کے خلاف اگر کوئی تحریک عدم اعتماد ہوتی ہے تو وہ اسے واپس لے لیتے ہیں ۔ یہ ۳ جون ۱۹۶۲ء میں پہلی بار ترمیم لائے جس وقت کہ یہ اپنے ایلیکشن ختم کر چکے تھے اور اس کے بعد۔۔۔

Minister of Basic Democracies : Point of order, Sir.

So far as the amendment about the omission of this particular clause was concerned that has already been rejected by the House. Now, the Member wants to amend it to the extent that instead of giving this period of 12 months it should be 3 months. The member should try to be relevant to it otherwise, if the relevancy is according to the interpretation of my friend himself, possibly, nothing on earth, can be irrelevant to any issue in this House. After all, the time of the House is very precious and we have to legislate. Therefore, the member may kindly be asked to be relevant to the amendment. If he has forgotten, I may remind him that I had advanced my argument to the previous amendment.

Malik Muhammad Akhtar : Why can't I advance my arguments on this amendment ? This is a similar amendment.

Minister of Basic Democracies : This is not exactly the same amendment and that is why I pointed out that this amendment and Khawaja Safdar Sahib's amendment can be taken up together because the net result of both these amendments is going to be that they want the period decreased from 12 months to 3 months. So far as the principle of this time limit is concerned that has already been rejected by the House and here also the Member says in his amendment that the time should be reduced to three months. Now Sir, he is trying to go off the track which I think, is not his intention. He may be asked to read his amendment and be relevant to that and not to ours. Khawaja Sahib wanted it to be omitted but here he wants to reduce the time. He may speak in favour of this proposal as to why the time should be three months and not twelve months.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ کہہ رہا تھا کہ وہ جو نیا آرڈیننس لائے ہیں آپ یہ کہیں گے کہ یہ ہنگامی قانون بھی زیر بحث

نہیں آ سکتا ۔

Sir, as a matter of fact, it is the Minister who is responsible for going so vast that he is not prepared to hear while we contradict it.

Minister for Basic Democracies : We hear up to the last moment of voting.

چودھری انور عزیز ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ یہ بات درست ہے ۔ ملک صاحب جو کچھ کہہ رہے ہیں آیا وہ relevant ہے یا نہیں ہے ۔ ہمیں اس سے بحث نہیں یہ چھوٹی سی بات ہے ۔ وہ اس پر جتنا مناسب سمجھیں تھوڑے سے وقت میں کہہ دیں ۔

Malik Muhammad Akhtar : It is the Minister who invited vast discussion and not ourselves.

Minister for Basic Democracies : Sir, I always welcome discussion if relevant. I only object most reluctantly when a Member is not only irrelevant but grossly irrelevant.

مسٹر سینیئر ڈپٹی سپیکر ۔ انہوں نے جو پہلی ترمیم کے متعلق باتیں کی ہیں ، ان کو وہ اب refer کر سکتے ۔ وہ ترمیم اور تھی ۔ یہ ترمیم اس سے بالکل مختلف ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب ہاؤس میں کورم نہیں ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Let there be a count. (*count was taken*). The House is not in quorum, let the bells be rung. (*bells were rung*). The House is in quorum. Yes, Mr. Akhtar

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ تو میں یہ کہہ رہا تھا کہ مجھے اس وقت موجودہ آرڈیننس کی دفعہ دو کی مخالفت کرنی ہے ۔ جس میں میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے ۔ جب انہیں suit کرتا ہے ، ترمیم کر دیتے ہیں ۔ اور جس قسم کی ترمیم انہیں suit کرتی ہے وہ لے

آتے ہیں ۔ ایک سال کا جو وقفہ انہوں نے دیا ہے دراصل یہ چاہتے ہیں کہ انہوں نے جو چیئرمین منتخب کرائے ہیں ۔ میں اس سے بھی آگے جاتا ہوں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ آپ اتنا آگے نہ جائیں ۔

ملک محمد اختر ۔ اس وقت وٹو صاحب متعلقہ وزیر تھے جب ان چیئرمینوں کے انتخابات ہوئے۔جب وہ ۱۹۶۶ء میں اپنی مرضی کا انتخاب کرا چکے تو پہلے تو ۱۹۶۷ء تک انہیں مامون و محفوظ رکھا کہ ان کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک نہ لائیں اور اب تو انہوں نے انہیں مزید محفوظ کر دیا ہے ۔ حالانکہ

آں را کہ حساب پاک است از محاسبہ چہ باک

اگر ان کے چیئرمین اچھے آدمی ہیں تو انہیں تحریک عدم اعتماد کا خوف نہیں ہونا چاہیئے ۔ کئی چیئرمین اچھے آدمی بھی ہیں ۔ میں بھی ایک چیئرمین ہوں ۔ یہ کام وبال جان ہے ۔ مجھے ہر لمحہ غلطی کا خدشہ ہوتا ہے ۔ مجھے یہ بتائیں کہ آپ ہمیں مامون و محفوظ کیوں کرنا چاہتے ہیں ؟ یہ معلوم کرنے کے لئے کہ ہم کوئی ایسی چیز کرتے ہیں یا نہیں کرتے تین ماہ کا عرصہ کافی ہے ۔ ایک سال دینے کی کوئی وجہ جواز نہیں ۔ میں آرٹیکل ۲۵ کا اعادہ نہیں کروں گا ۔ آپ اس کی حفاظت میں.....

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ملک اختر صاحب نے یہ نہیں فرمایا کہ تین ماہ کیوں ہونے چاہیئں ۔ اس سے کیا فائدہ پہنچے گا ؟

ملک محمد اختر ۔ اس لئے کہ تین ماہ کافی وقفہ ہے ۔ اتنے

عرصہ میں ایک چیئرمین کے کردار کی جانچ پڑتال کی جا سکتی ہے - بڑے بڑے اچھے چیئرمین بھی ہیں لیکن اس غیر جمہوری دفعہ سے کہ چیئرمین جو ہو جائے اسے ایک سال تک پبلک کے نمائندگان نہ چھیڑ سکیں - اور حکومت چاہے تو ان کے خلاف misconduct کی کارروائی کر سکے - میں سمجھتا ہوں اس کے لئے کوئی وجہ جواز نہیں - پہلے تو جناب انہوں نے دھاندلی کر کے ان چیئرمینوں کو install کیا - یہ الیکشن غالباً جنوری ۱۹۶۶ء میں ہوا تھا - اب وہ ڈیڑھ سال کے بعد یہ آرڈیننس لا رہے ہیں جس سے انہیں ایک اور سال کے لئے مامون و محفوظ کر دیا جائے گا -

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - وہ تین ماہ چاہتے ہیں میں انہیں اس پر نو ماہ اور دینا چاہتا ہوں -

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ چیئرمینوں کے انتخابات فروری مارچ ۱۹۶۶ء میں ہوئے تھے - کیا ایک سال میں ان کا محاسبہ نہیں ہو چکا - اب یہ کہا جا رہا ہے کہ انہیں ابھی ایک اور سال مسلط رہنے دیا جائے - انہوں نے اس قانون میں ہر سال ترمیم کی ہے - ابھی بارہ بجے وہ کہہ رہے تھے کہ اگلے منٹ میں وہ اس میں ترمیم کرنے کے لئے تیار ہو جائیں گے -

وزیر بنیادی جمہوریت - اگر عوام کے مفاد کا تقاضا ہو گا تو میں اس میں ہر وقت ترمیم کرنے کے لئے تیار ہوں -

ملک محمد اختر - جناب والا - مجھے یہ بتایا جائے کہ اس کلاز کی کیا ضرورت ہے کہ الیکشن کے ایک سال بعد تک چیئرمین کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش نہیں ہو سکتی - اگر میں بھولتا نہیں ہوں تو لاہور میں ۱۰ ، ۱۱ مارچ کو یہ انتخابات ہوئے تھے - نیا آرڈیننس لانے

سے قبل وہ انہیں ایک سال کا موقع دے چکے ہیں ۔ میرے خیال میں اب وہ انہیں تین ماہ کی مہلت دے دیں تو یہ کافی ہوگا ۔ جناب صدر ۔ اس وقت کنٹرولنگ اتھارٹی کے پاس ایسے بڑے مسئلے موجود ہیں جن میں بعض چیئرمینوں کے خلاف سنگین نوعیت کے الزامات لگائے گئے ہیں تو کیا میں حکومت کو اس جرم میں برابر کا شریک قرار نہ دوں کہ اس نے ایک سال قبل یہ قانون پیش نہ کیا اور اس وجہ سے وہ چیئرمین بے قاعدگیاں کرتے رہے ۔ جناب صدر ۔ میں میاں صاحب کے arguments کو support کرتے ہوئے یہ کہتا ہوں کہ چیئرمین اکثر و بیشتر اس وقت ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے ہیں ۔ ان ۳۷ function میں سے وہ کسی function کو بھی perform نہیں کر رہے ہیں۔ عائلی عدالت اور مصالحتی عدالت کی جو پاورز ان کے پاس ہیں وہ اکثر و بیشتر misuse ہو رہی ہیں اس لئے کہ ان کا کوئی بھی محاسبہ کرنے والا نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ انگریز نے اپنے دو سو سالہ عہد حکومت میں مسلم لاز میں مداخلت نہیں کی ۔ اس نے فیملی لاز میں مداخلت نہیں کی..... .....

Mr. Senior Deputy Speaker : Malik Sahib is not relevant.

Malik Mnhammad Akhtar : Alright Sir, I will leave that point.

جناب والا ۔ میں اپنی پہلی بات پر آ جاتا ہوں کہ چیئرمین کو ایک سال کا موقع دینے کے لئے آج میاں صاحب اس چیز کی وضاحت فرمائیں ۔ میں حقیقتاً ان کا مشکور ہوں گا ورنہ ۹۹ فیصد باتوں کا جواب نہیں دیا جاتا..... ...

چودھری محمد سرور خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ملک اختر صاحب خود بھی چیئرمین ہیں اور خود ہی چیئرمینوں کو abuse کر رہے ہیں ۔ ان کا اس کے متعلق کیا خیال ہے ؟

Mr. Senior Deputy Speaker : This is not a point of order.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ چیئرمین کے جو functions ہیں ان کو ذمہ داری سے ادا کیا جائے تو وہ اس قدر مشکل ہیں کہ وہ ایک اسمبلی کے ممبر کے functions سے بھی گران قدر ہیں ۔ جیسے کسی فیملی کا جھگڑا میاں بیوی کا تنازعہ آپس میں فساد .....

مسٹر سینئیر ڈپٹی سپیکر ۔ ملک صاحب آپ اس پوائنٹ پر تقریر کر چکے ہیں آپ اپنے دوسرے پوائنٹ پر آئیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ function جو صدر مملکت نے انتہائی مہربانی سے ان لوگوں کے سپرد کئے ہیں اگرچہ ان کو انتخابی ادارہ قرار نہیں دیا جاتا لیکن یہ بڑے مفید ادارے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سینئیر ڈپٹی سپیکر ۔ ملک صاحب آپ پھر irrelevant ہیں انتخابی ادارہ چیئرمینوں کو قرار نہیں دیا گیا ۔ (قطع کلامیاں) ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں انتخابی ادارے کا ذکر نہیں کر رہا ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ نے ابھی ذکر کیا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ تو جناب والا میں چھوڑ دیتا ہوں قہقہہ جناب سپیکر ۔ مجھے یہ گزارش کرنا ہے چیئرمین کا عہدہ اتنی ذمہ داریوں کا حامل ہے کہ یہ لوگوں کے روز مرہ کاموں کے متعلق ہے ۔ یہ آپ لوگوں کے functions کے متعلق ہے ۔ ۔ ۔ ۔

Minister of Basic Democracies: Sir this is repetition and also not relevant.

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ ملک صاحب آپ بار بار ایک ہی پوائنٹ کو repeat کر رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر - "ایں گنا ہیست کہ در شہر شما نیز کنند"

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ - جناب والا - کچھ آداب محفل بھی ہوتے ہیں - اگر یہ ہم سے نہیں سیکھنا چاہتے تو خواجہ صاحب سے سیکھ لیں -

ملک محمد اختر - وہ بتاتے ہی نہیں ہیں -

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ - اگر آپکو بے قراری ہے تو ہمارے پاس آجائیں -

ملک محمد اختر - صدر مملکت نے بنیادی جمہوریت کو ارتقا بخشا ہے - وہ بنیادی جمہوریت کے خالق ہیں - میری یہ اطلاع ہے کہ وہ ان کو brief بھی کرتے ہیں - - - -

رانا پھول محمد خان - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - وہ اطلاعات کے متعلق تقریر فرما رہے ہیں یا اپنی ترمیم کے متعلق تقریر فرما رہے ہیں -

ملک محمد اختر - و، ارتقا جو انہوں نے بخشا ہے آگے اسکے جو مشینری ہے اس مشینری نے اسکو ناکارہ بنا کے رکھ دیا ہے - اس قدر وسیع اختیارات دینے کے بعد ایک شخص کا بھی محاسبہ نہیں کیا گیا - یونین کمیٹیوں اور یونین کونسلوں کے اراکین کو بھی بٹھا دیا ہے کہ وہ بھی کچھ نہ کریں لیکن ان کو وسیع اختیارات دینے کے لئے تیار ہیں اور آپ چاہتے ہیں کہ ان کو ایک سال تک کیلئے نہ نکالا جائے - میں اس سے بھی اتفاق کرتا ہوں کہ اس کام کے لئے تھوڑا سا وقت دے دیا جائے اور وہ تھوڑا سا وقت تین مہینے کا ہونا چاہیے نہ کہ ایک سال کا ہونا چاہئے -

رائے منصب علی خان کھرل (شیخوپورہ - ۳) - جناب والا - ملک محمد اختر صاحب ایک ایسے گرجنے والے بادل ہیں جس سے معافی کی بارش کا ایک قطرہ بھی نہیں ٹپکتا - - - - -

ملک محمد اختر - چھیڑ خوباں سے چلی جائے اسد

گر نہیں وصل تو حسرت ہی سہی

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ - لا یعنی باتوں میں ان کا کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا - (قطع کلامیاں)

ملک محمد اختر - جناب والا - یہ دو قندیلیں ہیں -

رائے منصب علی خان کھرل - جناب والا دو روشن قندیلوں کے سامنے اختر بے نور کہاں سے آگیا -

جو کچھ انہوں نے فرمایا ہے وہ اپنے دلائل کی تائید کرتے رہے ہیں - ایک طرف وہ فرما رہے ہیں کہ چیئرمین کا عہدہ بہت اہم ہے - اسکی کتنی اہم ذمہ داریاں اور اختیارات ہیں - دوسری طرف وہ یہ فرماتے ہیں کہ ان کو تحفظ نہ دیا جائے حالانکہ ان کے اپنے دلائل کے پیش نظر ان کی اپنی باتوں کے پیش نظر یہ نہایت ضروری ہے کہ چیئرمین کی اہم ذمہ داریوں اور وسیع اختیارات کے ہوتے ہوئے یہ نہایت ہی ضروری ہے کہ ان کو ان ذمہ داریوں اور ان فرائض سے عہدہ برآ ہونے کیلئے کچھ نہ کچھ تحفظ دیا جائے- تاکہ وہ آپکو اپنی کارکردگی دکھا سکیں (ملک اختر صاحب ہاؤس چھوڑ کر جا رہے ہیں - بہتر ہے وہ بیٹھ کر میری تقریر سنیں) -

ملک محمد اختر - جناب والا - مجھ میں تاب جمال نہیں ہے - (قہقہہ)

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جناب والا۔میں عرض کر رہا تھا کہ اختر صاحب نے اپنے خیالات اور اپنے دلائل کی خود ھی تردید کر دی ھے کہ یہ بڑا اھم عہدہ ھے۔ ان کے پاس وسیع اختیارات ھیں۔ ان وسیع اختیارات کے نفاذ کے لئے میں یہ سمجھتا ھوں کہ ان کو جو تحفظ دیا گیا ھے یہ بہت ضروری ھے ۔ دوسری بات جو میں عرض کرنا چاھتا ھوں وہ یہ ھے کہ یہ ایک اصول کی بات ھے کہ ھم یہ چاھتے ھیں کہ ایک سال کا تحفظ چیئرمین کو دیا جائے ۔ دوسری طرف سے خواجہ محمد صفدر صاحب اور جناب حمزہ صاحب نے فرمایا ھے کہ یہ تحفظ نہیں دینا چاھیئے ۔ اور ملک اختر صاحب نہ تو اس اصول کو مانتے ھیں اور نہ اس اصول سے پوری طرح انکار کرتے ھیں ۔ اگر وہ اس اصول سے متفق ھیں کہ چیئرمینوں کو کچھ نہ کچھ تحفظ ملنا چاھئے تو پھر ان کو یہ بھی تسلیم کرنا چاھئے کہ یہ تحفظ ایک سال کا ھونا چاھئے ۔ اور انھوں نے اپنی ترمیم میں جو تین مہینے کی تجویز پیش کی ھے ۔ میں اس کا مطلب نہیں سمجھا ۔ کیونکہ اگر وہ اصولاً ھم سے متفق ھیں تو میں سمجھتا ھوں کہ یہ ایک سال کا عرصہ بڑا مناسب عرصہ ھے اور یہی عرصہ ھونا چاھئے اور اس میں ترمیم نہیں ھونی چاھئے اور اگر وہ اس اصول سے ھی متفق نہیں ھیں تو پھر انہیں یہ بات کرنی چاھیئے کہ ان چیئرمینوں کو ایک دن کا تحفظ بھی نہیں دینا چاھئیے ۔ اگر وہ چاھتے ھیں کہ ان کے انتخاب کے ایک لمحہ بعد ان کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش ھو سکے تو پھر ان کو اس قسم کی ترمیم دینی چاھیئے تھی ۔ اس لحاظ سے میں یہ سمجھتا ھوں کہ انھوں نے کوئی ایسی بات نہیں کی ھے کہ جس سے یہ ظاھر ھو کہ وہ ھم سے کوئی اصولی اختلاف رکھتےھیں ۔ اس لحاظ سے میں ان کی ترمیم کی پر زور مخالفت کرتا ھوں ۔

رانا پھول محمد خان (لاھور ۔ ۷) ۔ جناب سپیکر ۔ ملک محمد اختر صاحب نے جو ترمیم پیش کی ھے اس کا اصل مقصد جو کہ میں

سمجھا ہوں وہ یہی ہے کہ چیئرمین کو ایک سال کے بجائے تین ماہ تک تحریک عدم اعتماد سے محفوظ کر دیا جائے ۔ لیکن وہ خود ہی اپنی لمبی چوڑی تقریر میں یہ تسلیم کر گئے کہ تین ماہ کا عرصہ بالکل ناکافی ہے ۔ چنانچہ انہوں نے یہ بتایا کہ چیئرمینوں کو اسقدر زیادہ کام کرنا پڑتا ہے اور ان کے پاس اسقدر زیادہ مقدمات ہوتے ہیں کہ جن کا فیصلہ کرنا ان کے لئے مشکل ہو جاتا ہے ۔ جناب والا ۔ میں آپکی وساطت سے اپنے فاضل دوست ملک محمد اختر صاحب سے یہ درخواست کروں گا کہ وہ خود ہی یہ فرماتے ہیں کہ تین ماہ کا عرصہ بہت ہے اور پھر خود ہی یہ بھی فرماتے ہیں کہ ان کی ذمہ داریاں بہت اہم ہیں ۔ جہانتک میں سمجھتا ہوں ۔ چیئرمین کا عہدہ ایک نہایت اہم عہدہ ہے ۔ انکو عوام کی تکالیف کا احساس ہوتا ہے ۔ ان کو مصالحتی عدالتوں اور ثالثی عدالتوں کا جو کام کرنا پڑتا ہے ۔ یہ ان کی بہت بڑی ذمہ داری ہے اس لئے کسی مقدمے کا فیصلہ تین ماہ میں نہیں ہوسکتا ۔ آپ اندازہ کیجئے کہ اگر ان کو صرف تین ماہ کا تحفظ دیدیا جائے تو آپ کو معلوم ہے کہ تین ماہ میں تو ایک مقدمے کی سماعت شروع ہوتی ہے اور اگر پھر اس عرصہ کے بعد دوسرا چیئرمین آ جاتا ہے تو وہ لازماً یہ کہیگا کہ چونکہ اب نئی ثالثی کونسل یا مصالحتی عدالت بن گئی ہے اس لئے اس مقدمے کی تحقیقات از سر نو شروع کی جائیں ۔ پھر اگر تین ماہ کے بعد تیسرا چیئرمین آئے گا تو وہ بھی یہی طریق کار اختیار کرے گا ۔ تو اس طرح عوام کی پریشانیاں بڑھ جائینگی اور ان عدالتوں کے مقرر کرنے کا جو اصل مقصد ہے کہ عوام کو کم خرچ پر انصاف میسر آسکے اور انہیں دور دراز کا سفر طے کر کے عدالتوں کے دھکے نہ کھانے پڑیں ۔ یہ مقصد پورا نہ ہو سکے گا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ دقت یہ ہے کہ مائیکروفون بھی لگے ہوئے ہیں ۔ پہلے اس ایوان میں ملک اختر صاحب اونچا بولتے تھے اور

اب یہ بھی اونچا بولتے ہیں ۔

مسٹر سینیر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

رانا پھول محمد خان ۔ جناب والا ۔ میں حمزہ صاحب کو سمجھانے کے لئے آھستہ عرض کر رہا ہوں اگر پھر بھی ان کو تکلیف ہو تو میں ان کو ڈھکنے لادوں گا تاکہ ان کے کانوں کے پردے نہ پھٹ جائیں ۔ بہر حال جب ان کو یہ احساس بھی ہے کہ یہ نہایت اہم عہدہ ہے اور وہ یہ سمجھتے ہیں کہ چیئرمینوں کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک فوری طور پر پیش نہیں کی جانی چاہیئے تو پھر میں یہ عرض کروں گا کہ عوام کی تکالیف کے پیش نظر میرے فاضل دوست ملک اختر صاحب کو یہ ترمیم واپس لینی چاہیئے ۔ وہ اسکے حق میں تو ہیں کہ انہیں وقفہ ملنا چاہیئے لیکن ساتھ ہی وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ وقفہ ایک سال کا نہیں ہونا چاہیئے بلکہ تین ماہ کا ہونا چاہیئے ۔ لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ ان تین مہینوں میں وہ مقاصد پورے نہیں ہو سکتے جن مقاصد کے بارے میں ملک اختر صاحب نے خود بھی فرمایا ہے ۔ وہ طلاقوں کے مقدمات بھی فیصلہ کرتے ہیں ۔ ان کے پاس نان و نفقہ کے مقدمات بھی ہوتے ہیں اور لین دین کے جھگڑے بھی انکے پاس جاتے ہیں ۔ اس لئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر تین ماہ کی میعاد مقرر کر دی جائے تو اس سے عوام کے وہ مقاصد پورے نہیں ہو سکتے جس کے لئے یہ عدالتیں بنائی گئی ہیں اور اس سے عوام کی تکالیف بھی بڑھ جائیں گی ۔ اس لئے اگر وہ اس ترمیم کو واپس لے لیں تو بہتر ہوگا ۔

چودھری انور عزیز (سیالکوٹ ۔ ۴) ۔ جناب والا ۔ ملک محمد اختر صاحب نے ہمیں اپنی تقریر کے دوران میں یہ بتایا ہے کہ جمہوریت کا مطلب یہ ہے کہ آپ جس وقت چاہیں اپنے منتخب نمائندے کو اتار سکیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ بہتر یہ ہو گا کہ ہم

یہ سمجھنے کی کوشش کریں کہ جمہوریت کا مطلب کیا ہے۔ جمہوریت کے معنی صرف یہ نہیں ہیں کہ آج آپ ایک آدمی کو بناتے ہیں اور کل آپ اسے اتار بھی سکیں۔ اس کے معنی لائسنس کے نہیں ہیں بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم سوچ سمجھ کر ایک فیصلہ کریں اور اس کے بعد کوئی ادارہ بنائیں جس کو آپ کوئی ذمہ داری سونپتے ہیں اور اسے کہتے ہیں کہ ہم تم سے اتنے عرصے کے لئے یہ اختیارات نہیں چھینیں گے اور یہ کہ ہم تمہیں یہ اختیارات بخوشی دیتے ہیں اور یہ اختیارات تم ہمارے ساتھ استعمال کرو ۔ جمہوریت ہم سے یہ توقع کرتی ہے کہ جب ہم کسی آدمی کو منتخب کریں تو پھر اس کے ساتھ کچھ دیر کے لئے نبھا بھی سکیں ۔ ہم اپنے فیصلے سوچ سمجھ کر کریں ۔

ایک آواز ۔ ہم ان سے نکاح کرتے ہیں ۔

چودھری انور عزیز ۔ جی ہاں ۔ یہ درست ہے ۔ یہ ایک طرح کا نکاح ہی ہوتا ہے ۔ از راہ کرم آپ میری گزارشات کو سمجھنے کی کوشش کریں ۔ جیسا کہ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے کہ چیئرمین کو فوراً اتارنے کا حق ہونا چاہیئے اور ملک اختر صاحب نے بھی فرمایا ہے کہ اسے تین مہینے کے بعد اتارنا چاہیئے ۔ تو اس سلسلے میں یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ بنیادی جمہوریت کے ممبروں کو بھی جب چاہیں رکنیت سے بر طرف کر دیں اور ان کا انتخاب بھی دوبارہ کرا دیں ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ جب آپ نے ان کو اور ممبران اسمبلی کو پانچ سال کا تحفظ دے رکھا ہے ۔ تو بالکل اسی طرح ایک چیئرمین کو بھی کچھ تحفظ دینا چاہیئے اور یہ تحفظ یہاں پر صرف ایک سال کے لئے دیا گیا ہے تاکہ وہ عوام کے جذبات اور ان کی ضروریات کے بالکل قریب رہے ۔ تجربے نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ لوگ چھوٹی چھوٹی

باتوں میں الجھ کر اپنے اصل مقصد کو سمجھنے سے قاصر ہو جاتے ہیں اور غصے کی بناء پر یا ذاتی عداوت کی بناء پر یا کسی چھوٹی سی رنجش کی بناء پر عدم اعتماد کی تحریک پیش کر دیتے ہیں اور بعد میں وہ یہ سوچتے ہیں کہ انہوں نے غلطی کی ہے اور اس طرح ایک لامتناہی سلسلہ شروع ہو جاتا ہے ۔ آج ایک چیئرمین تو کل دوسرا چیئرمین بن جاتا ہے ۔ میرے تجربے میں ہے کہ ابھی ایک چیئرمین منتخب ہو کر اپنے فرائض سنبھالنے بھی نہیں پایا تھا ۔ کہ اسکے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش ہوگئی ۔ اس لئے ہمیں اس چیز کا تدارک کرنے کے لئے کوئی نہ کوئی بندش یا کوئی نہ کوئی حد مقرر کرنی پڑیگی ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میرے فاضل دوست چودھری انور عزیز صاحب تو بڑی خوبصورت تقریر کر رہے ہیں لیکن ایوان میں کورم نہیں ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Let there be a count. (*count was taken*). The House is not in quorum, let the bells be rung. (*bells were rung*). The House is now in quorum. Yes, Mr. Anwar Aziz.

چودھری انور عزیز ۔ جناب والا ۔ میں مختصراً اپنا پہلا پوائنٹ یوں عرض کروں گا کہ وہ جمہوریت کبھی قائم نہیں رہ سکتی جو خود اپنے اوپر اپنی خوشی سے ایک بندش لگائے ۔ آپ نے دیکھا ہو گا کہ جتنے بھی emerging ممالک جنہوں نے ملک کے اندر جمہوریت لانے کی کوشش کی ہے ۔ ان کے متعلق دو نقطہ ہائے خیال پیش کئے گئے ہیں ۔ ایک وہ ہے جو یہ کہتے ہیں کہ شام کو وزارت بناؤ اور صبح کو ختم کر دو دوسرے وہ ہیں جو کہتے ہیں کہ ملک میں استحکام ہونا چاہیئے تاکہ ہر کسی کو پتہ چلے کہ کیا قوانین ہیں جن کے تحت ہمیں چلنا ہے ۔ یہ ممکن ہے کہ ان قوانین میں غلطیاں ہوں لیکن ان کو ٹھیک

کرنے کا یہ طریقہ نہیں ہے کہ آپ نے جس آدمی کو ذمہ داری سونپی ہے پیشتر اس کے کہ وہ کوئی فیصلہ کرے یا کوئی حرکت کرے گورنمنٹ کے ارکان اس کو اتار کر نیچے پھینک دیں ۔

جناب والا ۔ اس قسم کے تجربات دوسرے ملکوں میں کئے گئے ہیں ۔ دوسری بات جس کے لئے میں اس چیز کے حق میں ہوں کہ چیئرمین کو ایک سال رہنا چاہئے یہ ہے کہ چیئرمین کے پاس کئی اختیارات ہوتے ہیں ۔ وہ ججوں کی طرح فیصلہ کرتے ہیں ۔ چیئرمین کافی cases کا فیصلہ کرتا ہے اور تمام چھوٹے چھوٹے جھگڑوں کے cases اس کے پاس آتے ہیں ۔ دیکھا گیا ہے کہ جس ملک میں بھی جہاں جج الیکشن کے ذریعے بنایا گیا ہے وہاں قانون کی بے ہودگی اچھی خاصی ہے ۔ اس لئے ان ملکوں میں جہاں جج ایک یا دو سال کے لئے منتخب کرتے تھے اب یہ قانون بنا دیا گیا ہے کہ اب ان کو تین تین چار چار سال تک اتارا نہیں جا سکتا ۔ جس چیئرمین کو یہ شک ہو کہ تین ماہ کے بعد میرے خلاف Vote of no Confidence ہو سکتی ہے وہ کبھی اپنے ضمیر کے مطابق فیصلہ نہیں کرے گا بلکہ سیاسی بقا کے لئے ممبروں کے کہنے پر کرے گا ۔ اور ان کی مجبوریوں اور ان کی زیادتیوں کو اپنانے کی کوشش کرے گا ۔ اس لئے اگر چیئرمین کو ایک سال دے دیا جائے تو یہ چیز اس کو کم از کم بجٹ بنانے کا یا اور اچھا کام دکھانے کا موقع ضرور دے دیگی ۔ یہ جو تین مہینے کی ترمیم آئی ہے یہ آپوزیشن کی خاص قسم کی ترمیم کی تحریک ہے یہ بڑے خوش ہوتے ہیں کہ جلدی جلدی آدمی اترتے چڑھتے رہیں ۔ ان کو اس سے کئی واسطہ نہیں کہ کوئی آدمی صحیح کام کرتا ہے یا نہیں کرتا وہ چاہتے ہیں کہ ان کا یہ حق کہ وہ کسی آدمی کو اتار سکتے ہیں قائم رہے ۔ لیکن میں چاہتا ہوں کہ ایک سال کی restriction ضرور رہنی چاہیئے ۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی - ۱) - جناب سپیکر - میرے دوست انور عزیز صاحب نے فرمایا ہے کہ no confidence ایک قسم کی تلوار ہے جو ہر وقت چیئرمین کے سر پر لٹکتی رہے گی جیسا کہ میرے عزیز دوست خواجہ صاحب اور ملک صاحب نے فرمایا ہے کہ تین ماہ کا وقفہ ہونا چاہئے تو عرض یہ ہے کہ جیسا کہ انور عزیز صاحب نے فرمایا ہے یہ کوئی لائسنس نہیں کہ آج آپ ایک آدمی کو مسند پر بٹھاتے ہیں یعنی چیئرمین بناتے ہیں اس کو وہ powers بھی دیتے ہیں جو کہ جج اور مجسٹریٹ کے پاس ہوتی ہیں اور کل یہ کہیں کہ تین مہینہ گزر گئے ہیں خواہ تمہارے مقدمات کا فیصلہ ہوا ہے یا نہیں ہم تمہیں نکال دیتے ہیں - یہ بالکل غلط بات ہو جائے گی اس لئے اس کی کچھ نہ کچھ سیکورٹی ہونی چاہیئے میرا ذاتی خیال ہے کہ ان لوگوں کو کم از کم ایک سال جیسا کہ ترمیم میں دیا گیا ہے ملنا چاہئے تاکہ اس عرصہ میں وہ اپنا کام بخوبی کر سکیں - اور علاوہ ازیں ۲-۳ اکثریت پر وہ نکالے بھی جا سکتے ہیں - اس کے ساتھ اختر صاحب نے ترمیم دی ہے انہوں نے ساتھ یہ بھی فرمایا ہے کہ یہ اس کے لئے کہ یہ جو کورم ہے جو explanation ہے اس کو omit کیا جائے -

جناب والا - اس کے ساتھ مجھے اتفاق ہے کہ ایک آدمی کے یہ basic rights ہیں کہ وہ اگر ایک بار آ جاتا ہے تو آپ اسے یہ نہیں کہہ سکتے کہ تم دوبارہ انتخاب نہیں لڑو گے اگر ایک شخص ایک دفعہ الیکشن لڑتا ہے اور اس کے خلاف no confidence motion آ جاتا ہے اور اسے نکال دیا جاتا ہے تو دوبارہ اس کو روک دینا کہ اب باقی ۳-۴ سال کی مدت ہے اس میں تم الیکشن نہیں لڑ سکتے -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - اس ترمیم میں تو اس کا ذکر نہیں ہے -

میجر محمد اسلم جان ۔ اختر صاحب نے فرمایا ہے ۔

"Provided that a motion of no confidence against a chairman shall not be moved before the expiry of three months of his election as Chairman".

فی الحال اس کے متعلق میں عرض نہیں کرتا۔ جس طرح ایم۔این۔اے ایم ۔ پی ۔ اے اور بی ۔ ڈی کی رکنیت کے لئے ۵ سال کا عرصہ ہے چیئرمین کے لئے ۵ سال نہیں تو ایک سال ہی رہنے دیا جائے ۔ ان کی ترمیم سے مجھے اختلاف ہے اور میں اصل ترمیم کی تائید کرتا ہوں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ خواجہ صاحب آپ کی ترمیم بھی اس طرح تین ماہ کی ہے کیا آپ بھی بولنا چاہتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ نہیں میری ذرا مختلف ہے ۔

چودھری محمد سرور خان (سیالکوٹ ۔ ۳)۔ جناب سپیکر ۔ اگر ہم اس نکتہ کو موضوع بحث بنائیں ۔ کہ کسی جمہوری ملک کا کوئی جمہوری ادارہ اپنے قائد یا لیڈر کے خلاف قرار داد عدم اعتماد پاس کرنی چاہے یا نہیں تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ بڑی مشکل بات ہوگی اور جمہوری طرز فکر میں اس کے لئے سوچنا اور اس پر عمل کرنا اس وقت بہت مشکل ہوگا ۔

اصل میں جو بات زیر بحث ہے میرے خیال کے مطابق وہ یہ ہے کہ جو موجودہ طریق کار ہے اس میں بنیادی جمہوری نظام کو ہم صرف سیاسی angle سے ہی نہیں دیکھ سکتے یہ بنیادی جمہوری نظام ہماری روز مرہ کی زندگی میں معاشی سماجی اور اخلاقی حیثیت سے متعلق ہوگا ۔ اگر اس بات پر یہ فیصلہ کریں کہ کوئی آدمی اگر آج منتخب ہوتا ہے تو کل اس کے خلاف قرار داد عدم اعتماد لائی جانا عوام کا جمہوری حق ہے تو مجھے اس سے انکار نہیں ہے لیکن ہمیں تو یہ سوچنا ہے کہ وہ نو جمہوری untrained عوام

اور یہ جو نو آموز گھوارہ تربیت جو بنیادی جمہوریت کا نام رکھتا ہے اگر ہم فے الواقعہ سیاسی نظریہ کے مطابق ان کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک لے آئیں تو یہ ہماری اخلاقی اور سماجی زندگی پر کس حد تک اثر انداز ہو گی ۔ میرے خیال میں یہ نکتہ صرف سیاسی طور سے سوچنے کا نہیں روز مرہ کی زندگی کے تمام معاملات کو پیش نظر رکھنا ہو گا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ چیئرمین کے خلاف اگر تحریک عدم اعتماد آ جائے تو یہ ہماری سماجی زندگی پر یقیناً اثر انداز ہو گا ۔ آپ میں مخالفت بڑھے گی ۔ اور سیاسی تربیت پر بھی اثر پڑے گا ۔ روز مرہ کی زندگی میں دشمنی اور آپس کے اختلاف زیادہ ہوں گے ۔ اگر ہم کسی چیئرمین کو ایک سال دے دیں تو ہو سکتا ہے کہ کچھ لوگ اس کو نا پسند کریں لیکن اس کی سیاسی زندگی طریق کار اور اس کی قابلیت کو دیکھ کر ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ اس کے خلاف ہم نے جو خیالات قائم کئے ہوئے تھے ان سے باز آ جائیں ۔ اور سیاسی طور پر محسوس کریں کہ یہ کام ایسا ہے کہ وہ اس کا اہل نہیں اور صحیح طریقہ سے نہیں کر سکتا ۔ اس کو موقع دینا چاہئے ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ عدم اعتماد کی تحریک بنیادی جمہوری نظام میں کسی ایک چیز کو پیش نظر رکھ کر نہیں کی جا سکتی ۔ یہ ہماری ساری زندگی میں ایسا ہے جیسے ایک کڑی دوسری کڑی سے منسلک ہو اس کے لئے جب تحفظ یا عدم اعتماد کی بات لائیں گے تو ہم دوسری چیزوں کو ضرور پیش نظر رکھیں گے ۔ ایک سال کا جو وقفہ دیا گیا ہے وہ بڑا مناسب ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو بنیادی جمہوری ادارے ہیں یہ ابھی بالکل نو آموز ہیں اور بچوں کی طرح ان کی تربیت کو ابھی کافی وقت درکار ہے ۔ اور میرے خیال میں اس شق کی وجہ سے وزیر بلدیات نے نہایت دانائی سے اس ہتھیار کو safety بہم پہنچا کر اس

نو آموز بچے کے ہاتھ میں دے دیا ہے تاکہ وہ کسی غیر ضروری وقت اور کسی مناسب سیاسی موقع پر استعمال کر سکے ۔ اور اس کے علاوہ یہ سیاسی انسانی اور روز مرہ زندگی میں انتہائی ضروری بات ہے.....

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میرے خیال میں یہ ہتھیار غلط استعمال کیا جائیگا ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : This is no point of order.

چودھری محمد سرور خان ۔ جناب والا ۔ ابھی تک یہ ہتھیار نہیں تھا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہم کو اپنی سیاسی زندگی میں اور ہر روز کی عملی زندگی میں اور روزانہ کی ضروریات زندگی میں اس چیز کو پیش نظر رکھنا ہے تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ موجودہ بنیادی جمہوریت کے نظام میں شاید میرے نقطہ نظر کے مطابق اس سے زیادہ اچھی کوئی شق نہیں آئی اور ہمیں یہ شق آہستہ آہستہ اس طرف لے جائے گی کہ ہم انتخاب کرتے وقت اور انتخاب سے کسی کو ہٹاتے وقت اس جذبہ سے کام لینگے اور آہستہ آہستہ وہ وقت آ جائے گا کہ ہمیں نہ اس شق کی ضرورت رہے گی اور نہ اس کلاز کی ضرورت رہے گی اور عوام اپنے انتخاب صحیح کرائیں گے اور منتخب شدہ چیئرمین صحیح کام کریں گے ۔ جناب والا ۔ اس کے بعد میں یہ کہوں گا کہ یہ شق انتہائی ضروری ہے اور شاید اس قانون میں اس سے عمدہ شق اور کوئی نہیں ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: I will now put the amendment to the vote of the House. The question is :

> That for clause (*i*) and Explanation of section 2 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, the following be substituted namely :—
>
> "(1) for the proviso to clause (5-A), the following shall be substituted namely :—

Provided that a motion of no-confidence against a Chairman shall not be moved before the expiry of three months of his election as Chairman."

The motion was lost

Mr. Senior Deputy Speaker: Next amendment.

Khawaja Muhammad Safdar: Sir, I beg to move:

That in section 2 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, in the Proviso to clause (*i*) (*a*), for the word "Twelve" occurring in line 3, the word "three" be substituted.

Mr. Senior Deputy Speaker: Motion under consideration, amendment moved is:

That in section 2 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, in the Proviso to clause (*i*) (*a*) for the word "Twelve" occurring in line 3, the word "three" be substituted.

Minister for Basic Democracies: Opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا۔اس سے پہلے جو ترمیم میں نے اس ایوان میں پیش کی تھی اور جو اس ایوان نے نا منظور کر دی ہے اس کے پیش کرنے سے میری غرض و غایت یہ تھی کہ اس شق میں دراصل چیئرمین کو دو تحفظ دئے گئے ہیں ۔ ایک تحفظ یہ ہے کہ دو تہائی اکثریت درکار ہو گی جب انہیں اپنے عہدے سے بر طرف کیا جائے گا ۔ اور دوسرا تحفظ ان کو یہ دیا گیا ہے کہ ایک بار جب ان کا الیکشن ہو تو ۱۲ ماہ تک ان کو علیحدہ نہیں کیا جا سکے گا ۔ یعنی ان ۱۲ ماہ میں تو ان کے پاس دو تحفظ ہوں گے اور بارہ ماہ کے بعد ایک تحفظ ہو گا یعنی دو تہائی کی اکثریت لازمی ہو گی جب وہ اپنے منصب سے علیحدہ کئے جا سکیں گے ۔

جناب والا ۔ میرے دوستوں نے اس امر پر بڑا زور دیا ہے کہ یہ عہدہ نہایت اہم ہے میں نے اس کی اہمیت سے نہ پہلے انکار کیا ہے اور نہ اب انکار کرتا ہوں لیکن میری رائے میں اور جتنی تقاریر میں نے سنی ہیں اور جو اس معزز ایوان میں ہوئی ہیں ان سے یہ ظاہر ہوتا ہے

کہ میرے کسی دوست نے یہ دعوی نہیں کیا کہ یہ عہدہ اس ملک میں اہم ترین ہے ۔ اہم ضرور کہا ہے اور اس کی اہمیت پر زور بھی دیا ہے لیکن یہ کسی نے نہیں کہا کہ اس ملک میں یہ عہدہ اہم ترین عہدہ ہے اور کسی کو ایسا کہنے کی جسارت بھی نہیں ہو سکتی تھی کیونکہ یہ ایک واضح سی بات ہے کہ اس قسم کا دعویٰ نہیں کیا جا سکتا تھا ۔ تو جناب والا جب یہ مسلمہ امر ہے اور کسی دوست نے اسبات کا دعویٰ نہیں کیا کہ باوجود اس کی اہمیت کے یہ عہدہ اہم ترین نہیں ہے اس سے بلند عہدے اس ملک میں اور اس صوبے میں اور موجود ہیں ۔ میں اس کو ایک مثال پیش کر کے عرض کرتا ہوں ۔ اور وہ یہ کہ ابھی مستقبل قریب کی بات ہے کہ اس ایوان کے سابق سپیکر کو ہم نے صرف اکثریت کی بنا پر ہٹا دیا تھا دو تہائی کی ضرورت نہیں تھی ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ آپ مستقبل کی بات کر رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں نے ماضی کی بات کی ہے ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ آپ نے تو مستقبل کی بات کی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ پھر میں نے ''مستقبل'' کا لفظ غلط استعمال کیا ہے ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ ماضی قریب کی تاریخ میں ہم نے اس ایوان کے سپیکر کو یا صدر کو یا چیئرمین کو صرف اکثریت کی بنا پر ہٹا دیا ۔ ان کے خلاف دو تہائی اکثریت کی ضرورت نہیں تھی تو کیا یہ تحفظ ناکافی ہے ؟ میرے دوست کی نظر میں چیئرمین صاحب کے لئے کیا یہ تحفظ ناکافی ہے مان لیا کہ ان کا عہدہ اہم ہے اور میں اس کی اہمیت کو قبول کرتا ہوں اور وہ تمام باتیں جو کہ میرے محترم دوست چودھری سرور خان صاحب نے ارشاد فرمائی ہیں میں ان کو بھی قبول کرتا ہوں اور جو باتیں میرے ایک دوسرے سیالکوٹی دوست نے فرمائی ہیں میں ان کو

بھی تسلیم کرتا ہوں کہ واقعی اس عہدے کی اہمیت ہے ۔ چلئے میں اس حد تک بھی تسلیم کرتا ہوں کہ ان کے لئے کچھ safeguard ہونا چاہئے تو کیا یہ safeguard اور اتنا safeguard کافی نہیں ہے کہ دو تہائی کی جب اکثریت ہو تب ان کو نکالا جا سکتا ہے ۔ عام طور پر یونین کونسلوں کے ارکان کی تعداد ۷-۸-۹-۱۰ کے لگ بھگ ہوتی ہے ایک یونین کونسل میں اگر آپ دو تہائی کی اکثریت یوں بنائیں گے کہ ایک صرف ۶ ہوں اور دوسری طرف آٹھ اراکین میں سے ۳ ہوں یعنی چیئرمین صاحب کے ساتھ اگر صرف دو آدمی ہوں تو وہ کافی ہیں ۔ اگر ۵ ممبر ہوں تو اس میں بھی ۴ ان کے خلاف ہوں تو تب وہ ہٹائے جا سکتے ہیں ۔

اب جناب والا ۔ میں اپنے دلائل سے آگے بڑھتا ہوں میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے کہ چلئے ایک تحفظ تو آپ کو حاصل ہے ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے اور نہ میری کوئی ترمیم ایسی ہے جس کے ذریعہ میں نے یہ اعتراض کیا ہو کہ اس کو stability کیوں حاصل ہے ۔ دراصل ہمارے یہاں ایک قصہ چل نکلا ہے کہ ہم ہر ایک عہدے کو stability دینا چاہتے ہیں اور ایسی حالت میں دینا چاہتے ہیں جب کہ اس دنیا میں کوئی چیز stable نہیں ہے سب فانی ہے اور سب کو فنا ہونا ہے ۔ لیکن ہر ایک کی یہ خواہش ہے کہ وہ ابدالاباد تک زندہ رہے تو یہ خواہش تو اللہ تعالیٰ نے ایک حد تک محدود کر رکھی ہے اور یہ پوری نہیں ہو سکتی ۔ یہی حساب سیاسی عہدوں کا ہے کہ ہر ایک یہ چاہتا ہے کہ ہم سیاسی منصب پر فائز رہیں مگر سیاسی حالات بعض اوقات ایسا پلٹا کھاتے ہیں کہ تحفظ نہیں قائم رہ سکتا ۔ اس سلسلے میں میں یہ عرض کروں گا کہ دوسرا تحفظ آپ سال بھر کے لئے کیوں دیتے ہیں اور اگر آپ اس پر اصرار کرتے ہیں کہ نہیں دوسرا تحفظ بھی ہونا

چاہئے اگرچہ میں اصولی طور پر جیسا کہ محترم رانے منصب علی خان صاحب نے فرمایا ہے کہ تین مہینے اور ایک سال میں کیا فرق ہے اس اصول کو تسلیم کرتا ہوں اور وہ صرف آپ کی خوشنودی کے لئے تسلیم کرتا ہوں مگر میرا خیال یہی ہے کہ تین مہینے میں اور ایک سال میں فرق ضرور ہے -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - خواجہ صاحب آپ تشریف رکھئے -

The House is adjourned to meet tomorrow at 8.00 a. m.

The Assembly then adjourned (at 1.30 p.m.) till 8.00 a.m. on Wednesday, the 31st May, 1967.

——

APPENDIX I

(Ref: Starred Question No. 2829)

ANNEXURE 'A'

STATEMENT SHOWING THE TOTAL AMOUNT OF FEES PAID TO THE SPECIALISTS/MEDICAL OFFICERS FOR CONSULTATION/TREATMENT IN THE PERIOD 1-1-66 TO 30-4-66 TOGETHER WITH THEIR NAMES AND DESIGNATIONS

Serial No.	Name of Specialist/Medical Officer	Designation	Amount of fee paid
			Rs.
1.	Dr. Sardar Sheikh	... Surgeon, Mayo Hospital, Lahore.	1,035·00
2.	Lt. Col. S.A.R. Pirzada	... Eye Specialist, C.M.H., Rawalpindi.	292·00
3.	Brig M. Ayub Khan	... Physician, C.M.H., Rawalpindi.	146·00
4.	Dr. Mazhar-ul-Haq	... Physician, C.G.H. Rawalpindi.	112·00
5.	Dr. Amir Uddin	... Visiting Surgeon, Mayo Hospital, Lahore.	32·00
6.	Dr. G. N. Dar	... ENT Specialist, C.M.H. Lahore Cantt.	32·00

S. No.	Name of Specialist/Medical Officer		Designation	Amount of fee paid
				Rs.
7.	Dr. M. Akhtar Khan	...	Professor of Medicine, King Edward Medical College, Lahore.	32 00
8.	Dr. M. H. Alvi	...	Eye Specialist, Mayo Hospital, Lahore.	32·00
9.	Lt.-Col. G. N. Dar	...	ENT Specialist, C.M.H., Lahore Cantt.	32·00
10.	Dr. A. Rauf Yousuf	...	Professor of Cardiology, King Edward Medical College, Lahore.	256·00
11.	Dr. Asif Ali Hameedi	...	Assistant Professor of Medicine, Jinnah Central Hospital, Karachi.	140·00
12.	Dr. Sultan Ahmad Khan	...	Pathologist, C.G.H., Rawalpindi,	20·00
13.	Dr. Muhammad Ismail Agjee	...	Surgeon, Nishtar Hospital, Multan.	180·00
14.	Dr. M. A. Lodhi	...	Assistant Professor of Medicine, Nishtar Hospital, Multan.	32·00
15.	Dr. Muhammad Ismail Agjee	...	Surgeon, Nishtar Hospital, Multan.	32·00

S. No.	Name of Specialist/Medical Officer	Designation	Amount of fee paid
			Rs.
16.	Dr. Naseer Mahmood Akhtar	... Orthopaedic Surgeon, Nishtar Hospital, Multan.	150·00
17.	Dr. Mahmood Ali	... Eye Specialist, Jinnah Central Hospital, Karachi.	20·00
18.	Dr. S. H. Shafaat	... Heart Specialist, Jinnah Central Hospital, Karachi.	100·00
19.	Dr. S. A. Hameed	... Assistant Professor of Surgery, Jinnah Central Hospital, Karachi.	400·00
20.	Dr. Asif Ali, Hameedi	... Assistant Physician & Cordiologist, Jinnah Central Hospital Karachi.	60·00
21.	Dr. Amanullah Khan	... Professor of Paediataric Surgery, Jinnah Central Hospital, Karachi.	90·00
22.	Dr. S. S. Alam	... Radiologist, Mayo Hospital, Lahore.	90·00
23.	Dr. M.A.M. Siddiqui	... Surgeon, Central Government Hospital, Rawalpindi.	296·00

S. No.	Name of Specialist/Medical Officer	Designation	Amount of fee paid
			Rs.
24.	Dr. S. Alam	... Eye Specialist, Central Government Hospital, Rawalpindi.	64·00
25.	Lt. Col. S. A. R. Pirzada	... Eye Specialist, C.M.H., Rawalpindi.	32 00
26.	Dr. M. A. M. Siddiqui	... Surgean, Central Government Hospital, Rawalpindi.	32·00
27.	Dr. Mahmood Ali	... Eye Specialist, Jinnah Central Hospital, Karachi.	20·00
28.	Dr. G. D. Qazi	... Neuro Surgeon, C.M.H., Lahore Cantt.	232 00
29.	Dr. A. Rashid	... Surgeon, Central Government Hospital, Rawalpindi.	96 00

ANNEXURE 'B'

STATEMENT SHOWING THE NUMBER OF CLASS I AND CLASS II RAILWAY OFFICERS AND NAMES OF CLASS III AND CLASS IV EMPLOYEES FOR WHOM CONSULTATION/TREATMENT FEES WERE PAID TO THE SPECIALIST/MEDICAL OFFICERS IN THE PERIOD

1st January 1966 TO 30th April 1966

---

1. Number of Class I Officers. ... 10

2. Number of Class II Officers. ... 5

3. Names of Class III employees.

    1. Mr. Bhoorey Khan, Driver, Karachi—
    2. Mr. A. H. Siddiqui, Senior Welfare Inspector, Karachi.
    3. Mr. A. H. Naqvi, Inspector, Goods & Couching, Karachi.
    4. Mr. S. A. Fatteh, Store Keeper, Railway Hospital, Karachi, Cantt.
    5. Mr. Shakir Ali, Welfare Inspector (Co-op) Karachi.
    6. Mr. Fida Hussain, Shah, Permanent Way Inspector, Lyallpur.
    7. Mrs. S. K. Sattar, Staff Nurse, Rawalpindi.
    8. Mr. Abdul Rehman, Goods Clerk, Rawalpindi.
    9. Mr. Syed Ahmad Shah, Wireless Mehanic, Rawalpindi.
    10. Mr. Abdul Rehman, Goods Clerk, Rawalpindi.

4. Names of Class IV employees—

    1. Mr. Mustajab Khan, Electric Cooly, Karachi
    2. Mr. Ibrahim, Tinker T. No. 124, General Stores, Moghalpura.
    3. Mr. Ghulam Farid, Gangman, Mari Indus.

APPENDIX II

(Ref: Starred Question No. 2830)

ANNEXURE 'A'

STATEMENT SHOWING DETAILS OF MEDICINES PURCHASED LOCALLY DURING THE MONTH OF APRIL 1966.

S. No.	Name of Medicines	Quantity
1	2	3
1	Entro sedive tabs.	... 10 tabs.
2	Neopactal Syrup liq.	... 1 bot.
3	Pantozyme caps 1 x 20	... 1 bot.
4	Librex tabs.	... 1 bot.
5	Librex tabs.	... 1 bot.
6	Ferrocap.	... 1 bot.
7	Dilcoplex 1000 mgm. B12 10 cc.	... 1 vial.
8	Adexoline caps 1 x 25	... 1 bot.
9	Librium 10 mg.	... 1 bot.
10	Festal 1 x 20	... 1 bot.
11	Becotin 1 caps.	... 1 bot.
12	Hadensa ointment.	... 1 tube.
13	Becozyme.	... 1 bot.
14	Insulin P. zinc Lilly.	... 1 vial.
15	Mathergin tabs.	... 1 bot.
16	Adexolin caps. 1 x 25	... 1 bot.
17	Bendaryl expectorant.	... 1 bot.
18	Telepague.	... 1 pkt.
19	Insulin P. Zinc Lilly.	... 1 vial.

S. No.	Name of Medicines	Quantity
1	2	3
20	Gelusil tabs.	... 20 tabs.
21	Becotin C.	... 1 bot.
22	Telepaque	... 1 pkt
23	Becozyme fort.	... 1 bot.
24	Redoxan 500 mgs. 1 × 10	... 1 bot.
25	Polyfax eye ointment	... 1 tube.
26	Reverin 275 mgm.	... 1 vial.
27	Largactil 5 cc 2 amps.	... 3 amps.
28	Sonergan tabs.	... 6 tabs.
29	Nembutal sodium. 12 gr. cap.	... 4 caps.
30	Insulin P. Zinc Lilly.	... 2 vials.
31	Injection Becomplex (Dumex)	... 12 viala.
32	Telepaque.	... 2 pkts.
33	Irgapyrin tabs.	... 100 tabs.
34	Clycerin Supository adult size.	... 1 doz.
35	Icthyol	... 2 lbs.
36	Spt. Ammonium Aromatic.	... 2 lbs.
37	Gelusil tabs.	... 100 tabs.
38	Pasenax tabs.	... 100 tabs.
39	Chloramphenical caps.	... 1 bot.
40	Betnovate, Ointment.	... 1 tube.
41	Prandrine 25 mg.	... 6 amps.
42	Largactil 5 cc.	... 20 amps.

S. No.	Name of Medicines	Quantity
1	2	3
43	Irgapyrin Injection	... 3 amps.
44	Projestron Ciba 25 mg.	... 10 amps.
45	Largactil 25 mgm.	... 50 tabs.
46	Largactil 10 mgm.	... 50 tabs.
47	Guanamycine tabs.	... 100 tabs.
48	Telepaque.	... 1 pkt.
49	Chloramphenical caps.	... 100 caps.
50	Pason tabs.	... 1 bot.
51	Ascorbon 500 mgm.	... 1 tube.
52	Pantozyme caps.	... 1 bot.
53	Librex.	... 1 bot.
54	Sucryl.	... 1 bot.
55	Eldec caps.	... 1 bot.
56	Insuline P. Zinc Lilly.	... 1 vial.
57	Projestron 25 mg.	... 2 amps.
58	Obolip caps.	... 1 bot.
59	Antiphilogistin.	... 4 jars.
60	Carypeptic.	... 1 bot.
61	Librex.	... 1 bot.
62	Durabolin 25 mgm.	... 1 box.
63	Stallazin 5 mg.	... 1 pkt.
64	Telepaque.	... 1 pkt.
65	Litrisone Tabs.	... 1 bot.

S. No.	Name of Medicines	Quantity
1	2	3
66	Durabolin 25 mgm.	... 1 bot.
67	Enavit tabs. 5 mgm.	... 1 bot.
68	Incremin syp.	... 1 bot.
69	Prandrine 25 mgm.	... 3 amps.
70	Calademce.	... 1 bot.
71	Calcium Sandoz Vit. C.	... 1 bot.
72	Duogynon tabs. 2×2	... 2 pkts.
73	Miraproni tab.	... 1 bot.
74	Milk Iodine injection 5 cc.	... 14 amps.
75	Comboitic Injection 1 gm.	... 5 vials.
76	Neoviasept tabs.	... 1 bot.
77	Litrisone tabs.	... 1 bot.
78	Serpasil tabs.	... 30 tabs.
79	Nenaclex.	... 1 bot.
80	Iberol tabs.	... 1 bot.
81	Tyrine Nazal drops 10 cc.	... 1 bot.
82	Supracid eye drops 20 per cent	... 1 bot.
83	Endoxan injection	... 10 vials.
84	Teramycin Injection I/V	... 30 amps.
85	Sylbephylin tabs.	... 1 bot.
86	Festal.	... 1 bot.
87	Librium 5 mg.	... 1 bot.
88	Guanamycin liq.	... 1 bot.

S. No.	Name of Medicines	Quantity
1	2	3
89	Comblotic injection ½ gm.	... 10 vials.
90	Choloromycatin Eye ointment.	... 1 tube.
91	Gelusil tabs.	... 12 tabs.
92	Terramycin caps. 1×8	... 2 bots.
93	Librium 5 mgm.	... 1 tube.
94	Gelusil tabs.	... 12 tabs.
95	Terracortril eye ointment.	... 1 tube.
96	Gelusil tabs.	... 36 tabs.
97	Buscopan tabs.	... 1 bot.
98	Polybion.	... 1 bot.
99	Gelusil tabs.	... 1 pkt.
100	Pantozyme caps.	... 1 bot.
101	Lipotropic caps.	... 100 caps.
102	Codral tabs.	... 1 tube.
103	Librium 5 mgm.	... 1 bot.
104	Vitera Therapeutic caps.	... 1 bot.
105	Wintogeno Cream.	... 1 tube.
106	Pencilline eye cintment.	... 1 tube.
107	Anusol ointment.	... 1 tube.
108	Tofranil tabs.	... 1 bot.
109	Librium 10 mgm.	... 1 bot.
110	Maxitrol eye drops.	... 1 bot.
111	Vallium 10 mgm.	... 1 bot.

S. No.	Name of Medicines	Quantity
1	2	3
112	Stelazine. 5 mgm.	... 1 bot.
113	Dilantin sodium caps. 1 × 25.	... 1 bot.
114	Vallium 10 mgm.	... 1 bot.
115	Physostigmin tabs.	... 1 pkt.
116	Insulinep. Zinc Lilly.	... 1 bot.
117	Valaium 5 mgm.	... 1 vial.
اجازت دی جائے۔ لیکن حکومت کے نزدیک اور ان کے عمل سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جوں جوں وقت گزرتا جا رہا ہے حکومت کا تجربہ تلخ ہوتا جا رہا ہے یا حکومت نے یہ جانچ لیا ہے ، دیکھ لیا ہے کہ بنیادی جمہوریتوں کے چیئرمین زیادہ غیر ذمہدار ہوتے جا رہے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ یہ انتہائی زیادتی ہے کہ ان اراکین سے جن کو کہ ہمارے حکمران اکثر نہایت باشعور کہتے ہیں ۔ جناب چودھری محمد سرور خان صاحب نے عدم اعتماد کی تحریک کے فوری طور پر پاس ہونے کے بارے میں بعض ایسے شبہات یا خیالات کی طرف اشارہ کیا ہے جو کہ کم از کم اس ایوان میں، اس سے پہلے کبھی سننے میں نہیں آئے ۔ انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ اگر اراکین بنیادی جمہوریت کو اس قسم کے اختیارات دے دئیے جائیں تو اس سے ملک کی سماجی ، معاشی ، اخلاقی اور سیاسی زندگی میں ایک بحران نمودار ہو جائے گا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے جو الفاظ استعمال کئے ہیں ۔ ان کو ان کے معنی کا عام نہیں ہے اور اگر انہیں ان کے معنی کا علم ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ آخر یہ چیئرمین کی شخصیت اتنی بلند و بالا کہاں سے آ گئی کہ اب اگر بنیادی جمہوریت کے ارکان ان کے خلاف عدم اعتماد کی ایک تحریک پیش کر دیں تو دنیا کے تمام کے تمام مسائل یکدم زمین پر نمودار ہو جائیں گے ۔ میں یہ عرض کرنے پر مجبور ہوں کہ ہماری حکومت ان افراد سے یا اس فرد واحد سے بھی وفاداری کا ثبوت نہیں دے رہی جن سے کہ وفاداری جتلانا ان کے فرض منصبی میں شامل ہے ۔ اگر یہ بنیادی جمہوریتوں کے ارکان اس قدر ناسمجھ ہیں یا اگر ان کی کارروائیاں اسقدر خطرناک ہیں ۔ اور وہ اس قدر بے علم اور بے شعور ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ ان کی بےشعوری کا جو نچوڑ ہے ، ان

کی بےشعوری اور زیادتیوں کا جو نچوڑ ہے، اگر آپ نے ان پر کوئی اعتماد کیا تھا تو ایک ہی کیا تھا کہ آپ نے ان کو یہ اختیار دیا تھا کہ وہ صدر مملکت کو چن

سکیں ، ان کو صدر مملکت کو چننے کا اختیار حاصل ہو ۔ اگر اس ملک میں واقعی صحیح معنوں میں کوئی صاحب اقتدار ہے تو وہ محض صدر کی شخصیت ہے ۔ اب اس کے بعد یہ کہنا کہ وہ یہ اختیار صحیح معنوں میں استعمال نہیں کر سکتے تو آپ کے نزدیک۔ ۔ میں گنہگار بننے کے لئے تیار نہیں۔ میں مجرم بننے کے لئے تیار نہیں ہوں کہ آج پاکستان میں میں اس قسم کے الفاظ کہوں جو آپ اس ایوان میں استعمال کرتے رہے ہیں ۔ ان سے مترشح ہوتا ہے کہ ان ارکان نے ، جو بقول آپ کے آج سے تقریباً اڑھائی سال پیشتر جناب صدر مملکت کو چن کر جس اختیار کو استعمال کیا تھا ۔ آپ اس کو غلط گردانتے ہیں ۔ آپ نے اس فیصلے کو مشکوک بنایا ہے ۔ اگر آپ کی یہ دلیل درست ہے تو لازمی طور پر ان کا یہ فیصلہ غلط ہے ۔ لہذا از راہ کرم آپ چیئرمینوں کی حمایت کرتے ہوئے کم از کم صدر مملکت کی شخصیت پر تو حملہ نہ کریں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ عقلمند لوگ کہتے ہیں کہ جس شخص کو جو بھی عادت ہو جائے ، اسکو ترک کرنا اس کے لئے مشکل ہو جاتا ہے ۔

جناب والا ۔ اس طرف بیٹھنے والے میرے فاضل دوست جب اقتدار میں تھے تو انہوں نے سیاست میں ایک طرح ڈالی تھی اور سیاست کے میدان کو انہوں نے اقتدار کے لئے ایک اکھاڑہ بنایا ہوا تھا ۔ وہ اس کھیل کے عادی ہو چکے ہیں کہ تمام عوامی اداروں میں صرف ایک ہی کام ہوگا کہ ایک گروپ کرسی قابو کرکے بیٹھا رہے اور دوسرا گروپ اس سے کرسی چھیننے کی کوشش کرے ۔ مجھے ان سے ہمدردی ہے کہ انہوں نے اپنی اس عادت کو برقرار رکھا ہے اور اسی کے لئے وہ کوشاں ہیں ۔ مجھے ان سے ہمدردی ہے کہ اب

ان کو یہ کھیل کھیلنے کا موقع نہیں ہے ، اس لئے کہ اب حکومت کا منشاء اور حکومت کا طریقہ اور حکومت کی کارکردگی یہ ہے کہ عوام کی خدمت کی جائے اور سیاست کو ذریعہ خدمت بنایا جائے اور اس کو اکھاڑہ نہ بنایا جائے اور نہ ہی اسکو کھیل بنایا جائے ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ ملک کی خدمت یا اپنی خدمت ؟

مسٹر سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ عوام کی خدمت اور قوم کی خدمت لیکن چند لوگ جو سیاست کو کھیل سمجھتے ہیں ۔ اگر ان کو نظرانداز کر دیا جاتا ہے اور اس لئے وہ چیختے چلاتے ہیں ۔ تو مجھے ان کے جذبات سے ہمدردی ہے ۔ چونکہ صدر مملکت کو اور ہماری پارٹی کو قوم اور ملک کے جذبات زیادہ عزیز ہیں اس لئے ہم ان سے صرف ہمدردی ہی کر سکتے ہیں اس کے علاوہ اور کچھ نہیں کر سکتے ۔ کیونکہ اگر ہم ان کی بات مانیں تو قوم کو نقصان پہنچتا ہے ۔ اس لئے ہم ان کی بات ماننے کے لئے قطعاً تیار نہیں ہیں ۔

جناب والا ۔ موجودہ حکومت کی مخالفت کرکے جس طرح میرے فاضل دوست اپنے دل کو تسکین دیتے ہیں ۔ وہ بیک وقت دلچسپ بھی ہے اور دلچسپ ہونے سے کہیں زیادہ کچھ اور بھی ہے اور اس "کچھ اور" کی تعریف میں بہت کچھ شامل کیا جا سکتا ہے ۔ اس طرف سے بولنے والے کچھ فاضل دوست نہ صرف یہ کہ خود بنیادی جمہوریت کے رکن ہیں ، نہ صرف یہ

کہ وہ خود چیئرمین ہیں ، نہ صرف یہ کہ وہ عوام کے منتخب نمائندے ہیں اور نہ صرف یہ کہ وہ ان ساری چیزوں کو تسلیم کرتے رہے ہیں اور نہ صرف یہ کہ وہ اس نظام کو تسلیم کرتے رہے ہیں بلکہ اس نظام کے جزو بنتے ہیں تو اگر پھر بھی انہیں اس نظام سے اتنے گلے اور اتنے شکوے ہیں اور وہ بات کو چھپائے چھپا نہیں سکتے۔ انہیں ہم پر صرف اعتراض کرنا ہوتا ہے اور انہیں یہ پتہ نہیں ہوتا کہ ہم پر اعتراض کرتے وقت درمیان میں اپنی ذات کی دیوار پر سے بھی گزر کر آنا پڑتا ہے اور وہ اپنی ذات کو بھی نقصان پہنچانے سے احتراز نہیں کرتے ۔ یہاں تک کہ کچھ فاضل دوست تو چیئرمین کو بھی دم لگانے والے تھے ۔ لیکن خدا کا شکر ہے کہ اس ایوان کے فاضل اراکین نے باقی حضرات کو دم لگانے کی اجازت نہیں دی ۔ اگرچہ باقی ممبران نے انہیں خود دم لگانے کی اجازت دی ۔ مگر میں ان سے بصد احترام یہ عرض کروں گا کہ اگر وہ اپنے وقار کے خلاف دم لگانے کی کوشش کریں گے تو میں یہ نا خوشگوار فریضہ انتہائی خوشگوار طریقے سے ان کی دم کاٹنے کا ادا کروں گا ۔

جناب والا ۔ میرے فاضل دوست ایک بات کو نظرانداز کر جاتے ہیں کہ جب ہم مفاد عامہ میں کوئی قدم اٹھاتے ہیں تو وہ ہمیشہ یہ کوشش کرتے ہیں کہ وہ اپنی ہمدردی کو کچھ اس طرح سے بیان کریں گے کہ گویا یہ ایک دوسری بات کو تسلیم کرنے والے تھے لیکن چونکہ حکومت نے اس کو قبول کر لیا تھا اس لئے وہ اسے قبول نہیں کریں گے ۔ اگر ہم چھ مہینے کہتے ہیں تو یہ کہیں گے کہ ایک سال کا عرصہ ہونا چاہیے۔ اگر ہم ایک سال کہیں گے تو پھر یہ کہیں گے کہ نہیں صاحب یہ میعاد چھ مہینے ہونی چاہیئے۔ اگر ہم کوئی قانون نہ لائیں تو یہ کہتے ہیں کہ کیوں نہیں لاتے اگر ہم لے آتے ہیں تو پھر یہ کہتے ہیں کہ کیوں لائے ہیں ۔ وہ ہر وقت اس موج میں رہتے

ہیں کہ ہماری مخالفت کے جذبات کا اظہار کس طرح سے ہو سکتا ہے اور اس ایوان کی کارروائی اس بات کی دلیل ہے ۔ اب چیئرمین بیچارے پر بڑے اعتراضات کئے گئے ہیں اور یہ سمجھ لیا گیا ہے کہ سارے ملک میں ایک ہی کام ہوتا رہا ہے اور صرف یہ ہوتا رہا ہے کہ کچھ لوگ چیئرمین کو ہٹانے کے پیچھے لگے ہوئے ہیں اور کچھ ان کو بنانے کے پیچھے لگے ہوئے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں ہاؤس کی اطلاع کے لئے عرض کرتا ہوں کہ ہم تو قوم کی تعمیر میں لگے ہوئے ہیں ۔ یہاں اگر قانون بنانے کی ضرورت ہوتی ہے تو یہ اچھے لوگوں کے لئے نہیں ہوتی ۔ اگر کوئی قانون استعمال ہوتا ہے تو یہ صرف غلط لوگوں کو روکنے کے لئے ہوتا ہے اس طرح ہر جگہ عدم اعتماد کی تحریک کے پیش کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی ۔ اور نہ ہی ہر جگہ پیش کی جاتی ہے ۔ لیکن چند مقامات پر ہوتی ہے ۔ ہوسکتا ہے وہاں اس جذبہ سے کام کرنے والے نہ ہوں جس جذبہ کی ضرورت ہو ۔ کچھ ایسے لوگ بھی ہوتے ہیں جس طرح ہمارے فاضل دوست محض مخالفت برائے مخالفت کرتے ہیں ۔ ان کے خیالات کے مطابق چھوٹے چھوٹے اداروں میں بھی ہو سکتے ہیں ۔ یہاں تو صورت کچھ اور ہے ۔ لیکن دوسرے مقامات پر لوگوں کو زیادہ نقصان ہو سکتا ہے ۔ اس لئے ان چیزوں کی حفاظت کے لئے ضرورت پیش آتی ہے ۔ تاکہ ان کو خدمت کا موقع دیا جائے ۔ آخر وہ چیئرمین کون ہے کسی کا نامزد کردہ نہیں ہے ۔ جس طرح حمزہ صاحب نے کہا ہے کہ مجھے چن لیا ہے ۔ شاید مجھے اختیار ہوتا تو میں قطعاً نہ چنتا ۔ لیکن ان کے علاقہ کے عوام نے ان کو چنا ہے جس طرح ایوان کے دوسرے معزز ممبران کو عوام نے چنا ہے ۔ اس لحاظ سے ان کی باتیں سننا پڑتی ہیں ۔ اور ان کے اعتراضات پر کان دھرنا پڑتا ہے لیکن یہ اتفاق کی بات ہے کہ قوم کی واضح اکثریت نے انتخاب کیا ہے ۔

مسٹر حمزہ - آپ کی اور پولیس کی مخالفت کے باوجود ہم منتخب ہو کر آئے ہیں -

وزیر بنیادی جمہوریت - پھر جناب والا - اس ملک میں کتنی جمہوریت ہے - اس میں میری مخالفت یا پولیس کی مخالفت نہیں عوام نے اپنی مرضی سے ووٹ دیا ہے - اگر حمزہ صاحب کی بات کو تسلیم کر لیا جائے کہ حکومت یا پولیس کی مخالفت کے باوجود وہ ممبر بن گئے ہیں تو میں یہ عرض کروں گا کہ وہ عوام کے نمائندہ ہیں مخالفت کے باوجود عوام نے ان کو ووٹ دیا ہے - اسی طرح یہ دوست جو ہماری طرف تشریف فرما ہیں عوام کے نمائندہ ہیں اور ان سے بہتر نمائندہ ہیں - یہ اس بات کی دلیل ہے کہ موجودہ حکومت جمہوری اقدار کو اہمیت دیتی ہے اور کس قدر آزادانہ انتخابات ہوتے ہیں -

میرے فاضل دوست جب ان کے دلائل میں کمزوری آ جاتی ہے تو وہ دوسروں پر ذاتی حملے کرتے ہیں - انہوں نے کہا تھا کہ میں بنیادی جمہوریت کا قاتل ہوں یہ ان کا حسن کرشمہ ساز ہے جو چاہے کرے ہمیں منظور ہے اصل میں جس چیز کے ساتھ وہ کھیلنا چاہتے ہیں وہ نہیں ہے انہیں کوئی اور دکھ ہے جو کسی اور طریقہ سے بیان کیا جا رہا ہے - پنجابی میں ایک کہاوت ہے لیکن میں یہاں عرض نہیں کروں گا - جہاں تک میری ذات کا تعلق ہے میں بنیادی جمہوریت کا خادم ہوں - وہ قوم کی خدمت انجام دے رہے ہیں اور میں ان کی خدمت سرانجام دینے کی کوشش کرتا ہوں - اگر انہیں مجھے قاتل کہنے پر اصرار ہے تو میں یہ عرض کروں گا کہ اس بنیادی جمہوریت کو انہوں نے "بچہ" کہا ہے میں یقین دلاتا ہوں کہ ہم اسے پروان چڑھنے کے پورے مواقع دے رہے ہیں - بلکہ اب تو اتنا پروان چڑھ گیا ہے کہ اسے اغوا کرنے کی ہر کوشش ناکام ہو جائے گی - اگر میرے دوست

کو اس بات پر اصرار ہے کہ میں قاتل ہوں تو میں عرض کروں گا کہ میں واقعی قاتل ہوں ان کی نیتوں کا ۔ جو جمہوریت کو نقصان پہنچائیں گی ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ چیئرمین کو بنیادی جمہوریت کے ممبر منتخب کرتے ہیں کوئی appoint نہیں کرتا ۔

مسٹر حمزہ ۔ نیتوں کو تو خدا ہی جانتا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ میں ان نیتوں کا قاتل ہوں جو اسے اغوا کرنے یا نقصان پہنچانے کے لئے ہوں گی ۔

ملک محمد اختر ۔ بی ڈی ممبران کو تو نہیں البتہ بی ڈی وزیر کو اغوا کرنا ہوگا ۔

Mr. Speaker : Mind you, that would be breach of the Privilege of the House.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ ان کو نہ تو ایوان کے متعلق کچھ علم ہے اور نہ ہی اس کی privilege کے متعلق ۔ وہ اپنے جذبات کی تسکین اس طور پر کرنا چاہتے ہیں تو میں عرض کروں گا کہ انشاءاللہ ان سے نہ تو بنیادی جمہوریت اغوا ہوگی نہ بنیادی جمہوریت کے ممبران اغوا ہوں گے اور انشاءاللہ نہ بنیادی جمہوریت کے وزیر ان سے اغوا ہوں گے ۔ (قہقہہ)

ان الفاظ کے ساتھ میں یہ عرض کروں گا کہ اس بل کو جو نہایت ہی مفید اور قیمتی ہے منظور کیا جائے اور میرے فاضل دوست کی ترمیم کو رد فرمایا جائے ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House.

The question is :

> That in section 2 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, in the Proviso to clause (i) (a), for the word "Twelve," occurring in line 3, the word "three" be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : We will now take up another amendment, notice of which was given today, by Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : I beg to move—

> That in section 2 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, in the proviso (a) to clause (i), for the words and semi-colon "of his election as Chairman; and" occurring in lines 3—4, the words and semi-colon "from the date of his election as Chairman ; and" be substituted.

Minister of Basic Democracies : Opposed. Is the purpose of the Member only to remove the semi-colon ? Kindly give me a minute, Sir, so that I could see it.

Khawaja Muhammad Safdar : Please see that in the proviso (a) to clause (i) the words are—

> "... before the expiry of 12 months of his election as Chairman;"

This terminology has not been used anywhere—

> "... from the date of his election as Chairman;"

یہ terminology اس تمام آرڈر میں کہیں استعمال نہیں ہوئی ۔

جناب والا ۔ میں نے جو تبدیلی کی ہے کوئی نئی بات نہیں ہے ۔ اس سے معنی میں کوئی فرق نہیں آتا بلکہ اس سے وضاحت ہو جائے گی ۔

Mr. Speaker : I think, there is no difference in the substance.

Minister of Basic Democracies : There is no difference but I oppose it on the ground that proper notice has not been given to move this amendment.

یہ پہلے ہی بالکل واضح ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ دوسرے سب سیکشن سے اور بھی واضح ہو جائے گا ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا آپ اسے oppose کرتے ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جی ہاں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یعنی یہ الفاظ نہیں ہونے چاہئیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ یہ الفاظ پہلے یہاں موجود ہیں ۔

"Before the expiry of"-

خواجہ محمد صفدر ۔ Before the expiry of ٹھیک ہے ۔ لیکن 12 months of his election as chairman درست عبارت ہوگی ۔

Minister of Basic Democracies : It is exactly the same. "From" or "of" does not make any difference.

Khawaja Muhammad Safdar : Of the date or from the date of election.

Minister of Basic Democracies : His election is to take place at a given moment. That is very clear.

Mr. Speaker : This amendment has been opposed by the Minister of Basic Democracies on the ground that the proper notice for two days has not been given. Anyhow, as I have been giving my consent for moving other amendments. I also given my consent under rule 170 and I now ask Khawaja Muhammad Safdar to move for the suspension of Rule 89-A (4).

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I move :

> That Rule 89-A (4) be suspended so far as the amendment moved by me is concerned.

Mr. Speaker : The question is—

> That Rule 89-A (4) be suspended so far as the amendment moved by Khawaja Muhammad Safdar is concerned.

The motion was lost.

Mr. Speaker : We will now take up the next amendment by Mr. Mahmood Azam Farooqi. The member is not present and the motion lapses. Next amendment.

Khawaja Muhammad Safdar : I beg to move—

> That in section 2 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, in clause (i) (b) for the word "twelve" occurring in line 7, the word "three" be substituted.

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is—

That in section 2 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, in clause (i) (b) for the word "twelve" occurring in line 7, the word "three" be substituted.

Minister of Basic Democracies : Opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ ابھی وزیر بنیادی جمہوریت نے میری سابقہ ترمیم کی مخالفت کرتے ہوئے ارشاد فرمایا تھا کہ بنیادی جمہوریت کے اداروں کو اس حد تک پروان چڑھا دیا ہے کہ اب یہ اس قابل ہو چکے ہیں کہ یہ ادارے کبھی مٹائے سے نہیں مٹیں گے ۔ اور اب ہماری معاشی اور سیاسی زندگی پر حاوی و ساری ہیں ۔

میں آپ کی توجہ ۱۹۶۳ء کی اس ترمیم کی طرف دلاتا ہوں جو آج سے ۴ سال پیشتر گورنمنٹ نے کافی غور و فکر کے بعد پیش کی تھی۔ بڑے غور و فکر کے بعد یہ وزارت کام کرتی ہے ۔ یہ وزارت اٹکل سے کام نہیں لیتی ہے ۔ اس مسئلہ کے متعلق تمام کابینہ نے مل کر سوچا ہے کہ یونین کونسلوں کے چیئرمینوں کو یہ اختیار دینا چاہئے اور بنیادی جمہوریتوں کو یہ اختیار دینا چاہئے کہ وہ اپنے چیئرمینوں کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک لا سکیں یا نہ لا سکیں اور اگر لا سکیں تو اس کے کیا نتائج برآمد ہوں گے اور اگر لائیں تو کس طرح لائیں ۔ یقیناً یہ اہم مسئلہ تھا اس پر بڑا غور و فکر ہوا ہوگا ۔ جناب اس کا نتیجہ کیا ہوا وہ آپ کے سامنے میں پڑھتا ہوں ۔ آرڈیننس ۱۹۶۳ء میں یہ کہا گیا :۔

In Article 11 of the Order, after clause (5), the following new clause shall be added, namely :—

"(5-A). The Chairman of a Union Council shall vacate Office if a vote of no-confidence is passed against him in the prescribed

member by two-third majority of the total number of members of the Union Council :

Provided that where a motion of no-confidence against the Chairman has been moved and has not been carried, no similar motion shall be moved against him until after the expiry of six months from the date the motion was moved."

جناب والا ۔ اس قسم کی صورت حال کے پیش نظر اور حصہ (بی) میں جو کچھ کہا گیا ہے کہ ۔

"where a motion of no-confidence against a Chairman has been moved, and has failed, whether before or after the coming into force of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, no similar motion shall be moved against him before the expiry of twelve months from the date such motion was moved."

اس کے پیش نظر میں نے اس میں یہ ترمیم پیش کی ہے کہ اس کو تین ماہ کر دیا جائے لیکن ان کی سوچ یہ ہے کہ اس قسم کا قانون ہر چھ ماہ کے بعد لایا جائے گا ۔ اور میں نے عرض کیا ہے کہ ۱۹۶۳ء کے بعد اس بنیادی جمہوریت کے ادارہ نے اتنی ارتقائی منازل طے کی ہیں مگر یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ پودا اوپر چڑھنے کے بجائے نیچے جا رہا ہو یا نیچے دھنستا جا رہا ہو اور تحت الثریٰ میں جا رہا ہو ۔ خدا کے لئے پودے کو آنکھیں کھول کر دیکھئے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ ہم نے آنکھیں کھولی ہوئی ہیں مگر افسوس اس بات کا ہے کہ ہمارے کچھ ساتھی آنکھیں کھولے ہوئے بھی ہیں مگر دیکھتے نہیں بلکہ ان کی بصارت ۔ ۔ ۔ ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ مجھے اس بات پر افسوس ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بینائی بخشی ہے لیکن یہ دیکھیں گے نہیں ۔ اس سلسلے میں مجھے ایک بات یاد آئی jurisprudence میں کہتے تھے "کہ گھوڑے کو پانی کے کنارے لے جایا جا سکتا ہے لیکن اس کو پانی پینے پر نہیں مجبور نہیں کیا جا سکتا کہ وہ پانی پی لے" اسی طرح اللہ تعالیٰ نے آنکھیں دی ہیں لیکن ہم ان کو قطعاً مجبور نہیں کر سکتے کہ وہ دیکھیں بھی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ یہ بات آپ پر صادق آتی ہے ہم یہاں آپ کو لے آئے ہیں لیکن آپ کو پانی پلا نہیں سکتے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میرا پوائنٹ یہ ہے (میں اپنے تمام دلائل کو دھرانا نہیں چاہتا ہوں) ایکن جہاں تک وزیر بلدیات کے دلائل کا تعلق ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ ارتقا ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ یہ ترقی تو ہے مگر ترقی معکوس ہے ۔ پہلے آپ نے ۱۹۶۳ء میں ۶ ۔ ماہ کی پابندی رکھی تھی میں نے آپ کی حمایت کرتے ہوئے آپ کی امداد کرتے ہوئے اور آپ کی تائید کرتے ہوئے کہا ہے کہ بجائے ۶ ۔ ماہ کے تین ماہ ہو جائے ۔ اول تو میرا موقف یہ ہے کہ یہ پابندی نہ ہونی چاہئے لیکن اگر آپ کا اصرار ہے کہ ۶ ۔ ماہ پابندی ضروری ہے تو پھر میری رائے میں ۳ ۔ ماہ کافی ہیں ۔ اس میں کوئی ایسی منطق نہیں معلوم ہوتی کہ آپ چھ مہینے ہی رکھیں ۔ خدارا اپنی غور و فکر سے کام لیجئے ۔ آپ کی وہ سوچ ایسی ہے جس کے نتیجہ میں آپ اس کام کے کرنے کے بعد پچھتانا شروع کر دیتے ہیں ۔ یہ آپ کی عجیب بات ہے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں عرض کروں گا کہ یہ ترمیم منظور کی جائے ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) - یہ ترمیم اس وجہ سے دی گئی ہے کہ اس سے پہلے جو ترمیم دی گئی تھی تو میرے خیال میں اس کا جواب دیتے وقت جیسے کہ پہلے ہمیں علم ہے جناب وزیر بنیادی جمہوریت سابق سیاستدانوں کی کارروائیوں کا حوالہ دینے کی زحمت ضرور گوارا فرمائیں گے - میرے نزدیک جو ترمیم پیش کی گئی ہے جیسا کہ کل ملک اختر صاحب نے بھی فرمایا تھا کہ پورا سوا سال گزر چکا ہے جب حکومت نے بنیادی جمہوریت کے ارکان سے حق سلب کیا تھا اور اس کے بعد حکومت وقتاً فوقتاً وعدے وعید کرتی رہی کہ ہم جلد اور جلد سے جلد اس میں ترمیم لا رہے ہیں اور اس حق کو بحال کر رہے ہیں - جناب سپیکر - مجھے اس حقیقت کا اعتراف ہے کہ سابقہ سیاستدانوں نے غلطیاں کیں اور یہ میں آپ کی تعریف کرنے پر مجبور ہوں کہ آپ کی حکومت ان ہی سابق سیاستدانوں - - - -

مسٹر محمد ہاشم لاسی - جناب حمزہ صاحب امنڈمنٹ پر بول رہے ہیں یا سابق سیاستدانوں کی کارروائیوں پر بول رہے ہیں -

مسٹر حمزہ - یہ وٹو صاحب سے پوچھئے - جناب سپیکر - عرض یہ ہے کہ پچھلی جو غلطیاں ہوئیں اس کے نتیجہ کے طور پر آپ وارد ہوئے اور اب آپ کے لوگوں نے ملک کے تعمیری کاموں کو سیاست کا اکھاڑہ بنایا ہوا ہے اور آپ نہ صرف ملک کو سیاست کا اکھاڑہ بنائے ہوئے ہیں بلکہ آپ تعمیر و ترقی کے منازل تیزی سے طے کر رہے ہیں -

وزیر بنیادی جمہوریت - یقیناً -

مسٹر حمزہ - جو کام ہو تمام کوششوں کے باوجود اس میں ناکامی ہو جاتی ہے - یہ آپ کے ملک کی - - - -

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ یہ آپ کی اپنی کوتاہی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جہاں ملکی نظام اس قسم کا ہو جہاں وزیر بے بس ہوں ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جہاں آپ جیسے ممبر ہوں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ حقیقت یہ ہے کہ سیاست کو اکھاڑہ بنایا گیا ہے ۔ لیکن اس کے ساتھ اگر جناب وزیر صاحب اجازت دیں تو عرض کروں کہ یہ گھٹیا سیاست ہے جس کو ہماری حکومت نے مغربی پاکستان میں اپنا لیا ہے ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ جب یہ حق آپ نے بنیادی جمہوریت کے ارکان سے واپس لیا تھا تو آپ کے پاس کون سی معقول وجوہات تھیں کیا آپ نے اس ایوان کو اس سلسلے میں اعتماد میں لیا تھا ۔ حقیقت یہ ہے کہ پچھلے سیاستدان جب کوئی کام کرتے تھے تو وہ لوگوں کے سامنے آ جاتے تھے اب آپ ان سے کئی گنا زیادہ خطرناک کام کرتے ہیں وہ یا تو آپ کو معلوم ہوتے ہیں یا آپ کے حواریوں کو اور اس پر طرہ یہ کہ جو مظالم اور زیادتیاں آپ کرتے ہیں ان کے بارے میں آپ بات کرنے کی اجازت نہیں دیتے ۔

جناب سپیکر ۔ جناب یاسین صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ یہ جو بنیادی جمہوریت کا نظام ہے یہ پھل پھول رہا ہے لیکن ان کے نزدیک بنیادی جمہوریت کے ارکان کی جو سوچ ہے اور ان کی جو ذہنی نشو و نما ہے یا تربیت ہے اس میں کمی واقع ہوئی ہے ۔ کیونکہ جب ۱۹۶۳ء میں اس ترمیم

کو پیش کیا گیا تھا اس وقت تو انہیں چھ ماہ کے بعد یہ حق استعمال کرنے کی اجازت تھی اور آج ان کے نزدیک پہلے کی نسبت ان کی نالائقی میں ان کی بے شعوری میں سو فیصد اضافہ ہو گیا ۔ جناب سپیکر ۔ اب جب کہ آپ نے ان کو سرٹیفکیٹ دیا ہے یا اگر ان کو یہ ترمیم پہلے کی نسبت نالائق گردانتی ہے اور پھر آپ اگر ہم پر یہ الزام عائد کریں کہ ہم ان کو اغوا کرنے کی نیت رکھتے ہیں تو یہ آپ کی مرضی ہے ۔ آپ وزیر با اختیار ہیں ویسے با اختیار کہنے کو ہیں لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ واقعی حکومت بھی ترقی کر رہی ہے اور بنیادی جمہوریت کے ارکان کی پہلے سے بھی زیادہ عزت افزائی کر رہی ہے یہ بعینہ اسی طرح ہے جیسے کہ کہا کرتے ہیں کہ فوج بہت کامیابی سے پسپا ہو رہی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ یہ جو ترمیم ہم نے پیش کی ہے اور جو ترمیمی آرڈیننس حکومت کی طرف سے پیش کیا گیا آپ اس کا موازنہ ۱۹۶۳ء کے ترمیمی آرڈیننس سے کریں تو اس سے یہ ثابت ہو جائے گا کہ ان کے نزدیک بنیادی جمہوریت کے ممبران پہلے کی نسبت بہت زیادہ بے شعور ہو گئے گلے ہم پر کرتے ہیں ۔ اور زیادتی خود کرتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ چیزیں درست نہیں ہیں اور آپ کو زیب نہیں دیتی ہیں ۔ میرا خیال ہے کہ آپ ڈھٹائی کی حد تک پہنچ گئے ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ ایک تو انہوں نے فرمایا ہے کہ قوم کو اعتماد میں نہیں لیا گیا ہے ۔ اس سلسلے میں میں یہ عرض کر دوں کہ قانونی اقدامات کئے گئے رولز واپس لئے گئے اور فوراً اس کے متعلق اعلان کیا گیا تھا اور نظر ثانی کرکے حکومت دوبارہ اس قانون کو لا رہی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ جناب وزیر ایوان میں

کھڑے ہو کر بالکل غلط بیانی سے کام لے رہے ہیں ۔ آپ کہتے ہیں کہ رولز واپس لئے گئے ہیں ۔ آپ نے کب قانون میں ترمیم کی تھی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ مشکل یہ ہے کہ بات سمجھنے کے لئے ایک خاص شعور کی ضرورت میں یہ عرض کروں گا کہ رولز کے بارے میں لیجسلیشن کی پاورز حکومت کے پاس ہوتی ہیں اور وہ اختیارات حکومت استعمال کر سکتی ہے ۔ ایوان کی اجازت سے چنانچہ حکومت نے وہ اختیار استعمال کیا جس کا اعلان فوراً کر دیا گیا اور ساتھ ہی یہ وعدہ کیا گیا کہ دوبارہ نظرثانی کرکے پھر قانون کو لایا جارہا ہے اور جو لایا جا چکا ہے ۔ دوسری بات جناب والا میرے دوست یہ چاہتے ہیں کہ ۱۲ مہینے کا عرصہ ۳ مہینے کا کر دیا جائے تو میں عرض کروں گا کہ اعتراض کرنا ان کی عادت ہو گئی ہے اور عادت کا چھوڑنا بہت مشکل ہوتا ہے اور دانا یہ کہتے ہیں کہ کوئی ایسا شخص جو کسی چیز کا عادی ہو گیا ہو تو اس کے لئے اس کا چھوڑنا بہت مشکل ہو جاتا ہے لیکن وہ ہیرا پھیری ضرور کرتا ہے اب یہ حضرت یہ چاہتے ہیں کہ اگر بالکل اس پر سے پابندی نہیں اٹھائی جا سکتی اور یونین کونسل کو اگر اکھاڑہ بننے کی اجازت نہیں دی جا سکتی تو کم از کم ہیرا پھیری کے طور پر ۳ مہینے کا عرصہ کر دیا جائے تاکہ ان کے اس جذبے کو کسی حد تک تقویت مل سکے تو جناب والا میں عرض کروں گا کہ ایک سال کی مدت صحیح اور مناسب ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ چیز عوام کے بہترین مفاد میں ہے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That in section 2 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance,

1967, in clause (i) (b) for the word "twelve" occurring in line 7, the word "three" be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next, from Mr. Mahmood Azam Farooqi. He is not present. Next is an amendment from Haji Sardar Atta Muhammad.

حاجی سردار عطا محمد ۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں ۔

کہ ہنگامی قانون (ترمیم مغربی پاکستان) حکم بنیادی جمہوریت مجریہ ۱۹۶۷ء کی دفعہ دو کی ضمن (ب) کی سطور ۲ تا ۴ میں وارد ہونے والی عبارت "یا کسی اجلاس میں کورم پورا نہ ہونے کی وجہ سے یا کسی دیگر وجہ سے تحریک عدم اعتماد پیش نہ کی جا سکی ہو" حذف کر دی جائے ۔

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

That in section 2 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, in the Explanation to Clause (i) (b) after the word "favour" occurring at the end of line, 5, a full-stop be inserted and the words appearing thereafter be deleted.

Minister of B.D. & Local Government : Opposed.

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے یہ اتنی واضح ہے کہ اس کی وضاحت کی بھی کوئی ضرورت نہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ لیکن یہ ان کی سمجھ میں نہیں آتی ۔ یہ موٹی عقل کے ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ سبحان اللہ ۔

حاجی سردار عطا محمد (خیرپور - ۲) - جناب سپیکر - جس کے خلاف تحریک عدم اعتماد ہو جائے گی تو اس بارے میں تصور کیا جائے گا کہ وہ ناکام ہوگیا ہے - افسوس یہ ہے کہ یہاں دو تین دن بحث ہوتی رہی ہے اور اچھے اچھے دلائل ہمارے ممبران نے پیش کئے لیکن چیئرمین کو اتنے اختیارات دینا اس کے کیا وجوہ ہیں - افسوس یہ ہے کہ آپ نے ان کو اس قدر مضبوط کر دیا ہے کہ ان پر تحریک کامیاب نہیں ہو سکتی - پہلی چیز یہ کہ بارہ مہینے کی مدت کے اندر اس کے خلاف تحریک نہیں لا سکتے اور دوسری چیز یہ ہے کہ دو تہائی حصے کی اکثریت سے اس کو ہٹایا جا سکتا ہے اور اس کو ہٹانے کے لئے دو تہائی حصہ رکھا گیا ہے اور تیسری چیز جو ہے وہ یہ کہ اگر کورم پورا نہ ہو یا کسی اور وجہ سے یہ کامیاب نہ ہوں تو پھر ۱۲ مہینے ان کے خلاف تحریک لانے کی اجازت نہیں دیتے - اس کے معنی یہ ہیں کہ اگر چیئرمین کی غنڈہ گردی سے یا آپ کی وساطت سے یا آپ کے اہل کاروں کی وساطت سے ممبران کو اغوا کر لیا جائے یا کہیں ان کو روک دیا جائے یا آپ کی وساطت سے کہیں جیل میں ٹھونس دیا جائے اور وہ کورم پورا نہ ہو تو پھر بھی ۱۲ ماہ کے لئے اس کے خلاف تحریک عدم اعتماد نہیں لائی جاسکتی کیونکہ کورم کا پورا کرنا لازمی ہے اور اگر کورم پورا نہیں ہوتا تو اس تحریک کو پھر کورم تک ملتوی کیا جائے یا اس کو مسترد کیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ بڑا ظلم ہے اور یہ میں جناب سپیکر آپ کی وساطت سے ان کو مبارک باد دیتا ہوں کہ تحریک کے لاتے ہی آپ کے ممبرز یہ کہتے ہیں کہ یہ لوگ کورم پورا کرنے کے لئے جا رہے ہیں ان کو موقعہ مل جاتا ہے کہ آپ کے حق میں تقریر کرتے ہیں یا جو ان کے خلاف تحریک اٹھاتے ہیں - وہ یہ ثابت کر دیتے ہیں لیکن ادہر بات کر دیتے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ وہ ہر بات پر تالیاں بجاتے ہیں تو اس سے آپ کو کیا اعتراض ہے - آپ ہماری ترمیم کو

مانیں یا نہ مانیں لیکن آپ کا یہ اعتراض کرنا کہ یہ غلط ترمیم لائے ہیں یہ الزام آپکا سراسر غلط ہے اور اس الزام کو نہیں لانا چاہئیے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ میں حاجی صاحب کی عقل و فراست کی داد دیتا ہوں کہ انہوں نے یہ نکتہ نہایت ہی عمدہ نکتہ اپنی اس ترمیم کے ذریعے پیش کیا ہے ۔ مجھ سے چونکہ یہ بھول ہو گئی میں یہ خامی اس میں معلوم نہ کر سکا اور یہ ترمیم پیش نہ کر سکا ۔ جناب والا ۔ اس ترمیم کے دوسرے حصے کے جو الفاظ ہیں وہ محترم حاجی صاحب نے حذف کرنے کے لئے اس ایوان میں ترمیم پیش کی اور اس کو دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے ۔

پہلا حصہ تو یہ ہے

"was not moved for want of quorum at the meeting.."

اور دوسرا حصہ یہ ہے

"or for any other reason."

جناب والا ۔ ہم میں سے ہر ایک کو اس امر کا مشاہدہ ہے کہ جب کسی چیئرمین کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش ہوتی ہے اور اس تجویز پر رائے لینے کے لئے اجلاس بلایا جاتا ہے تو اس تحریک سے قبل ایک دو ممبر جن کے متعلق یہ خیال کیا جاتا ہے کہ وہ تحریک عدم اعتماد کی حمایت کریں گے لاپتہ ہو جاتے ہیں ۔ میرے ذاتی علم میں ایسے کئی واقعات ہیں اور اسی طرح کئی دوسرے دوستوں کے علم میں بھی ایسے کئی واقعات

ہوں گے ۔ اس وقت یہ دو تہائی اکثریت آٹھ یا نو ممبروں میں سے بنائی جائے گی اور ایک آدھ ممبر کی غیرحاضری سے وہ تحریک جو ہے وہ گر سکتی ہے ۔ اس لئے ان ایک دو ممبروں کو لاپتہ کرکے یا عرف عام میں اغوا کرکے اس تحریک کو ناکام بنانے کی سازش کی جاتی ہے ۔ حاجی صاحب اپنی تقریر میں اس کے متعلق اظہار خیال فرما چکے ہیں ۔ لہذا میں اس حصہ کے متعلق اور کچھ نہیں کہنا چاہتا ۔ لیکن دوسرا حصہ

"or for any other reason."

یہ انتہائی خطرناک ہے میں اس ایوان میں کئی بار گذارش کر چکا ہوں کہ قانون کو definite ہونا چاہیے ۔ اس کے الفاظ ایسا ہونے چاہئیں ۔ جن کے واضح اور معین معانی ہوں ۔ لیکن آپ نے دیکھا ہوگا کہ میرے یہ معزز دوست جو وزارتی بنچوں پر متمکن اور جلوہ افروز ہیں ان کی ہمیشہ یہ کوشش ہوتی ہے کہ وہ اپنی ذات کے لئے اور اپنے افسروں کیلئے زیادہ سے زیادہ اختیار حاصل کریں اور اس مقصد کے لئے وہ قانون میں زیادہ سے زیادہ مبہم الفاظ استعمال کرتے ہیں جناب والا ۔ جناب وزیر بلدیات کے ذہن رسا میں کوئی اور ایسی وجہ تھی جسے وہ بیان کرنا نہیں چاہتے تھے۔ ایک طرف تو یہ تحریک عدم اعتماد دو تہائی کی اکثریت نہ ملنے سے ناکام ہو جائے گی ۔ یہ بات تو سمجھ میں آ گئی ۔ دوسرے یہ بات بھی سمجھ میں آ گئی کہ کورم نہیں تھا لہذا وہ تحریک گر گئی اگرچہ اس کا بھی غلط استعمال کیا جا سکتا ہے اور اس کے بعد نئے سرے سے یہ تحریک بارہ ماہ کے بعد آئے گی ۔ لیکن ان الفاظ کے کیا معانی ہیں or for any other reason وہ کون سی وجوہ ہیں ۔ جیسا کہ میں پہلے کہہ چکا ہوں ۔ دراصل وہ ان الفاظ کے ذریعے کنٹرولنگ اتھارٹی کو خاص اختیارات دینا چاہتے ہیں ۔ جنہیں وہ ظاہر بھی نہیں کرتے ۔ میں

ان کی خدمت میں نہایت ادب سے درخواست کروں گا کہ میرے محترم دوست چودھری انور عزیز کی جانب سے ایک ترمیم آئے گی جو ان الفاظ کو حذف کرانے کے لئے ہوگی ۔ مجھے معلوم نہیں کہ وہ ایوان میں اپنی اس تحریک کو پیش کرتے ہیں کہ نہیں کیونکہ وہ سرکاری پارٹی کے کسٹلن کے ماتحت ہیں ـــــ لیکن اگر وہ تجویز ایوان میں آئے تو وہ اسے ضرور قبول کر لیں ۔ آخر میں میں یہ عرض کروں گا کہ حاجی صاحب کی ترمیم نہایت جامع ہے اسے قبول فرمایا جاوے ۔ شاید یہ ان کے موجودہ قانون اور ان کی عاقبت کے لئے بھی بہتر ثابت ہو ۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ جو ترمیم حاجی صاحب نے پیش کی اور جس کے متعلق میرے معزز دوست خواجہ صاحب نے فرمایا ہے میں اس کی تائید کرتا ہوں ۔ یہ ایک قانون کا بنیادی اصول ہے کہ جو بھی چیز قانون میں ہو ۔

It must be very clear and definite, and not vague.

لیکن یہاں پر یہ جو الفاظ انہوں نے آخر میں لگا دئیے ہیں ۔

"and for any other reason".

یہ انتہائی vague ہیں ۔ ان کا کوئی سروپا معلوم نہیں ہوتا ۔ اس کے لئے لامحدود اختیارات دئیے گئے ہیں اس شخص کو جو اس میٹنگ کی صدارت کر رہا ہوگا یہ بھی ہوسکتا ہے کہ میٹنگ بلائی جائے کورم پورا ہو ایک ممبر دوسرے سے جھگڑ پڑے اور پریذائیڈنگ آفیسر میٹنگ وہیں ختم کر دے ۔ اس طرح unlimited powers دی جا رہی ہیں ۔ جب ایک دفعہ میٹنگ ختم کر دی گئی اور اب ایک سال اور اس چیئرمین کے خلاف کوئی

عدم اعتماد کی تحریک نہیں آ سکتی ۔ میں حاجی صاحب کی اس ترمیم سے اتفاق کرتا ہوں کہ یہ جو آخری فقرہ ہے ۔

"and for any other reason"

یہ انتہائی مبہم ہے ۔ جناب وزیر بنیادی جمہوریت سے میری درخواست ہے کہ وہ اس پر غور فرمائیں کہ آیا وہ اس کے ذریعے لامحدود اور مبہم اختیارات پریذائیڈنگ آفیسر یا چیئرمین کو نہیں دینا چاہتے ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور ۔ ۶) ۔ جناب والا ۔ حاجی صاحب کی اس ترمیم کے بارہ میں جس کے متعلق خواجہ صاحب بہت کچھ فرما چکے ہیں ۔ میں بھی مختصراً عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ اس قانون میں یہ اختیار دیا گیا ہے کہ کوئی شخص جو ایک ادارے کے ممبران کی طرف سے ایک وقت میں چیئرمین منتخب ہوا ہے وہ ایک سال تک محفوظ ہے ۔ لیکن جب وہ اپنے ممبروں کا اعتماد کھو بیٹھے تو اس کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک کی جائے ۔ میں یہ نہیں چاہتا کہ کسی صورت میں چھوٹی چھوٹی باتوں پر مقدمہ بازی ہوتی رہے اور وہ لوگ کام کرنے کی بجائے مقدمہ بازی میں پھنسے رہیں ۔ لیکن اس کے ساتھ یہ بھی دیکھنا ہوگا کہ فرض کیجیئے عدم اعتماد کی تحریک کے لئے میٹنگ بلائی جاتی ہے کورم بھی پورا ہے تحریک پیش ہوتی ہے مگر چند آدمی واک آؤٹ کر جاتے ہیں اور وہ میٹنگ ختم کر دی جاتی ہے اور وہ کہتے ہیں کہ کیوں کہ ہم نے ووٹ نہیں دیئے لہذا عدم اعتماد کے متعلق کارروائی کو روک دیا جائے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ پریذائیڈنگ آفیسر میٹنگ ہی ختم کر دے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ ہماری presumption یہ ہے کہ ہر افسر قانون کے حق میں کام کرے گا ۔ اگر کوئی ایک آدھ شخص قانون کے خلاف کام کرے گا تو ہمارے پاس اور ذرائع ہیں ان کے خلاف کارروائی کریں گے ۔ ہم یہ نہیں چاہتے کہ لوگوں کو مقدمہ بازی کی الجھنوں میں ڈالا جائے ۔ لیکن اگر کوئی ایسا موقع آئے تو ہم یہ presumption کرتے ہیں کہ قانون کے منشاء کے مطابق کارروائی کی جائے گی ۔ اور سرکاری افسر اپنے فرائض صحیح طور پر انجام دے گا ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House.

The question is :

> That in section 2 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, in the Explanation to clause (i) (b) after the word "favour" occurring at the end of line 5, a full-stop be inserted and the words appearing thereafter be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment is from Chaudhri Anwar Aziz.

Chaudhri Anwar Aziz : I do not move it.

Mr. Speaker : The amendment is not moved. Next amendment by Chaudhri Anwar Aziz.

Chaudhri Anwar Aziz : I do not move it.

Mr. Speaker : The amendment is not moved. Next, Malik Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : I beg to move :

That in clause (ii) of section 2 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, the word "not", occurring in line 3, be deleted and for the "comma" occurring after the word "Chairman" in line 4, a full-stop be substituted and the words following thereafter be deleted.

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

That in clause (ii) of section 2 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, the word "not", occurring in line 3, be deleted and for the "comma" occurring after the word "Chairman", in line 4, a full-stop be substituted and the words following thereafter be deleted.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ یہ ایک نہایت ہی اہم ترمیم ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ایسی دفعہ کے متعلق ہے جو کہ ایک پینل دفعہ یعنی سزا دینے والی دفعہ ہے ۔

If you will allow me I will read out this clause -

"The Chairman of a Union Council who has vacated his office under clause (5-A) shall not be eligible for re-election as a Chairman, during the residue of the term of such Union Council."

جناب سپیکر ۔ یہ چاہتے ہیں کہ وہ چیئرمین جس کے خلاف عدم اعتماد ہو جائے وہ اس کے بعد (خواہ اس کا عرصہ ان کے فارمولا کے مطابق کم سے کم ۴ سال ہوسکتا ہے) ۔ وہ چار سال کے لئے Re-election as a Chairman نہیں کر سکتا ۔ جناب والا ۔ میں نے چھوٹا سا لفظ "Not" کا کہا ہے یہ اس کو کاٹ دیں ۔ اس کے متعلق میں نے یہ عرض کرنا ہے اور بقول

ان کے آپ اندازہ فرمائیں کہ ایک طرف تو چیئرمین اس قدر مقدس ہیں کہ ان کے خلاف ایک سال تک عدم اعتماد کی تحریک نہیں لائی جا سکتی لیکن جس وقت وہ ذاتی مخاصمت اور ذاتی وجوہات کی بنا پر اپنے ممبران کو ناراض کر دیتا ہے بلا کوئی وجہ بتائے وہ اسے علیحدہ کر دیتے ہیں ۔ چلیئے یہ ان کا جمہوری حق ہے ۔ ہر بنیادی ادارے میں یہ حق موجود ہے لیکن یہ پینل کلاز لگا دینا کہ وہ چار سال تک اس عہدے پر دوبارہ فائز ہونے کا اہل نہ ہوگا میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس میں حق بجانب نہیں ہیں ۔ جناب سپیکر آپ مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ ایسا کرنے سے ان کے اپنے قانون سے یعنی بیسک ڈیمو کریسی آرڈر سے تضاد ہوگا اور وہ تضاد اس طرح سے ہوگا ۔ اسی قانون کے آرٹیکل ۲۵ کے سب آرٹیکل ۲ میں یہ ہے کہ ۔

"A member of a local council shall render himself liable to removal from membership -

(a) if he incurs any of the disqualifications specified in Part II of the Second Schedule ;"

جناب والا ۔ اس سے زیادہ نہیں پڑھتا ۔ اس کی دو لائنیں پڑھنے کے بعد میں سیکنڈ شیڈول پر آ جاتا ہوں یہ disqualification کے متعلق ہے اس کے متعلق تھوڑا تھوڑا سا عرض کروں گا ۔

(a) if he has ceased to be a citizen of Pakistan;

(b) if he is an undischarged insolvent ;

(c) if he has been ordered to execute a bond under section 110 of the Code of Criminal Procedure, 1898 ;

(d) if he is a whole-time salaried official in the service of Government ;

(e) if he is under contract for work to be done for or goods to be supplied to the Union Council ;

(f) if he is for the time being disqualified for membership of an elective body under the Elective Bodies (Disqualification) Order 1959 (President's Order No. 13 of 1959), or under any other law for the time being in force.

یعنی جب یہ چار پانچ شرائط موجود ہوں تو آدمی کسی وقت بھی disqualify ہو سکتا ہے لیکن چیئرمین re-election seek کرنے کے لئے اس وقت disqualify ہو گا جب اس کے خلاف دو تہائی افراد ہاتھ اٹھائیں گے ۔

جناب سپیکر ۔ qualification اور disqualification کے الفاظ کی کافی وضاحت کی ضرورت ہے اس کے متعلق یہ بتائیں ۔ فرض کیجئے میاں صاحب یا چودھری صاحب کسی یونین کمیٹی یا کونسل کے چیئرمین ہیں ان کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک آئی ۔ قواعد کے تحت وہ تحریک carry ہو گئی پھر وہ چار سال کے لئے دوبارہ الیکشن seek نہیں کر سکے ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ اس بنیادی جمہوریت کے متعلق جس کے متعلق انہوں نے بار بار کہا ہے کہ ہم اس کو پروان چڑھانے کے لئے کوشاں ہیں ۔ اس کے متعلق یہ کوئی وجہ جواز اس disqualification کے متعلق دے سکتے ۔ یعنی نہ تو ایسی شرائط موجود ہیں کہ کسی چیئرمین کے خلاف اگر عدم اعتماد کی تحریک لائی جائے گی تو وہ ان نقائص کے پیش نظر تحریک لائی جائے گی کہ ان کی requisite یا pre-requisite شرائط disqualifications ہوں گی یا mis-conduct ہونگی ۔ براہ راست یہ ایسی دفعہ ہے کہ کسی وقت بھی

کسی چیئرمین کو نکالا جائے اور اس کے بعد اس کے نکالنے والے مطمئن ہو جائیں کہ اس کو نکالا جانا غلط تھا تو بھی وہ الیکشن seek نہیں کر سکتا۔ میں یہ بات کہنے پر مجبور ہوں کہ جناب وزیر بلدیات نے اپنی دونوں تقاریر میں جس کے آپ بھی شاہد ہیں repetition کی ہے کہ ہم بنیادی جمہوریت کے نظام کو پروان چڑھانے کے لئے کوشاں ہیں۔ یہ اس کا بین اور واضح ثبوت ہے کہ ان کی ناتجربہ کاری اور ان کے عملہ کی ناپختہ کاری کی وجہ سے ان سے بھول ہوئی ہے۔ ان سے غلطی ہوئی ہے کہ وہ اس قانون کو اس شکل میں لائے ہیں۔ جناب سپیکر۔ آپ کی اجازت سے میں یہ واضح کر دوں کہ اگرچہ بیس ترامیم ہیں لیکن چونکہ وہ تقریباً سب کی سب ایک جیسی ہی ہیں اور اس لئے ان میں سے بہت سی move نہیں ہوں گی اس لئے مجھے اجازت دیں کہ میں اپنا view point ابھی پیش کر دوں تاکہ ہم اس آرڈیننس سے ایک گھنٹے میں جان چھڑائیں۔ جناب وزیر بلدیات کی اطلاع کے لئے یہ عرض کرنا ہے کہ وہ اختیارات جن کے متعلق وہ آج ببانگ دہل کہہ رہے ہیں کہ انہوں نے اس ملک کو بخشے ہیں۔ یہ اختیارات ۱۸۸۲ء میں موجودہ شکل میں اس ملک میں بنیادی جمہوریت کے طور پر رائج کئے گئے تھے ان کو ۱۹۱۵ء میں ریفارم کمیشن نے نظرثانی کیا اور پھر سائمن کمیشن کے آنے پر ۱۹۱۷ء میں ان پر نظرثانی ہوئے۔ ۱۹۱۹ء اور ۱۹۳۵ء کے درمیانی عرصہ میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ میونسپل کمیٹی کے جو چیئرمین ہوں گے وہ منتخب ہوا کریں گے۔ اس لئے اگر آج کوئی یہ دعویٰ کرے کہ انہوں نے یونین کونسلوں کو یہ اختیار دیا ہے۔۔۔۔

وزیر بلدیات۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا۔ اس وقت یہاں یونین کونسل یا ڈسٹرکٹ کونسل کے چیئرمینوں کا جھگڑا نہیں ہے بلکہ بنیادی

جمہوریت کے چیئرمین زیر بحث ہیں ۔ اس لئے میرے فاضل دوست اسی کے متعلق تقریر فرمائیں تو بہتر ہو گا ۔

مسٹر سپیکر ۔ میاں صاحب ! ملک صاحب نے یہ فرمایا تھا کہ چونکہ بہت سی ترامیم پیش نہیں ہوں گی اس لئے انہیں اسی موقع پر ان پر بحث کرنے دیا جائے اور میرا بھی یہ خیال ہے کہ اس طرح ہمارا کافی وقت بچ جائے گا ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں جناب وزیر بنیادی جمہوریت کی توجہ اس طرف دلاتا ہوں کہ یہ لوکل کونسل یا بنیادی جمہوریت کا ادارہ جس کا تصور انہوں نے غیر ممالک سے لیا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر بلدیات ۔ یہ تصور original ہے اور ساری دنیا ہم سے سیکھ رہی ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ امریکہ میں ایسے ادارے موجود ہیں جن کا نام Counties ہے ۔ انگلستان میں Counties ہیں ، Buroughs ہیں ، Municipal Buroughs ہیں ۔ Urban Districts ہیں اور Rural Districts ہیں اور یہی آپ نے یہاں پر بھی adopt کر لیا ہے ۔ سویڈن میں Communes ہیں ۔ سوئیٹزرلینڈ میں Cautons ہیں اور ترکی میں vilayets ہیں جو کہ غالباً عربی کا لفظ ہے اور اس کے چیئرمین کو بھی ولی کہتے ہیں ۔ میرے پاس آج اس ایوان میں لٹریچر موجود ہے اور میں نے آپ کے یونین کونسل اور ڈسٹرکٹ کونسل کو دوسرے اسی قسم کے اداروں سے compare کیا ہے اور مجھے ان میں کوئی فرق نظر نہیں آیا ۔ بلکہ

اگر میں یہ کہوں کہ یہ آپ کے آئین کی دفعات کے بھی منافی ہے کہ آپ کسی کو ایسی سزا دے دیں یا ایسی پابندی لگا دیں یا کسی پر ایسی disqualification لگا دیں ۔ میں آپ کے اس سیکشن کو آئین کی دفعہ ۹۸ کی زد میں آنے کا متوقع ہوں اور یہ دیکھنے کے لئے ہمیں کئی سال یا کئی مہینے یا کئی ہفتے نہیں لگیں گے ۔ آپ کے مطابق کوئی چیئرمین دوبارہ انتخاب نہیں لڑ سکتا ۔ یہ تو آپ کی penal دفعہ ہے ۔ آپ کے پاس اس کا کیا جواز موجود ہے ؟

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی ۔ ۱) ۔ جناب سپیکر ۔ اس ہنگامی قانون میں یہ جو ترمیم دی گئی ہے ، جیسا کہ میرے دوست ملک محمد اختر صاحب نے فرمایا ہے ۔ یہ بنیادی حقوق کے منافی ہے ۔ ہمارے آئین کے خلاف ہے ۔ یہ ایک بڑا اہم قانونی مسئلہ ہے جس کو بلا وجہ یہاں پر اٹھایا گیا ہے ۔ قانونی پوزیشن یہ ہے کہ جب تک آئین میں ترمیم نہ کی جائے یہاں پر اس کی ترمیم نہیں ہو سکتی ۔ اگر وہاں پر ایک آدمی کوالیفائیڈ ہے تو یہاں پر وہ کس طرح disqualification سے suffer کر سکتا ہے ۔ اور اس کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ انتخاب لڑ سکے ۔ اور جیسا کہ اس ترمیم میں کہا گیا ہے کہ اگر ایک سال کی مدت میں کسی چیئرمین کو ایک تہائی اکثریت سے اپنے عہدے سے ہٹا دیا جاتا ہے تو وہ باقی مدت کے لئے دوبارہ نہ تو منتخب ہی ہو سکتا ہے اور نہ ہی وہ انتخاب لڑ سکتا ہے ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ، یہ بنیادی حقوق کے خلاف ہے اور بہت ممکن ہے کہ یہ ہائی کورٹ میں چیلنج ہو جائے ۔ اس کے علاوہ میں مثال کے طور پر یہ عرض کروں گا کہ بہت سی یونین کونسلیں اور یونین کمیٹیاں ایسی ہیں کہ جن کے ممبران کی کل تعداد پانچ ہے تو اگر اس آرڈیننس کو اس

طرح سے پاس کر دیا جائے تو پھر اگر ایک آدمی کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک منظور ہو جاتی ہے کیونکہ جیسا کہ آپ کو بھی علم ہے کہ آج کل ان میں گروہ بندی شروع ہو چکی ہے تو ممکن ہے کہ ایک گروہ دوسرے گروہ کے خلاف اس قسم کی تحریک پیش کرے اور وہ منظور بھی ہو جائے تو اگر یہی سلسلہ چلتا رہا تو پھر آپ کو تو وہاں ایسا آدمی ہی نہیں ملے گا کہ جو یونین کونسل کا چیئرمین ہو سکے کیونکہ ایک ایسا آدمی کہ جس کو الگ کر دیا جائے گا وہ تو بقول آپ کے ، دوبارہ انتخاب لڑ ہی نہیں سکتا ۔ اس لئے میں اپنے دوست کی ترمیم کے ساتھ اتفاق کرتا ہوں ۔ یہ زیادہ آسان ہے کہ لفظ 'Not' کو حذف کر دیا جائے بجائے اس کے کہ اگلی ترامیم پیش کی جائیں ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ سیاسی تنظیموں کی وجہ سے بعض احباب یا بعض ممبران کو کچھ مجبوریاں لاحق ہو گئی ہیں ۔ اگر میں جناب وزیر بلدیات کی خدمت میں عرض کروں کہ جو خدشات یا جو نقائص جناب ملک اختر صاحب نے اس ترمیم کو پیش کرکے جن کی نشاندہی کی ہے جہاں تک مجھے ذاتی طور پر علم ہے ۔ آپ یقین کیجئے کہ آپ کی طرف بیٹھنے والے بیشتر ممبران ہم سے اس ضمن میں متفق ہیں ۔ ویسے بھی اگر تھوڑی سی عقل سے کام لیا جائے ، جو میں سمجھتا ہوں آپ کو اللہ تعالیٰ نے کافی مقدار میں بخشی ہے ۔ یہ جو ترمیم پیش کی گئی ہے یہ کافی اچھی ہے ۔ دنیا میں اعتدال بھی کوئی چیز ہے ۔ قانون سازی کرتے وقت آپ ادارے کے ہر رکن کو ۔ چیئرمین کو یا عام شہری کو بعض بنیادی حقوق حاصل ہوتے ہیں ۔ آپ کا فرض ہے کہ آپ انہیں یہ حقوق بلا چون و چرا دیں ۔ جیسا کہ آج کی تقریر سے ظاہر ہے ۔ آپ

جو ترمیم ہنگامی قانون کے ذریعے لے کر آئے ہیں ۔ اس سے بعض جگہ تو آپ نے ملک کی آبادی کے ساتھ انتہائی زیادتی کی ہے ۔ دوسری جگہ آپ نے ارکان بنیادی جمہوریت کے ارکان پر ناکردہ گناہوں کی وجہ سے پابندی لگانا مناسب اور لازم سمجھا ۔ حالانکہ ہماری طرف سے وزنی دلائل دیئے گئے تھے ۔ ایسا کرنا کم از کم ہماری حکومت کو زیب نہیں دیتا ۔ جس کی تخلیق صرف یہ نظام ہے ۔ اور جس نظام کے پھلنے پھولنے اور پروان چڑھانے کا دعویٰ ہمارے وزیر بنیادی جمہوریت کرتے رہتے ہیں یا کرنے کے عادی ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ یہ بات ایک فقرہ میں کہی جا سکتی تھی ۔

مسٹر حمزہ ۔ لیکن افسوس ہے کہ بعض باتیں انسان اس حد تک کرتا رہتا ہے اور دہراتا رہتا ہے ۔ جن کے کہنے یا سوچنے کی ضرورت نہیں ہوتی ۔ اور نہ کوئی اس کی زحمت گوارا کرتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ دراصل وزرا کی ذمہ داریاں بہت تلخ قسم کی ذمہ داریاں ہیں ۔ وہ بیچارے بعض باتیں طوطے کی طرح رٹتے رہتے ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اس طرف کے میرے فاضل دوست جانوروں کی باتیں بہت کرتے ہیں ۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان کو چڑیا گھر کا شوق ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جانور کئی لحاظ سے انسانوں سے بہتر ہوتے ہیں ۔ ان میں

عقل سلیم نہیں لیکن انسان اشرف المخلوقات ہوتا ہے ۔ اس لحاظ سے یہ کہنا پڑتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس سے نہ تو آپ کی ترمیم کا اور نہ ہی بنیادی جمہوریت کا کوئی تعلق ہے ۔ اس لئے آپ ترمیم پر تقریر کریں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ چونکہ ہم انسان ہیں ۔ اگر دنیا کے سامنے نہیں ، عوام کے سامنے نہیں تو اللہ تعالیٰ کے سامنے تو ضرور جواب دہ ہیں یہ حیثیت مسلمان کے مجھے یقین ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ جناب یاسین صاحب کو قیامت پر ضرور ایمان ہوگا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ انشا اللہ ہم وہاں سرخرو ہوں گے ۔

مسٹر حمزہ ۔ اگر پولیس والوں نے کامیاب کرانا ہوگا تو ضرور ہوں گے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ پولیس والے کامیاب نہیں کرا سکتے اگر وہ کامیاب کرا سکتے تو اس طرح لوگ عوام کے ووٹ سے نہ آ سکتے ۔ یہ چیزیں تو ہمارے حق میں جاتی ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ پہلے تو بنیادی جمہوریت کے ارکان سے زیادتی ہوئی اور اب آپ چیئرمین سے زیادتی کر رہے ہیں خدارا کوئی شخص تو ایسا رہنے دیں جس کے ساتھ آپ زیادتی نہ کریں ۔ یقین کیجئے یاسین صاحب آپ محض آبادی کے ساتھ زیادتی نہیں کرتے ہیں بلکہ اس ترمیم کو لا کر اپنے ساتھ بھی زیادتی کرتے ہیں ۔ وہ

کیوں ۔ وہ اس لئے کہ آپ نے متعدد بار کہا ہے کہ اس سے سیاسی نظام مستحکم ہوگا ۔ اور اس استحکام کے باوجود آپ کی وزارت اس کی ضمانت نہیں دیتی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ انسان کی زندگی ہی غیر مستحکم ہے اس کی کوئی ضمانت نہیں دی جاسکتی ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ غالباً حمزہ صاحب بہک گئے ہیں اس لئے وہ غیر متعلقہ باتیں کر رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ اس کی کوئی ضمانت نہیں ممکن ہے کل آپ ہی چیئرمین بن جائیں اگر کوئی شخص چیئرمین بن جاتا ہے تو اس کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک کی گنجائش رکھی گئی ہے ۔ کیا اس سے پہلے آپ اسے ناجائز طریقہ سے نوازتے رہے ہیں پہلے بنیادی جمہوریت کے ارکان پر بلا جواز پابندی لگاتے رہے ہیں اور اب یہ پابندی چیئرمین پر لگا رہے ہیں ۔ یہ کسی اصول پر پوری نہیں اترتی ۔ لیکن بے اصولی پر لازمی طور پر پوری اترے گی ۔

جناب سپیکر ۔ جیسا کہ ملک اختر صاحب نے بتایا ہے اگر آپ چیئرمین کو اس کی بعض کار گزاریوں کے پیش نظر disqualify کرتے ہیں ۔ پھر تو آپ کو حق پہنچتا ہے ۔ لیکن اگر ایک بار ارکان بنیادی جمہوریت کے ارکان چیئرمین کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پاس کر دیتے ہیں تو بقایا عرصہ کے لئے اس کو چیئرمین بننے کا موقع نہ دینا سراسر زیادتی ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ ان کی یہ منشا معلوم ہوتی ہے ۔

کہ جس طرح ایک وزیر ہٹ جائے تو دین و دنیا سے غائب ہو جاتا ہے چیئرمین بھی دین و دنیا سے غائب ہو جائے گا ۔

Mr. Speaker : This is not a point of order.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے بیٹھ کر گنا ہے ہاؤس میں کورم نہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ کیا آپ اپنی تقریر کی دلچسپی پر commentary فرما رہے ہیں ؟

Mr. Speaker : Let there be a count. (*count was taken*). The House is not in quorum, let the bells be rung (*bells were rung*). The House is in quorum. Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ حکومت اس ملک کی آبادی کو ایک ایک کرکے اور چن چن کر اپنے ظلم اور زیادتی کا تختہ مشق بناتی ہے ۔ جب وزیر بنیادی جمہوریت نے یہ ہنگامی قانون منظوری کے لئے پیش کیا تھا تو ان کا یہ فرض تھا کہ ہمیں یہ بتا دیتے کہ اس قسم کی سنگین پابندی چیئرمین پر لگانے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی ۔ جن کے خلاف ابتدا میں عدم اعتماد کی تحریک پاس ہو جائے اس لئے میں التجا کروں گا کہ ہمارے ملک کے حالات جو آپ کی اس مستحکم حکومت کے پیدا کردہ ہیں اس قسم کے ہیں کہ عام افراد جو کچھ ملک میں ہو رہا ہے اس پر بیت رہا ہے یا اس کے بارے میں کھلم کھلا اظہار رائے نہیں کر سکتے ۔ بنیادی جمہوریت کے چیئرمین اصحاب کا ایسا کرنا بھی کسی لحاظ

سے ممکن نہیں اور جہاں تک اس معزز ہاؤس کے معزز ممبران کا تعلق ہے آج ہی آپ نے دیکھ لیا کہ ایک شخص جو اتفاق سے یا حسن اتفاق سے بحیثیت آزاد ممبر کے منتخب ہو کر آپ کے ساتھ آپ کی طرح شامل ہونے کی جسارت کی تھی انہوں نے ایک ترمیم لکھ کر دی لیکن بروقت تحریک پیش کرنے کی جرأت نہیں کی میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ تو بہت دور اندیش ہیں آپ نے اس ایوان میں دعویٰ کیا تھا کہ آپ لوگوں کی نیتوں سے بھی واقف ہیں ۔ لیکن میں آپ کو اطلاع دیتا ہوں کہ اس گنہگار انسان کے کانوں نے آپ کی پارٹی کے ایک رکن کی زبانی سنا ہے کہ چیئرمین حضرات پر اس قسم کی پابندیاں لگانا اصول کے خلاف ہے بے معنی ہے اور انصاف کے تقاضوں کے خلاف ہے ۔

جناب سپیکر ۔ آپ قانون بنائیے لیکن قانون کی بنیاد common sense پر ہوتی ہے قانون کی بنیاد کسی اچھے اصول پر ہوتی ہے اگر آپ کا قانون حق و صداقت کی کسوٹی پر پورا نہیں اترتا اگر آپ نے یہ طریقہ اختیار کر لیا ہے اور آپ کا یہی وطیرہ ہے کہ آپ نے قانون کو محض ایک اندھے کی لاٹھی بنا دیا ہے اور آپ اس کو گھماتے ہیں ۔ ایک اندھا تو اس طرح گھما سکتا ہے لیکن اگر آنکھوں والا اس طرح گھمائے اور وہ یہ نہ دیکھے کہ کس کو لگے گی اور یا آپ یہ کہیں کہ ہم گردن زنی پر اتر آئے ہیں اور ہم میں اتنی جرأت ہے کہ ہم ڈکٹیٹر شپ چلا رہے ہیں تو میں آپ سے درخواست کرنے کی کوشش کرتا ہوں ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ یہاں ڈکٹیٹر شپ نہیں ہے یہاں جمہوریت ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ کے ذہن میں ہو تو ہو ۔ اسمبلی کے اندر ہمیں اجازت ہے باہر دفعہ ۱۴۴ ۔ لگی ہوئی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ قانون کا احترام برقرار رکھئے اس ایوان کے وقار کو برقرار رکھئے قانون کو اندھے کی لاٹھی نہ بنائیے ۔ اگر لاٹھی گھمائے تو اندھے کی طرح نہ گھمائیے کوئی معقولیت کا ثبوت دیجئے یہ ترمیم جو اختر صاحب نے پیش کی ہے یہ ہر لحاظ سے مناسب ہے خدارا اپنے اوپر احسان کیجئے اور اس کو منظور کر لیجئے اگر اپنے اوپر احسان نہیں کرتے تو اپنی پارٹی کے ارکان کا تو خیال کیجئے ۔ مانا کہ وہ گونگے ہیں وہ اپنی ترجمانی نہیں کر سکتے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ ابھی ہمارے فاضل دوست اس چیئرمین کے حق میں اتنی تقاریر فرما رہے تھے کہ اس شخص کو ایک سال کا تحفظ نہ دیا جائے ۔ پھر دوتہائی کا تحفظ نہ دیا جائے ۔ پھر یہ کہ اس کو میٹنگ کے postponement کے بارے میں تحفظ نہ دیا جائے ۔ جناب والا ۔ اگر کوئی شخص ممبران کی طرف سے منتخب ہوتا ہے اور اسے ایک سال کا تحفظ دیا جاتا ہے اور دو تہائی کا تحفظ دیا جاتا ہے پھر میٹنگ میں کچھ وجوہ کی بناء پر التوا کے بارے میں تحفظ دیا جاتا ہے اگر اس کے باوجود ممبران کی دوتہائی اکثریت اس کا ساتھ نہ دے تو پھر اس کے بعد اس شخص کو جسے وہ اتنا برا کہہ رہے تھے اور پھر اسی کو یہ چاہتے ہیں کہ دوبارہ لا کر وہاں بٹھائیں میں کہتا ہوں کہ اس کو اب اجازت دیں کہ وہ آرام کرے اس کو اور مواقع بھی مل سکتے ہیں ۔ جہاں تک ہماری پارٹی کے ارکان کا تعلق ہے ۔ یہاں جمہوریت ہے اگر پارٹی کے ارکان چاہیں گے تو اس

قانون میں ترمیم آ سکتی ہے میں حمزہ صاحب کو یقین دلاتا ہوں کہ ہمارے ارکان کا جو منشا ہے ہمیشہ حکومت اس کا احترام کرتی ہے اور کرے گی اور ان کے مطابق ہم قانون میں ترمیم لانے سے کبھی احتراز نہیں کریں گے ۔ عوام اور نظام کے مفاد میں ہی فیصلے کئے جاتے ہیں اور عوام اور نظام کا مفاد ہمیں ہمیشہ مد نظر ہوتا ہے ۔ لہذا جناب والا ۔ میں نے یہی عرض کیا ہے کہ اتنے تحفظات کے بعد اگر کوئی شخص ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ اگر آپ کا نظام عوام کا دشمن ہو تو اس کے متعلق ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ خدانخواستہ ۔

Mr. Speaker : This is no point of order.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اپنے ذہن کی الجھنوں کو ٹھیک کیجئے ۔ آپ ان میں الجھ رہے ہیں ۔ تو جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ بنیادی حق کے قطعاً خلاف نہیں ہے ۔ ویسے اب کوئی justification نہیں ہے کہ میں اختر صاحب کے اعتراضات کا جواب دوں ۔ جب ایک شخص کا justification نہیں کہ وہ ممبر بن سکے اور چیئرمین کا الیکشن لڑ سکے ویسے کسی وقت اگر عوامی نمائندے چاہیں گے تو ہم اس سارے قانون پر نظر ثانی کرنے کے لئے تیار ہیں ۔ میں موجودہ صورت میں یہی عرض کروں گا کہ ان کی ترمیم کو رد کیا جائے ۔

Mr. Speaker : The question is —

That in clause (ii) of section 2 of of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, the word "not" occurring in line

3, be deleted and for the "comma" occurring after the word "Chairman" in line 4 a full-stop be substituted and the words following thereafter be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment is from Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir I beg to move—

That clause (ii) of section 2 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, be deleted.

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is—

That clause (ii) of section 2 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, be deleted.

Minister of Basic Democracies : Opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ دراصل میری اس ترمیم کا منشاء و مقصد بھی وہی ہے جو میرے محترم دوست جناب ملک محمد اختر کی ترمیم کا تھا جس میں انہوں نے لفظ "Not" کو حذف کرنے کے لئے کہا تھا ۔ جناب والا ۔ مجھے اس بات سے اتفاق ہے جیسا کہ ابھی جناب وزیر بلدیات نے ارشاد فرمایا ہے کہ یونین کونسل کے صدارت کے منصب کو دوبارہ حاصل کرنے کے راستہ میں جو ہم نے رکاوٹ اس کلاز کے ذریعہ عائد کی ہے یہ آئین یا کسی اور قانون سے متصادم نہیں ہوتی لیکن میں جناب وزیر بنیادی جمہوریت کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ قانون میں جب بھی اس قسم کی کوئی شق رکھی جاتی ہے جس سے کسی شخص کو

کسی عہدہ کا امیدوار بنانے سے روکنا مقصود ہو تو اس کی وجوہات ہوتی ہیں ۔ مثال کے طور پر مروجہ قانون کو دیکھئے اس میں چند باتیں اس قسم کی آپ کو نظر آئیں گی کہ اگر کوئی شخص کسی اخلاقی جرم میں دو سال تک کے لئے قید ہو جائے تو وہ تین سال کے لئے یونین کونسل کے رکن کے منصب کے حصول کے لئے نااہل قرار دیا جائے گا ۔ یا اسمبلی کا رکن نہیں بن سکتا اور یہاں بھی اگر وہ یہی ارشاد فرما دیتے کہ اگر چیئرمین کو گورنمنٹ کسی ایسی وجہ سے اپنے منصب سے ہٹا دے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہو کہ اس نے کسی اخلاقی کمزوری کا مظاہرہ کیا ہے یا یونین کونسل کے اراکین کی دو تہائی اکثریت اس پر اس قسم کا الزام عائد کرے اور تحریک عدم اعتماد پاس کرے کہ وہ بد دیانت ہے چور ہے یا خائن ہے یا کہ اس میں اخلاقی خامی ہے تو پھر یہ پابندی سمجھ میں آ سکتی تھی اور ایسی پابندی کا لگایا جانا جائز ہے ۔ اور خائن آدمی کو کچھ عرصہ کے لئے روک دینا چاہئے کہ وہ ایسے منصب کیلئے دوبارہ کوشش نہ کرے ۔ ایک بد دیانت آدمی کو ہم پناہ دینا چاہتے ہیں میں ان کی تائید کرتا ہوں کہ جب ایک آدمی بد دیانت ثابت ہو چکا ہے تو اس کے خلاف یہ پابندی ہونی چاہئے ۔ چیئرمین بن کر اس بد دیانتی کا ارتکاب کرنے کے قابل نہ ہو ۔ ان صورتوں میں تو میں سمجھ سکتا ہوں مگر جیسا کہ اس دفعہ میں کیا گیا ہے کہ محض عدم اعتماد کی تحریک منظور ہونے پر اگر کوئی وجہ ہی کیوں نہ ہو خواہ وہ اسی بنا پر بنایا گیا ہو کہ اس نے کسی بڑے اچھے کام کی جو عین مفاد عامہ میں تھا مگر دوسرے ارکان کو اس سے نقصان پہنچتا تھا جیسا کہ وزیر بلدیات بار بار ہمیں یاد دلا رہے ہیں کہ یہ کام مفاد عامہ کی خاطر کیا گیا ہے اور اسی طرح کے اور بھی کام ہیں کہ جو چیئرمینوں نے مفاد عامہ میں کئے ہوں اور

وہاں ان کے چند اراکین ایسے ہوں جو یہ تو جانتے ہوں کہ یہ مفاد عامہ میں کام ہے مگر وہ ان کے اپنے مفاد میں نہ ہو یعنی بجائے اس کے کہ وہ اپنے فرائض کو دیانت داری سے سرانجام دیں وہ اپنے اختیارات کو ناجائز طور پر استعمال کرتے ہیں اور بعض اوقات یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ دیانتدار فرض شناس اور مخلص چیئرمین کو ممبروں نے اپنی بد دیانتی کی وجہ سے ہٹا دیا حالانکہ عام حالات میں اس کو یونین کونسل کی صدارت سے ہٹانا نہیں چاہئے تھا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ لیکن ایسا ہم نہیں کہتے آپ کہتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ آپ کا قانون یہی کہتا ہے کہ سب کے سب بد دیانت ہیں میں تو صبح سے ان کی حمایت کر رہا ہوں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ پانچوں انگلیاں ایک جیسی نہیں ہوتیں ۔ جناب والا ۔ اس سے قطعی طور پر انکار نہیں کیا جا سکتا کہ تمام چیئرمین جن کو عدم اعتماد کی تحریک کے ذریعے برطرف کیا جائے گا وہ سارے بد دیانت نہیں ہوں گے اور اس حقیقت کو آپ جھٹلا نہیں سکتے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ آپ وہی بات کر رہے ہیں ہم جو کہہ رہے ہیں کہ وہ بے ایمان نہیں ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اگر آپ یہ مانتے ہیں کہ وہ دیانتدار ہیں اور یونین کونسل کے ممبر بد دیانتی سے ان کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک منظور کرکے ان کو علیحدہ کر سکتے ہیں تو پھر آپ کی یہ کاز ان بد دیانت یونین کونسل کے ارکان کی حمایت کرتی ہے اور اس دیانتدار یونین کونسل کے

چیئرمین کی مخالفت کرتی ہے ۔ میرے دلائل کے جواب میں انہیں خواہ مخواہ شور مچانے کی عادت پڑ گئی ہے کہ وزیر صاحب ہر بات کا ہر وقت جواب دینے کی کوشش کرتے ہیں تو میرا خیال ہے کہ یہ مناسب نہیں ۔

وزیر محنت ۔ یہ آپ سے سیکھی ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ میں تو آج تک میونسپل کمیٹی کا ممبر بھی نہیں رہا ۔

ملک محمد اختر ۔ اے روشنی طبع تو بر من بلا شدی ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ یہاں تو اندھیرا ہی اندھیرا ہے ۔ وزیر صاحب میرے محترم ہیں لیکن یہاں روشنی کم اور اندھیرا زیادہ ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ خدا آپ کی آنکھوں میں روشنی دے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں صبح سے آج روشن دلائل سے انہیں یہ بتانے کی کوشش کر رہا ہوں کہ وہ حق و صداقت کا ساتھ دیں لیکن افسوس کہ وہ ان روشن دلائل کے باوجود ان کے دلوں اور دماغوں پر مہریں لگ گئی ہیں ۔ "صم بکم فہم لا یرجعون" والی بات ہے ۔

Mr. Hamza : Point of order. There is no quorum.

Mr. Speaker : Let there be a count. (*count was taken*). The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*) The House is now in quorum. Yes Khawaja Sahib.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں جناب وزیر بلدیات کی خدمت

میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس آرڈیننس کی یہ شق جس کی رو سے انہوں نے ہر قسم کے چیئرمینوں اور یونین کونسل کے ممبران کو جو دیانتدارانہ ووٹ کے استعمال سے یا بد دیانتی پر مبنی ووٹ کے استعمال سے بر طرف ہوتے ہیں ان دونوں کو ایک ہی سطح پر لا رکھا ہے اور ان پر پابندیاں عائد کر دی ہیں کہ وہ یونین کونسل کی باقیماندہ میعاد کے لئے ان کے انتخاب میں حصہ نہیں لے سکتے۔ جناب والا۔ ابھی ابھی میرے محترم دوست جناب وزیر بلدیات نے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ دراصل یہ تمام پابندیاں اس قسم کی ہیں کہ جو شاذ و نادر ہی کہیں استعمال کی جائیں گی کیونکہ ان کا مطلب یہ تھا۔ کہ وہ لوگ یعنی میرے یہ دوست اور ان کے basic democrats یہاں ہٹانے اور بنانے کے پیچھے نہیں لگے ہوئے بلکہ وہ قوم کی تعمیر کے پیچھے لگے ہوئے ہیں۔ اس لئے اس قانون کے زیادہ استعمال کرنے کی ضرورت نہیں ہو گی۔ اگر ان کی یہ دلیل درست ہوتی تو پھر ان پابندیوں کو اس قانون میں داخل کرنے کی ضرورت نہیں تھی۔ جس قانون نے کبھی کبھار استعمال ہونا ہے جن اختیارات نے کبھی کبھار استعمال ہونا ہے ان کو اگر زیادہ liberal بنا دیا جائے تو وہ زیادہ بہتر ہوگا یہ کہ اس کو زیادہ stringent بنانا اس کو سخت بنانا اور پھر جکڑ بندیوں کا قائم رکھنا یہ بات سمجھ میں نہیں آ رہی اور میں ان سے پوچھتا ہوں کہ ان حدود و قیود کی آخر کیا ضرورت ہے۔ بات کم از کم ایسی تو کیا کریں جس میں منطق اور دلیل ہو۔ گذشتہ کئی روز سے وہ یہاں باتیں کر رہے ہیں میں نہایت توجہ سے اور ہمہ تن گوش ہو کر ان کے ارشادات گرامی سن رہا ہوں۔ لیکن افسوس یہ ہے کہ میری عقل اس قدر مختصر واقع ہوئی ہے کہ جن بلندیوں یا پستیوں پر وہ جاتے ہیں میں ان پر جا نہیں سکتا۔ میں نہایت ادب سے اس ایوان کی خدمت میں یہ گذارش کروں گا کہ یہ کلاز جس کو

حذف کرنے کے لئے میں نے ترمیم پیش کی ہے یہ نہایت خطرناک ہے اور اس سے نہایت ہی خطرناک نتائج پیدا ہوں گے۔ اس سے نیکوکار انسانوں کی حوصلہ شکنی ہوگی اور وہ پست ہمت ہوں گے ۔ اور وہ لوگ جن کو شر پسند کہتے ہیں ان کی حوصلہ افزائی ہو گی ۔ اس لئے میری اس ترمیم کو قبول فرمایا جائے ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور ۔ ۶) ۔ جناب والا ۔ عرض یہ ہے اس سے پہلے جو ترمیم تھی میں اس پر تقریر کر چکا ہوں اور میں نے اس کے حق میں دلائل پیش کئے تھے ۔ میں نے جناب وزیر بلدیات کو یہ دعوت دی تھی کہ وہ بتائیں کہ وہ کون سی وجوہات ہیں جن کی بنا پر وہ چیئرمین کو جن کے خلاف اگر ایک بار عدم اعتماد کی تحریک پاس ہو جاتی ہے اسے بقایا عرصہ کے لئے دوبارہ چیئرمین بننے کا حق نہیں دیتے ۔ میں انتہائی افسوس کے ساتھ یہ عرض کرتا ہوں کہ جناب وزیر موصوف نے اس کے حق میں یا اسے برحق قرار دینے کے لئے یا اسے معقولیت پر مبنی ثابت کرنے کے لئے کوئی دلائل پیش نہیں کئے ۔ انہوں نے صرف یہ فرمایا کہ وہ اس ایوان کے معزز اراکین کے جذبات اور خیالات کی قدر کرتے ہیں اور ان کے مطابق عمل کرنے کی از حد کوشش کرتے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ اگر کوئی کام کسی نیک مقصد کے حصول کے لئے کیا جائے اور تمام حلقوں سے مشورہ کرنے کے بعد کیا جائے تو اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ افراد کے اندر یگانگت ، محبت اور خلوص پیدا ہوتا ہے ۔ میں جناب وزیر صاحب کی توجہ اس امر کی طرف دلاتا ہوں کہ آپ نے اراکین اسمبلی کے جذبات اور ان کے خیالات اور ان کی رائے کو اس حد تک دبایا ہوا ہے کہ انہیں آپ کے ساتھ دلی ہمدردی نہیں ہے ۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ بیشتر اوقات یہ دیکھا گیا ہے

کہ جب بھی ایسے افراد جو پہلے وزیر ہوں اور بعد میں وزیر نہ رہے ہوں - - - - - -

رائے منصب علی خان کھرل - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - حمزہ صاحب اس وقت جو کچھ فرما رہے ہیں کہ اراکین اسمبلی کو اس قدر دبا رکھا ہے وغیرہ وغیرہ اس کا اس ترمیم سے کیا تعلق ہے جو خواجہ صاحب نے پیش کی ہے -

Mr. Speaker : The Member may please be relevant to the amendment.

مسٹر حمزہ - عرض یہ ہے کہ جناب وزیر بنیادی جمہوریت نے اس ایوان میں میری تقریر کے خلاف صرف ایک ہی دلیل دی ہے - - - - - -

مسٹر سپیکر - آپ نے ایک پوائنٹ پیش کیا تھا اور انہوں نے اس کا جواب دیا تھا -

The Member may please be relevant to the amendment.

مسٹر حمزہ - ہم نے عملاً یہ دیکھا ہے کہ کوئی شخص جو کسی وقت وزیر تھا بعد میں کسی مصیبت میں مبتلا ہوتا ہے تو اس ایوان میں کوئی شخص بھی اس پر آنسو بہانے والا نہیں ہوتا - اور اب جناب وہ ان کی ترجمانی کرتے ہیں - ان کے جذبات کا احترام کرتے ہیں - تو لازماً اس سے یہ نتیجہ اخذ ہونا چاہئے کہ وزراء کے ساتھ اراکین کو دلی ہمدردی نہیں ہے - اگر ہو تو وہ جب آپ کو تکلیف میں دیکھیں تو آپ کی جگہ اپنے آپ کو پیش کریں -

Mr. Speaker : The Member is not relevant.

چودھری انور عزیز (سیالکوٹ ۔ م) ۔ مجھے اس ترمیم کے متعلق مختصراً یہ عرض کرنا ہے کہ سیاسی ایکشن جو ہوتا ہے وہ سیاسی سمجھوتہ کا نتیجہ ہوتا ہے ۔ جب کوئی شخص چیئرمین منتخب ہوتا ہے تو پانچ سات یا دس آدمی کوئی سیاسی سمجھوتہ کرتے ہیں اور اسے چیئرمین چنتے ہیں ۔ اور یہ سیاسی سمجھوتہ ایک عارضی چیز ہے اور اس کی صورت تبدیل ہوتی رہتی ہے ۔ اگر ایک دفعہ کسی چیئرمین کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پاس ہو جاتی ہے تو اس پر یہ بندش کیوں ہو کہ تم دوبارہ چیئرمین نہیں ہو سکتے ۔ جیسا کہ یہاں پر بالعموم دیکھا گیا ہے کہ وہ شخص جس کا مستقبل ختم کر دیا جائے جو دوبارہ عزت حاصل نہ کر سکتا ہو جسے ہمیشہ کے لئے دھتکار دیا گیا ہو ۔ ہم دیکھتے ہیں کہ وہ بہت خطرناک ہو جاتا ہے ۔ اسی طرح وہ چیئرمین جس کے متعلق یہ فیصلہ دے دیا جائے گا کہ تم دوبارہ کبھی چیئرمین نہیں ہو سکتے وہ ہمیشہ کوشش کرے گا کہ دوسروں کو تنگ کیا جائے ۔ اس لئے میری یہ مودبانہ گزارش ہے کہ آئندہ جب کبھی اس ایکٹ کی ترمیم ہو تو اس میں سے یہ چیز حذف کر دی جائے ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ کیا جناب وزیر بنیادی جمہوریت اس بصیرت افروز تقریر کے بعد جو ترمیم ہماری طرف سے پیش کی گئی ہے اسے قبول فرماتے ہیں ۔ کیا اب انہیں اپنی پارٹی کے جذبات اور خیالات کا پتہ چل گیا ہے ؟

Chaudhri Anwar Aziz : I protest at that Sir.

Mr. Speaker : This is not question hour and it is not a point of order.

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ حمزہ صاحب نے فرمایا ہے کہ میں نے کوئی دلیل نہیں دی ۔ یہ نا درست ہے ۔ میں نے عرض کیا تھا کہ ایک شخص جس کو پورا ایک سال موقع دیا جاتا ہے ۔ اگر اس پر دو تہائی ممبران کو اعتماد نہ رہے تو اسے علیحدہ کر دیا جاتا ہے اس کے بعد کسی دوسرے شخص کو موقع دینا چاہئے ۔ میں نے یہ بھی عرض کیا تھا کہ اگر فاضل ممبر صاحبان جو عوام کے نمائندے ہیں ۔ اگر وہ چاہتے ہیں تو پھر یہ ترمیم کی جا سکتی ہے ۔ پہلے بھی ہم ترمیم کرتے رہے ہیں ۔ اگر اس قانون کے عملی تجربہ نے یہ ثابت کیا اور عوام کا مشورہ یہ ہوا تو حکومت کو ایسی ترمیم کرنے پر کوئی اعتراض نہ ہو گا ۔ مگر اس وقت یہ اسی صورت میں پاس کیا جائے ۔ ایک اور بات کا جواب دینا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ خواجہ صاحب اپنی تمام تقریروں کے ریکارڈ اگر خود کسی وقت سنیں تو وہ خود اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ کبھی وہ بنیادی جمہوریت کے ممبران کے خلاف بوچھاڑ کرتے ہیں اور ان کو بے ایمان قرار دیتے ہیں اور ان میں کیڑے نکالتے ہیں ۔ جب چیئرمین کا نام آتا ہے تو اسوقت وہ بنیادی جمہوریت کے ممبران کو اچھا کہہ دیں گے اور وہ جو چیئرمین ہیں وہ بے ایمان ہو جاتے ہیں لیکن جب چیئرمین کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش کرنے کا معاملہ آ جائے تو پھر ممبران کو بے ایمان کہیں گے جناب والا ۔ اگر یہ خود ملاحظہ فرمائیں گے تو انہیں پتہ چلے گا کہ روشن دلیلیں اس طرف سے پیش کی گئی ہیں ۔

جناب والا ۔ اصل اختر کے بارے میں کمی یہ ہوتی ہے کہ وہ صرف اندھیرے میں چمکتا ہے ۔ روشنی میں اختر کا کہیں نام نہیں آتا ۔ یہاں سے روشن دلیلیں پیش کی گئی ہیں ۔ نہ اختر ہے نور اور نہ خواجہ صاحب کے دلائل یہاں ٹھہر سکے ہیں ۔

وزیر محنت ۔ جناب والا ۔ میں وزیر بلدیات کی خدمت میں عرض کروں گا کہ روشنی دکھانے کے لئے آنکھوں میں بھی روشنی کی ضرورت ہوتی ہے ۔

Mr Speaker : The question is—

That clause (ii) of section 2 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next is from Malik Muhammad Akhtar in Section 3.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں اس ترمیم کو صرف پیش کروں گا اس پر تقریر نہیں کروں گا کیونکہ اس طرح repetition ہو جائے گی ۔

Mr. Speaker : Please move the amendment.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

That for clause (i) and Explanation of section 3 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, substitute the following, namely :—

"(1) for the proviso to clause (5-A), the following proviso shall be substituted, namely :—

Provided that a motion of no-confidence against a Chairman shall not be moved before the expiry of three months of his election as Chairman."

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

That for clause (i) and Explanation of section 3 of the Basic Democracies Order (West Pakistan

Amendment) Ordinance, 1967, substitute the following, namely :—

"(1) for the proviso to clause (5-A), the following proviso shall be substituted, namely :—

Provided that a motion of no-confidence against a Chairman shall not be moved before the expiry of three months of his election as Chairman."

Minister of B. D. & Local Government : Opposed.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ اس اصول پر دونوں اطراف سے کافی بحثیں ہوئی ہیں اور دلائل دیئے گئے ہیں ۔ اس ترمیم کا یہ مطلب ہے کہ جہاں ہم نے یونین کمیٹیوں یا چیئرمینوں کے لئے کہا ہے کہ یہ پابندیاں ہونی چاہئیں ۔ ان کے عدم اعتماد کی جو شکل ہو وہ ایسی ہو ۔ اور اس میں اس قدر پابندی نہ لگائی جائے اور ایک سال تک ان کے خلاف عدم اعتماد نہ ہو سکے ۔ یہ یونین کونسلوں اور یونین کمیٹیوں کے لئے ہے سیکشن ۳ میں دیہاتی علاقوں کے مسائل ہیں میں ان اصولوں کو دوبارہ دھرانا نہیں چاہتا لیکن میں ان کے حقوق کے لئے اپنی ترمیم پیش کرتا ہوں کہ ان پر وہ پابندیاں نہیں ہونی چاہئیں ان کو رعایت ہونی چاہئے ۔ جب بحث کر رہے تھے تو ان حدود سے باہر جا کر یونین کمیٹیوں اور یونین کونسلوں اور سب چیئرمینوں پر بحث کی ہے اس لئے میں ان خیالات کو دھرانا نہیں چاہتا ۔

Mr Speaker : The question is :

That for clause (i) and Explanation of section 3 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, substitute the following namely :—

"(1) for the proviso to clause (5-A), the following proviso shall be substituted, namely :—

Provided that a motion of no-confidence against a Chairman shall not be moved before the expiry of three months of his election as Chairman".

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next, Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move :

That is section 3 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, in the proviso to section (i) for the word "twelve" occurring in line 3, the word "three" be substituted.

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

That in section 3 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, in the proviso to section (i) for the word "twelve" occurring in line 3, the word "three" be substituted.

Minister of B. D. & Local Government : Opposed.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں اس موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار کر چکا ہوں اس لئے میں مزید اس کے متعلق کچھ نہیں کہنا چاہتا ۔

Mr Speaker : The question is :

That in section 3 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, in the proviso to section (i) for the word

"twelve" occurring in line 3, the word "three" be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment. Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move :

That in section 3 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, in the proviso to section 3 for the word "twelve" occurring in line 7, the word "three" be substituted.

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

That in section 3 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, in the proviso to section 3 for the word "twelve" occurring in line 7, the word "three" be substituted.

Minister of B. D. & Local Government : Opposed.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ آرڈیننس کے سیکشن ۲ میں اسی قسم کی ایک ترمیم پیش کی تھی اور چند وجوہات جو میرے ذہن میں آئی تھیں وہ عرض کر چکا ہوں ۔ اب اس ایوان میں اس کے متعلق مزید کچھ نہیں کہنا چاہتا ۔

Mr. Speaker : The question is :

That in section 3 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, in the proviso to section 3 for the word "twelve" occurring in line 7, the word "three" be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next Amendment—No : 15. Chaudhri Anwar Aziz.

Chaudhri Anwar Aziz : Not moving.

Mr. Speaker : Amendment is not moved.

Next, Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

> That in clause (ii) of section 3 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, the word "not" occurring in line 3 be deleted and after the word "Chairman" occurring in line 4 a full-stop be added and the words following thereafter be deleted.

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

> That in clause (ii) of section 3 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, the word "not" occurring in line 3 be deleted and after the word "Chairman" occurring in line 4 a full-stop be added and the words following thereafter be deleted.

Minister of B. D. & Local Government : Opposed

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ اس پر بھی کافی بحث ہو چکی ہے ۔ اس میں "Not" تھا اور یہاں "No" آیا ہے اس کے متعلق یہی عرض ہے کہ

سر تسلیم خم ہے جو مزاج یار میں آئے

Mr. Speaker : The question is :

That in clause (ii) of section 3 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, the word "not" occurring in line 3 be deleted and after the word "Chairman" occurring in line 4 a full-stop be added and the words followinrg thereafter be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next from Mr. Mahmood Azam Farooqi. He is not present. Next, Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : I beg to move :

That in section 3, for clause (5-B) of new section 3 (ii), the following be substituted, namely :—

"(5-B). The Chairman of a Town Committee or a Union Committee who has vacated his office under this article shall not be eligible for re-election as a Chairman for a period of six months or the residue of the term of such Committee whichever is less."

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

That in section 3, for clause (5-B) of new section 3 (ii), the following be substituted, namely :—

"(5-B). The Chairman of a Town Committee or a Union Committee who has vacated his Office under this article shall not be eligible for re-election as a Chairman for a period of six months or the residue of the term of such Committee whichever is less."

Minister of Basic Democracies : Opposed Sir.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - اس ترمیم کے متعلق اس معزز ایوان کی خدمت میں دو تین منٹوں ہی میں اپنے خیالات کا اظہار کروں گا - میں بنیادی طور پر اس اصول کے خلاف ہوں اور یہ جمہوریت کے مسلمہ اصولوں کے ہی خلاف ہے کہ کسی شخص کے خلاف جب عدم اعتماد کی تحریک منظور ہو جائے اور اس کے خلاف کسی قسم کا الزام ثابت نہ ہو جس میں اس کی کسی قسم کی اخلاقی گراوٹ ثابت ہو سکے تو اس کو یہ حق حاصل ہونا چاہئے کہ وہ دوسری بار ، تیسری یا چوتھی بار بھی انتخابات میں لے سکے - میں اصولی طور پر سمجھتا ہوں کہ جناب وزیر بلدیات نے سیکشن ۲ میں اور سیکشن ۳ میں یہ جزو اور یہ شق پیش کرکے کہ اگر کسی چیئرمین کے خلاف سیکشن ۲ میں جس کا تعلق یونین کونسل کے چیئرمین سے ہے اور سیکشن ۳ ٹاؤن کمیٹی اور یونین کمیٹی سے متعلق ہے ، اگر ان کے چیئرمینوں کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک منظور ہو جاتی ہے تو بلا استثنیٰ ان پر یہ پابندی عائد ہو جاتی ہے کہ وہ اس یونین کمیٹی یا ٹاؤن کمیٹی کی باقی مدت العمر تک اس کے چیئرمین بننے کے امیدوار نہیں بن سکتے - یہ بات علیحدہ ہے کہ وہ انتخاب جیت سکتا ہے یا وہ ہار جائے گا ، وہ امیدوار ہی نہیں بن سکتا میں اصولی طور پر اس بات کے خلاف ہوں - لیکن میں نے اس ترمیم کو اس رنگ میں پیش کیا ہے کہ شاید جناب وزیر بلدیات کو کچھ زیادہ ہی اصرار ہو تو اگر وہ میری دوسری ترمیم کو جو سیکشن ۲ میں اس قسم کی شق کو حذف کرنے کے متعلق تھی ، اگر اس بناء پر اس کو نا منظور کر دیں کہ کچھ نہ کچھ پابندی ضرور ہونی چاہئے تو پھر میری یہ رائے ہے کہ ان کی دلیل کو اصولی طور پر نہیں بلکہ صرف وقتی طور پر قبول کرتے کیونکہ اصولی طور پر تو میں اس بات کے ہی خلاف ہوں کہ ان پر کوئی پابندی لگائی جائے لیکن ان کی خاطر میں یہ کہتا ہوں کہ عدم اعتماد کی تحریک

کی کامیابی کے بعد جو کہ ایک سال کے بعد ان کے اپنے قانون کے مطابق پیش ہو سکتی ہے۔ ایک شخص کو چار سال تک اس حق سے محروم کر دیا جائے کہ وہ یونین کونسل یا یونین کمیٹی کا چیئرمین نہیں بن سکتا۔ میں یہ عرض کروں گا کہ اگر انہوں نے کوئی پابندی لگانی ہی ہے، جو میری رائے میں جائز نہیں ہے، لیکن اگر ان کی رائے میں اس کی ضرورت ہے تو بجائے اس کے کہ وہ اس پر ایک لمبے چوڑے عرصہ کے لئے یہ پابندی عائد کر دیں۔ تو چلئے ہم ان کی بات مان لیتے ہیں اور ان سے یہ کہتے ہیں کہ اگر آپ نے ایسا کرنا ہی ہے تو چھ ماہ کے لئے یہ پابندی عائد کیجئے یا اگر چھ ماہ سے کم اس یونین کمیٹی یا ٹاؤن کمیٹی کا عرصہ رہتا ہو۔ یعنی ان دونوں میں سے جو بھی میعاد کم ہو، اس عرصہ کے دوران وہ چیئرمین کے انتخاب میں امیدوار نہیں بن سکتا ہے۔ آپ نے یہ جو لمبے چوڑے عرصے کے لئے پابندی لگائی ہے میں اسے حد درجہ ناپسند کرتا ہوں۔ ہو سکتا ہے کہ ہم طوعاً و کرہاً اس کو قبول بھی کر لیں لیکن ابھی ان ہی کی جانب سے آواز اٹھی ہے۔ دراصل تو سب ہی اس کے خلاف ہیں البتہ یہ الگ بات ہے کہ وہ ڈسپلن سے مجبور ہیں (قطع کلامی) میں تو ڈسپلن کے حق میں بات کر رہا ہوں۔ میں تو کہتا ہوں کہ ڈسپلن ہونا چاہئے۔ میں تو اس کی تعریف کر رہا ہوں کہ پارٹی میں ڈسپلن ہونا چاہئے۔

مسٹر حمزہ۔ یہ داڑھی میں تنکے والی بات ہے۔

وزیر بلدیات۔ اللہ کے فضل سے آپ کی تو داڑھی ہی نہیں ہے آپ کو کس چیز کا ڈر ہے۔

خواجہ محمد صفدر ۔ چلئے ان کے اس غلط اصول کو ہی قبول کر لیتے ہیں کہ یہ درست ہے لیکن اس میعاد کو کم کرکے وہ میعاد قبول کر لیں جو کہ میں نے اپنی ترمیم میں رکھی ہے ۔

Mr. Speaker : The question is :

> That in section 3, for clause (5-B) of new section 3 (ii), the following be substituted, namely :—
>
> "(5-B). The Chairman of a Town Committee or a Union Committee who has vacated his Office under this article shall not be eligible for re-election as a Chairman for a period of six months or the residue of the term of such Committee whichever is less."

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment is by Mr. Mahmood Azam Farooqi. He is not present, the amendment lapses.

Next amendment is again from Mr. Mahmood Azam Farooqi. He is not present, this amendment also lapses.

Next amendment is from Khawaja Muhammad Safdar. Please move it.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move —

> That in section 3 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, clause (ii) of new section 3, be deleted.

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is —

> That in section 3 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, clause (ii) of new section 3, be deleted.

Minister of Basic Democracies : Opposed Sir.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - اس آرڈیننس کی دفعہ ۲ میں اسی قسم کی شق ہے جس کے متعلق میں اپنے خیالات کا اظہار کر چکا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ اب مزید ان کا اعادہ کرنا غیر ضروری ہے اس لئے میں ان ہی خیالات کو دوبارہ اس ایوان میں پیش نہیں کرنا چاہتا -

Mr. Speaker : The question is -

That in section 3 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, clause (ii) of new section 3, be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment is from Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move -

That section 3 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, be deleted.

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is -

That section 3 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, be deleted.

Minister of Basic Democracies : Opposed Sir.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں انہی الفاظ کا اعادہ کرتا ہوں کہ اس قسم کی شق سیکشن ۲ میں موجود تھی جس کے متعلق میں

اپنے خیالات کا اظہار کر چکا ہوں اور اس لئے میں ضروری نہیں سمجھتا کہ پور ان خیالات کو دھراؤں ۔

Mr. Speaker : The question is -

That section 3 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment stands in the name of Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir I beg to move -

That in section 4 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, for the words and commas "lapse, and shall not be moved after such commencement, except as a fresh motion" occurring in lines 9 - 11 the words "be deemed to have been moved under this Ordinance" be substituted.

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is -

That in section 4 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, for the words and commas "lapse, and shall not be moved after such commencement, except as a fresh motion" occurring in lines 9 - 11 the words "be demeed to have been moved under this Ordinance" be substituted.

Minister of Basic Democracies : Opposed Sir.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ اگر اوریجنل آرڈیننس کی دفعہ جس میں

کہ یہ ترمیم کرنی ضروری ہے ، کو دیکھا جائے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ

"12-A. Notwithstanding anything contained in this Order, or in the rules, made thereunder, a motion of no-confidence against a Chairman of a Union Council, Town or a Union Committee which was pending immediately before the commencement of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, shall lapse. and shall not be moved after such commencement, except as a fresh motion."

جناب سپیکر ۔ مجھے اس پر دو تین اعتراضات ہیں ۔ یعنی اگر ان کا مقصد یہ ہے کہ عدم اعتماد کی کوئی تحریک پرانے قانون کے ماتحت چل رہی تھی اور اس دوران میں نئے آرڈیننس کا نفاذ ہو گیا تو وہ جو پہلی کارروائی تھی یعنی جو میٹینگ ہو چکی تھی جس کا ایجنڈا جاری ہو چکا تھا وہ ساری کارروائی lapse ہو جائے گی ۔

"Shall lapse and shall not be moved after such commencement."

(اس مرحلے پر وزیر بنیادی جمہوریت نے نفی میں سر ہلایا) ۔

جناب وزیر صاحب مجھ سے اتفاق نہیں کر رہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ انہوں نے آپ سے کب اتفاق کیا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ اسے proceeding under the new ordinance بلکہ lapse قرار نہ دیا جائے ۔

سمجھا جائے ۔ دراصل اس کی کئی وجوہات ہیں اور جو وقفہ دیا ہے وہ اس لئے کہ ایک سال کے بعد نئے قانون کے تحت عدم اعتماد کی تحریک کو بروئے کار نہ لایا جا سکے ۔ اس طرح جو چیئرمین اعتماد کھو چکا ہو گا وہ ایک سال کے لئے مامون و محفوظ ہو جائے گا ۔ چہ جائیکہ اس کے خلاف ۲۰ میں سے سترہ یا اٹھارہ ممبران نے دستخط کر کے نوٹس دے دیا ہو ۔ اور اس نوٹس پر کنٹرولنگ اتھارٹی نے میٹنگ بلالی ہو خواہ وہ میٹنگ اس آرڈر کی promulgation کے ایک روز بعد یا publication کے دن ہوئی ہو ۔ اس آرڈیننس کے تحت وہ کہہ سکتا ہے کہ کارروائی ختم ہو گئی ہے ۔ یعنی اس سیکشن سے چیئرمین کو stay order دے دیا جائے تاکہ وہ بلا کسی روک ٹوک کے اور بلا حجت کے اور ایک سال کے لئے رہ سکے وہ جو بھی دلائل دیں گے میں یقیناً ان سے اتفاق کروں گا ۔ وہ جانتے ہیں کہ جب بھی کوئی پرانا قانون کالعدم قرار دیا جاتا ہے تو نئے قانون کے تحت کارروائی کرنی چاہئے ۔ میں ان کی توجہ اس امر کی طرف دلاتا ہوں کہ عام طور پر saving clauses رکھی جاتی ہیں معلوم نہیں ان کو دوسرے قوانین سے کس قدر واقفیت ہے بہر حال میں آپ کی توجہ میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس کی دفعہ ۴ کی طرف دلاتا ہوں اس میں ہے

all the action taken and
all the proceedings taken

یعنی ۱۹۴۴ء میں کارپوریشن کی جو proceedings process میں تھیں ان کو ۱۹۶۰ء میں میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس کے تحت continue نہیں رکھا گیا ۔ میں نہیں سمجھتا کہ اصولوں سے کیوں انحراف کیا جاتا ہے یہ تو jurisprudence سے انحراف ہے یہ principles سے انحراف ہے ۔ نت نیا تماشا کیا جاتا ہے اور میں نہیں سمجھتا کہ اس کی اصل اساس اور

بنیاد کیا ہوتی ہے - میرا اصولی اعتراض یہ تھا کہ آپ چیئرمین کی لائف کو ایک سال کے لئے insure کر رہے ہیں - جو اس کی زد میں آ چکا ہے جو بنیادی جمہوریت کے ممبران کی تحریک عدم اعتماد کی وجہ سے علیحدہ کیا جانے والا تھا اگر یہ کلاز نہ بھی ہوتی اور یہ silent بھی رہتے تو جنرل کلازز کے تحت پرانے رولز لاگو تھے اور کارروائی جاری رہ سکتی تھی - لیکن یہاں انہوں نے specifically provide کر دیا ہے

'that the proceeding shall lapse'

اب مجھے اور بھی کچھ عرض کرنا ہے اگرچہ میں ان کی نیت پر شک نہیں کرتا لیکن اتنا کہوں گا کہ قانون کی کتاب میں جو حالیہ حکم دیا گیا ہے کہ تمام ترامیم لگائی جائیں اس کے مطابق یہاں بارہ چودہ ترامیم نظر آئی ہوں گی اور اس لئے انہوں نے یہ کہہ دیا کہ ۱۹۶۰ء سے آج تک کوئی ترمیم نہیں آئی - اس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ ہر وقت اپنے مفادات کے لئے وہ بات کرتے ہیں جو انہیں suit کرے - ممکن ہے ان کے اپنے حلقہ انتخاب میں کسی چیئرمین کے خلاف کوئی تحریک عدم اعتماد پیش ہو رہی ہو اور اس لئے یہ کلاز لا رہے ہیں -

وزیر بنیادی جمہوریت - یہ قطعاً نا درست ہے -

ملک محمد اختر - جناب والا - ایک اور بھی اعتراض ہے وہ یہ ہے کہ میں ان کے گذشتہ کردار سے واقف ہوں جب پہلا عدم اعتماد کا قانون ۱۹۶۳ء میں لائے اور یہ ۱۲-۳-۶۳ کو منظور ہو گیا تھا تو جو رولز اس کے تحت بنائے تھے وہ ۱۸-۱۱-۱۹۶۳ کو بنائے تھے - یہ بات آپ دیکھیں ۱۲ مارچ اور ۱۸ نومبر تک کتنا عرصہ ہوتا ہے ممکن ہے انہوں نے کہہ دیا ہو کہ چھ یا سات ماہ تک کوئی

کارروائی نہ کی جائے ۔ اسی طرح سے یہ کہہ دیں کہ ایک سال تک اور رولز نہ بنائیں اور یہ نہیں کہا کہ

The old Rules shall be applicable.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ وہ تو بن چکے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ اگر بن چکے ہیں تو میں پھر یہی کہتا ہوں کہ یہ نہیں لگائیں گے ۔ آپ اندازہ کریں کہ یہ کونسی امریکن لائف انشورنس کمپنی ہے یا کون سی کینیڈین لائف انشورنس کمپنی ہے جو بی ڈی کا سیکرٹریٹ بن چکا ہے کسی کو بچانے کے لئے یا کسی کو غیر محفوظ کرنے کے لئے ۔

اس لئے میں یہ کہتا ہوں کہ پہلے جیسے saving clauses ہوتی تھیں اسی طرح actions continue ہونے چاہئیں اور ان کے مطابق کارروائی ہونی چاہئے ۔

Mr. Hamza : Point of Order. There is no quorum in the House.

Mr. Speaker : Let there be count. (*count was taken*). The House is in quorum and the point of order is ruled out.

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ آپ کی اجازت سے مختصراً چند معروضات پیش کروں گا ۔ ملک اختر صاحب نے جو ترمیم پیش کی ہے میرے خیال میں اس کی قطعاً ضرورت نہیں اس لئے کہ ہم نے اس میں یہ کیا ہے کہ اس آرڈیننس کے آنے سے پہلے اور جب رولز واپس لئے گئے تھے اس کے درمیان کچھ عرصہ گزر چکا تھا ہو سکتا ہے کہ اس کے دوران کچھ لوگوں نے نوٹس دیا ہو اس کے بعد عدم اعتماد کی تحریک

پیش نہ کرنا چاہتے ہوں ۔ جب لوگ نہ کرنا چاہتے ہوں تو ہم کیوں مجبور کریں اس لئے اس چیز کو کالعدم قرار دیا گیا اور ان کو نیا حق ہے کہ اگر وہ move کرنا چاہتے ہیں تو move کرلیں ۔ اور اس وجہ سے چیئرمین صاحبان کو آئندہ سال نہیں ملا ۔ بلکہ اس کے مطابق جہاں تک عدم اعتماد کے پیش کر سکنے کے درمیانی وقفہ کا تعلق ہے وہ انتخابات سے لے کر ہے ۔ اس لئے ان کی ترمیم غیر ضروری ہے ۔ اور جو کچھ ارشاد فرمایا ہے وہ بجا نہیں ہے ۔ اس کو نا منظور فرمایا جائے۔

Mr. Speaker : The question is -

> That in section 4 of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967 for the words and commas "lapse, and shall not be moved after such commencement, except as a fresh motion" occurring in lines 9-11 the words "be deemed to have been moved under this Ordinance" be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment by Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : I don't move it.

Mr. Speaker : The amendment is not moved. Next amendment is by Haji Ata Muhammad. He is not present and the amendent lapses.

I will now put the resolution to the vote of the House.

The question is -

> That the Assembly do approve of the Basic Democracies Order (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, promulgated by the Governor of West Pakistan on the 24th February, 1967, as amended by the Assembly.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Next resolution from Malik Muhammad Akhtar stands rejected under rule 89 (a) sub-rule (7).

Minister for Basic Democracies : That's what it deserved. (*laughter*)

THE RAILWAYS (TRANSPORT OF GOODS) (WEST PAKISTAN AMENDMENT) ORDINANCE, 1967.

Mr. Speaker : Next resolution.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir, I beg to move :

> That the Assembly do approve of the Railways (Transport of Goods) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, promulgated by the Governor of West Pakistan on the 24th March, 1967.

Mr. Speaker : The motion moved is -

> That the Assembly do approve of the Railways (Transport of Goods) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, promulgated by the Governor of West Pakistan on the 24th March, 1967.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed ; and on a point of order Sir.

جناب سپیکر ۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر نہایت ہی اہم ہے اور اس روز پ نہیں تھے میں نے ایسا ہی پوائنٹ آف آرڈر raise کیا تھا اور اس کی وجہ یہ تھی کہ ہم قدرے نئے رولز کے تحت اور کانسٹی ٹیوشن کے آرٹیکل ۱۴۴ ۔ کے تحت با اختیار ہیں کہ آرڈیننس میں ترمیم کر سکیں میری مراد نئی امنڈمنٹ (۷۹) سے ہے ۔ جناب والا ۔ یہ newly amended جو آرٹیکل ہے اس کی دفعہ ۴ ۔ اس طرح ہے ۔

> 79. (4) If the Assembly of the Province approves of an Ordinance under clause 3 of this Article, with

or without any amendment, within the prescribed period, the Ordinance as so approved shall be deemed to have become an Act of the Provincial Legislature-,"

جناب والا ۔ یہ امنڈمنٹ کا ہمیں حق دیا گیا ہے اس کے تحت رولز آف پروسیجر frame کئے گئے ہیں اور رولز آف پروسیجر کے تحت میں اس دفعہ پر آتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب آپ کا پوائنٹ آف آرڈر ۔ ۔ ۔ ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں یہی عرض کرنا چاہتا ہوں اور مجھے یہ حق ہے اور میرا پوائنٹ آف آرڈر صرف یہ ہے کہ جب ہمیں امنڈمنٹ کا حق دیا گیا ہے تو امنڈمنٹ کا حق دینے کے بعد اب طریقہ کار یہ ہے کہ رولز آف پروسیجر جو دفعہ ۹۷ ۔ کے تحت بنائے گئے ہیں ایک ممبر ریزولیوشن for approval دے گا اس کے بعد disapproval کا بھی ریزولیوشن ہو گا لیکن جو amendments ہیں ان کو پہلے لے لیا جائے گا ۔ اب جناب میری humble submission یہ ہے اور اگر میں یہ ثابت کر دوں کہ approve ریزولیوشن جسے پیش کیا گیا ہے اسے پیش نہیں کیا جا سکتا اور جس فارم میں اور جس شکل میں پیش کیا گیا ہے اسے پیش نہیں کیا جا سکتا ۔ بجائے اس کے کہ ہم امنڈمنٹ کو پہلے لے لیں اور امنڈمنٹ کو clause wise dispose کریں اس سے قبل لیجسلیچر یہ فیصلہ کر دے کہ آیا یہ اختیار اسے حاصل بھی ہے اس resolution کو consider کرنے کا ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کا خیال یہ ہے کہ آپ competency آف دی لیجسلیچر کے متعلق کچھ کہنا چاہتے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ میں لیجسلیچر کے سامنے اس فارم میں یہ مسئلہ پیش کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ریزولیوشن move نہیں ہو سکتا جیسا کہ آپ نے خواجہ صفدر صاحب کا پوائنٹ آف آرڈر سنا تھا ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر بالکل مختلف تھا اور جہاں تک ہاؤس کی competency کا تعلق ہے ۔ اس سے پہلے میں رولنگ دے چکا ہوں کہ competency آف دی لیجسلیچر کو determine کرنے کے لئے You should go to Law Court.

ملک محمد اختر ۔ میں competency کو چیلنج کرنے کی بجائے یہ سمجھانا چاہتا ہوں کہ یہ اس کو پاس نہ کریں ۔ بجائے اس کے کہ یہ clause wise ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ وہ اپنی امنڈمنٹ پہلے move کریں گے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب competency ہاؤس کو بھی تو دیکھنا چاہئے ۔ کیونکہ پروسیجر بالکل مختلف ہو چکا ہے ویسے جیسے آپ حکم دیں گے وہ ہوگا ۔ پہلے پروسیجر یہ تھا کہ for approval آف دی آرڈیننس ایک ریزولیوشن آ گیا اس پر بحث ہو گئی اس پر ہم نے یہ کہہ دیا کہ اس میں یہ قانونی خامیاں ہیں ۔ اب پہلے آپ کو amendment لینا ہے تو آپ کو پہلے پروسیجر سے debar کرنا ہوگا ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کو debar نہیں کیا جا رہا ہے جو سیکشن پیش کئے جا رہے ہیں آپ ان پر امنڈمنٹ دے کر arguments دے سکتے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب collectively arguments نہیں ہو سکیں گے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ جو کچھ میں سمجھ سکا ہوں وہ یہ ہے کہ جناب ملک اختر صاحب کا یہ خیال ہے کہ اس کے approval یا اس کی موافقت یا اس کی مخالفت میں مجموعی طور پر تقریر کرنے کا حق ملنا چاہئے جناب والا ۔ میری گزارش یہ ہے کہ جس قسم کے رولز ہمارے سامنے ہیں یا جس طور پر آرٹیکل ۹۷ ۔ میں ترمیم کی گئی ہے اس میں یہ گنجائش نہیں ہے کہ تراسیم پر بحث کرنے سے پہلے ہم جنرل بحث کریں لیکن یہ گنجائش ضرور ہے کہ تراسیم جب ختم ہو جائیں تو original ریزولیوشن کے approval سے پہلے ہم اس پر بحث کر لیں ۔ اگر آپ یہ ارشاد فرما دیں تو ان کی تسلی ہو جائے گی ۔

Mr. Speaker : Yes.

ملک محمد اختر ۔ اگر آپ approval کے وقت بات کرنے کا موقع دیں گے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اسٹمنٹ ختم کرنے کے بعد جو باتیں آپ نے اسٹمنٹ کے دوران نہیں کہی ہیں اگر آپ کہنا چاہیں گے اور repetition نہ ہوگا تو آپ کو موقع دیا جائے گا ۔

ملک محمد اختر ۔ میں تین چار روز سے کہہ رہا ہوں approval کے وقت ہی سب دھندا ختم ہو جاتا ہے ۔ ویسے ہی ختم ہوگا لیکن جہاں ہمیں قانونی اعتراض کرنا ہوگا تو ہمیں اجازت دی جائے ۔

Mr. Speaker : Khawaja Sahib, may please move his amendment.

Minister o Law (Mr. Allah Bachaya Ghulam Ali Akhund) : Mr. Speaker Sir, for the information of the House, I might submit that this Railways (Transport of Goods) Act, 1947 (Act XII of 1947) came into force for the first time in undivided India on 25th March, 1947. This Act gave powers to the Central Government to grant priority with regard to the moving of certain essential commodities by rail. During the Second World War, this work was being done under the Defence of India Rules under certain organisation which had been set up for the purpose of granting priority. After that need was felt for formulating a law giving special powers to the Government for determining and granting priorities for moving certain essential commodities.' And, therefore, the life of the Act was originally extended for a period of one year. Thereafter, as the needs of the country were taken into consideration, this Act was continued to be extended from year to year basis and now, lastly, this has been done by an Ordinance which is now before the House and which seeks to extend the life of this Act up to 1970 *i.e.* for a period of three years, and in this regard the amendment that has been sought is in Section 1 whereby the life of this Act is being extended, or has been extended, up to the year of 1970. This solitary amendment which this Ordinance seeks to move, has already come into being in the shape of this Ordinance which has been promulgated by the Governor. This is Sir, also essential because keeping in view the economic development of the country, priority to certain articles such as movement of foodgrains, movement of fertilizers, and other essential commodities, has to be given and it is required that these special powers should be vested in the Government for a limited time. And, therefore, Sir, it has become essential to bring this on line with the Third Five Year Plan which is due to expire in the year 1970.

Sir, as you will find, the purpose of extending this upto 1970 is that it should coincide with the third plan period. From 1967-70 an amendment has been sought and this is essential so that during this period the development should be carried on side by side with the plan period. I, therefore, request that this House may approve this amending Ordinance and give life to this Act for a period of three years.

With these remarks I may submit that the Resolution may be approved.

Mr. Speaker : Yes, Khawaja Sahib, move your amendment.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move :

> That for section 2 of the Railways (Transport of Goods) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, the following be substituted, namely :—
>
> "In the Railways (Transport of Goods) Act, 1947 (Act XII of 1947), in its application to the Province of West Pakistan, in Section 1 (3) the comma appearing after the word and figures "March, 1947" shall be substituted by a full stop and the words appearing thereafter shall be omitted.

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

> That for section 2 of the Railways (Transport of Goods) (West Pakistan Amendment) Ordinance 1967, the following be substituted, namely : –
>
> "In the Railways (Transport of Goods) Act, 1947 (Act XII of 1947), in its application to the Province of West Pakistan, in Section 1 (3) the comma appearing after the word and figures "March, 1947" shall be substituted by a full-stop and the words appearing thereafter shall be omitted.

Minister of B.D. & Local Government : Opposed.

Mr. Speaker : Yes, Khawaja Sahib.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ میں اس ترمیم کے

بعد اصل قانون کی دفعہ ۱ کی ذیلی دفعہ ۳ کا ذکر کرتا ہوں جس کو اس طرح پڑھا جائے گا ۔

It shall come into force on the 25th day of March 1947.

اور اس کے بعد یہ الفاظ جو میں پڑھتا ہوں ۔

and shall remain in force for twenty years only.

اور اس موجودہ آرڈیننس کے ذریعے جہاں ۲۰ کو ۲۳ کر دیا گیا ہے یہ حذف ہو جائے گا ۔

Mr. Speaker : Does the Member want to make it permanent ?

خواجہ محمد صفدر ۔ جی ہاں جناب والا ۔ میں اس قانون کو جس کی میعاد ۳ سال تک بڑھانے کے لئے محترم وزیر قانون نے یہ آرڈیننس اپنی تحریک کے ذریعے سے ایوان میں پیش کیا ہے میں اس قانون کو مستقل کرنے کے لئے ترمیم پیش کر رہا ہوں ۔ جیسا کہ محترم وزیر قانون نے ارشاد فرمایا ہے یہ قانون قیام پاکستان سے قبل متحدہ ہندوستان کی مرکزی حکومت نے ایک سال کے لئے نافذ کیا ۔ اور اس کے بعد سن ۵۰ تک ہر سال یہ قانون ایک ایک سال کے لئے نافذ ہوتا رہا ۔ یعنی ہر سال قبل اس کے کہ اس کی میعاد ختم ہو اس میں ایک سال کا مزید اضافہ کر دیا جاتا تھا ۔ اس کے بعد سن ۵۰ میں اس قانون میں اس طرح ترمیم شروع ہوئی کہ اس کی میعاد میں دو دو سال کا اضافہ ہونے لگا حتیٰ کہ پچھلے سال تک اس قانون میں کم و بیش ۱۳ بار میعاد بڑھانے کے لئے ترمیم کی جا چکی ہے اور اگر اس بار کو بھی ملا لیا جائے تو اب ۳ سال کے لئے ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ

یہ حد درجے کی تضیع اوقات ہے اور اس معزز ایوان کے قیمتی وقت کو ضائع کرنا ہے۔ جس قانون کے بغیر یہ حکومت اپنا کاروبار گذشتہ ۲۰ سال سے نہیں چلا سکی اور جس قانون کو آئندہ وہ مزید ۳ سال کے لئے جاری رکھنا چاہتی ہے یعنی جس کی میعاد اس آرڈیننس کے جاری ہونے کے بعد ۲۳ سال ہوگئی ہے اس قانون کے متعلق اگر میں یہ کہوں کہ اگر ہماری گورنمنٹ یا صوبائی گورنمنٹ یہ محسوس کرتی ہے کہ اس کی ضرورت ہے تو بجائے اس کے کہ بار بار محض میعاد بڑھانے کے لئے اس ایوان کا وقت ضائع کیا جائے میں چاہتا ہوں کہ اس کو مستقل کر دیا جائے ۔ بڑی آسان سی بات ہے کہ جب حکومت کو ان اختیارات کی ضرورت نہ ہوگی جو اس قانون کے ذریعے انہوں نے ۱۹۳۹ء سے حاصل کر رکھے ہیں تو یہ ایوان ان کو منسوخ کر سکتا ہے ۔ ایک فقرے پر مشتمل ایک بل کے ذریعے منسوخ کیا جا سکتا ہے اس وقت ہم بھی حکومت کو داد دیں گے کہ جن اختیارات کو انہوں نے غیر ضروری سمجھا ان کو ترک کر دیا ۔ یہ بڑی اچھی بات ہے ۔ جناب والا ۔ میں ان لوگوں میں سے ہوں جو اس امر میں یقین رکھتے ہیں کہ گورنمنٹ خود اچھی ہو یا بری مجھے اس سے اتفاق ہو یا نہ ہو لیکن اختیارات کے بغیر وہ نہیں چلائی جا سکتی تو اس کو بطریق احسن چلانے کے لئے اختیارات کا ہونا ایک لازمی امر ہے ۔ میں ان لوگوں میں سے نہیں ہوں جو کہ صرف اس بنا پر کہ میں اپوزیشن میں ہوں کہہ دوں کہ فلاں اختیارات حکومت کے پاس نہیں ہونے چاہئیں ۔ جو اختیارات کہ اس صوبے کے کاروبار کو احسن طریقہ سے چلانے کے لئے لازمی ہیں اس میں اختلاف ہو سکتا ہے ان کو کسی وقت غیر ضروری تصور کیا جا سکتا ہے ۔ مثال کے طور پر زیر بحث آرڈیننس کو لے لیجئے ۔ ہمارے صوبے کے حالات کچھ اس قسم کے ہیں کہ ہمیں بہت کم دو طرفہ ریلوے ٹریفک میسر ہے ۔ ہمیں کراچی سے ملک میں

اناج کی کمی کی وجہ سے درآمد شدہ اناج اپنی اس بندرگاہ سے صوبے کے اندرونی حصوں تک پہنچانے کے لئے ہمیں گاڑیوں کی اشد ضرورت ہوتی ہے۔ اس حد تک کہ اندرون صوبہ سے خالی گاڑیاں کراچی تک پہنچائی جاتی ہیں اگر حکومت کو یہ اختیار نہ ہو تو کس قدر مشکل کام ہو جائے۔ پھر یہ ہے کہ priorities مقرر کر دیں یا یہ کہ گندم کے جہاز کراچی پورٹ پر ایک مدت تک ٹھہرے رہیں اور ان پر demurrage بھی پڑے اور لوگ بھوک کا شکار ہوں۔ اسی طرح بلوچستان سے ہم کوئلہ حاصل کرتے ہیں۔ ہمیں کوئلے کے لئے گاڑیاں بھیجنی ہوتی ہیں تاکہ کوئلے سے متعلق جو ضروریات ہیں وہ پوری ہو سکیں تو اس لئے یہ ایسا قانون ہے جس کے تحت جو اختیار حکومت کو حاصل ہے وہ درست ہے جس کو کہ وہ اپنے پاس ۳ سال کے لئے رکھنا چاہتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر وہ تین سال کے لئے چاہتے ہیں تو بہتر ہوگا کہ اس کو مستقل کر دیا جائے اور کسی وقت اگر ۳ سال کے بعد جب ہمارے حالات اس قسم کے ہو جائیں کہ ہمیں ان اختیارات کی ضرورت نہ ہو یا یہ کہ ریلوے کے حالات بہتر ہو جائیں تو ہم قانون سازی کر سکتے ہیں کہ ان اختیارات کی اب ضرورت نہیں لیکن جب تک ہمارے پاس انجن اور ویگنیں کم ہیں اور ہمیں priorities fix کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر ہمیں ویگنیں مل جائیں تو پھر کوئی دقت نہیں اور گورنمنٹ کی ضروریات پوری کی جا سکتی ہیں تو جب تک حکومت کے پاس خاطر خواہ تعداد میں ڈبے میسر نہ ہوں کہ جن سے مال کے ادھر ادھر لے جانے میں سہولت پیدا ہو اس وقت تک جیسا کہ گورنمنٹ سمجھتی ہے اور میں بھی سمجھتا ہوں یہ اختیارات ان کے پاس ہونے چاہئیں۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں لینا چاہئے۔ وزرا صاحبان شاید اس سے یہ مطلب لیں کہ میں گورنمنٹ کو غیر ضروری اختیارات دینے کے حق میں ہوں ---- نہیں ----

جناب والا ۔ میرا اس تقریر سے جس کی رو سے میں اس قانون کو دوام بخشنا چاہتا ہوں یہ مطلب نہیں کہ میں گورنمنٹ کو اور اختیارات دینے کے لئے بھی تیار ہوں یا اسے ایسے اختیارات دینے کے حق میں ہوں جن کے ذریعے عوام کے بنیادی حقوق گورنمنٹ چھین سکے یا غصب کر سکے یا وہ شہری آزادیاں جو کہ ہر مہذب اور ترقی یافتہ ملک کے عوام کو حاصل ہیں وہ چھینی جا سکیں ۔ میں کسی صورت میں ایسے قوانین کے حق میں نہیں ہو سکتا جن سے یہ گورنمنٹ یا کوئی اور گورنمنٹ پریس کی آزادی کو سلب کرنے میں تخصیص کے ساتھ یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بعض اس قسم کے اختیارات ہیں جن کے بغیر حکومت کا کاروبار چل نہیں سکتا ۔ وہ حکومت کے پاس ہونے ضروری ہیں خواہ وہ اس قسم کی بری بھلی حکومت ہی کیوں نہ ہو ۔ میں نے اپنی پوزیشن کو نہایت واضح الفاظ میں عرض کر دیا ہے کہ میں کسی قسم کے وہ اختیارات اس بہتر سے بہتر حکومت کو بھی دینے کے لئے تیار نہیں جن کے غلط استعمال سے کسی کی شخصی آزادی چھینی جا سکے ۔ یا کسی کو حدود میں بند کیا جا سکے یا کسی جائیداد کو ناجائز طور پر تصرف میں لایا جا سکے ۔ یا جن سے پریس کا قلم توڑا جا سکے ۔ یا زبان پر تالا لگایا جا سکے ۔ میں ایسے اختیارات کسی حکومت کو تفویض کرنے کے لئے تیار نہیں ہوں ۔ (قطع کلامیاں) یہ بات تو میں آپ کے حق میں کر رہا ہوں ۔ جناب والا ۔ ان کا دماغ ایسا الٹا ہے اگر ان کے حق میں بات کی جائے تو چونکہ وہ اس طرف سے آتی ہے اس لئے وہ اسے قبول نہیں کرتے ۔ جناب والا ۔ میری ترمیم ان کو مزید اختیارات بخش رہی ہے ۔ اگر یہ نہیں لینا چاہتے تو ان کی مرضی ہے ۔

چشم ما روشن دل ما شاد

مسٹر حمزہ (لائل پور ۔ ۶) ۔ جناب سپیکر ۔ قائد محترم نے بجا طور پر

فرمایا ہے کہ ہم حکومت کو وہ اختیارات دینا چاہتے ہیں جو اس وقت اس کے پاس نہیں ہیں - یہ وہ حکومت ہے جو اختیارات کو ناپسند نہیں کرتی بلکہ یہ ہر وقت اختیارت لینے کی بھوکی رہتی ہے - خدا معلوم آج یہ حکومت اپنی سابقہ عادت کو کیوں ترک کئے ہوئے ہے -

جناب سپیکر - جہاں تک ریلوے کی بار برداری کے سلسلہ میں ترجیحات مقرر کرنے کے اختیار کا تعلق ہے میں ذاتی طور پر اور میرے خیال میں اس معزز ایوان کا ہر رکن اور مغربی پاکستان کی تمام آبادی یہ جانتی ہے کہ جس طرح باربرداری کے لئے یہ ڈبے دیئے جاتے ہیں اس میں بہت سے نقائص ہیں - عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ گاڑی کے پہئے کو چلانے کے لئے گریس سے زیادہ رشوت کی ضرورت ہوتی ہے - اس کے باوجود مجھے جناب خواجہ صاحب سے کلی طور پر اتفاق ہے کہ بجائے اس کے کہ اس قانون کو مزید تین سال کے لئے نافذ کیا جائے بہتر ہے کہ آپ اسے ہمیشہ کے لئے نافذ کر دیں - پھر جب کبھی آپ کو اس کی ضرورت نہ رہے آپ اسے منسوخ کر سکتے ہیں - میرے پاس اسکے لئے مختلف وجوہات ہیں -

جناب سپیکر - آپ کو یہ علم ہے کہ ہمارا ملک ایسے دور سے گزر رہا ہے اور اسکا شمار ترقی پذیر ممالک میں ہوتا ہے - زندگی کی ضروریات دن بدن بڑھ رہی ہیں اور ہر ترقی پذیر ملک میں ریلوے ذریعۂ آمد و رفت کے طور پر یا مال برداری کے ذریعہ کے لحاظ سے بہت بڑی اہمیت کی حامل ہوتی ہے - اور جوں جوں ملک مزید ترقی کرے گا ریلوے کو زیادہ اہمیت حاصل ہوتی جائے گی - میرے نزدیک وقت گزرنے کے ساتھ ریلوے کے نظام کی --- اچھا یا برا جیسا بھی اس ملک میں موجود ہے --- ضرورت

بڑھے گی ۔ بلکہ میں یہ کہوں گا کہ ملکی ضروریات بڑھیں گی اور ریلوے انہیں پورا کرنے سے قاصر رہے گی ۔ جناب سپیکر ۔ اگر حکومت کو یہ خیال ہے یا اسکا یہ اندازہ ہے کہ آئیندہ تین سال کے بعد ملک کی ضروریات کم ہو جائیں گی تو اس صورت میں حکومت اس قسم کا ترمیمی ہنگامی قانون لانے میں حق بجانب ہو گی ۔ مگر جیسا کہ وزیر قانون نے بتایا ہے ہمارا تیسرا پنجسالہ منصوبہ ۱۹۷۰ء میں ختم ہو جائے گا ۔ اور اسکے بعد چوتھے منصوبے کا دور شروع ہو گا ۔ اور اس ایوان کے تمام حلقے کلی طور پر متفق ہوں گے کہ جوں جوں وقت گزرتا جائے گا ہماری ضروریات بڑھتی رہیں گی ۔ دوسری طرف اگر حکومت کو یہ خیال ہے کہ اس نے آئیندہ تین سالوں میں اس قسم کا پروگرام بنایا ہے کہ وہ تین سال کے بعد ہزاروں میل ڈبل لائن بچھا دیں گے اور ہزاروں نئے انجن ملک کے اندر بنا لیں گے یا وہ ریلوے کے اتنے ڈبے تیار کر لیں گے جس سے وہ ملک کی تمام ضروریات پوری کر سکیں ۔ پھر تو انہیں زیر بحث قانون کو تین سال تک ہی توسیع دینی چاہئے لیکن جہاں تک مجھے معلوم ہے سوچنا تو کجا حکومت نے کبھی اس قسم کا خواب بھی نہیں دیکھا ہو گا ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کو علم ہے کہ پچھلے بیس سال میں پانچ دس میل فی سال کے حساب سے ریلوے کی نئی لائن بچھائی گئی ہے ۔ یہ ہماری اوسط ہے اور ہم نے ہر سال چند ایک ڈبے جنہیں بوگیاں کہتے ہیں اور جن میں مسافر سفر کرتے ہیں بنائے ہیں ۔ جہاں تک مال بردار گاڑیوں کا تعلق ہے وہ ہم ملک کی ضروریات کے مطابق نہیں بنا رہے ۔ اور اس کیلئے جو خام مال دوسرے ممالک سے درآمد کرتے ہیں ان حالات کے پیش نظر مجھے یہ توقع نہیں کہ اس ملک کا کوئی شخص جس کو اس ملک سے محبت ہے ۔

جو اس ملک کی آبادی کو اور اس ملک کو خوشحال دیکھنا چاہتا ہے خوش ہے - وہ یہ خواہش کرتا ہے اور اسکی یہ تمنا ہے کہ تمام ضروریات ملک کے اندر پوری ہوں اور ایک ایسا وقت آئے کہ وہ اپنے پاؤں پر آپ کھڑا ہو سکے اور صحیح معنوں میں آزاد مملکت کا باشندہ کہلانے کا حق دار ہو - لیکن مجھے ذاتی طور پر یہ علم ہے کہ ہمارے پاس جتنے رولنگ سٹاک اور لائنز موجود ہیں ہمیں ان سے اسقدر کام لینا پڑتا ہے کہ ہم ان کو ضرورت سے زیادہ استعمال کر رہے ہیں اور آئندہ تین سال میں ہمارے سامنے اس قسم کی کسی بھی توسیع کا پروگرام نہیں ہے - بلکہ توسیع کا پروگرام تو کیا ہونا ہے ہمارے پاس اتنے وسائل نہیں ہیں کہ ہم ریلوے کی ضروریات کے مطابق اور اپنی ملکی ضروریات کے مطابق مزید توسیع یا ترقی کر سکیں ریلوے کی نئی لائنیں بچھا سکیں اور مناسب تعداد میں ویگن مہیا کر سکیں - جناب سپیکر - تیسرا ذریعہ یعنی ویگن مہیا کرنا اگر ملک کے اندر ممکن نہیں اگر باہر سے درآمد کرکے ہم اس کمی کو پورا کر سکتے ہیں یا کر سکتے

تھے تو میں ضمناً آپ کی خدمت میں مودبانہ عرض کروں گا کہ ہم عام طور پر یہ کہتے رہتے ہیں کہ ہم اپنے ملک کی تمام ضروریات کو اندرون ملک سے پورا کرنے کیلئے کوشاں ہیں - اور یہ بھی کہتے ہیں کہ بیرونی حملہ سے بچنے کیلئے تمام ضروریات کو یہاں سے پورا کرنے کیلئے تیار ہیں - میں نے برسوں پاکستان ٹائمز میں پڑھا تھا کہ جہاں تک فولاد کی پیداوار کا تعلق ہے اسوقت دنیا کے تمام ممالک چاہے انہیں اپنے ملک کے اندر فولاد مہنگا مہیا ہو - چاہے اسکی تیاری پر اوسط خرچ اپنے ملک میں زیادہ ہی کیوں نہ ہو وہ اپنے ملک کے اندر ہی اسے تیار کرانے پر زور دے رہے ہیں - بلکہ یہاں تک کہ جنوبی کوریا ، جو پاکستان کے مقابلے میں بہت چھوٹا ملک ہے - ملائشیا ، جس کے وسائل پاکستان کے مقابلہ میں بہت

تھوڑے ہیں ، جیسے ممالک نے یا ان ممالک کی حکومتوں نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ فولاد اپنے ملک کے اندر تیار کریں گے ۔ آپ کو بھی اس بات کا علم ہوگا کہ جاپان جہاں پر پگ آئرن یا خام لوہا نہیں ہوتا اور تمام کا تمام خام لوہا دنیا کے دوسرے ممالک سے حاصل کرتا ہے وہ ایک سوئی سے لیکر بحری جہاز تک بناتا ہے محض اپنی ضروریات کیلئے نہیں بلکہ دوسرے ممالک کو بھی برآمد کرتا ہے ۔ لیکن ہماری ترقی کی منازل بہت تیزی سے طے کرنے والی حکومت کو آج تک یہ شرف نصیب نہیں ہوا ۔ اپنے تمام دعوؤں کے باوجود ملکی ضروریات کے مطابق فولاد بنانے کے انتظامات نہیں کر سکی جب کہ ان کو یہ بھی علم ہے کہ ہمارا ہمسایہ دشمن جس کے مقابلہ کیلئے ہم ہر وقت تیار رہتے ہیں آج دنیا کے فولاد بنانے والے ممالک میں اسکا مقام پانچواں ہے ۔ جب تک فولاد ہمارے ملک کے اندر تیار کرنے کا انتظام نہیں ہوتا ہم اپنی ملکی ضروریات کو پورا نہیں کر سکتے ۔ اس حکومت نے جو پالیسیاں اختیار کی ہیں ۔ جو پروگرام بنائے ہیں اسکے مطابق یہ ان کے خواب میں بھی نہیں آیا کہ آئندہ تین سال میں ریلوے کی ضروریات کیلئے فولاد بہم پہنچا سکیں گے ۔ میں کوئی وجہ نہیں سمجھتا کہ ان حالات کے باوجود وہ اس ہنگامی قانون کو محض تین سال تک ہی زندگی بخشنا چاہتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ تیسرا ذریعہ جو ملکی ضروریات اور ٹرانسپورٹ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے مفید ثابت ہوتا ہے ۔ کارآمد ہو سکتا ہے وہ بیرونی امداد ہے ۔ جہاں تک مجھے علم ہے اس حکومت کو اسکا تلخ تجربہ ہوگا کہ بیرونی امداد جن شرائط پر پچھلے سال سے پہلے اور جتنی مقدار میں ہمیں مہیا کی جاتی رہی ہے وہ آئندہ تین سالوں میں اتنی مقدار میں اور ان

شرائط پر آپ کو مہیا نہیں کی جائے گی ۔ آج دنیا میں اگر کوئی ملک فولاد کے کارخانے سب سے زیادہ ایکسپورٹ کرتا ہے اور دنیا میں اگر کوئی ملک steel goods کیلئے سر فہرست ہے تو وہ امریکہ ہے ۔ امریکہ کا جو رویہ ہمارے ملک کے ساتھ ہے وہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ہے ۔ وہ نظریہ جس پر ہماری حکومت آج تک تکیہ کرتی رہی ہے ۔ جہاں سے تمام چیزیں درآمد کرتی رہی ہے ۔ مختلف شکلوں میں قیمتاً بھی اور امداد کی شکل میں بھی وہ اشیا ان تین سالوں میں جہاں تک میرا اندازہ ہے مہیا نہیں ہو سکیں گی ۔

Malik Muhammad Akhtar : Sir, on the printed agenda which I have got with me there is No. 2.

مسٹر سپیکر ۔ میں نے آپ کو پہلی ترمیم کے پیش کرنے کے لئے پکارا تھا لیکن آپ ایوان میں موجود نہیں تھے ۔ اس لئے وہ پیش نہیں کی جا سکی ۔ پھر دوسری ترمیم move ہوئی تو اس پر میں نے اعتراض کیا اور اس اعتراض کو آپ نے تسلیم بھی کر لیا ۔ تو اس لحاظ سے اب آپ کی ترمیم نمبر ۳ ہی پیش ہو گی ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ اس کے متعلق میرے نام پر دو ترامیم ہیں ۔ مجھے ایجنڈے کی revised copy نہیں ملی ہے ۔ بہر حال میں یہ ترمیم پیش کئے دیتا ہوں ۔

Malik Muhammad Akhtar : I beg to move —

> That the full-stop appearing at the end of section 2 of the Industrial Disputes (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, be replaced by a colon and the following provisos be added thereafter, namely :—
>
> "Provided that certificate under the provisions of sub-section (4) shall only be issued to a Registered Trade Union who possess the largest number of members as compared with all

other Unions in such Industry or Industries but the number of its members shall not be less than 10 per cent of the total number of workmen employed in such Industry or Industries: Provided further that the office-bearers of the Registered Trade Unions shall only institute or withdraw a suit if a resolution to that effect is passed by the Executive of the Union and Executive may from time to time issue instructions for conducting the suit."

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

That the full-stop appearing at the end of section 2 of the Industrial Disputes (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, be replaced by a colon and the following provisos be added thereafter, namely :—

"Provided that certificate under the provisions of sub-section (4) shall only be issued to Registered Trade Union who possess the largest number of members as compared with all other Unions in such Industry or Industries but the number of its members shall not be less than 10 per cent of the total number of workmen employed in such Industry or Industries: Provided further that the office-bearers of the Registered Trade Unions shall only institute or withdraw a suit if a resolution to that effect is passed by the Executive of the Union and Executive may from time to time issue instructions for conducting the suit."

Minister of Labour & Jails: I oppose it.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر - میری ترمیم Industrial Disputes (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1959 کی اس دفعہ کے متعلق ہے جس دفعہ کے تحت جناب وزیر محنت ایک غلطی کو صحیح کرنا چاہتے ہیں - لیکن چونکہ اس کی نوعیت اس قسم کی ہے - میں سیکشن نمبر ۵ کے سب سیکشن نمبر ۵ پر بحث کرنا چاہتا ہوں - جناب سپیکر - آپ مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ انہوں نے مذکورہ آرڈیننس میں جو طریق کار اختیار کیا ہے وہ یہ ہے کہ ہر

انڈسٹری میں خواہ وہ پرائیویٹ سیکٹر سے تعلق رکھتی ہو ، خواہ پبلک سیکٹر سے تعلق رکھتی ہو ، انہوں نے یہ طریق کار اختیار کیا ہے کہ جو یونین زیادہ سے زیادہ نمائندہ ہو ، اس کے مقابلے میں ایک خود ساختہ یونین قائم کر لیتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں International Conventions کا ذکر نہیں کرونگا کیونکہ اس کے متعلق پہلے عرض کر چکا ہوں لیکن یہ عرض کروں گا کہ انہوں نے اس سے انحراف کرنے کی کوشش کی ہے ۔ اور اسے منفی کرنے کے لئے میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے ۔

Minister for Labour & Jails: Point of order Sir.

Sir, the amendment moved by the Member is beyond the scope of this amending Ordinance. I am afraid this amendment is not in order, as it is intended to amend the provisions of the Ordinance of 1967 which is not under discussion. We are, at the moment, discussing another Ordinance of 1967, to amend Section 5 (6) and this is a very minor amendment moved due to a typo-graphical error which occurred in this provision of the Ordinance and this is only intended to remove this error. I am afraid, Sir, that any amendment which goes beyond the scope of this amendment, would be out of order.

Mr. Speaker : Government is amending Section 5 (6) of the Industrial Disputes Ordinance of 1959. Isn't it? And Malik Muhammad Akhtar wants to add two provisos to that clause.

Minister for Labour: Sir, we are amending the same clause but the provisos which are to be added, would, I am afraid, go beyond the scope of the amending Ordinance. The subject matter contained in this amending provision ...

Mr. Speaker : But if Government amends a particular clause, then definitely the Member has got a right to amend that clause.

Minister of Labour : The Member has a right to make any amendment in the provision which is contained in this Ordinance. But if an amendment

is allowed to be moved which changes the shape of the provision of an original Ordinance or Bill, then this would go beyond the scope of that provision.

Mr. Speaker : Do these provisos not affect the amendment which is being made in the Ordinance, by this Ordinance?

Minister for Labour : That would be; the amendment which has been moved by the Member would change the object and meaning of the provision contained in the Ordinance of 1966, whereas what I want to point out Sir, is this that he will be within his right to make any amendment to the provision of Section 2 of this Ordinance which is under discussion.

Mr. Speaker : Will not these provisos cover the amendment which Government is now making by this Ordinance?

Minister for Labour: Sir, this is for you to decide. But my humble submission is that the amendment is not in order, because the amendment does not relate to the provision of this Ordinance.

Mr. Speaker : There is only one provision in the Ordinance of 1967. This Ordinance makes an amendment in the Industrial Disputes Ordinance of 1959.

Minister for Labour : Of 1959.

Mr. Speaker : No.

> **"...for the word "employees", the word "employers" shall be substituted, and shall be deemed to have been so substituted with effect from fifth November, 1966".**

That is only the date.

Minister for Labour : It is true. But we amended this Ordinance in December last and that was amending Ordinance 1966.

Mr. Speaker : But now the Government is seeking amendment in the Industrial Disputes Ordinance, 1959.

Minister for Labour: Even if it is taken like that, the amendment does not relate to this provision. It will relate to the original Ordinance.

Mr. Speaker : If this Ordinance is approved by the Assembly and for the word "employees" the word "employers" is substituted, will these provisos not cover that amendment?

Minister for Labour : Which Sir ?

Mr. Speaker : Which the Government is now having through this ordinance.

Minister for Labour: Of course, Sir.

Mr. Speaker : Then the amendment would be in order. Yes, Malik Muhammad Akhtar.

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ میں تو محض مزدوروں کا تحفظ چاہتا ہوں اور اس کے لئے میں نے اس میں دو proviso ایزاد کئے ہیں - یعنی sub-section 5 of sect 5 of the Industrial Disputes, Ordinance 1959 اور میں اس کا ہلکا سا explanation دوں گا - اس میں یہ طریق کار اختیار کیا گیا ہے کہ ہر مالک نے خواہ وہ Private Sector میں ہو یا Public Sector میں اپنی خود ساختہ یونین بنائی ہوئی ہیں اور Trade Employees Act کو violate کرتے ہیں کیونکہ اس کے تحت ہی کوئی یونین بن سکتی ہے - جو recognised ہو اور جس کا نمبر highest ہو -

میں جذبات کی رو میں نہیں بہہ جاؤں گا بلکہ ادب سے گذارش کرونگا کہ میں نے جو proviso لگایا ہے وہ اس لئے ہے کہ غریب مزدور کا تحفظ ہو -

جناب سپیکر - ہمارے worthy منسٹر صاحب واقف ہوں گے اور آپ نے تو بالخصوص الیکشن کا دور دیکھا ہے - آپ بخوبی جانتے ہیں -

کہ ایک dummy candidate بنا دیا جاتا ہے ۔ اسی طرح مالکوں نے جن کا سرمایہ 300 millions سے 1100 millions تک پہنچ چکا ہو یعنی ۱۹۴۱ سے ۱۹۶۴ تک ۔ انہوں نے dummy unions بنا رکھی ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ یہ جو dummy unions ہیں میں چاہتا ہوں کہ ان کا قلع قمع کر دیا جائے ۔ اگر آپ Industrial Disputes Ordinance 1959 کی دفعہ ۵ پر غور فرمائیں جس میں یہ proviso لگا رہا ہوں تو آپ دیکھیں گے کہ کسی بین الاقوامی ادارے یا ملک میں right of strike پر پابندی نہیں۔ لیکن انہوں نے دفعہ ۵ کے تحت جو یونین strike کرنا چاہے اس کے متعلق کہا ہے ۔

اگر کوئی یونین سٹرائک کرنا چاہے تو recognised شرط جو ان کے مطابق ہے وہ یہ ہے کہ وہ نوٹس آف سٹرائک دیگی اور نوٹس کے بعد Conciliation آفیسر کا تقرر ہوگا ۔ Conciliation آفیسر اگر declare کرے کہ Conciliation فیل ہو گئی ہے تو پھر یہ انڈسٹریل Disputes آرڈیننس کے تحت قائم کردہ عدالت میں معاملہ جا سکتا ہے۔ جناب سپیکر۔ اب وہاں پر پارٹی کون بنے گا ۔ یہ ہمارا پراویژن اس کے متعلق ہے ۔ یہ کہتے ہیں کہ ان کا جو پرانا قانون ہے اس کے مطابق کوئی بھی recognised ٹریڈ یونین پارٹی بن سکتی ہے میں کہتا ہوں کہ وہاں پر بناسپتی قسم کی یونین نہ ہونی چاہئے اور ان کا representation نہ ہونا چاہئے (ہمارے پنجابی میں کہتے ہیں کہ کشتی نورا نہ ہونی چاہئے) انہوں نے ملک میں خود ساختہ بہت سی unions بنا لی ہیں اور ان کے ذریعہ سے اور ان کو آگے کرکے یہ اپنے خلاف دعویٰ کرا کے پھر اس کو withdraw کرا لیں گے پھر اپنی شرائط ان سے منوا لیں گے ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہاں healthy traditions ہونی چاہئیں ۔ میں یہاں پر ریلوے سٹرائک کا مسئلہ نہیں چھیڑوں گا لیکن وہ نہایت ہی افسوسناک واقعہ ہوا ہے

اور جناب کرمانی صاحب مجھ سے اتفاق فرمائیں گے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ نے فرمایا تھا کہ وہ مسئلہ نہیں چھیڑوں گا ۔

ملک محمد اختر ۔ ایک آدھ لائن ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ ایک لائن بھی نہ چھیڑئیے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر۔ مجھے ان سے یہ گذارش کرنی ہے کہ ٹریڈ یونین کو ٹریڈ یونین ایکٹ سنہ ۱۹۲۶ کے تحت آپ کو رجسٹر کرنا ہے یا recognise کرنا ہے اس پر اب یہ proviso لگا دیجائے ۔ ۔ ۔ جناب آپ کے اس ایوان کے نمائندہ بھی اکثریت سے منتخب ہو کر آئے ہیں ۔ اسی طرح ہر ادارہ میں ٹریڈ یونین ہوتی ہیں مثلاً واپڈا کی یا ریلوے کی اور اسی طرح مختلف شعبہ جات کی تو collectively جو سب سے بڑی نمائندہ یونین ہو اور جس کی رکنیت زیادہ ہو آپ اس یونین کو یہ حق دے دیں کہ وہ مزدوروں کی نمائندگی کرے ۔ جناب سپیکر ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اس proviso کی کیا مخالفت ہو سکتی ہے جبکہ میرے پاس فاضل نوجوان وزیر کے بیانات کی جو انہوں نے مزدوروں کے متعلق دئے ہیں کم سے کم ۵۰ cuttings موجود ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ آپ کا خیال ''وزیر کی کٹنگ،، ؟

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ اور میں اپنے فاضل وزیر سے یہ عرض کروں گا کہ انہیں اس proviso پر کیا اعتراض ہے :۔

"Povided that certificate under the provisions of sub-section (4) shall only be issued to a Registered Trade Union who possess the largest number of members as compared with all other Unions in such Industry or Industries ."

یعنی میں یہ کہتا ہوں کہ جو نمائندہ یونین ہو آپ اس کو سرٹیفیکیٹ دے دیں کہ وہ انڈسٹریل کورٹ میں چلی جائے اور یہ سرٹیفیکیٹ Conciliation آفیسر جاری کریگا اور یہ کس کو دیا جائیگا ؟ یہ مزدوروں کی نمائندگی کرنے والی اس یونین کو دیا جائیگا جس کے سب سے زیادہ ممبر ہوں ۔ جناب اس سلسلے میں مجھے یہ گذارش کرنی ہے کہ میں نے یہ بھی شرط لگا دی ہے کہ آپ دس آدمیوں کی یونین نہ بننے دیں اور وہ یہ ہے ۔

"...but the number of it m embers shall not be less than 10 per cent of the total number of workmen employed in such Industry or Industries;"

یعنی میں یہ نہیں کہتا کہ اگر کوئی business یونین ہو تو اس کو representation کا موقع نہ دیا جائے میں چاہتا ہوں کہ ایک حق جو مزدوروں کو انڈسٹریل Disputes آرڈیننس کے تحت دیا گیا ہے جس میں عدالتیں قائم کی گئی ہیں اور اس وقت صوبے میں تین سو عدالتیں ہیں جہاں کہ داد رسی کی جاتی ہے لیکن جو نمائندہ یونین نہیں ہے اس کو وہاں جانے کا حق نہیں ہے اور اس طرح abuse of powers نہیں ہو گا ۔ اب میں دوسری دفعہ پر جاتا ہوں وہ اس سے بھی زیادہ خراب ہے ۔ میرا مطلب یہ ہے کہ عام طور پر یونین کے office bearers کو victimise کیا جاتا ہے تو میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ

"Provided further that the office-bearers of the Registered Trade Unions shall only institute or withdraw a suit if a resolution to that effect is passed by the Executive of the Union and Executive may from time to time issue instructions for conducting the suit."

ویسے تو مجھے اپنے ملک کے مزدور لیڈروں کی نیت پر ہرگز حملہ نہیں کرنا ہے لیکن میں اس مقدمہ بازی کو جمہوری بنانے کی گذارش کرتا ہوں اگر ایک مقدمہ دائر کیا گیا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

چودھری محمد سرور خان۔ جناب والا۔ مقدمہ بازی کیسے جمہوری بن سکتی ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ یہ properly representative بنانے کے لئے چاہئے ۔

Mr. Speaker : Let Malik Akhtar explain it.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ مقدمہ بازی جمہوری اس طرح بنتی ہے کہ جمہور کے نمائندوں کو عدالت میں جا کر جمہوری حقوق ملیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب آپ نے کوئی جمہوری مقدمہ دائر کیا ہے ۔

میاں محمد شفیع ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب ملک صاحب نے سیاست ہی اختیار کی ہے ابھی کوئی مقدمہ نہیں لیا ہے ۔

Mr. Speaker : That is no point of order.

ملک محمد اختر ۔ جناب مجھے یہاں بیٹھکر کمشنر اور گورنر سے کوئی کام نہیں لینا ہے اور وکالت میں نے اس لئے نہیں کی کہ ہائی کورٹ کے قابل نہیں ہوں اور چھوٹی عدالتوں میں وکالت کرنا نہیں چاہتا ۔ (خوب ۔ خوب) ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ ۔ ۔ ۔

جناب اگر میں اپنے کسی محسن کا شکریہ ادا کروں تو اس پر - - - -

Mr. Speaker: Provided that is relevant.

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ رجسٹرڈ ٹریڈ یونین کی جانب سے سیکریٹری یا دوسرے دو چار پانچ آدمی جو مقدمہ بازی کرتے ہیں ان کو win over کرنے کی کوشش کی جاتی ہے تاکہ وہ مقدمہ نہ کریں - آپ جانتے ہیں کہ ایسے بھی صنعتی ادارہ ہیں مثلاً بونس کا معاملہ ہے میں سمجھتا ہوں کہ ان میں سے ایک سو سے زیادہ ایسی فرمیں ہیں جنہیں ۵۰ لاکھ سے زیادہ بونس دینا پڑتا ہے اور مزدور بونس کے سلسلے میں حق رسی کے لئے مقدمہ بازی کرتا ہے - اگر کسی office bearers کو مقدمہ کا اختیار نہ ہوگا تو اس کے لئے یہ proviso add کیا گیا ہے -

Provided further that the office-bearers of the Registered trade unions shall only institute.

یعنی وہ کسی کے influence کے تحت dispute کو withdraw نہ کریں جب تک کہ اس یونین کی ایگزیکٹو جس کے ممبران کی تعداد کم و بیش ۱۰ فیصدی ممبران سے کم نہ ہو واپس نہ کرے اور ایگزیکٹو ہی اس یونین کی from time to time conduct کرے - میں سمجھتا ہوں کہ یہ میرا ایک چھوٹا سا نکتہ ہے اس کے بعد میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

چودھری انور عزیز (سیالکوٹ - ۴) - جناب والا - ویسے تو ملک صاحب جمہوریت کا ڈھنڈورا پیٹتے ہیں اور عدالت میں چومکھی لڑانے کے بھی قابل ہیں لیکن اگر آپ ان کے دو proviso غور سے دیکھیں گے تو

ان سے کوئی جمہوری حق نہیں ظاہر ہوگا ۔ جس کا یہ ذکر کر رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ یہ چومکھی نہیں ہے یہ چھکا ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ ہمیں بھی ایک باؤنڈری لگا لینے دو ۔

چودھری انور عزیز ۔ جناب والا ۔ ملک محمد اختر صاحب کی جو proviso ہے وہ یہ کہتی ہے کہ صرف وہی یونین رجسٹر کی جائے جس کے زیادہ سے زیادہ ممبرز ہوں یعنی جو یونین کے ممبرز نہ ہوں گے ان کے لئے یہ حکم اس طرح فرمایا جا رہا ہے کہ ان کو کہیں نمائندگی نہیں ملے گی اور وہ کسی کورٹ میں نہیں جا سکتے ۔ دوسری بات وہ یہ فرماتے ہیں ۔ کہ اگر ۱۰ فیصد سے کم آدمی رہ جائیں اور ان کے صحیح قسم کے genuine grievances نہ ہوں تو وہ کسی عدالت میں نہیں جا سکتے ۔ حالانکہ جمہوریت کا فرض ہے کہ اگر کسی مزدور کو کہیں تکلیف ہوتی ہے وہ اسے اس بات کی اجازت دے کہ وہ بھی انڈسٹریل کورٹ میں جا سکے ۔ وہ کہتے ہیں کہ میں ہر طرح جمہوریت کی بقا کے لئے کوشاں ہوں حالانکہ میں سمجھتا ہوں کہ جس قدر مزدور کی تکلیف اور پریشانی میں کمی ہونی چاہئے وہ نہیں ہو رہی ۔ اس کے بعد وہ فرماتے ہیں کہ صرف ٹریڈ یونین ہی مقدمہ کر سکتی ہے اور جب تک اس کی ایگزیکٹیو ریزولیوشن پاس نہ کرے تو وہ مقدمہ نہیں کر سکتی ۔ جناب والا ۔ ہم جانتے ہیں کہ کس طرح ٹریڈ یونین بنتی ہیں اور کس طرح ان کی نمائندگی ہوتی ہے اور کس طرح ان کے ساتھ زیادتیاں کی جاتی ہیں اور مزدوروں کے ساتھ یہ ٹریڈ یونین مظالم ڈھاتی ہیں ۔ کیا ٹریڈ یونین کا مطلب یہی ہے کہ اگر مزدور

لوگ اپنی بقا کے لئے اکٹھا ہونا چاہیں اپنے تحفظ کے لئے وہ اکٹھا ہونا چاہیں تو وہ نہ ہو سکیں اور جب ان کے مفاد کے ساتھ ان کے مفاد کا ٹکراؤ ہو تو یہ سہولت ضرور ہونی چاہئے کہ مزدور لوگ کسی نہ کسی عدالت میں جا سکیں ۔ تو ملک صاحب کی proviso کے بعد اس چیز کی کوئی گنجائش نہیں رہتی ۔ میں دریافت کرتا ہوں کہ وہ مزدور جن کی نمائندگی ٹریڈ یونین نہیں کرتی وہ کدھر جائیں تو ان حالات میں میں سمجھتا ہوں کہ یہ proviso بالکل حذف کر دینی چاہئے ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦) ۔ جناب سپیکر ۔ میں ملے جلے جذبات ۔ جذبات نہیں بلکہ خیالات رکھتا ہوں اور یہ خیالات رکھتا ہوا جناب ملک اختر صاحب کی proviso کے متعلق کچھ اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہتا ہوں ۔

وزیر خزانہ (مسٹر احمد سعید کرمانی) ۔ خیالات تو واضح ہونے چاہئیں - ملے جلے سے بات نہیں چلے گی ۔

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر ۔ جہاں تک صنعتی عدالتوں میں مقدمات دائر کرنے کا تعلق ہے جناب ملک اختر صاحب نے یہ پابندی لگانے کی ضرورت محسوس کی ہے کہ محض ان مزدور انجمنوں کو ایسی عدالتوں سے رجوع کرنے کا حق دیا جائے جو واقعی مزدوروں کی نمائندہ ہوں - اور مجھے ان سے اس ضمن میں کچھ اتفاق بھی ہے ۔ لیکن اختلاف یہ ہے کہ ان کو یہ بات کم از کم جب تک ہماری موجودہ حکومت بر سر اقتدار ہے نہیں کہنی چاہئے - جناب سپیکر - یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ہم اس حکومت کے ہوتے ہوئے ایک غیر نمائندہ حکومت کے ہوتے ہوئے ایک نمائندہ انجمن کو یہ اختیار دے دیں کہ وہ صنعتی عدالت میں چلی جائے ۔ لازم ہے کہ اگر حکومت غیر نمائندہ ہے تو

ایک غیر نمائندہ انجمن کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ صنعتی عدالت میں جا کر مزدوروں کی برائے نام نمائندگی کرے ۔ جناب سپیکر۔ آپ کو یہ بھی علم ہوگا ابھی چند دن پہلے ایک تحریک التوا جناب خواجہ محمد صفدر صاحب نے ایک انجمن کے ایک لیڈر کے بارے میں پیش کی تھی اور وہ یہ تھی کہ اس کو تیسری بار ضلع لائلپور کی حدود سے باہر نکالا گیا ۔ جناب سپیکر ۔ اب حال تو یہ ہے کہ اگر صنعتی عدالت میں مقدمہ دائر کرنے کا فرض کسی انجمن کے ذمہ دار عہدہ دار پر عائید کر دیا جائے اور اس کو یہ اختیار دیا جائے کہ وہ صنعتی عدالت میں چارہ جوئی کر سکے اور اتفاق سے وہ مزدور لیڈر لاہور کا رہنے والا ہو اور وہ اس صنعتی ادارے کا نمائندہ ہو جو کہ لاہور میں واقع ہے اور جیسا کہ صنعتی عدالت کا صدر مقام بھی لاہور ہی ہے ۔ اور وہ نمائندہ ۲ یا ٦ ماہ کے لئے ضلع بدر کر دیا جائے تو وہ کس طرح صنعتی عدالت میں جاکر مقدمہ دائر کرے یا اس کی پیروی کرے گا ۔ جناب سپیکر۔ محض سرکاری مقامات پر نہیں بلکہ وہ صنعتی ادارے جنکو حکومت چلاتی ہے اور یہ کھلی ہوئی حقیقت ہے اور جیسا کہ ہر شہری جانتا ہے گو وزرا اس کے بارے میں اپنی لا علمی کا اظہار کر سکتے ہیں لیکن یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ جہاں کہیں مزدوروں کی تنظیم کامیاب ہونے لگے تو حکومت اور بالخصوص محکمہ محنت کی ذمہ داری ہوتی ہے اس محکمہ کا فرض اولین ہے کہ وہ ان میں پھوٹ ڈالے اور ان کے مقابلہ میں ایک من گھڑت قسم کی یعنی اپنے منظور نظر افراد کی ایک انجمن کھڑی کر لے ۔ جناب سپیکر۔ مزدوروں کے اندر جو بیچینی ہے اور بیچینی کی زندہ مثال جو کہ متحدہ ہندوستان میں بھی نہیں ملتی تھی وہ پچھلے دنوں ریلوے کی ہڑتال کی صورت میں ہمارے سامنے آئی ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ حکومت بہادر نے ان کے بہت سے لیڈران کرام کو ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت گرفتار کر کے دبایا ہے ۔ وہ قابل داد ہیں کیونکہ یہ ریلوے کے مزدوروں

کا معاملہ تھا اور آپ نے اس وقت ساری قوم کو قابو میں کیا ہوا ہے تو اس لحاظ سے آپ بہت کامیاب لیڈر ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ جہاں تک مزدوروں کے مطالبات کا تعلق ہے یا ان مطالبات کو کسی صنعتی عدالت میں پہنچانے کا تعلق ہے اس میں یہ بیچارے مزدور بہت بری طرح نام ہوئے ہیں میں ان خیالات کے پیش نظر جناب ملک محمد اختر صاحب سے عرض کروں گا کہ یہ ترمیم جس نیت سے انہوں نے پیش کی ہے ہو سکتا ہے اور جیسا کہ انور عزیز صاحب نے فرمایا ہے اس میں کچھ اتفاقیہ غلطیاں رہ گئی ہوں اور ممکن ہے کہ رہ گئی ہوں لیکن جس نیت سے انہوں نے یہ ترمیم پیش کی ہے آپ کچھ عرصہ کے لئے انتظار کریں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ وہ ہمارے گناہ معاف کر دے اور ایسی نمائندہ حکومت آئے کہ اس قسم کی ترمیم پیش کرنے کا موقع آئے اور پھر اس قسم کی ترمیم کو ان کی نیت کے مطابق منظور کرانے کی جسارت کرے ۔

وزیر خزانہ ۔ خدا آپ کو امتحان میں نہ ڈالے ۔

پارلیمنٹری سیکریٹری (سردار محمد اشرف خان) ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے جناب حمزہ صاحب کی اس سٹیٹمنٹ کی تردید کرنی ہے کہ حکومت نے ریلوے کی ہڑتال کو حکومت نے گولیوں کی بوچھاڑ کر کے یا ان کے لیڈران کو ڈیفینس آف پاکستان رولز کے تحت گرفتار کر کے بند کیا تھا ۔ جناب والا ۔ یہ چیز حقیقت کے بالکل برعکس ہے ۔ یہ لا اینڈ آرڈر کا مسئلہ تھا ۔ جس پر حکومت نے پوری توجہ دی ۔ جہاں تک سٹرائک کے ختم کرنے کا مسئلہ ہے میں حمزہ صاحب کو اطلاع دیتا ہوں کہ ریلوے کے ملازمین کے اکثر مطالبات حکومت نے تسلیم کر لئے تھے اور ان کی ضروریات جو تھیں وہ حکومت نے فوری طور پر پوری کر دی تھیں اور ان کو پورا کرنے کے لئے حکومت کو ۳۰ لاکھ روپیہ سے زائد رقم یا اخراجات برداشت کرنے پڑے ۔

Khawaja Muhammad Safdar : Question !

سردار محمد اشرف خان - جناب سپیکر - ریلوے ملازمین کے تمام مطالبات کو پورا کرنے کے لئے اس سٹرائک کو ختم کیا گیا تھا -

حاجی سردارعطا محمد - پوائنٹ آف آرڈر- جناب والا- میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ

واللہ غالب علیٰ امرہ ولکن اکثر الناس لا یعلمون

(اللہ تبارک و تعالیٰ ہر چیز پر غالب ہے اگرچہ اکثر لوگ یہ نہیں جانتے) -

Minister of Labour & Jails (Malik Allah Yar Khan) : Mr. Speaker, I rise to oppose this amendment. Unfortunately, the Member, who has moved this amendment, has not even made an attempt to read the original Ordinance, that is the Ordinance of 1959, and he has also failed to realize the implication of this amendment which he has sought to move to this Ordinance. The Member wants that "certificate under the provisions of sub-section (4) shall only be issued to a Registered Trade Union who possesses the largest number of members as compared with all other Unions in such Industry or Industries but the number of its members shall not be less than 10 per cent of the total number of workmen employed in such Industry or Industries. Provided further that the office bearers of the Registered Trade Unions shall only institute or withdraw a suit if a resolution to that effect is passed by the Executive of the Union and Executive may from time to time issue instructions for conducting the suit".

Malik Muhammad Akhtar: I don't want to interrupt the gentleman but I humbly rise on a point of order.

جناب سپیکر- یہ جو اس proviso کے الفاظ ہیں یہ ۱۹۲۸ء کے ٹریڈ یونین ایکٹ میں ہیں - جو ابھی تک رائج ہے - اس کی نفی کرنے کا مقصد یہ ہے کہ جو رائج قانون ہے اس کی بھی یہ نفی کر رہے ہیں -

Mr. Speaker : The Member may please takeh is seat.

Minister of Labour & Jails: The Member does not realise that if we accept his amendment we shall be taking away certain rights of the Trade Unions. At present, all the Trade Unions, which are recognised as well as registered and also those workers who are not members of any Trade Union, are entitled to raise a dispute and seek conciliation and adjudication on those disputes. By accepting this amendment we shall be restricting that right only to the Registered Trade Unions. As you will recall, Sir, during the last session when we passed the Ordinance of 1966, an amending Ordinance, we had provided that not only the recognised Trade Unions will be able to raise disputes but all the Registered Trade Unions, as well as those workers who were not members of any Trade Union, will also be entitled to raise disputes. I am afraid it will be a retrograde step because it will be taking away from the workers a right which they already possess. The Member says that certificates should be issued only to the Registered Trade Unions. This excludes the recognised Trade Unions and those workers who are not members of any Trade Union to raise any dispute. I fail to understand how the Member is trying to protect the rights of the labourers. In fact, the present law has given much more rights to the workers of different Trade Unions than the Member has made an attempt to provide for them. This is very clear that the Member has neither read the relevant provisions of the Industrial Disputes Ordinance nor has he realized the implications of this amendment which he has moved.

In the same provision he says —

> **"..... a Registered Trade Union which possess as the largest number of members..."**

Sir, it is very difficult to differentiate between those Trade Unions which have the largest number of members and those which have not. In fact some line of demarcation has to be made between those Trade Unions which possess the largest number of members and which do not possess the largest number of members but the Member has not explained in this proviso as to how is he going to differentiate between those Trade Unions which have the largest number of members and which don't have the

largest number of members. There could be only one Trade Union which could have the largest number of members as compared to others. It will be very difficult to differentiate between more than one Trade Union which has the largest number of members.

In the second proviso the Member says —

> **"the office bearers of the Registered Trade Unions shall only institute or withdraw a suit if a resolution to that effect is passed by the Executive of the Union and Executive may from time to time issue instructions for conducting the suit."**

Now, Sir, at the moment, the practice is that General Secretaries of the recognised Trade Unions or the Registered Trade Unions and the five elected representatives of those workers who do not belong to any Trade Union, have a right to serve us a notice of strike or raise any dispute. If this amendment is accepted then this would exclude those workers who do not belong to any Trade Union or who are not members of any Trade Union whereas for the present not only the workers of Registered and Recognised Trade Unions can raise a dispute or serve a notice of strike but also those workers who are not members of a Registered Trade Union have a right to raise a dispute or serve a notice of strike provided those workers are elected from amongst those workers who are not members of any Trade Union.

If such matters are brought, time and again, before the Executive of the respective Trade Unions for serving a notice of strike or to raise any dispute then this would involve a lot of delay and inconvenience. We know that the office-bearers of these Trade Unions are elected members and they enjoy the fullest confidence of all those workers. It would not be possible for those office-bearers to go and seek approval about any petty matter which crops up from day to day. As is well-known, these office-bearers enjoy the fullest confidence of the workers and they are within their rights. According to Malik Akhtar's proposal it would mean that a Member of the Assembly who has been elected by his constituents, whenever he has to move any adjournment motion or resolution or amendment, he has to go back to his constituents to get their approval to move that adjournment motion or resolution or amendment in the House. But I am sure Malik

Mohd Akhtar will not to this as he enjoys the confidence of his Electorate. Similarly the office bearers who have been duly elected by the workers and who enjoy fullest confidence of the workers, they are not expected to do any such things which are against the interests of the workers and the Trade Unions. Lastly, Sir, if it is found that any Office Bearer has acted in a manner which is detrimental to the interests of the workers, then, Sir, under the rules, the workers have a right to move a vote of no-confidence against him and they can very easily remove that very Office Bearer. The amendment which has been moved by the Member is not only useless but also goes against the interests of the workers themselves.

Mr. Speaker: I will now put the amendment to the vote of the House. The question is:

> **That the full-stop appearing at the end of section 2 of the Industrial Disputes (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, be replaced by a colon and the following provisoe be added thereafter, namely :—**
>
> **"Provided that certificate under the provisions of sub-section (4) shall only be issued to a Registered Trade Union who possess the largest number of members as compared with all other Unions in such Industry or Industries but the number of its members shall not be less than 10 per cent of the total number of workmen employed in sueh Industry or Industries; Provided further that the office-bearers of the Registered Trade Unions shall only institute or withdraw a suit if a resolution to that effect is passed by the Executive of the Union and Executive may from time to time issue instructions for conducting the suit."**

The motion was lost

Mr. Speaker : Next amendment.

حاجی سردار عطا محمد - جناب والا - میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ -

ہنگامی قانون (ترمیم مغربی پاکستان) صنعتی

تنازعات مجریہ ۱۹۶۷ء کی دفعہ ۱ سے قبل مندرجہ

ذیل عبارت ایزاد کی جائے ۔ یعنی :

" بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہنگامی قانون ھذا قرآن پاک و سنت کی

تعلیمات اور مقتضیات کے مطابق ہے " ۔

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is :

That in the Industrial Disputes (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, before section 1, the following words be added namely :—

"In the name of Allah, the Beneficent, the Merciful.
This ordinance is in accordance with the teachings and requirements of the Holy Quran and Sunnah."

Minister for Labour: I oppose this amendment Sir.

حاجی سردار عطا محمد (خیر پور - ۲) جناب سپیکر - مجھے افسوس ہے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے ہاؤس میں بسم اللہ الرحمن الرحیم کے اوپر مخالفت کی جاتی ہے - ہمارے ایک نوجوان دین دار وزیر کے حصہ میں یہ بات آ گئی ہے - (قطع کلامیاں)

" لما تقولون مالا تفعلون " (قطع کلامی)

میں قرآن پاک کی آیات پڑھ رہا ہوں - - - - -

میاں محمد شفیع - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا اکثر دیکھا گیا ہے کہ حاجی صاحب قرآن پاک پڑھنے سے پہلے بسم اللہ نہیں پڑھتے -

میں آپ کی وساطت سے ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ وہ پہلے بسم اللہ شریف پڑھیں پھر قرآن پاک کی آیات پڑھیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ یہ خدا جانتا ہے کہ میں بسم اللہ شریف پڑھتا ہوں یا نہیں ۔ اس کی مخالفت کرنے کے لئے آپ ہیں ۔ جناب والا۔ میری گذارش یہ ہے کہ آپ نے اپنے آئین میں یہ عہد کیا ہے کہ پاکستان میں جو بھی قانون نافذ کریں گے وہ قرآن و سنت کے خلاف نہیں ہو گا ۔ ابھی آپ جو ہنگامی قانون ہاؤس میں لائے ہیں (میں اتنا پڑھا ہوا نہیں ہوں) اس سے خطرہ ہے کہ وہ ہنگامی قانون قرآن و سنت کے خلاف ہے ۔

وزیر محنت ۔ حاجی صاحب آپ نے ہنگامی قانون پڑھا بھی ہے ؟

حاجی سردار عطا محمد ۔ آپ جو بھی قانون بناتے ہیں اس میں بسم اللہ الرحمن الرحیم کے الفاظ شامل کر دیں تو ہمیں یقین ہے کہ خدا کے ڈر سے لاقانونیت نہیں پھیلے گی اور وہ قانون قرآن و سنت کے خلاف نہیں ہو گا ۔ میں ہاؤس کی اور سب ممبر صاحبان کی توجہ اس طرف دلاتا ہوں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ قرآن پاک میں فرماتے ہیں جیسا کہ میرے دوست نے میری رہنمائی کی ہے میں پہلے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ لیتا ہوں ۔ تو

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ولئن اتبعت اھوا ھم من بعد ما جا ء لم من العلم

اور اگر تو پیروی کرے گا ان کی ھوائے (نفسانی) کی اپنے پاس علم آنے

کے بعد

اس لئے لا دینی اور لا مذہبیت سے بچنے کے لئے اس قانون پر ہم پابندی لگا دیں کیونکہ اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو ظالموں میں شمار کرے گا اور ظالموں میں اٹھائے گا ۔ اس لئے میں اس بات کی مخالفت کرتا ہوں ۔ آپ پہلے یہ الفاظ ثبت کریں ۔ میں سب دوستوں کو بتا دیتا ہوں اور یہ میرا فرض ہے کہ میں آپ کو مشورہ دوں کہ جب قرآن پاک پڑھا جاتا ہے ۔ X X X X X *۔

Minister for Finance: Sir, this is very unfair.

یہ بہت زیادتی ہے ۔

(*interruptions.*)

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب آپ اپنے الفاظ واپس لیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ میں اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں ۔

Mr. Speaker: These remarks are expunged from the proceedings of the Assembly.

حاجی صاحب ایسے الفاظ استعمال کرتے وقت سوچ لیا کیجئے اور آپ ایسے الفاظ استعمال نہ کیا کریں ۔

حاجی سردار عطا محمد –

یا ایھاالذین آمنو لا تتخذو آیات اللہ ھزواً ولعباً

"اے ایمان والو اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو کھیل نہ سمجھو"

**Expunged as ordered by the Speaker.*

اس لئے میری گذارش ہے کہ میری اس ترمیم کو قبول کر لیا جائے۔ اور سب سے پہلے یہ الفاظ لکھے جائیں ۔ ان گذارشات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

وزیر محنت (ملک اللہ یار خان) ۔ جناب والا ۔ مجھے افسوس ہے کہ حاجی صاحب نے اس موجودہ ہنگامی قانون کو پڑھنے کی زحمت گوارا نہیں کی ۔ ہنگامی قانون صنعتی تنازعات مجریہ ۱۹۵۹ میں بہت معمولی ترمیم کرنا مقصود ہے اور وہ ترمیم یہ ہے کہ چند ایک الفاظ دفعہ ۵ کی تحتی دفعہ (٦) میں درج کئے گئے اور وہ الفاظ پرنٹنگ کی غلطی کی وجہ سے درج ہو گئے وہ الفاظ یہ ہیں کہ لفظ "employees" استعمال کیا گیا اب مقصد یہ ہے کہ اس کی جگہ لفظ "employers" ہو ۔

Naturally the intention was not "between employees and workmen", but the intention was "between the employers and workmen".

اس چھوٹی سی غلطی کو دور کرنے کے لئے یہ ترمیم کی گئی ہے یہ بہت ہی معمولی سی ترمیم ہے کہ "employees" کی بجائے "employers" درج کیا جائے اس کے بارے میں حاجی صاحب کا خیال ہے کہ یہ ترمیم اور ہنگامی قانون قرآن و سنت کے خلاف ہے ۔ یہ قرآن و سنت کے اصول کے خلاف ہے ۔ میرا خیال ہے حاجی صاحب کو آئین پاکستان پڑھنے کی فرصت نہیں ہوئی ۔ آئین پاکستان کی preamble میں اللہ کا نام لے کر آئین شروع کیا گیا ہے ۔ جب کوئی مسلمان کوئی کام شروع کرتا ہے تو وہ اللہ کا نام لے کر ہی شروع کرتا ہے ۔ یہ ضروری نہیں کہ وہ اونچے الفاظ میں کہہ کر کسی بات کا آغاز کرے ۔ ہر مسلمان کا یہ فرض ہے کہ وہ اپنی طرف سے جو بھی کام شروع کرتا ہے اس میں وہ اللہ کا نام لے کر شروع کرے اور توقع بھی یہی کی جاتی ہے کہ اللہ کا نام لے کر وہ کام شروع کرے ۔

جناب والا ۔ دوسرا یہ جو انہوں نے فرمایا ہے کہ یہ ترمیم اس آرڈیننس میں کرنی ضروری ہے اس آرڈیننس کے جو مندرجات ہوں گے وہ قرآن اور سنت کے خلاف نہیں ہوں گے۔ اس کے متعلق تو میں نے عرض کر دیا ہے کہ آئین پاکستان میں یہ واضح طور پر درج ہے کہ جو قانون بھی پاس ہوں گے ، چاہے وہ صوبائی اسمبلیاں پاس کریں یا قومی اسمبلی پاس کرے ، وہ قرآن اور سنت کے خلاف نہیں ہوں گے اور اگر وہ قرآن اور سنت کے خلاف ہوں گے تو ان کو اسی وقت ہائی کورٹ میں چیلنج کیا جا سکتا ہے ۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ یہ ترمیم غیر ضروری ہے اور اس کو رد کر دیا جائے ۔

Mr. Speaker: The question is :

> That the Industrial Disputes (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, before section 1, the following words be added, namely :—
>
> "In the name of Allah, the Beneficient, the Merciful. This Ordinance is in accordance with the teachings and requirements of the Holy Quran and Sunnah."

The motion was lost.

Mr. Speaker: Next amendment is from Malik Akhtar.

Malik Mohammad Akhtar: Sir, I beg to move :

> That in section (1) of the Industrial Disputes (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, for the brackets and figure "(1)" occurring in line 1, the figure and full-stop "1". be substituted.

Minister of Labour (Malik Allah Yar Khan) : I accept the amendment.

Mr. Speaker: Amendment moved, the question is :

> That in section (1) of the Industrial Disputes (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, for the brackets and figure "(1)" occurring in line 1, the figure and full-stop "1." be substituted.

The motion was carried.

Mr. Speaker: I will now put the Resolution to the vote of the House.

Minister of Labour: Sir, Malik Muhammad Akhtar has not moved his amendment in section 2.

Mr. Speaker: He was not present in the House when I called out his name. The Assembly has not given any decision whatever on that amendment.

Minister of Labour: I have no objectson if the Member moves that amendment.

Mr. Speaker: Yes, Malik Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar ; Sir, I beg to move :

> That in section (2) of the Industrial Disputes (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, for the brackets and figure "(2)" occurring in line 1, the figure and full-stop "2." be substituted.

Minister of Labour: I accept it.

Mr. Speaker: Amendment moved, the question is:

> That in section (2) of the Industrial Disputes (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, for the brackets and figure "(2)" occurring in line 1, the figure and full-stop "2." be substituted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is :

> That the Assembly do approve of the Industrial Disputes (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967, promulgated by the Government of West Pakistan on 5th April, 1967 as amended by the Assembly.

Tha motion was carried.

Mr. Speaker: The resolution for the disapproval of the Industrial (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1967 given notice of by Malik Muahmmad Akhtar - under sub-rule (7) of Rule 89-A stands rejected.

Next Resolution.

THE KARACHI CONTROL OF DISORDERLY PERSONS (AMENDMENT) ORDINANCE, 1967.

Minister of Agriculture (Malik Khuda Bakhsh) : Sir, I beg to move :

> That the Assembly do approve of the Karachi Control of Disorderly Persons (Amendment) Ordinance, 1967, promulgated by the Governor of West Pakistan on 27th April, 1967.

Mr. Speaker : Motion moved is :

> That the Assembly do approve of the Karachi Control of Disorderly Persons (Amendment) Ordinance, 1967, promulgated by the Governor of West Pakistan on 27th April, 1967.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed.

Mr. Speaker : The first amendment in Section 2 is from Malik Muhammad Akhtar. He may please move his amendment.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

> That in Section 2 of the Karachi Control of Disorderly Persons (Amendment) Ordinance, 1967, for the words, commas and inverted commas, "the comma appearing after

the words, "at once," shall be replaced by a "full-stop" and the words appearing thereafter shall be omitted, occurring in lines 2-5, the words, figures and inverted commas "for figures "1967" the figures "1968" be substituted.

Mr. Speaker: Motion under consideration, amendment moved is :

That in Section 2 of the Karachi Control of Disorderly Persons (Amendment) Ordinance, 1967, for the words, commas and inverted commas, "the comma appearing after the words", at once, "shall replaced by a full-stop" and the words appearing thereafter shall be omitted, occurring in lines 2-5, the words, figures and inverted commas "for figures "1967" the figures "1968" be substituted.

Minister of Agriculture : Opposed.

Mr. Speaker : Yes please.

ملک محمد اختر (لاهور - ۲) - جناب سپیکر - مجھے یہ گذارش کرلی ہے کہ نئے آرڈیننس کے تحت Karachi Control of Disorderly Persons Act of 1952 کو جس کی ہم تاحال وقتاً فوقتاً توسیع کرتے رہے ہیں ، اس کو نئے آرڈیننس کی دفعہ ۲ کے تحت اس طرح سے کر دیا گیا ہے - پہلے یہ تھا کہ -

"It shall come into force at once and shall continue in force upto and including the 30th day of April, 1966..."

یعنی یہ اس کو مستقل کرنا چاہتے ہیں - میں نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ اس کو مستقل کرنے کی بجائے ، اگر کراچی میں ایسے ہی حالات موجود ہیں اور اگر disorderly persons یا gross disorderly persons موجود ہیں تو ان کی اصلاح ہو سکتی ہے- یہ تو ایسے قوانین کا نفاذ کرنا چاہتے

ھیں ۔ جس کو بدنام سیاستدانوں نے ۵۲ء سے ۵۸ء تک حیات ابدی نہیں بخشی تھی ۔ یعنی یہ کراچی میں ان کے کہنے کے مطابق غنڈہ ایکٹ کو مستقل کرنا چاھتے ھیں ۔ جہاں تک ھنگامی حالات کا تعلق ھے میں ایسے قوانین کے ساتھ اس حد تک متفق ھوں ، ان کی form میں نہیں بلکہ اپنی ترمیم کی form کی حد تک کہ اسے ۶۸ء تک لے چلئے ، لیکن وہ جو اسے حیات ابدی بخشنا چاھتے ھیں ، مجھے اس پر بہت سے اصولی اعتراضات ھیں ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ انہوں نے Karachi Disorderly Persons آرڈیننس کے تحت کراچی کے چیف کمشنر کو یہ اختیارات دئے ھیں کہ وہ ایک ٹریبونل بنائے جو کہ ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ اور کلکٹر پر مشتمل ھو . . .

Mr. Abdul Qayyum : Point of order. Sir. There is no Chief Commissioner in Karachi.

ملک محمد اختر ۔ آپ کی کتابوں میں تو یہی لکھا ھوا ھے ۔ اب میں کیا کروں ۔ بہر حال جو بھی افسر وھاں پر ھے ۔ اب وھاں کمشنر ھے ۔ I stand corrected. I am indebted to him. جناب والا ۔ یہ دیکھئے کہ یہ انصاف کے تقاضوں ، شہری آزادی اور بنیادی حقوق سے کس طرح انحراف کر رھے ھیں ۔ اور جو مراعات ، جناب سپیکر جن کو آپ اپنی term میں بہت اونچے الفاظ سے یاد کرتے ھیں کہ "ordinary course of law" یعنی یہ ordinary course of law کے بجائے یہ ھنگامی قانون ، اس قسم کے قانون کا نفاذ چاھتے ھیں جن کو کہ وہ کسی وقت بھی misuse یا abuse کر سکتے ھوں ۔

(اس مرحلہ پر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ سید یوسف علی شاہ کرسی صدارت پر متمکن ھوئے)

جناب سپیکر ۔ اندازہ فرمائیں کہ ان کا یہ خیال ھے کہ ان کا کمشنر ایک ٹریبونل constitute کرے گا ۔ جب ٹریبونل constitute ھو گا تو پھر کیا کریں گے ۔ پھر وہ CPC کے تحت جیسا کہ شیڈول میں دیا گیا ھے

دفعہ ۱۷ کے مطابق مقدمات کی سزائیں دیں گے اور وہ PPC سے دو چند ہوں گی ۔

یہ وہ سزائیں ہیں جو ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج دے سکتا ہے ۔ یعنی وہ قید کی سزائیں جو ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کی طرف سے ہی دی جانی مطلوب ہیں ۔ یہاں دو سال سے لیکر جہاں کوڑوں کی سزا بھی موجود ہے یہ ٹریبونل ۵ سال تک مختلف دفعات کے تحت سزا دے سکتا ہے ۔

Kazi Muhammad Azam : Point of order, Sir. I would request the Chair to give a ruling whether it is allowed in this Hall to drink water.

Malik Muhammad Akhtar : Sir I may be allowed; I am an ailing man.

وزیر بلدیات ۔ جناب والا ۔ ہمارے دوست تو صحت کے بڑے دعوے باندھتے تھے اور اب ان کی صحت خراب ہو گئی ہے ۔ (قطع کلامیاں)

ملک محمد اختر ۔ میں تو کبڑا ہو کر مجنوں ہو گیا ہوں ۔

ایک معزز ممبر ۔ X X X *

وزیر بلدیات ۔ جناب والا ۔ مجھے اپنے فاضل دوست کے الفاظ پر اعتراض ہے ، اور وہ اس ہاؤس کی proceeding سے expung کئے جائیں ۔

میں یہ گذارش کروں گا کہ ان remarks کو کارروائی سے expunge کر دیا جائے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ remarks ہاؤس کی کارروائی سے expunge کئے جاتے ہیں ۔

**Expunged as ordered by the Senior Deputy Speaker.*

رانا پھول محمد خان ۔ جناب والا ۔ قاضی صاحب کا پوائنٹ آف آرڈر یہ تھا کہ ھاؤس میں پانی پینے کی اجازت نہیں ۔ اگر ملک صاحب کی صحت اچھی نہیں یا کسی وقت اگر وہ کہیں کہ میں سگریٹ پینے کے بغیر تقریر نہیں کر سکتا تو کیا آپ اجازت دے دیں گے ۔ (قطع کلامیاں)

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔

چودھری محمد سرور خان۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ملک صاحب بیمار ھیں اور اگر وہ چاھیں کہ ان کو یہاں چارپائی اور بستر لانے کی اجازت دی جائے تو کیا وہ لا سکیں گے ۔ (قطع کلامیاں)

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ ھاؤس disorder ہو گیا ھے آپ in order کریں ۔

رانا پھول محمد خان ۔ آپ نے اس بات پر اپنا رولنگ نہیں دیا یا تو کہہ دیں کہ قاضی صاحب کا وہ پوائنٹ آف آرڈر ھی نہیں یا اس پر رولنگ دیں ۔

Kazi Muhammad Azam: I think, Sir, it is very important. We have to sefeguard the dignity of this House. According to me, it will be a contempt of the House to drink water inside the House.

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا ۔ اس میں ھاؤس کے وقار کا سوال ھے ۔ ملک صاحب زیادتی کرتے ھیں ۔ جو ھاؤس میں پانی پیتے ھیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جس امر کی طرف قاضی صاحب نے توجہ دلائی ہے اور بعض ممبران نے اعتراض کیا ہے کہ آج تک دنیا میں کسی ایوان میں ایسی مثال موجود نہیں ۔ کہ ایوان کے اندر کوئی ممبر شدید ضرورت کے ہوتے ہوئے بھی پانی پی سکے ۔ تو میں چیلنج کرتا ہوں کہ وہ ایک بھی ایسی مثال نہیں دے سکیں گے کہ کسی ممبر نے ملک صاحب جتنی لمبی تقریریں کی ہوں ۔

آپ حالات کا جائزہ لیں اس قسم کی چھوٹی سے آپوزیشن جسے خواجہ صاحب ننھی منی آپوزیشن کہتے ہیں یہ اسی ننھی منی سی آپوزیشن کا ننھا منا سا ممبر ہے کیا کبھی آپ نے دنیا کے کسی ایوان میں ایسا دیکھا ہے ۔ اس لئے اگر جناب اختر صاحب تھک جائیں اور ان کو پانی کی ضرورت ہو تو ان کو رعایت دینی چاہئے کہ وہ پانی پی سکیں ۔

(قہقہہ)

وزیر بلدیات ۔ جناب والا ۔ میں حمزہ صاحب سے پورے طور پر اتفاق نہیں کرتا انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ دنیا کے کسی ایوان میں کسی نے ملک صاحب جتنی لمبی تقریریں نہیں کی ہوں گی ۔ میں اس بات کی نہ تو تردید کرتا ہوں اور نہ تائید ۔ کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ کسی شخص نے اتنی لمبی تقریریں کر کے اتنی کم contribution نہیں کی ہو گی ۔

میاں معراج الدین ۔ ملک صاحب تو ہمارے شیر ہیں ۔

میاں محمد شفیع ۔ حمزہ صاحب نے اختر صاحب کی حمایت کر کے ایوان کی ہتک کی ہے ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ میاں معراج الدین صاحب نے ملک صاحب کو شیر کہا ہے ۔ ہمیں تو وہ کسی طرح بھی شیر معلوم نہیں ہوتے ۔ البتہ شیر کی خالہ شاید ہوں ۔ (قہقہہ)

Minister of Food and Agriculture: On a point of information, Sir. Mr. Hamze has said that Mr. Akhtar belongs to the Opposition. I want to know; does he belong to the Opposition?

ملک محمد اختر ۔ میں آزاد ممبر ہوں ۔ لیکن آپوزیشن سے collusion کی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ہم ترقی کر رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ کسی دن وہ ہمارے ممبر بن جائیں گے ۔

وزیر خوراک ۔ میں مبارک باد دیتا ہوں ۔

بیگم اشرف برنی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میری گذارش ہے کہ ہاؤس کو sober ہونا چاہئے ۔ گیلری میں لوگ بیٹھے دیکھ رہے ہیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ قاضی محمد اعظم عباسی صاحب نے ایک پوائنٹ آف آرڈر raise کیا تھا جو ملک محمد اختر صاحب کے ہاؤس میں پانی پینے کے متعلق تھا اس کے بارے میں آپ کو بتا دوں کہ ایوان کے اندر سگریٹ پانی یا کسی اور قسم کی چیز کھانے پینے کی ممانعت ہے اور یہ سب چیزیں ممنوع ہیں ۔ صرف وزیر خزانہ کے لئے یہ کنونشن ہے کہ جب وہ بجٹ کی تقریر کرتے ہیں تقریر کے دوران انہیں پانی پینے کی اجازت ہے اور بالعموم ممبران کو پانی پینے کی اجازت نہیں دی جا سکتی ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ ویسے تو آپ نے جو بھی حکم فرمایا ہے اس کے سامنے سر تسلیم خم ہے ۔ لیکن آپ نے یہ جو فرمایا ہے وزیر مالیات کو بجٹ کی تقریر کرتے ہوئے پانی پینے کی اجازت ہے اور ساتھ ہی آپ نے اسکی یہ وجہ بتائی ہے کہ چونکہ ان کی تقریر لمبی ہوتی ہے اس لئے ان کو اجازت ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں یہ وضاحت چاہتا ہوں کہ کیا جناب سپیکر کی رولنگ پر پوائنٹ آف آرڈر ہو سکتا ہے ۔ جب کہ آپ اپنی رولنگ دے چکے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر۔ میں وضاحت چاہتا ہوں کہ آپ نے اسلئے ان کو پانی پینے کی اجازت دی ہے کہ چونکہ بجٹ کی تقریر لمبی ہوتی ہے اسلئے وہ ایسا کر سکتے ہیں۔ جناب سپیکر۔ میں آپ کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ ہمارے ملک اختر صاحب کی تقریر بھی تاریخی بجٹ کی تقریر سے کچھ کم لمبی نہیں ہوتی ہے لہذا اس کے پیش نظر میں آپ سے التجا کروں گا کہ آپ اپنی رولنگ پر دوبارہ غور فرمائیں ۔ (قہقہہ)

ملک محمد اختر۔ جناب سپیکر۔ میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان سے یہ درخواست کروں گا کہ وہ مجھ پر پابندی نہ لگائیں کیونکہ میرے لئے یہ ممکن نہیں ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ ملک صاحب کیا آپ کی تقریر ختم ہو چکی ہے ۔

ملک محمد اختر - نہیں جناب ابھی تو مجھے بہت کچھ کہنا ہے اور میں اب اس شعر سے شروع کرتا ہوں -

پانی پانی کر گئی مجھ کو قلندر کی یہ بات
تو جھکا جب غیر کے آگے تو تن تیرا نہ من

جناب سپیکر - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس Karachi Control of Disorderly Persons Act کے تحت کراچی کے کمشنر کو یہ اختیار ہے کہ وہ ایک tribunal constitute کرے جو کلکٹر یا ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ پر مبنی ہے اس کی دفعہ ۱۷ - کے تحت ان کو وسیع اختیارات ہیں یعنی وہ پاکستان پینل کوڈ کی ان سزاؤں سے بھی دوگنی سزائیں دے سکتے ہیں جو پاکستان پینل کوڈ میں ۶ ماہ سے ۵ سال تک مقرر کی گئی ہیں اور یہ سزائیں ایک disorderly person کو دی جا سکیں گی یعنی ہائی کورٹ کے اختیارات سے ان کے اختیارات کو تجاوز کیا جا رہا ہے - جناب والا- سیشن جج یا ڈسٹرکٹ جج کی تقرری ہائی کورٹ کا کام ہے لیکن اب یہ اختیارات کمشنر کو دیئے جا رہے ہیں کہ وہ پاکستان پینل کوڈ کی دفعات کے تحت ان مقدمات کو try کریں اور جن مقدمات کو try کریں ان میں یہ سزائیں دی جا سکتی ہیں - اور جو سزائیں عام طور پر پاکستان پینل کوڈ میں دی جاتی ہیں ان سے یہ سزائیں دو چند ہیں- جناب سپیکر اس کے بعد مجھے گذارش کرنی ہے کہ طریقہ کار جو اس میں رکھا گیا ہے وہ یہ ہے کہ کوئی بھی پولیس آفیسر جو کسی بھی متعلقہ تھانے کا انسپکٹر ہو اس کو یہ اختیارات دئے گئے ہیں کہ وہ کسی بھی شخص کو جسے وہ سمجھے کہ وہ بعض جرائم کا ارتکاب کرتا ہے اسے وہ اس عدالت کے سامنے پیش کر دے - جناب سپیکر- آپ مجھ سے اتفاق فرمائیں گے - اگر میں یہ کہوں کہ بہت سی minor سی چیزوں پر یہ cognizance اس offence کو لیجا سکتی ہیں - میں ان دفعات کو پڑھوں گا نہیں اور صرف

دفعہ ۶ ۔ کا تذکرہ کروں گا ۔

"...with which the person complained of is charged"

اگر وہ سگریٹ نوش کرتا ہے یا شراب پیتا ہے یا اور ایسے ہی چھوٹے چھوٹے جرائم کا ارتکاب کرتا ہے تو اس کے لئے یہ پروسیجر adopt کیا گیا ہے کہ اس کو tribunal کے سامنے پیش کیا جائے ۔ اب دوسری زیادتی جو کی گئی ہے یہ ہے کہ پیشی کی صورت میں

"The Tribunal shall not be bound to follow the rules of evidence prescribed under the Evidence Act, 1872."

یعنی جناب والا ۔ ۱۸۷۲ء میں آج سے ۱۰۰ سال قبل Evidence ایکٹ کا نفاذ ہوا اور foreign rulers نے Evidence ایکٹ کے تحت رولز بنائے یا مرتب کئے ۔ ان رولز کے تحت جناب سپیکر آپ اندازہ فرمائیے کہ کمشنر tribunal مقرر کریگا جو executive پر tribunal مشتمل ہوگا ۔ Evidence Act کے تحت وہ tribunal کام نہیں کریگا پھر اس میں جو زیادتی کی گئی ہے وہ یہ ہے کہ وہ tribunal جو ہو گا وہ

"for reasons to be stated in the order, accept evidence on affidavit of witnesses..."

یہ کہاں کا دستور ہے ۔ آپ execution کرنا چاہتے ہیں ۔ آپ کسی شخص کو غنڈہ قرار دینا چاہتے ہیں ۔ (چلئے اس بات کو چھوڑئیے کہ آپ مخصوص حالات میں کسی شخص کو حلف نامہ پر دستخط لیکر مجرم گردانتے ہیں) لیکن اس سے بھی جو زیادہ زیادتی ہے وہ یہ ہے کہ اس کا

trial open court میں نہیں ہوگا ۔ اس کے متعلق جو دفعات ہیں

"for reasons to be stated in the order, record the statement of any witness in camera in the absence of the person complained against....."

بتائیے یہ کہاں کا انصاف ہے اور یہ کیا قانون ہے اور کیا یہ لیجسلیچر کو زیب دیتا ہے کہ اس کو حیات ابدی بخشے یعنی حلف نامہ پر شہادت ہو گئی لیکن یہ کہاں تک مناسب ہے کہ اس کے خلاف camera میں کارروائی ہوگی ۔ جناب سپیکر ۔ جس وقت یہ کارروائی ہوگی اس وقت صرف ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ موجود ہوں گے ۔ کلکٹر موجود ہوں گے اور شہادت کا ریکارڈ ہوگا اور اس شہادت کو نہیں بتایا جائیگا کہ تمہارے خلاف کیا شہادت ہوئی ہے ۔

جناب والا۔ اچھا چلئے میں اس بات کو بھی مانے لیتا ہوں کہ اگر کوئی آدمی خطرناک ہے اور اس کی طرف سے کسی گواہ کو خطرہ ہے کہ اس کے انکشاف سے وہ اس پر حملہ آور ہو جائیگا تو آپ اس کو ایسا موقع نہ دیں اور accused شخص کو یہ نہ بتائیں کہ اس کے خلاف یہ کارروائی کی جا رہی ہے ۔

"...in the absence of the person complained against and his counsel..."

جناب سپیکر۔ اس کے بعد مجھے اگلی دفعہ پر اعتراض نہیں ہے جس میں گواہوں کو protection دیا گیا ہے اور گواہوں کی property کو بچایا گیا ہے ۔ لیکن ایک دفعہ پر مجھے اعتراض ہے ۔

"grant immunity from prosecution to any witness appearing in any enquiry under this Act, in respect of any matter relevant to the enquiry contained in his evidence;"

